فرہنگِ بوستانِ خیال

ڈاکٹر اکبر حسین قریشی

مقتدرہ قومی زبان
پاکستان

فرہنگِ بوستانِ خیال

ڈاکٹر اکبر حسین قریشی

مقتدرہ قومی زبان
پاکستان

سلسلہ مطبوعات: ۳۹۸

عالمی معیاری کتاب نمبر: ISBN ۹۶۹-۴۲۴-۰۷۹-۷

طبع اول ــــــــ ۲۰۰۲ء

تعداد ــــــــ پانچ سو

قیمت ــــــــ ۱۰۰ روپے

فنی تدوین ــــــــ عبدالرحیم خان

اہتمام ــــــــ محمد اکرام بلال

مطبع ــــــــ سگما پریس، راولپنڈی

ناشر ــــــــ پروفیسر فتح محمد ملک
صدر نشین
مقتدرہ قومی زبان، ایچ ۸/۴،
پطرس بخاری روڈ، اسلام آباد۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ و نصلی علیٰ رسولہ الکریم

پیش لفظ

''بوستان خیال'' اردو ادب کی کلاسیکی داستانوں میں سے ایک مقبول داستان ہے جسے ماضی میں بھی شوق سے پڑھا جاتا رہا ہے اور آئندہ بھی پڑھا جاتا رہے گا۔ بوستان خیال کی فرہنگ کی ترتیب و تالیف اور اشاعت کی ضرورت اس لیے محسوس ہوئی کہ طلبہ اور اساتذہ کو درس و تدریس کے دوران اس کتاب میں استعمال ہونے والے اکثر الفاظ، محاورات، ضرب الامثال اور اصطلاحات کو سمجھنے میں دقت پیش آتی ہے۔ اس لیے ضروری تھا کہ اس ضمن میں کوئی پیش رفت کی جائے۔

بیرونی ممالک میں کلاسیکی ادب کو اس طور پر مرتب اور شائع کیا جاتا ہے کہ وہ کتاب نئی نسل کے لیے آسان ہو جاتی ہے۔ اسی بات کو پیش نظر رکھتے ہوئے اردو ادب کے معروف استاد ڈاکٹر اکبر حسین قریشی نے ''بوستان خیال'' کی ایک ایسی فرہنگ مرتب کر دی ہے جس میں ان تمام الفاظ، محاورات اور ضرب الامثال کا احاطہ کر دیا گیا ہے جن سے اس داستان کو پڑھنے کے دوران طلبہ اور اساتذہ کا واسطہ پڑتا ہے۔ علاوہ ازیں اس فرہنگ کی تیاری سے الفاظ کا ایسا ذخیرہ بھی ایک جگہ پر محفوظ ہو گیا ہے جو کسی اور جگہ نظر نہیں آتا۔ کئی سال کی محنت اور کاوش کے بعد ''بوستان خیال'' کی یہ فرہنگ تیار ہوئی۔ یہ ایک اہم اور مفید کام ہے اور اس محنت کی جس قدر داد دی جائے کم ہے۔

مجھے یقین ہے کہ اس فرہنگ کی اشاعت سے کلاسیکی ادب سے متعلق کتابوں کی الگ فرہنگیں مرتب کرنے کی جس روایت کا آغاز ''فرہنگ فسانۂ آزاد'' سے کیا گیا تھا اسے آگے بڑھانے میں مدد ملے گی اور اس طرح اردو زبان کے قدیم اور کلاسیکی ادب کا مطالعہ بھی آسان ہو جائے گا۔

یہ فرہنگ اساتذہ، طلبہ اور اردو زبان و ادب کے شائقین کے لیے انتہائی مفید ہوگی۔

پروفیسر فتح محمد ملک

عرض مرتب

بوستانِ خیال ان چند طویل داستانوں میں سے ایک مقبول داستان ہے جسے ہر زمانے میں ذوق و شوق سے پڑھا اور قدر کی نگاہ سے دیکھا گیا ہے۔ اسے ہماری زبان میں ایک یادگار اور قابل فخر کارنامہ خیال کیا جاتا ہے۔ اس میں دوسری داستانوں کی طرح سحر و طلسم کی کارفرمائی ہے، دیو، جن، بھوت، پری وغیرہ عام انسانوں کی طرح چلتے پھرتے اور کام کرتے نظر آتے ہیں۔ بسااوقات یہ گمان ہوتا ہے کہ بوستان خیال کے کردار اردو کی قدیم داستانوں سے قدرے مختلف ہیں۔ یہاں مافوق الفطرت عناصر کی وہ بھرمار نہیں جو دوسری داستانوں کا طرۂ امتیاز ہیں۔ اس میں مافوق الفطرت عناصر میں توازن واعتدال جا بجا ملے گا اور یہی اس کا وہ امتیاز اور نمایاں وصف ہے جو اسے دوسری داستانوں کے مقابلے میں منفرد مقام عطا کرتا ہے۔ بوستان خیال میں مختلف علوم و فنون مثلاً ہیئت، ہندسہ، نجوم، طب وغیرہ کا ذکر بار بار آتا ہے، اس سے مصنف کا ان علوم و فنون میں دسترس کا کچھ اندازہ ہوتا ہے۔ قدیم زمانے میں ان علوم وفنون کا چرچا عام تھا، آج خواص بھی ان کی طرف توجہ نہیں کرتے۔ اس وقت علم و فن کا معیار اسی نوع کا تھا، آج معاملہ اس سے مختلف ہے۔ آج کے علوم و فنون کچھ اور ہیں۔

"بوستان خیال"، میر محمد تقی خان خیال کی فارسی زبان میں پندرہ جلدوں پر مشتمل داستان ہے۔ خیال تلاش معاش میں گجرات سے دلی آئے اور پھر یہیں کے ہو رہے۔ یہ داستان میر تقی خیال نے اپنی محبوبہ کی خاطر تصنیف کی۔ اس کی فرمائش پر روز ایک نیا قصہ سناتے اور پھر ضبط تحریر میں لائے۔ یہ سلسلہ ایک عرصے تک چلتا رہا۔ بادشاہ وقت کو جب اس کا علم ہوا تو اس نے میر تقی خیال کو دربار میں طلب کیا، عزت افزائی کی اور انعام و اکرام سے نوازا۔ اصل میں "خیال داستان امیر حمزہ" کا جواب لکھنا چاہتے تھے، گو جواب تو نہ بن پڑا البتہ اپنے رنگ کی ایک داستان وجود میں آگئی، جسے عوام و خواص نے پسند کیا اور قبولِ عام کی سند عطا کی۔

"بوستان خیال" کی مقبولیت نے اردو کے اہلِ علم کو اپنی طرف متوجہ کیا۔ چنانچہ

مختلف اوقات میں مختلف حضرات نے اس کا خلاصہ و ترجمہ کیا۔ اس کے پہلے مترجم خواجہ امان کو زبان و بیان پر بڑی قدرت حاصل تھی اور یہ غالب کے قریبی عزیز تھے۔ ان کی فرمائش اور اصرار پر غالب نے پہلی جلد پر دیباچہ بھی لکھا۔ بقول مرزا غالب دہلوی کے اس کتاب میں "معزالدین فیروز بخت کی کشور کشائیاں، ابوالحسن جوہر کی نیرنگ نمائیاں، عجائبات حکیم قسطاس کی حیرت فزائیاں ملکہ نور بہار کی رنگین ادائیاں، جمشید خود پرست کی زور آزمائیاں، ضار منکوس منحوس کی بے حیائیاں، مسلمین و کفار کی لڑائیاں، مسلمانوں کی بھلائیاں، کافروں کی برائیاں ہیں"۔

"بوستان خیال" اردو کی ایک معروف و مقبول داستان ہے۔ اس میں اور دوسری قدیم داستانوں میں ایک نمایاں فرق یہ ہے کہ گو بوستان خیال کا تانا بانا بھی اسی طرح بنا گیا ہے جس طرح قدیم داستانوں کا ہے لیکن یہاں وہ محیر العقول کارنامے یا مافوق الفطرت عناصر اس کثرت سے نہیں جو دوسری داستانوں میں پائے جاتے ہیں۔ اس طرح بوستان خیال کے طلسماتی کرداروں میں وہ پیچ و خم بھی نہیں جو دوسری جگہ نظر آتا ہے۔ اس لیے یہاں طلسماتی کرشمہ سازیاں دفعتہً قاری کو مرعوب نہیں کرتیں بلکہ رفتہ رفتہ جادو اثر کرتا ہے اور قاری غیر محسوس طور پر طلسم کی دنیا سے مانوس ہو جاتا ہے۔ ایک طور پر کہا جا سکتا ہے کہ بوستان خیال کا مصنف اپنے قاری کو تنہا نہیں چھوڑتا بلکہ ساتھ لے کر چلنا چاہتا ہے، اور یہ معمولی بات نہیں، مصنف کی بڑی کامیابی ہے۔ قاری داستان کو دل جمعی کے ساتھ شروع سے آخر تک پڑھتا چلا جاتا ہے اور لطف اندوز ہوتا ہوا اسے ختم کر لیتا ہے۔ داستانی ادب کا مطالعہ بصیرت افروزی سے خالی نہیں، داستان گو اپنی بصیرت سے زندگی کے بہت سے گوشے ہمارے لیے بے نقاب کرتا ہے، جو اب تک ہماری نظروں سے اوجھل تھے۔ اب ان گوشوں کو سمجھنا اور خاطر خواہ فائدہ اٹھانا ہمارا کام ہے۔ بوستان خیال بھی اسی داستانی ادب کی ایک کڑی ہے۔

"بوستان خیال" ایک ضخیم داستان ہے۔ ہمارے سامنے بوستان خیال کا وہ ترجمہ ہے جو نادر علی سیفی کے قلم سے ہے جسے انہوں نے اپنے مطبع سیفی سے ۱۸۹۱ء میں لاہور

سے شائع کیا۔ ہمیں اس کے تیرہ حصے دستیاب ہوئے۔ ہم نے ان ہی پر اپنی فرہنگ کی بنیاد استوار کی ہے۔ یہ فرہنگ کئی سال کی جگر کاوی اور محنت شاقہ کا نتیجہ ہے۔ اس کی تکمیل میں ایک بڑی رکاوٹ یہ تھی کہ جا بجا املائی اغلاط نے الفاظ و تراکیب کو کچھ سے کچھ بنا دیا اور معانی لکھنے میں خاصی مشکلات پیدا کیں۔ پہلے الفاظ اور تراکیب کی تصحیح بعد ازاں ان کے معنی لکھنا ایک کٹھن مرحلہ ثابت ہوا۔ فرہنگ میں الفاظ و تراکیب تصحیح شدہ ہیں البتہ قوسین میں اس کی صراحت موجود ہے کہ بوستان خیال میں الفاظ و تراکیب کی نوعیت کیا تھی۔ قدیم داستانوں میں الفاظ و تراکیب کا استعمال عین اس زمانے کے مذاق و مزاج کے مطابق ہے کہ ان کا چلن تھا۔ آج کی دنیا میں ان کی "کار فرمائی" شاذ ہے۔ اس کے باوجود ان الفاظ و تراکیب کو جاننا اور سمجھنا ادب کے طالب علم کے لیے ناگزیر ہے۔ ہم اپنے قدیم سرمایے سے بے نیاز نہیں ہو سکتے، ہم ماضی ہی کی بنیاد پر مستقبل میں جھانک سکتے ہیں، جو قومیں اپنا رشتہ اپنے ماضی سے منقطع کر لیتی ہیں ان کا مستقبل تابناک نہیں تاریک ہوتا ہے۔ ہمیں قدیم سرمایے میں سے مفید اور کار آمد چیزیں لے کر مستقبل کے محل تعمیر کرنا ہوں گے۔ زندہ قوموں کی یہی پہچان ہے کہ وہ اپنے ماضی کو فراموش نہیں کرتیں۔

"بوستان خیال" کی تدوین میں بعض مقامات ایسے آئے جہاں ضخیم لغات نے بھی ساتھ نہیں دیا۔ الفاظ و تراکیب کے ذیل میں حتی الامکان کوئی گوشہ نہیں چھوڑا لیکن بے سود! آخر کار ماضی کے تجربے کے مطابق سیاق و سباق کو سامنے رکھ کر معنی متعین کیے البتہ قاری کی سہولت کے لیے لفظ "ق" کا اضافہ کر دیا تاکہ لغوی اور قیاسی معنی کا فرق واضح ہو جائے اور التباس باقی نہ رہے۔ اہلِ علم کی اس طرف خصوصی توجہ چاہیے کہ انسان خطا کا پتلا ہے، سہو اس کی فطرت میں داخل ہے۔ اگر صاحبان نظر توجہ فرمائیں گے تو آئندہ زیادہ بہتر معنی سامنے آسکیں گے۔

بوستان خیال کا موضوع بھی دوسری قدیم داستانوں کی طرح "طلسم کی سیر" ہے۔ اس طلسم کی سیر میں طرح طرح کے موانعات پیش آتے ہیں اور بڑے بڑے ہفت خوان طے کرنا پڑتے ہیں۔ باطل پرست جو اس طلسماتی دنیا کو حقیقی خیال کرتے ہیں، اس کے

فروغ میں کسی قربانی سے دریغ نہیں کرتے۔ دوسری طرف طلسم کشا ہے جو "طلسم کی سیر" کو نکلتا ہے اور اس تانے بانے کو توڑتا ہے، طلسم کشا کے نزدیک اس طلسم کی حیثیت تار عنکبوت یا مکڑی کے جالے سے زیادہ نہیں وہ اس طلسماتی جال کو توڑتا ہے، اس طرح طلسم کی کار فرمائی ختم ہو جاتی ہے اور حق کا غلغلہ بلند ہوتا ہے۔ طلسم کے کار پرداز ہر چند سامری اور جمشید کی دہائی دے کر گمراہی کا جال پھیلاتے ہیں لیکن طلسم کشا اس طلسماتی جال کو صفحۂ ہستی سے مٹاتا ہے اور حق کا پرچم لہراتا ہے۔ گویا یہ ایک طور پر حق اور باطل کا معرکہ یا مقابلہ ہے۔ بالآخر حق کی فتح ہوتی ہے اور سامری و جمشید کے پیرو کار ہمیشہ ہمیشہ کے لیے دنیا سے نیست و نابود ہو جاتے ہیں۔ ہمارے اسلاف نے اسلام کی تبلیغ کا ایک انداز یہ بھی نکالا تھا کہ پہلے طلسم کا جال پھیلایا پھر اس کو چاک کر کے حق کی فتح کا راستہ دکھایا، اس طرح قاری طلسم کی سیر کرتا ہوا حق کے راستے پر گام زن ہو جاتا ہے۔ یہاں آکر مصنف اپنے عقیدے کی ترویج و اشاعت میں سرگرم عمل دکھائی دیتا ہے اور یہی اس کے نزدیک زندگی کا حاصل ہے۔

"بوستان خیال" اردو میں ایک مایہ ناز شاہکار کی حیثیت سے زندہ و باقی رہنے والی داستان ہے۔ اس میں اسلام اور کفر کی معرکہ آرائیاں اور نفرت و محبت کے سینکڑوں واقعات بیان کیے گئے ہیں اور ہر واقعہ سے مصنف کوئی نہ کوئی نتیجہ اخذ کرتا ہے اور اپنے قاری کے لیے غور و فکر کا سامان فراہم کرتا ہے۔ یہ واقعات اور قصص کا ایک ٹھاٹھیں مارتا ہوا سمندر ہے۔ اس میں کہیں تندی و تیزی ہے اور کہیں نرم روی۔ مصنف جہاں اور جس طرح چاہتا ہے واقعات کو بیان کرتا ہوا چلا جاتا ہے۔ یہ داستان کیا ہے ایک بحر زخار ہے۔ یہ ایک صدی پرانی داستان ہے۔ اس کی تفہیم کے لیے ضروری ہے کہ اسے فرہنگ سے آراستہ کیا جائے۔ چنانچہ یہ فرہنگ اسی خیال سے پیش کی جا رہی ہے کہ بوستان خیال کا قاری اس سے مستفید ہو۔ "بوستان خیال" کی تفہیم کے لیے یہ اولین پیش کش ہے جو فرہنگ کی صورت میں ہمارے سامنے ہے۔ امید کی جاتی ہے کہ یہ فرہنگ بوستان خیال کی تفہیم میں ادب کے طلبا کے لیے معین و مددگار ثابت ہو گی اور عام شائقین ادب کی دلچسپی کا موجب بنے گی۔

ڈاکٹر اکبر حسین قریشی ۵۔ جولائی ۱۹۹۹ء

ا

اِبا۔ اجتناب، پرہیز۔

اَبابیل۔ ایک چھوٹا پرندہ۔ جس کے مُنہ سیاہ اور سینہ سفید ہوتا ہے، پرانے گنبدوں، کھنڈروں اور تاریک مقامات پر رہتا ہے۔

اَبتَر۔ منتشر؛ پراگندہ؛ تتربتر؛ بدحال؛ دم کٹا ہوا۔

اِبتلا۔ آزمائش؛ امتحان؛ جانچ؛ مصیبت۔

اَبجَد۔ قاعدہ جمل؛ اس قاعدہ کی رو سے تمام حروف کے اعداد مقرر ہیں۔ کسی تاریخی فقرہ یا مصرع سے کسی واقعہ کا سن دریافت کرنے کے لیے ان حروف کے اعداد کو حسب ہدایت جمع کر لیتے ہیں؛ حروف تہجی۔

اَبجَد خواں۔ مبتدی؛ جو زیادہ پڑھا لکھا نہ ہو؛ الف بے پڑھنے والا۔

اَبدال۔ اہل تصوف کے نزدیک اولیاالله کے دس طبقات میں سے پانچواں طبقہ جس کے ارکان کی معینہ تعداد چالیس بتائی جاتی ہے اور یہ تعداد پوری رکھی جاتی ہے۔ چنانچہ اگر کوئی ابدال انتقال کر جائے یا ترقی کر جائے تو اس کی جگہ کسی اور کو ابدال مقرر کیا جاتا ہے چونکہ یہ حضرات ایک دوسرے سے بدلتے رہتے ہیں اس لیے ان کو ابدال کہا جاتا ہے۔

اَبرِ رَحمَت۔ خدا کی رحمت؛ ابر کے برسنے سے مخلوق کو فائدہ ہوتا ہے اس لیے ابر کو رحمت سے تعبیر کرتے ہیں۔

اَبرِ غَلیظ۔ گہرا بادل؛ گھنگھور گھٹا۔

اَبرِ مَطیر۔ برسنے والا بادل، ابرِ تر۔

اَبرِ نَو بہار۔ ربیع کے آغاز کا بادل جو مارچ یا اپریل کے لگ بھگ آتا اور خوب برستا ہے؛ ابر بہار۔

اَبرار۔ (بَر کی جمع)۔ نیک اور پرہیز گار لوگ؛ اولیاء الله۔

اَبرو۔ بھوں؛ آنکھ کی محراب کے اوپر اُگے ہوئے بال۔

اَبطال۔ (بطل کی جمع)۔ بہادر لوگ؛ بڑے لوگ۔

اَبلَق۔ چت کبرا؛ وہ گھوڑا جس کی جلد پر سیاہ اور سفید یا سرخ اور سفید بڑے دھبے ہوں۔

اَبلَہ۔ کم عقل؛ بھولا؛ بے وقوف؛ احمق۔

اِبلیس پَرَست۔ (داستانوں میں) مفسد اور باطل پرستوں کا گروہ جو حق پرستوں سے لڑتا تھا۔

اِبلیس لَعین۔ شیطان مردود۔

اِبْنِ عَمّ۔ چچا کا بیٹا؛ چچیرا بھائی۔

اَبُو الْبَشَر۔ حضرت آدم علیہ السلام۔

اَبُو الْخَیر۔ نیکی والا؛ نیک۔

اَبْیَض۔ سفید؛ اجلا؛ گورا چٹا۔

اَتَالِیْق۔ ادب سکھانے والا؛ معلم۔

اَتَالِیْقی۔ ادب آموزی؛ تعلیم و تربیت۔

اِتِّصَال۔ پیوستگی؛ ملاپ۔

اَتْقِیَا۔ (تقی کی جمع)۔ پرہیزگار؛ محرمات و ممنوعات شرعی سے پرہیز کرنے والا۔

اَتَمّ۔ عمدہ؛ اعلیٰ؛ اشرف۔

اِتْمَامِ حُجَّت۔ آخری دلیل؛ فیصلہ کن بات۔

اَتْوَاپ۔ (توپ کی جمع)۔ توپیں۔

اَتْھَرْون بیِد۔ (اتھروید)۔ ہندوؤں کی چار مذہبی کتابوں (ویدوں) میں سے چوتھی کتاب جو دعاؤں اور مناجاتوں پر مشتمل ہے۔

اَثَاثَۂ خُسْرَوی۔ (اسباب) شاہانہ ساز و سامان؛ شاہانہ لاؤ لشکر۔

اَثَر۔ کسی واقعہ یا کیفیت کے مابعد نشانات۔

اَثْقَال۔ (ثقل کی جمع)۔ بوجھ؛ بھاری سامان۔

اَثْمَار۔ (ثمر کی جمع)۔ پھل؛ میوہ۔

اَثْنَائے راہ۔ راستے کے درمیان؛ راستے کے وسط میں۔

اِجْتِمَاع۔ جمگھٹا؛ مجمع؛ انبوہ۔

اِجْتِنَاب۔ کنارہ کشی؛ دور رہنا/رکھنا۔

اَجْدَاد۔ (جد کی جمع)۔ دادے پردادے وغیرہ کا سلسلہ؛ اسلاف

اَجْرَام۔ (جرم کی جمع)۔ اجسام فلکیہ؛ آسمان اور ستارے

اُجْرَت۔ معاوضہ۔

اَجْسَام۔ (جسم کی جمع)۔ مادی یا عنصری ابدان؛ جسم؛ بدن۔

اَجَل۔ قضا؛ مرگ؛ موت؛ خاتمہ۔

اجل رَسِیْدَہ۔ جس کی موت آپہنچی ہو۔

اَجَل گرِفْتَہ۔ مرنہار؛ کم بخت۔

اِجْلَال۔ بزرگی؛ عظمت؛ شان و شوکت۔

اِجْمَاع۔ اتفاق رائے؛ ہم خیالی۔

اِجْمالی۔ سرسری؛ اوپری؛ مختصر؛ مبہم؛ غیر واضح۔

اَجْناس۔ (جنس کی جمع)۔ غلے کی اقسام۔

اَجْناسِ خُوردْنی۔ کھانے کی چیزیں؛ کھانے پینے کا سامان۔

اَجْنَبِیَّت۔ ناشناسائی؛ ناواقفیت۔

اَجْنِحَہ۔ (جناح کی جمع)۔ پرندوں کے بازو؛ پر؛ شہپر۔

اَجِنَّہ۔ (جن کی جمع)۔ ایک پوشیدہ مخلوق جو آگ سے پیدا کی گئی تھی۔

اِحاطَہ۔ پوری طرح محیط یا حاوی ہونے کی کیفیت۔

اَحْباب۔ (حبیب کی جمع) دوست؛ عزیز؛ پیارے۔

اِحْتِراق۔ (طب) حرارت وحدت کے باعث کسی خلط کے اجزائے لطیف ورقیق کا تحلیل و فنا ہونا اور مابقا کا اس قدر کثیف ہو جانا کہ وہ خلط اپنی جنس سے خارج ہو جائے۔

اِحْتِشام۔ شان و شوکت؛ کروفر؛ دبدبہ۔

اِحْتِمال۔ امکان؛ توقع۔

اِحْتِیاج۔ حاجت؛ ضرورت۔

اِحْداث۔ تعمیر؛ تاسیس۔

اِحْسان۔ بدلہ؛ نیکی؛ اچھا سلوک۔

اَحْسَن۔ بہت اچھا؛ نہایت عمدہ۔

اَحْمَر۔ سرخ؛ لال رنگ کا۔

اِحْمال وَ اَثْقال۔ بھاری اشیاء؛ وزنی سامان؛ کل اثاثہ۔

اَحْمَق۔ بے وقوف؛ ناسمجھ؛ نافہم۔

اَحْوال۔ حالات؛ کیفیات۔

اَحْیاناً۔ اتفاقاً؛ شاید؛ اتفاق سے۔

اَخْبار۔ (خبر کی جمع) روایت؛ بیان؛ داستان۔

اَخْبَث۔ بہت خبیث؛ خباثت اور شرارت سے بھرا ہوا۔

اِخْتِتام۔ خاتمہ؛ اخیر؛ انجام۔

اِخْتِراع۔ نئی چیز کی دریافت؛ ایجاد۔

اِخْتِصاص۔ کسی چیز سے غیر معمولی وابستگی؛ تعلق یا نسبت؛ کسی شخص سے خاص ربط؛ تقرب۔

اِخْتِلاط۔ بوس و کنار؛ پیار؛ محبت۔

اِختلال۔ خرابی؛ کمزوری؛ ابتری؛ بد نظمی۔

اِخراج۔ نکال دینے یا خارج کر دینے کا عمل۔

اَخص۔ مخصوص تر؛ خاص الخاص؛ نہایت افضل۔

اَخضر۔ سبز؛ ہرا۔

اِخفا۔ چھپانا؛ مخفی رکھنا؛ پوشیدگی۔

اَخگر۔ انگارا؛ چنگاری؛ دہکتے ہوئے کوئلے وغیرہ۔

اِخلاص۔ نیک عمل کی وہ نیت جو غرض کے شائبہ سے پاک ہو؛ خلوص۔

اِخلاص مند۔ سچا دوست؛ مخلص؛ پرخلوص؛ بے غرض۔

اَخلاط۔ (خلط کی جمع)۔ (طب) بدن کی چار رطوبتیں جو غذا تحلیل ہونے سے پیدا ہوتی ہیں۔ سودا، صفرا، بلغم اور خون۔

اَدانی۔ (ادنیٰ کی جمع) کم رتبہ؛ چھوٹے درجے کا؛ کمینہ؛ اعلیٰ کی ضد۔

اِدبار۔ بدنصیبی؛ نحوست؛ بد اقبالی۔

اِدراک۔ عقل؛ فہم؛ رسائی۔

اَدعیہ۔ (دعا کی جمع) دعائیں۔

اَدویاتِ نافع۔ فائدہ مند دوائیں۔

اَدویۂ حارّہ۔ گرم دوائیں۔

اَدھِراج۔ (ادھراج) بڑا راجا؛ مہاراجا؛ راجاؤں کا راجا۔

اَدیان۔ (دین کی جمع) مذہب؛ دھرم۔

اَذفر۔ تیز بو؛ تیز بو رکھنے والی چیز۔

اَذکار۔ (ذکر کی جمع) خدا کا نام لینا زبان اور دل سے؛ وظائف؛ دعائیں۔

اِذن۔ اجازت؛ حکم۔

اَذیّت۔ تکلیف؛ دکھ؛ مصیبت۔

اَرابہ (اعرابہ)۔ چھکڑا گاڑی؛ توپ کی گاڑی جس پر توپ کا سامان گولہ بارود وغیرہ رکھتے ہیں۔

اِرادتمندی۔ اعتقاد؛ عقیدت؛ گرویدگی۔

اَراذِل۔ (ارذل کی جمع) انتہائی گھٹیا؛ رذیل ترین؛ بے حد کمینہ۔

اِرادہ۔ قصد؛ خواہش؛ عزم۔

اِرادۂ فاسد۔ بری تمنا؛ بری خواہش۔

اَراک۔ پیلو کا پیڑ۔

اَرْبابِ طَرَب۔ عیش کرنے والے ؛ محفل عشرت کے شریک۔

اَرْبابِ نِشاط۔ گانے جانے والے لوگ ؛ ڈوم۔

اِرْتِداد۔ مذہب چھوڑ دینا ؛ مسلمان سے کافر ہو جانا ؛ اسلام سے انحراف۔

اِرْتِسام۔ نقش کرنا ؛ مہر لگانا ؛ نشان۔

اِرْتِفاع۔ بلندی ؛ عروج ؛ ترقی ؛ اونچا ہونا۔

اِرْث۔ میراث ؛ ترکہ ؛ ورثہ۔

اُرْدُو۔ لشکر ؛ چھاؤنی ؛ بازار۔

اُرْدُوئے قِسْمَت۔ چھاؤنی کا علاقہ۔

اُرْدُوئے مُعَلّٰی۔ بادشاہی لشکر۔

اُرْدی بَہِشْت۔ ایرانی سال کے دوسرے مہینے کا نام جو موسم بہار میں آتا ہے اور اپریل کے مطابق ہوتا ہے۔

اَرْذَل۔ برا ؛ رذیل ؛ کمینہ

اَرْژَنگ۔ نگار خانہ ؛ تصویروں کی کتاب۔

اِرْسال۔ بھیجنا ؛ روانگی۔

اِرْشاد۔ حکم ؛ ہدایت۔

اَرْشَد۔ بہت نیک ، اطاعت گزار

اَرْض۔ زمین ؛ علاقہ۔

اَرْض و سَما۔ زمین و آسمان۔

اَرْغَنُوں۔ ایک قسم کا باجا ؛ ارگن ؛ ایک باجا جس کا موجد افلاطون کو بتایا جاتا ہے۔

اَرْغَوانی شراب۔ سرخ یا نارنجی رنگ والی شراب۔

اَرْکان۔ (اسلامیات) فرائض و واجبات۔

اِرَم۔ ایک بے نظیر باغ جو یمن کے بادشاہ شداد نے بنوایا تھا ؛ بہشت شداد۔

اَرْمُغان۔ ہدیہ ؛ تحفہ ؛ سوغات۔

اَرِیْدانِ اَراک۔ یعنی میں تجھے دیکھنا چاہتا ہوں۔

اَرّا۔ (ارّہ) لکڑیاں چیرنے کا آری سے بڑا (عموماً ہلالی شکل کا) آلہ جس میں دندانے ہوتے ہیں اور دونوں طرف دو قبضے جنہیں پکڑ کر دو آدمی چلاتے ہیں۔

اَرّہ پُشْت نِہَنگ۔ (قدیم لڑائیوں میں)

گھڑیال کی پشت کی وضع کا ایک ہتھیار جو آرے کی طرح دندانے دار ہوتا تھا۔

اَزبِیخ تا قُلّہِ کُوہ۔ جڑ سے پہاڑ کی چوٹی تک۔

اَزاں جُملَہ۔ ان میں سے ؛ ان تمام میں سے ؛ ان سب میں سے۔

اَزبَس۔ بہت زیادہ ؛ نہایت۔

اَزخُود رَفتَہ۔ آپے سے باہر ؛ بے خود۔

اَزکار رَفتَہ۔ جو کام کے قابل نہ ہو ؛ نکما ؛ بے کار و بے مصروف چیز۔

اَزاں جاکِہ۔ اس لیے کہ ؛ اس سبب سے۔

اِزالَہ۔ زائل کرنا ؛ دور کرنا ؛ مٹانا۔

اِزدِیاد۔ زیادہ ہونا ؛ کثرت ؛ زیادتی۔

اَزرَق۔ نیلا ؛ کبود ؛ نیل گوں۔

اَزَل۔ وہ زمانہ جس کی کوئی ابتدا یا حد نہ ہو۔

اَزواج۔ (زوج کی جمع) جوڑے ؛ بیویاں۔

اَژدَر۔ بہت بڑا اور موٹا سانپ۔

اَژدَر فَرسا۔ نہایت زہریلا سانپ ؛ خطرناک سانپ۔

اژدہا۔ اژدر ؛ اجگر۔

اژدحام (اژدہام ؛ ازدہام ؛ ازدحام) ہجوم ؛ بھیڑ ؛ جمگھٹا۔

اَژدَھی۔ (اژدھا کی تانیث) اجگر ؛ اژدر۔

اَساس۔ بنیاد ؛ جڑ۔

اَسباب۔ (سبب کی جمع) سامان ؛ اثاثہ۔

اَسبابِ عِشرَت۔ عیش و نشاط کا سامان۔

اَسپ۔ گھوڑا

اَسپِ بُوزرَنگ۔ سفید مائل گھوڑا۔

اَسپِ تازِی۔ عربی گھوڑا

اَسپِ تُرکی۔ ترکی گھوڑا

اَسپِ و چُوبی۔ گھوڑا مع ہنٹر یا کوڑا ؛ (مراداً) تیار

اَسپ دَوانی۔ گھڑ دوڑ ؛ ریس۔

اَسپِ گُلفام۔ خوبصورت گھوڑا۔

اَسپِ مُشکی۔ سیاہ رنگ کا گھوڑا ؛ کالا گھوڑا

اَسپِ نَجدِی۔ عربی گھوڑا۔

اَسپَک۔ چھوٹا گھوڑا۔

اِسْتادَہ۔ کھڑا؛ قائم۔

اِسْتَبرَق۔ اطلس کی قسم کا ایک ریشمی کپڑا جو بہت چمک دار ہوتا ہے۔

اِسْتِجازَت۔ اجازت طلب کرنا؛ رخصت چاہنا۔

اِسْتِحقاق۔ حق طلب کرنا، مستحق ہونا۔

اِسْتِحکام۔ مضبوطی؛ پختگی؛ استقلال۔

اُسْتُخواں۔ ہڈی۔

اِسْتِخبار۔ دریافت کرنا؛ خبر پوچھنا۔

اِسْتِراحَت۔ آرام؛ چین؛ سکھ؛ آرام کی خواہش۔

اِسْتِدعا۔ درخواست؛ خواہش؛ التجا۔

اِسْتِفادَہ۔ فائدہ حاصل کرنا؛ نفع اٹھانا۔

اِسْتِسقا۔ ایک مرض جس میں پیاس بہت لگتی ہے، پیٹ بڑھ جاتا ہے اور تمام بدن ڈھیلا ہو کر پھول جاتا ہے؛ جلندھر۔

اِسْتِعانَت۔ امداد طلبی؛ مدد طلبی۔

اِسْتِعجال۔ عجلت؛ جلدی؛ شتابی۔

اِسْتِعداد۔ لیاقت؛ قابلیت۔

اِسْتِغاثَہ۔ داد خواہی؛ داد فریاد۔

اِسْتِغراق۔ کسی خیال یا فکر میں محویت۔

اِسْتِغفار۔ بخشش چاہنا؛ طلب مغفرت۔

اِسْتِغنا۔ بے نیازی؛ بے فکری؛ بے پروائی۔

اِسْتِفراغ۔ قے؛ الٹی؛ متلی۔

اِسْتِقامَت۔ پائیداری؛ مضبوطی۔

اِسْتِقبال۔ پیشوائی؛ خیر مقدم؛ مہمان کو لینے کے لیے آگے بڑھنا۔

اِسْتِکبار۔ غرور؛ گھمنڈ؛ شیخی۔

اِسْتِماع۔ غور سے سننا؛ کان لگا کر سننا۔

اِسْتِمداد۔ سہارا ڈھونڈنا؛ مدد چاہنا۔

اِسْتِمزاج۔ مرضی پوچھنا؛ رائے دریافت کرنا۔

اُسْتُوار۔ مضبوط؛ پختہ۔

اِسْتِیصال۔ برباد کرنا؛ تباہ کرنا؛ بیخ کنی؛ جڑ سے اکھیڑنا۔

اَسَد۔ آسمان کے بارہ برجوں میں سے ایک کا نام۔

اَسَدُ اللہ۔ اللہ کا شیر؛ حضرت علی کا لقب۔

اَشرار۔ جن؛ بھوت؛ سایہ۔

اَسْعَد۔ بہت مبارک؛ نہایت خوش نصیب؛ زیادہ خوش قسمت۔

اَسْفَل۔ سب سے نیچا؛ انتہائی ذلیل؛ کم رتبہ۔

اَسْفَل اَندازی۔ چھلکے پھینکنا، (مراداً) حقیر کھیل۔

اَسْفَلُ السّافِلین۔ سب سے نیچا؛ دوزخ کا سب سے نچلا طبقہ۔

اِسْفَنجی۔ اسفنج کی اسم کیفیت؛ ایک سمندری مخلوق جس کی بناوٹ خانہ دار ہوتی ہے جس میں پانی جذب ہو جاتا ہے اور نچوڑنے پر فوراً خشک ہو جاتا ہے۔

اِسْفَنْدار۔ فارسی کا بارہواں شمسی مہینہ۔

اَسْلِحَہ۔ (سلاح کی جمع) سامان حرب؛ جنگ کے ہتھیار۔

اِسْم۔ اللہ تعالیٰ کے کسی جلالی یا جمالی نام یا اسم اعظم کا ورد۔

اِسْمِ اَعْظَم۔ اللہ تعالیٰ کا سب سے بڑا نام؛ اسم ذات، اللہ۔

اِسْمِ بے مُسَمّیٰ۔ لاشے یا شے معدوم کا نام؛ جیسا نام ویسے گن نہ ہوں۔

اَسْوَد۔ سیاہ؛ کالا۔

اِسْہال۔ دست؛ پاخانہ بار بار آنا؛ پیٹ چلنا۔

اَسِیر۔ قیدی؛ پابند۔

اَسِیری۔ قیدی؛ پابند۔

اِشْتِباہ۔ شک ہونا؛ گمان۔

اِشْتِداد۔ شدت؛ زیادتی؛ مضبوطی۔

اُشْتُر۔ اونٹ۔

اِشْتِقاق۔ چیرنا؛ نکالنا؛ شق کرنا۔

اُشْتُلُم کُناں۔ (مجازاً) شوروغل کرتے ہوئے؛ ہنگامہ کرتے ہوئے؛ دھماچوکڑی کرتے ہوئے۔

اِشْتِمال۔ شرکت؛ شمول۔

اِشْتِہا۔ بھوک؛ خواہش۔

اِشْتِیاق۔ آرزو؛ تمنا؛ شوق۔

اِشْتِیاق نامَہ۔ محبت نامہ۔

اَشْجار۔ (شجر کی جمع) درخت؛ پیڑ۔

اَشْرار۔ (شریر کی جمع) شرارتی؛ فسادی، فتنہ انگیز۔

اِشْراقی۔ حکماء کے اس گروہ سے تعلق رکھنے والا جو صفائی باطن اور روشن ضمیری کے باعث دور ہی سے اپنے شاگردوں کو تعلیم دیتے تھے؛ اشراقیت کا پیرو؛ جو یہ عقیدہ رکھتا ہو کہ تنویر روح وصول، ادراک مدارج کا ذریعہ ہے۔

اَشْرَفُ الْمَخْلُوْقات۔ تمام مخلوق سے بہتر اور بزرگ تر؛ (کنایۃً) انسان؛ بنی آدم۔

اَشْرَفی۔ سونے کا ایک سکہ۔

اَشْغال۔ (شغل کی جمع) کام؛ مشغلے۔

اَشْفاق۔ دردمندی؛ رحم؛ ترس۔

اَشْکالِ مُہیبہ۔ ڈراونی شکلیں؛ خوفناک صورتیں۔

اَشْکبار۔ آنسو بہانے والا؛ رونے والا۔

اَشْک رِیز۔ آنسو بہانے والا؛ آنسو ٹپکانے و گرانے والا۔

اَشْک رِیزی۔ آنسو بہانا۔

اَشْہَب۔ تیز گام۔ تیز رفتار گھوڑا۔

اَصابَت۔ مضبوطی؛ پختگی۔

اَصْحاب۔ (صاحب کی جمع) ساتھی؛ ہم نشین؛ دوست۔

اَصْحابُ الرَّسّ۔ (اصحاب الرس) کنویں والے۔ ایک قوم تھی جس کو اللہ تعالیٰ نے اپنے پیغمبر کی تکذیب کی پاداش میں ہلاک کیا۔

اَصْحابُ الْیَمِیْن۔ داہیں ہاتھ والے لوگ؛ وہ لوگ جن کا نامہ اعمال داہیں ہاتھ میں ملے گا؛ جنتی؛ بہشتی۔

اِصْرار۔ ضد؛ ہٹ؛ تکرار۔

اِصْطَبَل۔ طویلہ؛ آخر؛ گھوڑوں کے باندھنے کا مکان۔

اُصْطُرلاب۔ (اسطرلاب)۔ پیتل کا وہ گول جس پر آفتاب اور ستاروں کی بلندی معلوم کرنے کے لیے نقوش اور حروف بنے ہوتے ہیں۔

اَصْلاً۔ ہرگز؛ کسی طرح؛ مطلق؛ نام کو۔

اَصْلُ الاُصُول۔ علت غائی؛ خلاصہ؛ لب لباب۔

اَصْلِیَّت۔ حقیقت؛ اصلی بات؛ واقعیت۔

اَصْواب۔ (صوب کی جمع) راستی؛ سچائی۔

اِضْطِرار۔ بے بسی؛ بے اختیاری۔

اِضْطِراری۔ ضروری؛ اہم؛ فوری ضرورت

کے تحت۔

اِضعَاف۔ دونا کرنا۔

اَضعَفُ العِباد۔ حقیر، نہایت حقیر بندہ، حقیر ترین بندہ۔

اِطَاعَت۔ حکم ماننا، فرماں برداری۔

اَطِبّا۔ (طبیب کی جمع) حکیم؛ معالج۔

اَطراف و جَوَانب۔ چاروں طرف؛ اردگرد؛ آس پاس۔

اَطفال۔ (طفل کی جمع) چھوٹے بچے۔

اَطعِمَہ۔ (طعام کی جمع) یا کھانے پینے کی جگہ۔

اَطلَس پُوش۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا پہنے ہوئے۔

اِطلاق۔ ایک چیز کا دوسری چیز پر عائد کرنا۔

اَطوَار۔ (طور کی جمع) روش؛ ڈھنگ؛ چال چلن۔

اِظہار۔ کھولنا؛ ظاہر کرنا۔

اِعانَت۔ مدد؛ مدد دینا۔

اِعتِذار۔ عذر کرنا؛ معذرت کرنا۔

اِعتِقاد۔ دل میں کوئی بات مضبوطی سے قائم ہونا۔ عقیدہ؛ یقین۔

اَعدا۔ (جمع عدو کی) دشمن؛ مخالف؛ بیری۔

اَعداد۔ (عدد کی جمع) ہندسے۔

اِعزاز۔ عزت؛ توقیر؛ مرتبہ۔

اَعضا۔ (عضو کی جمع) بدن کے اجزا؛ ہاتھ پاؤں وغیرہ۔

اَعلام۔ (علم کی جمع) جھنڈے۔

اَعمال۔ (عمل کی جمع) افعال؛ کام۔

اَعمالِ قَبیحَہ۔ برے اعمال؛ افعال بد؛ برے کام۔

مُعوّذتَین۔ قرآن مجید کی دو آخری سورتیں؛ معوذتین بھی کہتے ہیں۔

اَعیان۔ (عین کی جمع) سردار؛ امراء؛ وزراء۔

اَغذِیَہ۔ (غذا کی جمع) غذائیں۔

اَغلَب۔ قوی گمان؛ غالب تر۔

اِغلال۔ خیانت کرنا؛ کینہ رکھنا۔

اِغماض۔ بے پروائی؛ بے التفاتی؛ بے توجہی۔

اغنمام۔ (غنیم کی جمع) ریوڑ، مویشی۔

اغوا۔ ورغلانا؛ بہکانا۔

اغیار۔ (غیر کی جمع) بیگانے جو عزیز یا دوست نہ ہوں (مجازاً) دشمن یا رقیب۔

افادہ۔ فائدہ؛ نفع۔

افاعی۔ (افعی کی جمع) زہریلے سانپ۔

افاقہ۔ بیماری کی تکلیف میں کمی ہونا؛ صحت پانا۔

افتادہ۔ گرا ہوا۔ پڑا ہوا۔

افتاں و خیزاں۔ گرتے پڑتے؛ بدحواسی کی حالت۔

افتتاح۔ کھولنا؛ شروع کرنا۔

افتخار۔ فخر کرنا؛ ناز کرنا۔

افراط۔ کثرت؛ زیادتی۔

افروختگی۔ بھڑکانا؛ برافروختہ کرنا۔

افریتہ۔ (افریت کی تانیث) دیو؛ بھوت؛ پریت۔

افزوں۔ زیادہ، اضافہ شدہ۔

افسانہ گوئی۔ داستان گوئی۔

افسر فرماں دہی۔ سرداری، حکمرانی۔

افسردگی۔ طبیعت کا مرجھانا؛ اداسی۔

افسردہ۔ مرجھایا ہوا؛ اداس؛ غمگین۔

افسردہ خاطر۔ رنجیدہ؛ ملول؛ اداس۔

افسری۔ حاکمیت؛ سرداری۔

افسوں۔ جادو؛ منتر؛ سحر۔

افشا۔ ظاہر کرنا؛ کھولنا۔

افشاں۔ مقیش یا گوٹے کی باریک کترن جو عورتیں آرائش کے لیے ماتھے پر چنتی اور بالوں میں چھڑکتی ہیں۔

افشردہ انگور۔ نچوڑا ہوا انگور۔ انگور کا رس۔

افشرہ۔ عرق؛ رس (افشردہ کا مخفف)

افضل۔ بہت فضیلت رکھنے والا؛ نہایت بزرگ۔

افطار۔ روزہ کھولنا۔

افعی۔ ایک نہایت زہریلا سانپ جس کے متعلق مشہور ہے کہ زمرد دیکھنے سے اندھا ہو جاتا ہے۔

افق۔ آسمان کا کنارا؛ آسمان کا زمین سے ملا نظر

آنے والا حصہ۔

اَفکار۔ (فکر کی جمع) تردد؛ پریشانیاں؛ غور و فکر سے کہی ہوئی باتیں۔

اَفلاکِ سَبعَہ۔ سات آسمان۔

اَفواجِ قاہِرہ۔ زبردست لشکر۔

اِفہام و تَفہیم۔ سمجھنا سمجھانا؛ سمجھا سمجھا کر۔

اَفیُون۔ افیم؛ ایک زہریلی نشیلی چیز ہے جو پوست کے ڈوڈے کے دودھ کو جما کر بنائی جاتی ہے۔

اَقارِب۔ (اقرب کی جمع) رشتے دار؛ عزیز؛ قرابت والے۔

اِقامَت۔ ٹھہرنا؛ کھڑا ہونا؛ قیام کرنا۔

اِقامَت گُزِیں۔ قیام کرنے والا؛ ٹھہرنے والا۔

اِقبال۔ خوش نصیبی؛ زمانے کا موافق ہونا۔

اِقتِباس۔ روشنی لینا؛ نور حاصل کرنا۔

اِقتِدا۔ پیروی کرنا؛ کسی کی تقلید۔

اِقتِدار۔ اختیار؛ طاقت۔

اِقتِضا۔ چاہنا؛ خواہش کرنا۔

اِقرار نامَہ۔ حلفیہ بیان؛ وہ دستاویز جو کسی بات کا وعدہ کرتے وقت لکھی جاتی ہے۔

اَقرِبا۔ (قریب کی جمع) رشتے دار لوگ؛ بھائی بند؛ نزدیکی رشتے دار۔

اَقصائے عالَم۔ دور دراز دنیا (مراداً) تمام عالم؛ بہت دور؛ بعید۔

اَقطاع۔ (قطعہ کی جمع) ٹکڑے؛ اطراف زمین۔

اِقلیم۔ ولایت؛ ملک؛ سلطنت۔

اَکابِر۔ (اکبر کی جمع) بزرگ لوگ؛ مقتدر لوگ؛ بڑے آدمی؛ امیر کبیر۔

اَکابِران۔ (اکبر کی جمع الجمع) بڑے لوگ؛ مقتدر لوگ۔

اِکتِفا۔ بس کرنا؛ کافی سمجھنا؛ کفایت کرنا۔

اِکراہ۔ بے دلی؛ بد دلی۔

اِکسیرِ اَعظَم۔ نہایت مجرب؛ نہایت فائدے۔

اَکل و شُرب۔ کھانا پینا۔

اَلآن۔ ابھی؛ اسی وقت۔

اِلّا۔ حرف استثنا؛ لیکن؛ بہ جز۔

اَلْاَثَر۔ نقش۔

اِلْتِجا۔ منت سماجت؛ خوشامد۔

اِلْتِفات۔ توجہ؛ مہربانی۔

اِلْتِماس۔ عرض؛ گزارش؛ درخواست۔

اِلْتِوا۔ ملتوی کرنا؛ کسی کام کو روک کر کسی اور وقت پر اٹھا رکھنا۔

اِلْحاح۔ منت سماجت کرنا؛ زاری کرنا؛ گڑگڑانا۔

اِلْحاح وزاری۔ منت سماجت؛ گڑگڑاہٹ۔

اَلْحاصِل۔ آخرکار؛ قصہ کوتاہ؛ خلاصہ کلام۔

اِلْحان۔ (لحن کی جمع) سریلی آواز؛ اچھی آواز سے پڑھنا یا گانا۔

اَلْحَفِیظُ الْاَمان۔ خدا کی پناہ۔

اَلْحَق۔ بے شک؛ یقیناً؛ سچ یہ ہے۔

اَلْطاف۔ (لطف کی جمع) مہربانیاں؛ عنایتیں۔

اَلْطافِ خُسْرَوانی۔ شاہانہ مہربانیاں۔

اَلْعَطَش۔ پیاس کی شدت۔

اَلْغیاث اَلْغیاث۔ فریاد فریاد؛ اللہ سے مصیبت میں مدد چاہنے کا لفظ۔

اَلْغَیث اَلْغَیث۔ مدد مدد؛ فریاد فریاد۔

اَلِف زِنْہار۔ ہزار بار خبردار؛ بار بار متنبہ کرنا۔

اِلْقا۔ الہام؛ خدا کی طرف سے دل میں ڈالی ہوئی بات۔

اَلْقِصَّہ۔ حاصل کلام؛ قصہ مختصر؛ یعنی۔

اَلَم۔ رنج؛ غم؛ دکھ۔

اَلْماس۔ ہیرا۔

اَلْمُضاعَف۔ دونا؛ دوچند؛ کئی گنا۔

اَللہُ اَکْبَر۔ اللہ ہی سب سے بڑا ہے۔

اَلْمیزان۔ ترازو؛ مراد قیامت کی ترازو

اَلْوان۔ (جمع لون کی) بہت سے رنگ؛ رنگا رنگ۔

اَلْیَوم۔ آج

اَمّا بَعْد۔ اس کے بعد؛ بعد ازاں۔

اَمّارَہ۔ بدی کی طرف رغبت دلانے والا۔ سرکش۔

اَماری (عماری)ہودج؛ محمل۔

اَماکِن۔ (مکان کی جمع الجمع) مکانات۔

اَمان۔ پناہ۔

اَمانت۔ بہ طور امانت کسی کے پاس رکھوادی جانے والی چیز ؛ حفاظت کے خیال سے کسی کے سپرد کی جانے والی چیز۔

اَمتِعَہ۔ (متاع کی جمع) پونجی ؛ سرمایہ ؛ اثاثہ۔

اِمتناع۔ روک ؛ ممانعت۔

اِمتیاز۔ مرتبہ ؛ بڑاوی ؛ ترجیح۔

اَمر۔ حکم۔

اَمرِ تقدیری۔ قسمت کا لکھا ہوا ، پیش آنے والی بات۔

اَمرِ شُدنی۔ ہونے والی بات۔

اَمرِ لاطائل۔ فضول کام ؛ بے کار بات۔

اَمرِ مرجُوعَہ۔ لوٹائی ہوئی بات۔

اَمرِ موہُوم۔ قیاسی بات ؛ فرضی کام۔

اُمَرا۔ (جمع امیر کی) دولت مند ؛ رؤسا ؛ اراکین سلطنت۔

اَمراض۔ (جمع مرض کی) بیماریاں۔

اَمرَد۔ وہ لڑکا جس کے ڈاڑھی مونچھ نہ نکلی ہو ؛ بے ریش وبروت۔

اَمرَدِ مُزَلَّف۔ کم سن زلف والا ؛ بے ریش زلف والا ؛ زلف والا محبوب / لڑکا۔

اَمرُود۔ برصغیر پاک و ہند کا بہت مشہور پھل۔

اِمروز و فردا۔ آج کل ؛ حیلے حوالے۔

اِمساکِ باراں۔ مینہ کا وقت پر نہ برسنا ؛ خشک سالی۔

اَمصار۔ (مصر کی جمع) شہر۔

اِملاک۔ (جمع ملک کی) جائیداد۔

اَمن۔ پناہ ؛ حفاظت ؛ امن چین۔

اَمواج۔ (جمع موج کی) لہریں۔

اَموال۔ (جمع مال کی) کل دولت۔

اُمُوراتِ غریبہ۔ عجیب و غریب حالات و واقعات۔

اُمّہات۔ (اُم کی جمع) مائیں۔

اُمّید و بیم۔ اطمینان اور خوف کی حالت ؛ ایسی کیفیت کہ کچھ توقع ہو کچھ ناامیدی ؛ یک سوئی نہ ہونا۔

اُمّیدواری۔ حاملہ ہونا۔

اَمیر کبیر۔ بڑا دولت مند؛ بڑا مال دار۔

اَمیرُ المُؤمِنین۔ مومنوں کا سردار؛ خلیفۂ وقت؛ مسلمانوں کا سب سے بڑا حاکم۔

اِناث۔ (جمع انثیٰ کی) خواتین۔

اَنار۔ ایک مشہور میوہ جس میں سفید یا سرخ دانے ہوتے ہیں۔

اَنبار۔ ڈھیر؛ ذخیرہ۔

اَنبانِ حِکمت۔ چمڑے کی تھیلی یا تھیلا؛ حکمت کی تھیلی؛ دانائی کی پوٹلی۔

اِنبِساط۔ خوشی؛ مسرت۔

اَنبوہ۔ بھیڑ، ہجوم۔

اَنبوہِ کثیر۔ بڑا مجمع؛ بڑی بھیڑ۔

اَنبِیاء۔ (جمع نبی کی) پیغمبر؛ رسول۔

اِنتِساب۔ نسبت، تعلق ہونا۔ لگاؤ۔

اِنتِظام۔ بندوبست؛ اہتمام۔

اِنتِفاع۔ فائدہ حاصل کرنا؛ نفع ہونا۔

اِنتِقام۔ بدلہ؛ کینہ نکالنا۔

اِنجاحِ مَطالِب۔ مقاصد کا پورا ہونا۔

اِنجیر۔ ایک مشہور میوہ۔

اِنجیل۔ حضرت عیسیٰؑ پر اتری ہوئی آسمانی کتاب۔

اِنحِراف۔ پھر جانا؛ مخالفت کرنا۔

اَنداز۔ معشوقانہ ادا؛ ناز؛ طریقہ؛ وضع، نمونہ؛ پیمانہ۔

اِندِفاع۔ دور ہونا؛ دفع ہونا۔

اَندک۔ تھوڑا سا؛ ذرا سا؛ کم۔

اِندِمال۔ زخم کا بھرنا۔

اَندوختہ۔ جمع کیا ہوا مال (روپیہ پیسہ)

اَندوہ۔ رنج و غم؛ ملال۔

اَندوہ زَدَہ۔ غم زدہ؛ رنجیدہ؛ غمگین۔

اَندوہ گیں۔ غم گین؛ رنجیدہ۔

اَندیشَہ۔ دھڑکا؛ کھٹکا؛ خوف؛ فکر۔

اَندیشَہ ناک۔ خوف ناک؛ پُر خطر / اندیشناک۔

اِنزِوا۔ گوشہ نشینی؛ عزلت گزینی؛ کونے میں بیٹھنا۔

اُنس۔ محبت؛ الفت۔

اَنسب۔ بہت مناسب۔

اِنصرام۔ انتظام؛ بندوبست؛ پورا ہونا۔

اِنعقاد۔ بندھنا؛ جلسہ؛ محفل وغیرہ کا ہونا۔

اَنفار۔ (نفر کی جمع) لوگ؛ عوام؛ نوکر۔

اِنفراد۔ اکیلا ہونا؛ تنہا ہونا۔

اِنفراغ۔ فراغت؛ کسی کام کو نپٹا دینا۔

اِنفصال۔ جدا ہونا؛ فیصلہ۔

اِنفعال۔ ندامت؛ شرمندگی۔

اِنقراض۔ مدت پوری ہونا؛ گزرنا؛ کٹنا۔

اِنقطاع۔ خاتمہ؛ شکست۔

اِنقضا۔ پورا ہو جانا؛ گزر جانا؛ اختتام۔

اِنقیاد۔ فرماں برداری۔

اِنکار۔ نہ ماننا؛ ناپسند کرنا۔

اِنکسار۔ خاکساری؛ فروتنی۔

اِنکشاف۔ کِھلنا؛ کھولنا؛ ظاہر ہونا۔

اَنگُشت۔ انگلی۔

اَنگُشت بَدَنداں ہونا (محاورہ) دانتوں تلے انگلی دبانا (حیرت سے)

اَنگُشتِ پا۔ پیر کا انگوٹھا۔

اَنگُشتِ چَپ۔ بائیں ہاتھ کی انگلی۔

اَنگُشتِ سَبّابَہ۔ انگشت شہادت؛ کلمہ کی انگلی۔

اَنگُشتِ کُوچک۔ چھنگلیا؛ چھوٹی انگلی۔

اَنگُشتَری سَوار کَار۔ (سوار کار)، حکومتوں کے درمیان معاہدے طے پانے کے لیے جو مہر لگائی جاتی ہے وہ قدیم زمانے میں انگوٹھی کی صورت میں ہوتی تھی۔ (ق)

اَنگُوری۔ انگور کا

اَنہار۔ (نہر کی جمع) نہریں۔

اَوائِل۔ (جمع اول کی) ابتدا؛ آغاز؛ پہلے حصے۔

اَوباش۔ بدچلن؛ آوارہ مزاج؛ بدمعاش۔

اَوتار۔ (ہندو عقیدہ کے مطابق) خدا کا کسی بڑے کام کی انجام دہی کے لیے انسان یا کسی اور صورت یا جسم ظاہری میں ظاہر ہونا؛ اوپر سے نیچے اترنا۔

اَوج۔ بلندی۔

اَوْجِ اِقْتِدار۔ حکومت کی شان و شوکت ؛ اقتدار کی بلندی۔

اَوْجاغ۔ (اجاق) چولھا ؛ دیگ دان۔

اَوْچھا۔ ہلکا ؛ اتھلا۔

اَوْراد۔ (جمع ورد کی) وظیفے ؛ اذکار۔

اَوْراد خوانی۔ وظیفے کرنا ؛ مقررہ دعائیں مقررہ طریقے سے پڑھنا۔

اَوْرَنگِ جَہاں بانی۔ تخت شاہی ؛ تخت بادشاہی۔

اَوْرِیا۔ معلم ؛ مدرس۔

اَوْصافِ حَمِیْدَہ۔ پسندیدہ عادات ؛ اچھا اخلاق۔

اَوْصِیا۔ (وصی کی جمع) جس کو وصیت کی گئی ہو۔

اَوْضاع۔ (وضع کی جمع) افعال، کردار ؛ ڈھنگ۔

اَوْقات۔ شخصیت ؛ وقعت ذات۔

اَوْلا۔ افضل۔

اُولا۔ آسمان سے پانی کے جمے ہوئے چھوٹے بڑے قطرے جو بارش کے ساتھ یا بغیر بارش کے برستے ہیں ؛ ژالہ۔

اَوْلاد۔ (جمع ولد کی) بال بچے ؛ ایک خاندان کے لوگ۔

اُولُوالْعَزْم۔ باہمت ؛ فراخ حوصلہ ؛ پکے ارادے والا۔

اُوْلُش۔ (الش ؛ الوش) امیروں کا جھوٹا کھانا۔

اَہالی۔ (جمع اہل کی) کام والے لوگ ؛ صاحبان۔

اِہْتَمام۔ انتظام ؛ بندوبست۔

اَہْلِ بَیْت۔ گھر کے لوگ۔ (کنایۃً) حضرت علیؓ، حضرت فاطمہؓ، حضرت حسنؓ، حضرت حسینؓ۔

اَہْلِ تَنْجِیم۔ اہل نجوم ؛ ستارہ شناس

اَہْلِ حِرْفَہ۔ اہل ہنر ؛ ہنر مند ؛ پیشہ ور لوگ۔

اَہْلِ کار۔ کارکن ؛ کارندہ۔

اَہْل و عَیال۔ بال بچے، متعلقین۔

اَہْلِ یَسار۔ بائیں طرف والے (مراداً) دوزخی۔

اَہْلِ یَمِین۔ دائیں طرف والے (مراداً) جنتی۔

اَیال۔ گھوڑے کی گردن کے لمبے لمبے بال۔

اِیالَت۔ ولایت ؛ صوبہ۔ صوبہ داری۔

ایام کی گردش۔ (گردشِ ایام) دنوں کی گردش ؛ بد نصیبی ؛ محرومی۔

اَیّامِ ہُمایُوں۔ مبارک ایام ؛ خوش نصیبی کے دن۔

اِیجاد۔ نئی بات پیدا کرنا ، نئی چیز بنانا ؛ اختراع۔

اِیذا۔ دکھ ؛ تکلیف۔

اِیذا رسانی۔ دکھ دینا ؛ تکلیف پہنچانا۔

اِیڑی۔ پاؤں کا پچھلا حصہ ؛ جوتے کا پچھلا حصہ۔

اِیزَد۔ خدا ؛ اللہ۔

اِیزَد بیچُون۔ خدائے بے مثل ؛ خدائے لاثانی۔

اِیزَد جَلَّ جَلالُہٗ۔ بڑی ہے عظمت اور بزرگی اس خدا کی۔

اِیزَدِ کارْ ساز۔ کام بنانے والا اللہ ؛ حاجت روا ؛ اللہ۔

اِیزَد مُتَعال۔ بزرگ و برتر اللہ۔

اِیصال۔ پہنچانا۔

ایفائے وَعدَہ۔ اقرار پورا کرنا۔

اِیک جان و اِیک قالِب۔ اکیلا یا تن تنہا آدمی۔

اِیلچی۔ پیغام پہنچانے والا ؛ سفیر۔

اِیلچی گَری۔ سفارت ؛ پیغام رسانی۔

اِیما۔ اشارہ ، منشا ، عندیہ۔

اِیمان۔ شریعت اسلام میں دل سے اللہ اور رسول پر یقین لانا اور زبان سے اس کا اعلان کرنا۔

اَیمَن۔ بے خوف ؛ محفوظ۔

اَیْوان۔ مکان ؛ مجلس ؛ محل۔

آ

آب آب ہونا (محاورہ) شرمندہ ہونا؛ خفیف ہونا۔

آب افشانی۔ پانی چھڑکنا؛ چھڑکاؤ کرنا۔

آب باز۔ تیرنے والا؛ غوطہ خور؛ شناور۔

آبِ برگِ مُرَیلاَن۔ ایک درخت کے پتوں کا پانی (ق)

آب پاشی ۔ چھڑکاؤ؛ خاک کو دبانے یا زمین کو ٹھنڈا کرنے کے لیے پانی کا چھینٹا دینے کا عمل۔

آب جُو۔ ندی، نہر۔

آبِ حَیواں۔ زندگی بخش پانی؛ ایک چشمہ اور اس کا پانی جس کے متعلق مشہور ہے کہ اس کے پینے سے موت نہیں آتی۔

آبِ خنجر۔ خنجر کی چمک؛ خنجر کی دھار / کاٹ۔

آبِ خُورْدَہ جِسْم۔ بھیگا ہوا بدن۔

آبدیدہ۔ رونے والا؛ روہانسا؛ جس کی آنکھوں میں آنسو بھرے ہوں۔

آبِ رَواں۔ بہتا پانی۔

آبِ زُلال۔ صاف شفاف میٹھا پانی؛ نتھرا ہوا پانی۔

آبِ سُورُ الْعَصافِیْر۔ چڑیوں کا پیا ہوا / جھوٹا پانی (ق)

آبشار۔ جھرنا؛ بلندی سے گرنے والا قدرتی پانی۔

آب و دَانَہ۔ دانہ پانی، رزق روزی۔

آبِ سِیاہ۔ شراب؛ گہرا پانی؛ بھنور کا پانی۔

آبِ شیرِیں۔ میٹھا پانی۔

آب و عَلَف۔ پانی اور گھاس (سبزہ)

آب کَشی۔ کنویں سے پانی نکالنا۔

آبگینہ۔ شیشہ؛ بلور۔

آبِ مُتَعَفِّن۔ بدبودار پانی؛ گندا پانی۔

آبِ اَنارُ وبَہ۔ انار اور بہی کا عرق۔

آب و نان۔ روٹی پانی۔

آب و نَمک۔ کھانے میں نمک مرچ؛ مسالے کا توازن؛ نمک مرچ؛ روکھی سوکھی۔

آب نُوشی۔ پانی پینا۔

آبِ یخنی۔ شوربا۔

آبرُو۔ عزت ؛ نیک نامی ؛ قدر و منزلت۔

آبرُو ریزی۔ بے حرمتی ؛ بے عزتی ؛ عصمت دری۔

آبلہ۔ چھالا ؛ پھپھولا۔

آبنُوس۔ ایک درخت جس کی لکڑی سخت سیاہ اور وزنی ہوتی ہے۔

آبی رَنگ۔ ہلکا نیلا پانی سے ملتا ہوا رنگ۔

آبی کاغذ۔ عمدہ اور نفیس کاغذ۔

آتِش اَفشاں۔ آگ اور لاوا اگلنے والا پہاڑ۔

آتِش بار۔ آگ برسانے والا۔

آتِش باری۔ آگ برسانا۔

آتِش باز۔ آگ سے کھیلنے والا ؛ آتش بازی کرنے یا بنانے والا۔

آتِش پَرَستی۔ آگ کی پوجا۔

آتِش جَہَندَہ۔ لپکتی ہوئی آگ ؛ اڑتا ہوا شعلہ۔

آتِشیں رُخسار۔ سرخ سفید چہرے والا مراد محبوب۔

آتِش دان۔ انگیٹھی۔

آتِشِ سُوزاں۔ جلتی یا دہکتی ہوئی آگ۔

آتِش کَدہ۔ زرتشتیوں کی عبادت گاہ۔

آخِرُالاَمر۔ آخر کار ؛ انجام کار۔

آدَم آبی۔ انسان کی شکل کا چوپایہ جو پانی میں رہتا ہے ؛ جل مانس۔

آدَم خُور۔ انسان کو کھانے والا درندہ یا وحشی انسان۔

آدَم زاد۔ آدم کی اولاد ؛ انسان۔

آدَم صَفِی اللہ۔ آدم اللہ کے برگزیدہ دوست۔

آدَم کُش۔ قاتل۔

آدَم گیاہ۔ گھاس کی ایک قسم ؛ آدم بوٹی۔

آذَر ماہ۔ ایرانی شمسی سال کا نواں مہینہ جو پوس یا جنوری میں آتا ہے۔

آذُوقہ (آزوقہ)۔ تھوڑی غذا ؛ قوت قلیل۔

آراَستگی۔ سجاوٹ ؛ زیب و زینت۔

آرَج۔ ایک قسم کی چڑیا ؛ قدر و قیمت ؛ وزن و وقار۔

آرُد۔ آٹا ؛ پسا ہوا غلہ ؛ چون۔

آرِندہ۔ لانے والا۔

آرِندہ لَوحِ فولادی۔ فولادی تختی کا لینے والا / حاصل کرنے والا۔

آرُوغ۔ ڈکار۔

آزارِ۔ دکھ ؛ تکلیف ؛ رنج۔

آزارِ مُزمِن۔ پرانا روگ ؛ پرانی بیماری۔

آزُردگی۔ ایذا ؛ رنجش ؛ تکلیف۔

آزُردہ۔ افسردہ ؛ ملول ؛ اداس ؛ ناخوش۔

آزُردہ خاطِر۔ غمگین ؛ خفا ؛ ناراض۔

آزمُودہ کار۔ تجربہ کار ؛ ہوشیار ؛ دانش مند۔

آستان۔ چوکھٹ (احتراما) بزرگوں کے مکان ؛ درگاہ ؛ بارگاہ۔

آسُودہ۔ راحت پایا ہوا ؛ مطمئن۔

آسیا۔ چکی ؛ غلہ پیسنے کی کل۔

آسیا سَنگ۔ چکی کا پاٹ۔

آسیب۔ تکلیف ؛ آزار۔

آسیب زَدہ۔ جن بھوت کا اثر لیا ہوا۔

آش۔ پکی پکائی پتلی چیز ؛ پی جانے والی پتلی غذا۔

آشنا۔ ناجائز تعلقات رکھنے والا مرد یا عورت ؛ دوست یگانہ ؛ جان پہچان رکھنے والا۔

آشنائی۔ عورت مرد کا ناجائز تعلق ، دوستی۔

آشُفتہ۔ پریشان ؛ بد حواس۔

آشتی۔ ملاپ ؛ صلح ؛ صفائی۔

آشُوب۔ شور ؛ غوغا۔

آفات۔ (جمع آفت کی) بلائیں ، مصیبتیں۔

آفاتِ دَشتی۔ جنگل کی بلائیں ؛ صحرائی مصیبتیں۔

آفَت اَنگیز۔ آفت اٹھانے والا ؛ مصیبت پیدا کرنے والا۔

آفَت دیدہ۔ تکلیف اٹھایا ہوا ؛ دکھی ؛ مصیبت کا مارا ہوا۔

آفَتِ جَہان۔ دنیا کے لیے مصیبت (مرادا) محبوب۔

آفَتِ ناگہانی ۔ اچانک آجانے والی مصیبت ، دفعتہً نازل ہونے والی بلا۔

آفاق۔ (جمع افق کی) آسمان کے کنارے (مجازا)

دنیا؛ جہان۔

آفتاب۔ سورج؛ دھوپ۔

آفتابِ ختمِ رسالت۔ آنحضرت ﷺ کی بعثت مراد ہے۔

آفتابہ۔ ایک قسم کا ڈھکن اور دستے والا لوٹا۔

آفریدگار۔ پیدا کرنے والا؛ اللہ؛ خدا۔

آفرین۔ شاباش۔

آفرینش۔ پیدائش؛ جنم۔

آفرینندہ۔ پیدا کرنے والا؛ اللہ۔

آگہی۔ خبرداری، واقفیت، آگاہی۔

آلام۔ (جمع الم کی) رنج؛ غم۔

آلِ رسول ﷺ۔ جناب فاطمہ زہراؓ کی اولاد، سادات۔

آلائش۔ معصیت، گناہ، میل کچیل، غلاظت، گندگی، ناپاکی، آلودگی۔

آمدنی۔ یافت، بچت، نفع۔

آمُرزگار۔ اللہ تعالیٰ؛ گناہوں اور خطاؤں کو معاف کرنے والا۔

آمُرزگی۔ بخشش، معافی، نجات۔

آمیز۔ ملا جلا؛ باہم حل کیا ہوا۔

آمین۔ یا اللہ ایسا ہی کر، ہماری یہ دعا قبول فرما۔

آنکس۔ ہاتھی بان کا ہانکنے کا آلہ۔

آنگاہ۔ اس وقت۔

آنِ واحد۔ ایک ہی ساعت؛ تھوڑی دیر؛ فوراً۔

آنکھیں چار ہونا (محاورہ)۔ روبرو ہونا؛ مقابل ہونا، ملاقات کرنا۔

آنکھیں خیرہ ہونا (محاورہ)۔ نہایت چمکیلی چیز کو دیکھ کر آنکھوں کا پورا نہ کھلنا؛ آنکھیں چندھیانا۔

آنکھیں سفید ہونا (محاورہ)۔ رونے کی کثرت اور نہایت انتظار سے آنکھوں کی سیاہی کا جس سے دیکھتے ہیں جاتا رہنا؛ اندھا ہونا۔

آوارہ۔ مارا مارا پھرنے والا؛ بدچلن؛ سرگرداں۔

آوانِ حمید۔ نیک ساعت؛ مبارک گھڑی؛ لمحاتِ مسرت۔

آورندہ۔ حملہ آور۔

آویزاں۔ لٹکا ہوا؛ معلق۔

آوِیزَہ۔ کان میں پہننے کا ایک زیور؛ مرکی۔

آوِیزَہ گُوش۔ کان کا زیور؛ بُندا۔

آہِستَہ قَدَمی۔ دھیرے دھیرے چلنا؛ ٹھہر ٹھہر کر چلنا۔

آہْ کَشی۔ آہ بھرنا؛ آہ کھینچنا۔

آہَک۔ چونا؛ قلعی۔

آہَن۔ لوہا۔

آہَن تاب۔ گرم لوہے سے بجھا ہوا (پانی)۔

آہَنِ کَثِیف۔ خام لوہا۔

آہَن گَر۔ لوہار

آہَنِ لَطِیف۔ عمدہ لوہا؛ بھٹی میں ڈھلا ہوا لوہا۔

آہُو۔ ہرن

آہُو تَگ۔ تیز رفتار (ہرن)۔

آہُوئے تیر خُورْدَہ۔ تیر سے زخمی ہرن؛ تیر کھایا ہوا ہرن۔

آہُو چَشْم۔ ہرن کی سی آنکھوں والا؛ شوخ اور حسین آنکھوں والا (مراداً) محبوب۔

آئمّہِ اَطْہار۔ پاک ائمہ مراد بارہ آئمہ اہل بیت۔

آئِینَہ بَنْد۔ آئینوں سے آراستہ؛ سجا ہوا۔

آئِینَہ حَلَبی۔ شہر حلب کا بنا ہوا آئینہ جو کبھی آئینہ کی اعلیٰ قسم میں شمار ہوتا تھا۔

آئِینَہ دار۔ آئینہ رکھنے والا؛ حجام۔

آئِینَہ رُخْسار۔ نہایت حسین؛ (مجازاً) محبوب۔

آئِینَہ و مُصْحَف (آرسی مصحف)۔ دولہا اور دولہن کو شادی کے بعد قرآن شریف اور آئینہ دکھانے کی رسم۔ (اس کی صورت یہ ہوتی ہے کہ جب برات دولہن کے گھر پہنچتی ہے تو رخصتی سے پہلے دولہا دولہن سر جوڑ کر اور سرخ دوپٹا یا دوشالہ ان کے سر پر ڈال کر آمنے سامنے بٹھاتے ہیں۔ بیچ میں تکیہ پر آئینہ اور قرآن پاک سورۂ اخلاص کے مقام پر کھول کر اس طرح رکھتے ہیں کہ دونوں کو ایک دوسرے کی شکل نظر آسکے۔ اب دولہن والیاں دولہا سے کہتی ہیں۔ میاں اپنی زبان سے کہو بیوی آنکھیں کھولو! میں تمہارا غلام۔ اس طرح دولہن اصرار کے بعد آنکھیں کھولتی ہے اور دونوں آئینہ میں ایک دوسرے کی صورت دیکھتے ہیں۔ ساتھ قرآن پاک پر بھی نظر پڑتی ہے۔

آیَت۔ آیت، نشانی؛ علامت۔

آیَۃُ الکُرْسی۔ قرآن مجید کی سورۂ بقرہ کی ایک آیت میں کرسی کا لفظ آیا ہے، اسے آیت الکرسی کہتے

ہیں۔ اس میں اللہ تعالیٰ کی بعض اہم صفات بیان ہوئی ہیں۔

آیَندورَوَند۔ آنے جانے والے؛ ہمہ شما۔

ب

بِالْاِجْمال۔ مختصر طریقے سے؛ اختصار کے ساتھ؛ مجملاً۔

بِالْاِسْتِیعاب۔ ایک ایک جزو کا احاطہ کرتے ہوئے؛ پوری تفصیل کے ساتھ۔

بِالْفِعْل۔ سردست؛ حال میں؛ فی الحال؛ بالقوۃ کی ضد۔

بِالْقُوَّۃ۔ اس قوت یا صلاحیت کے اعتبار سے جو کسی شے کی ذات میں مضمر ہے مگر فی الحال خارج میں موجود نہ ہو؛ باطن میں؛ حقیقت میں۔

بِالْمُشافَہَ۔ دوبدو؛ آمنے سامنے۔

بِالْمُواجَہ۔ سامنے؛ روبرو۔

بِالْمُناصِفَہ۔ نصف نصف؛ آدھا آدھا۔

باآنکہ۔ باوجودیکہ؛ باوجود آنکہ۔

بابُ النُّور۔ بارگاہ نور؛ دربار نور؛ نور کا دروازہ۔

باج گُذار (باج گزار)۔ اپنے سے بڑے حکمران کو خراج دینے والا۔

باچھیں کِھلنا (محاورہ)۔ بے حد خوش ہونا؛ بہت

زیادہ ہنسنا۔

باد۔ ریح؛ پاد؛ ریاح؛ گوز۔

بادبان۔ جہاز کا پال؛ وہ پردہ جو کشتیوں کو چلانے اور ان کا رخ بدلنے کے لیے لگاتے ہیں۔

بادپیما۔ ہوا کی طرح تیز چلنے والا گھوڑا۔

بادِ تُند۔ تیز ہوا، آندھی، طوفان۔

بادِ خوش۔ اچھی ہوا؛ خوشگوار ہوا۔

بادرفتار۔ نہایت تیز چلنے والا۔

بادِ ریحانی۔ خوشبو والی ہوا؛ باد معطر؛ خوشبو پھیلانے والی ہوا۔

بادِ صرصر۔ جھکڑ، آندھی، تیز ہوا، وہ ہوا جو بڑی تندی کے ساتھ شور مچاتی ہوئی چلتی ہے۔

بادِ مخالف۔ وہ ہوا جو منزل مقصود کی طرف جانے سے روکے؛ آندھی جو راستے میں مزاحم ہو۔

بادِ موافق۔ وہ ہوا جو منزل مراد کی طرف بڑھنے میں مددگار ہو۔

بادِ ہوائی۔ فضول؛ بے معنی؛ فرضی؛ ناکارہ۔

بادام۔ ایک مشہور میوہ جو بناوٹ میں بالعموم آنکھ سے مشابہ اور اس سے کچھ بڑا ہوتا ہے۔

بادامی رنگ۔ بادام کے چھلکے کے رنگ کا؛ زردی مائل بھورا۔

بادشاہانِ ریزہ۔ چھوٹے بادشاہ؛ ادنیٰ حکمران۔

بادِل بریاں۔ افسردہ خاطر؛ ناخوش؛ ناراض۔

بادِل ناخواستہ۔ ناخوشی، بے دلی سے۔

بادیُ النظر۔ سرسری نظر؛ پہلی نظر؛ ابتدائی نظر؛ نگاہ ظاہر۔

بادلا۔ زربفت؛ تمامی؛

بادلا پوش۔ تمامی یا زربفت کا لباس پہننے والا یا پہنے ہوئے۔

بادنجان۔ بینگن۔

بادہ۔ شراب۔

بادۂ گلفام۔ سرخ شراب۔

بادہ کشی۔ شراب نوشی؛ شراب پینا۔

بادۂ ناب۔ خالص شراب۔

بادہ نوشی۔ شراب پینا؛ شراب نوشی۔

بادیہ گردی۔ جنگل میں مارے مارے پھرنا؛

صحرا نوردی۔

باربَردار۔ بوجھ اٹھانے والا۔

باربَرداری۔ مزدوری۔

باردینا۔ موقع دینا؛ اجازت دینا۔

بارہ دَری۔ بارہ دروازوں کا ہوادار مکان؛ گرمی کے موسم میں رہنے کا مکان۔

بارِ الٰہا۔ اے خدائے بزرگ۔

بار و تُخم۔ پھل اور بیج۔

بارِ دِگر۔ دوبارہ؛ دوسری مرتبہ۔

بارِد۔ ٹھنڈا؛ سرد۔

بارود۔ وہ آتش گیر مادہ (سفوف) جس سے توپ، بندوق چھوڑتے ہیں اور آتش بازی بناتے ہیں؛ باروت۔

بار کَرانا۔ لادنا؛ جانور؛ صندوق یا گاڑی وغیرہ میں سامان رکھنا۔

بارکَش۔ جس پر بوجھ لادا جائے؛ حمال۔

بارکَشی۔ بوجھ لادنے کا عمل؛ بوجھ لے جانا۔

بارگاہ۔ دربار؛ محل شاہی؛ عدالت؛ محترم یا مقدس ایوان؛ خاص مقام جہاں تک رسائی باعث عزت وسعادت ہو۔

بارگاہِ گَردُوں اَساس۔ رفیع الشان دربار؛ بلند وبالا شاہی محل۔

بارُوت۔ وہ آتش گیر مادہ (سفوف) جس سے توپ، بندوق چھوڑتے ہیں اور آتش بازی بناتے ہیں؛ بارود۔

باروَر۔ پھلوں سے لدا پھندا۔

بارِے۔ ایک دفعہ؛ ایک بار۔

بارِ خُدایا۔ اے خدائے بزرگ۔

بارِیک اَندام۔ نازک بدن (مجازاً) محبوب۔

بارِیک کَمَر۔ پتلی کمر والا؛ (مجازاً) محبوب۔

بایں ہَمَہ۔ ان تمام کے باوجود؛ ان سب باتوں کے ہوتے ہوئے۔

باز۔ ایک شکاری پرندہ جو دراصل مادہ ہوتا ہے اور اس کے نر کو شاہین یا جرہ کہتے ہیں۔

بازار گَردی۔ بازار میں پھرنا۔

بازگَشت۔ گونج؛ واپسی؛ مراجعت۔

بازگَشتی۔ لوٹنے والا؛ لوٹا ہوا۔

بازُوبَند۔ ایک قسم کا زیور جو بازو پر باندھا جاتا ہے۔

بازی گر۔ نٹ ؛ مداری ؛ تماشا دکھانے والا۔

باطِل۔ جھٹلانا ، منسوخ۔

باش۔ ٹھہر ، دم لے ؛ صبر کر۔

باش باش۔ ٹھہر جا ٹھہر جا ؛ صبر کر صبر کر۔

باصِرہ۔ بینائی ؛ دیکھنے کی قوت۔

باصَواب۔ درست ؛ صحیح۔

باغ باغ ہونا (محاورہ)۔ خوش ہونا ؛ شاداں و فرحاں ہونا۔

باغبان۔ مالی ؛ باغ کا محافظ۔

باغُنج ودَلال۔ نازو ادا کے ساتھ۔

باغیچہ۔ چمن : چھوٹا باغ۔

بافرہنگ۔ مہذب ؛ متمدن۔

باقی ماندہ۔ بچ ہوا ، بقایا۔

باکِرہ۔ کنواری ؛ ناکتخدا۔

بال بیکانہ ہونا (محاورہ)۔ مطلق نقصان نہ ہونا ؛ کوئی گزند نہ پہنچنا۔

بالِ ہُما۔ ہما کا پَر جو روایتہً اقبال مندی کی علامت سمجھا جاتا تھا اور اسے حکمران اپنے تاج پر سجاتے تھے۔

بالابالا۔ اوپر ہی اوپر ؛ الگ ہی الگ ؛ بے اطلاع۔

بالِش۔ تکیہ ؛ سرہانہ ؛ مسند۔

بالِشت۔ ہاتھ کے انگوٹھے کی نوک سے چھنگلیا کی نوک تک فاصلہ ؛ انگل کا پیمانہ۔

بالِغہ۔ (بالغ کی تانیث) سیانی ؛ جو سن بلوغ کو پہنچ گئی ہو۔

بالادَست۔ بلند مرتبہ ، نفیس ، پاکیزہ۔

بالادَوِی۔ حالات کا جائزہ لینے یا جاسوسی و نگرانی کی غرض سے گشت ؛ ٹوہ لینے یا سراغ لگانے کے لیے جاسوسی کو نکلنا۔

بالِیش۔ سرہانہ ، تکیہ۔

بام۔ چھت ، بالاخانہ ؛ کوٹھا ، سقف۔

باناتِ سَقَرلانی۔ ایک قسم کا اونی کپڑا جو دبیز ، گرم اور دوہرے عرض کا ہوتا ہے۔

بانو۔ خاتون خانہ ؛ بیگم ؛ عزت دار عورت۔

بانی (جمع بانیاں)۔ بنیاد ڈالنے والا ؛ موجد۔

باوَر۔ یقین ؛ بھروسا ؛ اعتماد۔

باؤلی۔ وہ بڑا کنواں جس میں پانی بھرنے یا لینے کے

لیے سیڑھیاں بنی ہوتی ہیں تاکہ مسافر بغیر رسی ڈول کے نیچے اتر کر پانی لے سکیں۔

باہم گر۔ ایک دوسرے کے ساتھ ؛ ایک دوسرے میں مل کر۔

بُت خانَہ۔ جہاں بت رکھے جائیں ؛ مندر ؛ شوالہ۔

بِالتَّصْرِیح۔ صراحت کے ساتھ ؛ وضاحت کے ساتھ ؛ کھل کر۔

بَتُول۔ رسول اللہ ﷺ کی صاحبزادی بی بی فاطمہ کا لقب ؛ علایق دنیا ترک کرنے والی ؛ باعصمت ؛ پاک دامن۔

مُجِد۔ بضد ؛ ضد سے ؛ ساعی ؛ کوشش کرنے والا ؛ مصر۔

بِجِنْسِہٖ۔ جوں کا توں ؛ ہو بہو۔

بَحْر۔ سمندر۔

بَہ چَشْمِ دِیدَہ۔ آنکھوں دیکھا۔

بَخَطِّ مُسْتَقِیم۔ سیدھا ؛ راست ؛ بغیر پیچ و خم کے۔

بَخْتِ بَرگَشْتَہ۔ بدنصیب ؛ بدقسمت۔

بَخْتِ ناسازگار۔ ناموافق تقدیر ؛ بدقسمتی۔

بَخْشِش۔ معافی ؛ عفو ؛ کرم ؛ انعام۔

بَخُور۔ وہ چیزیں جن کے جلانے سے خوش بو نکلتی ہے ؛ دھونی۔

بَخُورات۔ (بخور کی جمع) وہ چیزیں جو خوشبو کے لیے جلائی جاتی ہیں جیسے اگربتی ؛ لوبان وغیرہ۔

بَخْیَہ۔ ایک قسم کی مضبوط سلائی ؛ دوہرا ٹانکا۔

بِدایَت۔ ابتدا ؛ آغاز ؛ شروع۔

بَدْ حَظ۔ بے لطف ؛ بے مزہ۔

بَدْ خُواہ۔ دشمن ؛ برا چاہنے والا ؛ بد اندیش۔

بَدْ خُو۔ بری عادت والا ؛ بد تہذیب۔

بَدَر۔ باہر۔

بَدْرَہ۔ چمڑے کی تھیلی ؛ ہمیانی ؛ کیسہ۔

بَدْ رُو۔ بد صورت ؛ بد شکل ؛ بد نما۔

بَدْ رَرَو۔ پانی باہر جانے کا راستہ ؛ موری ؛ نالی۔

بَدْ رَوِشی۔ برا طریقہ ؛ بری راہ۔

بَدْ زُبانی۔ گستاخی ؛ سخت کلامی ؛ زبان بے لگام ہونا۔

بَدَسْتُور۔ حسب معمول ؛ پہلے کی طرح۔

بَدْ قَوارَہ۔ بھونڈا؛ بد شکل؛ بے ڈھب۔

بَدْ سِگال۔ بد اندیش؛ برا چاہنے والا۔

بَدْ کارِی۔ حرام کاری؛ فسق و فجور۔

بَدْ گوئی۔ بدی؛ چغلی۔

بَدْ نَفْس۔ برا آدمی؛ بدذات؛ بری سرشت کا۔

بَدْ نِہاد۔ بد اصل؛ بدگہر؛ بد طینت۔

بُدُوں۔ سوائے اس کے

بَدِیں خُلاصَہ۔ اس خلاصے کے ساتھ؛ مختصراً؛ اجمالاً۔

بَدْ ہَیئَت۔ بد شکل؛ ڈراونی صورت؛ مہیب۔

بَرْ آشُفْتَہ۔ غصے میں بھرا ہوا۔

بَرْ اَفْرُوخْتَہ۔ غصے میں بھرا ہوا۔

بَرْ اَفْرُوخْتَگی۔ غصہ؛ ناراضگی؛ ناخوشی۔

بَرْ آنا۔ پورا ہونا؛ کامیاب ہونا؛ حاصل ہونا۔

بَرْ آمَد۔ ظاہر؛ باہر۔

بَرْ گُزِیدَہ۔ منتخب؛ مقبول؛ پسندیدہ۔

بَرْ گَشْتَہ۔ پھرا ہوا؛ منحرف۔

بَرْگَشْتَہ بَخْت۔ بدنصیب؛ بد قسمت۔

بَرْگَشْتَگی۔ پھرا ہوا پن۔

بَرْگَشْتَگیِ بَخْت۔ قسمت کا پھرا ہوا ہونا۔

بِرادَر۔ بھائی؛ رشتہ دار۔

بَرادَرِ رَضاعی۔ دودھ شریک بھائی؛ وہ دو لڑکے جنھوں نے ایک ہی عورت کا دودھ پیا ہو۔

بَرادَر زادہ۔ بھتیجا۔

بُرّاق۔ چمکیلا؛ نہایت سفید۔

بُرّاقی۔ چمک دمک۔

بُرّاں۔ بہت تیز؛ کاٹ دار۔

بَراہِ راست۔ سیدھا بغیر رکاوٹ؛ مزاحمت کے بغیر۔

بَراہِین۔ (برہان کی جمع) دلیلیں۔

بَرْبَط۔ ایک باجا؛ عود؛ (جس کی شکل بطخ کے سینے کی طرح ہوتی ہے)

بُرْج۔ گنبد۔

بُرْج وبارَہ۔ علم ہیئت والوں نے ستاروں کی رفتار اور ان کے مقامات سمجھنے کے لیے آسمان کو بارہ

حصوں میں تقسیم کیا ہے؛ ہر حصے کو برج کہتے ہیں، ہر برج میں جو ستارے واقع ہیں ان کی کوئی فرضی شکل قائم کر کے ہر برج کا ایک مخصوص نام رکھ دیا گیا ہے اور ان بارہ برجوں کو بہ لحاظ تاثیر چار حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

بُرجِ مِیزان۔ وہ آسمانی برج جس کی شکل ترازو کے مانند ہے۔

بَرپا۔ قائم؛ ایستادہ۔

بَرجا۔ ٹھیک جگہ پر۔

بِرجِیس۔ ستارہ مشتری؛ ایک سیارے کا نام جسے مشتری بھی کہتے ہیں؛ ہندی میں اسے برہسپت کہتے ہیں اور علما و فضلا؛ اہل درس و تدریس اور وزرا سے تعلق رکھتا ہے، اس کو سعد اکبر کہتے ہیں۔ یہ برج قوس و حوت کا مالک ہے، اس کی آفتاب، قمر اور مریخ سے دوستی ہے اور عطارد و زہرہ سے دشمنی۔

بَرخاست۔ ختم؛ موقوف۔

بَرسَر۔ کسی بات پر آمادہ؛ کسی کام میں مشغول۔

بَرسَبِیلِ تَذکِرَہ۔ تذکرے کے طور پر۔

بُرِّشِ شَمشِیر۔ تلوار کی کاٹ؛ تلوار کی تیزی۔

بَرشِگال۔ برسات کا موسم؛ بارش کا موسم۔

بَرَص۔ ایک مرض کا نام جس میں جسم پر سفید داغ پڑ جاتے ہیں۔

بَرطَرَف۔ موقوف؛ علیحدہ۔

بَرعَکس۔ الٹا؛ برخلاف۔

بُرقَع پُوش۔ جو نقاب میں منہ چھپائے ہو۔

بَرقِ خاطِف۔ آنکھوں کو چھپکا دینے والی چمک؛ آنکھوں کو خیرہ کر دینے والی چمک۔

بَرق خِرام۔ بجلی کی طرح تیز رفتار۔

بَرقِ عالَم سُوز۔ دنیا کو جلا دینے والی بجلی۔

بَرقِ لامِع۔ چمک دار بجلی۔

بَرق وار۔ بجلی کی طرح؛ بجلی کی مانند۔

بَرق وَش۔ بجلی کی طرح؛ تیز؛ چمکیلا۔

بَرَکت۔ نیکی، فضل، رحمت۔

بَرکنار۔ الگ؛ بے تعلق۔

بَرگ۔ پتا۔

بَرگ وبار۔ پتے اور پھل۔

بَرگ وکاہ۔ پتے اور گھاس

رِبرِنجی۔ چھوٹی کیل (پیتل کی)

بُرُنجِ پُختہ۔ پکے ہوئے چاول۔

بُرُوج و فصائل۔ قلعے اور فصیلیں۔

بُرُودَت۔ ٹھنڈ؛ سردی۔

بَرُومَند۔ پھل دار درخت؛ بار آور پیڑ۔

بُرُوت۔ مونچھ۔

بُرُوجِ الصَّنَم۔ آدم بوٹی؛ آدم گیاہ۔

بُرہان۔ پکی دلیل؛ قطعی دلیل؛ وہ دلیل جس میں شک و شبہ نہ ہو۔

بَرہَم۔ ایک کے اوپر دوسرا؛ اوپر۔

بَرہما۔ ہندوؤں کے عقیدے میں ایک دیوتا کا نام جسے وہ خالق، دنیا کا بنانے والا مانتے ہیں۔

بَرہَمی۔ غصے کی حالت؛ پریشانی۔

بَرہَم چاری۔ تجرد گزیں؛ مجرد؛ جورو جاتا نہ رکھنے والا مذہبی تعلیم و عبادت میں منہمک آدمی۔

بَرہَنَہ۔ ننگا؛ عریاں۔

بِریاں۔ بھنا ہوا؛ تلا ہوا؛ جلا ہوا؛ سوختہ۔

بُز۔ بکری۔

بَزّاز۔ کپڑا بیچنے والا۔

بُزِ اَبلَق۔ چتکبرا بکرا/بکری۔

بُزبانی۔ گلہ بانی؛ بھیڑوں؛ بکریوں کے ریوڑ کی دیکھ بھال۔

بُز دار۔ چرواہا، گذریا۔

بُزِ غَیبی۔ غیب سے بھیجا ہوا مینڈھا۔

بُزِ کوہی۔ پہاڑی بکرا/بکری۔

بُزدِلی۔ کم ہمتی؛ کم حوصلگی؛ پست ہمتی۔

بُزُرگوار۔ بزرگوں جیسا؛ بزرگ۔

بَزغالَہ۔ بکری کا بچہ۔

بَزُودی۔ جلدی؛ تیزی۔

بَساتین۔ (بستان کی جمع) گلزار؛ چمن؛ باغ۔

بِساط۔ حوصلہ؛ طاقت۔

بِست سالَہ۔ بیس سال کا؛ جوان۔

بَست و کُشاد۔ حل و عقد؛ تنگی اور فراخی؛ بندش اور کشادگی مراد تدبیر؛ انتظام۔

بَستۂ عَہد۔ مضبوط عہد؛ پختہ وعدہ؛ باندھا ہوا پیماں۔

بِسمِل۔ نیم جان ؛ ادھ موا۔

بِسیَار۔ زیادہ ؛ بہت ؛ کئی۔

بَسِیط۔ پھیلا ہوا ؛ وسیع۔

بِشَارَت۔ الہام ؛ خوش خبری ؛ مژدہ۔

بَشَاشَت۔ خوشی ؛ تازگی ؛ فرحت۔

بَشَاشِی۔ خوشی ؛ سرور۔

بَشَر۔ آدمی ؛ انسان۔

بُشْرَہ۔ قیافہ۔

بِشَن۔ خدائے نگہبان ؛ ہندو عقیدہ کے مطابق ایک دیوتا جو دنیا کی پرورش کرتا ہے ؛ وشنو۔

بَصارَت۔ بینائی ، نظر ، دیکھنے کی قوت۔

بَہ خَطِّ جَلی۔ بہت واضح اور کھلے خط کے ساتھ۔

بَطِیبِ خاطِر۔ خوشی سے ؛ رضا و رغبت سے۔

بَعَونِ الٰہی۔ اللہ کی مدد سے۔

بَعَوْنِ ایزَدی۔ خدا کی مدد سے۔

بُطْلان۔ رد ؛ تردید۔

بَطْن۔ پیٹ ؛ اندر ؛ بھیتر۔

بَطَوعِ رَغبَت۔ نہایت خوشی سے ؛ رغبت سے۔

بَہ لَبِ تَبَسُّم رِیز۔ مسکراتے ہوئے۔

بَعْد ازاں۔ اس کے بعد۔

بَعْدَہٗ۔ اس کے بعد میں ؛ پھر ؛ اس کے پیچھے۔

بَعِید۔ دور ؛ فاصلے پر۔

بِعَینِہٖ۔ وہی ؛ اپنی حقیقت کے ساتھ۔

بَغَل۔ (مجازاً) پہلو ؛ بازو۔

بَغَل گَرم ہونا۔ (محاورہ) پہلو میں لیٹنا ؛ ساتھ ہونا۔

بَغَل گِیر۔ بانہیں ڈال کر ملنا۔

بَغَل گِیری۔ کشتی کا ایک داؤ۔

بَقّال۔ بنیا ؛ غلہ فروش۔

بُقچَہ۔ کپڑوں کی گٹھڑی۔

بُقعَہ فَیض۔ فیض کی جگہ ؛ بڑے فائدہ کا گھر۔

بُقعَۂ نُور۔ منور مقام ؛ روشن جگہ۔

بَقِیَۃُ السَّیف۔ جو تلوار کی زد سے بچ رہے ؛ جنگ میں جو مرنے کٹنے سے باقی رہ جائے۔

بِگاڑ۔ رنجش؛ لڑائی۔

بَگُولَہ (بگولا)۔ چکر کھاتی ہوئی ہوا جس کی لپیٹ میں کاغذ کوڑا کرکٹ مٹی سب آجاتے ہیں اور ایک چلتا ہوا بھورا مینار سا بن جاتا ہے؛ بونڈلا؛ گردباد۔

بُلبُلِ ہَزار دَاسْتان۔ خوش بیان؛ شیریں کلام؛ دلکش گفتگو کرنے والا۔

بَلغَمی مِزاج۔ دھیمے مزاج کا؛ جس کے مزاج میں تندی و تیزی نہ ہو۔

بَلَند بالا۔ اونچے قد کا؛ دراز قد۔

بَلَند ہِمّتی۔ حوصلہ مندی؛ عالی حوصلگی؛ اولوالعزمی۔

بَلاخیز۔ مصیبت لانے والا؛ آفت ڈھانے والا۔

بِلارَیب۔ بلاشک وشبہ؛ بے خطر۔

بَلاغت۔ جچا تلا کلام؛ درست منجھی ہوئی تحریر یا تقریر۔

بَلاگَردان۔ قربان ہونے والا؛ صدقے ہونے والا۔

بَلاگَردانی۔ تصدق ہونا؛ قربان ہونا۔

بَلائے بے دَرماں۔ لاعلاج مصیبت؛ ایسی آفت جس سے کسی طرح نجات نہ مل سکے۔

بَلائے مُبْرِم۔ نہ ٹلنے والی بلا۔

بلائے رُوزگار۔ زمانے کی بلا۔

بَلائیں لینا۔ (محاورہ) بہت پیار کرنا؛ قربان ہونا۔

بِلَّور۔ ایک شفاف پتھر؛ شیشہ؛ کرسٹل۔

بِلَّورِیں۔ بلور سے منسوب؛ شیشے کا۔

بَلِیغ۔ کامل؛ پورا پورا۔

بَلِیّات۔ (بلیہ کی جمع) الابلا؛ بلائیں؛ بھوت پریت؛ منحوس سایے۔

بِنابَراں۔ اُس واسطے؛ اُس بنا پر۔

بِنابرایں۔ (بنابریں)۔ اس بنا پر؛ اس واسطے۔

بَنجَر۔ اجاڑ؛ وہ زمین جس میں کچھ پیدا نہ ہو؛ شور زمین۔

بُنِ مُو۔ بال کی جڑ؛ رواں؛ رونگٹا۔

بَند۔ فکر؛ تدبیر۔

بَند دَر بَند۔ پیچ در پیچ؛ گرہ پر گرہ۔

بَندگی۔ غلامی؛ اطاعت۔

بَندوبَست۔ انتظام؛ اہتمام۔

بَندَہ دَرگاہ۔ یعنی آپ کا نوکر؛ خادم؛ نیاز مند۔

بَندَہ شِکَم۔ پیٹ کا غلام؛ (مرادا) پیٹو؛ کھاؤ؛ بسیار خور۔

بَنفشَہ۔ ایک مشہور بوٹی کا نام جس کے پھول ارغوانی ہوتے ہیں۔

بَنفشَہ رَنگ۔ ارغوانی رنگ۔

بَنگ۔ بھنگ؛ ایک نشہ آور بوٹی۔

بَنگ نُوش۔ بھنگ پینے والا۔

بُنگاہ۔ جگہ؛ مکان؛ اسباب رکھنے کی جگہ؛ ساز و سامان۔

بَنگلہ۔ خوشنما کشادہ مکان؛ کوٹھی۔

بُنیاد۔ جڑ؛ نیو؛ اصل۔

بُنیان۔ بنیاد؛ اصل۔

بُورا۔ ٹاٹ یا موٹے کپڑے کا تھیلا۔

بُوزنَہ۔ بندر؛ ایک مشہور جانور۔

بُوس و کنار۔ بغل میں لینا؛ پیار کرنا؛ بوسہ بازی۔

بُوق۔ قرنا؛ بگل؛ تُرہی؛ نرسنگھا؛ ہارن۔

بُوقِ بازگشت۔ وہ بگل جسے بجا کر فوج کو واپسی کا حکم دیا جائے۔

بُوقلمُوں۔ رنگا رنگ؛ مختلف رنگوں کا؛ گوناگوں۔

بُوقلمُونی۔ نیرنگی؛ رنگارنگی۔

بَول وبَراز۔ پیشاب پاخانہ۔

بُوالعَجَب۔ انوکھا؛ عجیب۔

بُوالعَجوبَہ۔ احمق؛ نہایت بے وقوف۔

بُوم۔ الو۔

بُوالہَوَس۔ بہت ہوس والا۔

بُوالہَوَسی۔ بہت ہوس ہونا۔

بَہار۔ پھولوں کے کھلنے کا زمانہ؛ درختوں کے سرسبز ہونے کا موسم۔

بَہائِم۔ (جمع بہیمہ کی) چوپائے؛ جانور۔

بُہتان۔ کسی کی طرف کوئی جھوٹ بات منسوب کرنا؛ تہمت؛ افترا۔

بَہجَت۔ فرحت؛ خوشی۔

بَہ اِکْراہ۔ کراہت سے؛ نفرت سے۔

بَتدْرِیج۔ رفتہ رفتہ؛ درجہ بدرجہ۔

بَہ تَکَلُّف۔ کوشش وکاوش سے۔

بَہ خاطِرِ جَمْعی۔ اطمینان سے؛ یکسوئی سے۔

بَہ رِفاقَت۔ خیر خواہی کے ساتھ؛ دوستی میں۔

بَسَر و چَشْم۔ سر آنکھوں پر؛ رضا مندی کے ساتھ؛ بہت اچھا۔

بَہ شَرْح وبَسْط۔ پھیلاؤ کے ساتھ؛ تفصیل سے، مفصل۔

بَہ کُشادَہِ پیشانی۔ خوشی سے؛ کھلے دل سے۔

بَہ لَطائفُ الحِیَل۔ حیلے بہانے سے؛ خوش اسلوبی سے۔

بَہ ناچاری۔ مجبوراً۔

بَہ ہَمَہ وُجُوہ۔ تمام پہلوؤں سے؛ ہر ایک اعتبار سے۔

بَہْرَہ اَنْدوز۔ کامیاب؛ فائدہ اٹھانے والا؛ لطف اٹھانے والا۔

بَہْرَہ مَنْد۔ کامیاب؛ خوش نصیب؛ با اقبال۔

بَہ ہزار مِنَّت۔ بڑی منت سماجت کے بعد؛ خوب احسان جتا کر۔

بِہِشْت آئین۔ بہشت کی وضع کا؛ بہشت کے رنگ ڈھنگ یا شان وشوکت کا۔

بِہِشْتِ بَرِیں۔ سب سے اعلیٰ درجے کی بہشت؛ جنت الفردوس۔

بِہِشْتِ شَدّادی۔ وہ بہشت جو شداد بادشاہ نے دعوئ خدائی کر کے بنائی تھی؛ مصنوعی جنت۔

بَہَر کَیف۔ ہر صورت سے؛ ہر حالت میں۔

بَہْرَہ۔ حصہ؛ فائدہ۔

بَہَل۔ بیلوں کی سواری گاڑی۔

بَہناپا۔ وہ رشتہ جو عورتیں آپس میں ایک دوسرے کو منہ بولی بہن بنانے میں جوڑتی ہیں۔

بِہی۔ ناشپاتی کی شکل کا ایک پھل۔

بَہ مُجَرَّد۔ ترت؛ فوراً؛ (کسی بات کے) وقوع میں آتے ہی۔

بَہ نَفْسِ نَفیس۔ خود؛ آپ۔

بَیت حَتّی۔ بیت بازی؛ ایک کھیل جس میں ایک شعر کے جواب میں دوسرا شعر بعض قواعد کی پابندی

کے ساتھ دیا جاتا ہے۔

بَیتُ الخَلَا۔ پاخانہ۔ جائے ضرورت۔

بَیخ۔ جڑ؛ بنیاد۔

بَیخ وبُنیاد۔ اصل نسل؛ حسب نسب؛ بیخ وبن۔

بَیخ کَنی۔ جڑ سے اکھاڑ دینا؛ تباہ وبرباد کر دینا۔

بیخُودی۔ بے ہوشی؛ بد حواسی؛ بے خبری کا عالم۔

بِید۔ ایک درخت جس کی شاخیں لچک دار ہوتی ہیں۔

بِید۔ (وید) ہندوؤں کی مقدس مذہبی کتاب جس کے چار حصے ہیں، پہلے دفتر کا نام رگ وید، دوسرے کا سام وید، تیسرے کا یجر وید اور چوتھے کا اتھر وید ہے۔

بِید مُشک۔ ایک قسم کا خوشبو دار درخت جس کے پھولوں کا عرق کھینچا جاتا ہے۔

بِیدم۔ تھکا ماندہ، خستہ۔

بےِ اِعتنائی۔ بے پروائی، بے توجہی۔

بےِ اِعتدالی۔ بد پرہیزی؛ انتہا پسندی۔

بے برگ وبار۔ (مجازاً) بے ثمر؛ بے ساز وسامان؛ محتاج۔

بے تَاَمُّل۔ بے دھڑک، بے اندیشہ، بے فکر۔

بے تَحاشَا۔ بے تابانہ؛ بے اطمینانی سے؛ مضطربانہ؛ اندھا دھند؛ بہت۔

بے جُرم۔ بے نقص؛ بے دھبے کا۔

بے چارگی۔ عاجزی؛ بے بسی۔

بے دَرنگ۔ یکایک؛ فوراً؛ تیز۔

بے دِماغی۔ ناخوشی؛ ناراضی؛ بد مزاجی۔

بے رِیش۔ وہ شخص جس کے ڈاڑھی مونچھ نہ نکلی ہو۔

بے سَروپا۔ بے بنیاد؛ مہمل؛ فضول۔

بے عِنَان۔ بے لگام؛ آزاد؛ سرکش۔

بے غَلّ و غِش۔ اندھا دھند؛ بے پروائی سے؛ بے محنت وتکلیف؛ کثرت سے۔

بے قُصُوری۔ بے گناہی؛ پاکی، معصومیت۔

بے کَم وکَاست۔ ٹھیک ٹھیک؛ درست؛ بغیر کمی بیشی کے۔

بے کَنار۔ جس کا کنارہ نہ ہو؛ اتھاہ۔

بے مُحابا۔ بے خوف؛ بے دھڑک۔

بے نوائی۔ بے کسی، بے سامانی۔

بے نَیلِ مُراد۔ نامراد؛ ناشاد۔

بے نَیلِ مُرام۔ ناکام؛ نامراد۔

بے وَسْواس۔ بے کھٹکے؛ بے تامل۔

بیابان۔ جنگل، ویرانہ؛ اجاڑ۔

بَیاض۔ سادہ کتاب جس میں مختلف چیزیں اشعار، نسخے، یادداشتیں لکھی جاتی ہیں، رمل کی سولہ شکلوں میں سے ایک شکل۔

بیاہ۔ شادی۔

بَیْت۔ اصطلاح شاعری میں دو ملے ہوئے مصرع جن کا وزن ایک اور مضمون مربوط ہو، شعر۔

بَیْتُ الحُزْن۔ غم کا گھر؛ رنج کا گھر۔

بیچُوں وبے چگُوں۔ بے مثل؛ لاثانی؛ لاجواب۔

بیدِ انجیر۔ ارنڈ کا پیڑ۔

بیداد۔ ظلم وستم؛ جور وجفا۔

بیرِ اَرِیش۔ ایک کنویں کا نام۔

بیرِ فضا۔ ایک کنویں کا نام۔

بَیراگی۔ فقیر مرد جو تارک دنیا ہو۔

بَیرَق۔ جھنڈا؛ علم۔

بیرُونِ باغ۔ باغ کے باہر۔

بیزار۔ ناخوش، خفا، ملول۔

بیشۂ سَبْز و خُرَّم۔ سرسبز و شاداب جنگل؛ ہرا بھرا میدان۔

بیشۂ شُجاعَت۔ بہادری کا نشان۔

بیشہ ضَلال۔ تاریک جنگل جس میں راستہ نہ ملتا ہو؛ گم راہی کا جنگل۔

بَیضا۔ سفید۔

بَیضَہ۔ انڈا۔

بَیضَہ کُنْجِشْک۔ چڑیا کا انڈا۔

بَیضَۂ مُرغ۔ مرغ کا انڈا۔

بَیعَت۔ فرماں برداری کا عہد وپیمان۔

بَیع۔ خریدنا؛ بیچنا۔

بَیع وشَرا۔ خرید وفروخت۔

بَیع نامَہ۔ فروخت کی دستاویز یا تحریر۔

بَیکُنْٹھ باش۔ جنتی؛ بہشتی۔

بیل۔ لوہے کا اوزار جس سے زمین کھودتے ہیں، پھاوڑا؛ کدال؛ جس کی تصغیر بیلچہ ہے۔

بیل و کلنگ۔ آہنی اوزار؛ آہنی ہتھیار؛ پھاوڑا؛ کدال۔

بیلدار۔ پھاوڑا چلانے والا، جو زمین کھودنے کی مزدوری کرے۔

بین۔ ستار یا طنبورے کی وضع کا ایک باجا جس کے دونوں طرف تونبے ہوتے ہیں۔

بینا۔ صاحب بصیرت؛ عقل مند؛ دانا۔

بینش۔ دانائی؛ ہوش مندی۔

پ

پا انداز۔ ریزہ؛ چٹائی؛ کپڑے؛ لوہے یا مونج کا ٹکڑا جو دروازے پر پاؤں کی گرد صاف کرنے کے لیے بچھا دیتے ہیں۔

پا بر سر نہادہ۔ سر پر پاؤں رکھ کر؛ بے تحاشا؛ بھاگتے ہوئے۔

پا بہ رکاب۔ جانے کے لیے تیار؛ چلنے پر آمادہ۔

پاپوش۔ جوتا، کفش؛ جوتی۔

پاپوش بہا۔ بے قیمت اور کم وقعت چیز۔

پاجی۔ لچا؛ کمینہ؛ شریر۔

پاجیانہ۔ رذیلوں کی طرح؛ کمینوں کی طرح۔

پاداش۔ بدلا؛ معاوضہ۔

پادشہی۔ بادشاہت۔

پادری۔ عیسائی مذہب کا عالم اور پیشوا۔

پارچہ۔ کپڑا؛ لتا۔

پارچہ پارچہ۔ ٹکڑے ٹکڑے۔

پارہ پارہ کرنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا؛ دھجیاں

اڑانا۔

پارچۂ نان۔ روٹی کا ٹکڑا۔

پاژَند۔ (پازند)۔ زرتشت کی دینی کتاب؛ اوستا کی تفسیر (زند) کی تفسیر کا نام۔

پاسْبان۔ چوکی دار؛ دربان؛ محافظ۔

پاس دار۔ طرف دار؛ حمایتی۔

پاس داری۔ جانب داری؛ طرف داری؛ حمایت۔

پاشنَہ۔ ایڑی۔

پالان۔ لدو جانور کی کاٹھی۔

پانزِدہ (پانزدہ)۔ پندرہ، ۱۵۔

پانْزَدَہُم۔ پندرھواں۔

پائجامَہ۔ ازار؛ سُتھنا۔

پاخانَہ۔ بیت الخلا؛ ٹٹی؛ رفع حاجت کی جگہ؛ انسان کا فضلہ۔

پانْدان۔ پٹاری جس میں پان اور اس کے لوازمات رکھے جاتے ہیں۔

پانْڈو۔ راجا پانڈو کی اولاد خصوصاً وہ پانچ بیٹے جنھوں نے مہابھارت کی لڑائی میں بڑا نام پیدا کیا۔

پائمال۔ پاؤں سے روندا ہوا؛ تباہ؛ برباد۔

پاؤں سہلانا۔ آرام اور راحت پہنچانا؛ احترام کرنا؛ خوشامد کرنا۔

پائیں۔ نیچے۔

پَٹّے۔ گلوبند؛ طوق۔

پُخْت وپُز۔ ٹھیک ٹھاک؛ درستی؛ پختگی۔

پُخْتَہ وخام۔ کچا پکا۔

پِدَر۔ باپ، والد۔

پِدْرِیَت۔ باپ کی شفقت؛ والد کا مشفقانہ برتاؤ؛ باپ کی محبت؛ مہر پدری۔

پَراگَنْدَہ۔ منتشر؛ پریشان؛ متفرق۔

پَرْتاب۔ ایک تیر کی اڑان کا فاصلہ؛ جتنی دور تک ایک تیر پھینکا جا سکتا ہے۔

پَرْتَو۔ عکس؛ جھلک۔

پَرتَو اَفگَن۔ شعاع ڈالنے والا۔

پَرتَوِ جَمال۔ حسن کی جھلک؛ عکس حسن۔

پَرچَم۔ پھریرا؛ جھنڈا۔

پَرْخاش۔ کینہ؛ غبار، رنج، عداوت۔

پَردہ داری۔ عیب پوشی؛ عیب چھپانا۔

پَردہ دَری۔ پردہ فاش کرنا؛ عیب ظاہر کرنا؛ افشائے راز۔

پَردۂ زَربَفت۔ قیمتی ریشمی پردہ۔

پَردہ زَنبُوری۔ جالی دار پردہ جو دروازوں کے آگے لٹکایا جاتا ہے۔

پَردۂ ننگ و ناموس۔ عصمت کا پردہ؛ عفت کا پردہ۔

پُر خار۔ کانٹوں سے بھرا ہوا؛ تکلیف دہ۔

پُرسا (پرسہ)۔ ماتم پرسی؛ تعزیت۔

پُرسا دینا (محاورہ)۔ ماتم پرسی کرنا؛ تعزیت کرنا۔

پَرشاد (پرساد)۔ دیوتا کا چڑھاوا؛ تبرک؛ نذر۔

پَرَستِش۔ تعظیم؛ حرمت؛ عزت۔

پَرکالہ۔ ٹکڑا؛ حصہ۔

پَرکالۂ آفت۔ مصیبت کا ٹکڑا (مراداً) مصیبت ہی مصیبت۔

پُرکینہ۔ دشمن؛ کینہ ور؛ بداندیش۔

پَرگَنہ۔ ضلع کا حصہ؛ وہ بڑی بستی جس میں چند گاؤں شامل ہوں۔

پَرندہ پر نہیں مار سکتا (محاورہ)۔ کوئی جانے نہیں پاتا؛ کسی کو جانے کی اجازت نہیں۔

پَرنیاں۔ دیبا؛ ایک قسم کا کپڑا ریشمی پھول دار۔

پَروبال۔ پر اور بازو؛ قوت؛ توانائی۔

پَرواز کُناں۔ اڑتا ہوا۔

پَروَرِش۔ پال پوس؛ پالنا۔

پَروِین۔ چھ چھوٹے ستارے جو آپس میں جھمکے کی طرح ملے ہوئے ہیں؛ عقد ثریا۔

پَرَۂ بینی۔ ناک کا نتھنا۔

پَرِکاہ۔ بہت ہلکا؛ حقیر؛ گھاس کا تنکا۔

پَری پَیکَر۔ پری چہرہ؛ نہایت خوبصورت؛ حسین۔

پَری چَہرہ۔ خوبرو؛ حسین۔

پَری زاد۔ پریوں کی جنس۔

پَژمُردَہ۔ مرجھایا ہوا؛ اداس۔

پڑی جمانا (محاورہ)۔ آسن جمانا۔

پس پا۔ شکست خوردہ۔ پیچھے ہٹا ہوا۔

پس پشت۔ پیچھے کی طرف۔

پس خوردہ۔ جھوٹا؛ آگے کا بچا ہوا؛ کھانے کے بعد جو بچ رہے۔

پس و پیش۔ سوچ چار؛ برائی بھلائی۔

پسر۔ لڑکا؛ بیٹا۔

پسر عم۔ چچا یا تایازاد بھائی؛ چچا یا تایا کا بیٹا۔

پسریت۔ فرماں برداری۔

پسر خواندہ۔ لے پالک؛ منہ بولا بچہ۔ متنبیٰ۔

پسیجا۔ (پسیجنا) (کنایۃً) نرم پڑنا؛ مائل کرنا؛ رحم کھانا؛ مہربان ہونا۔

پُشت۔ پیڑی؛ نسل۔

پُشت پناہ۔ حامی؛ مددگار، معاون۔

پُشت در پُشت۔ باپ دادا سے؛ نسلاً بعدِ نسل۔

پُشت گرمی۔ ہمت افزائی؛ تقویت؛ یقین دہانی۔

پُشتارہ۔ گٹھری؛ اس قدر بوجھ جو پیٹھ پر اٹھایا جا سکے۔

پُشتے۔ پشتہ؛ ڈھیر۔

پَشم۔ اون، رواں۔

پَشّہ۔ مچھر؛ ڈانس۔

پَشیمان۔ شرمندہ، پچھتانے والا۔

پُف۔ پھونک؛ پھونک مارنا۔

پُل۔ وہ تعمیر جو دریا، نالے کے اوپر سے جانے کے لیے بنائی جائے۔

پُل صراط۔ مسلمانوں کے عام عقیدے کے مطابق دوزخ کے اوپر ایک پل جو بال سے زیادہ باریک اور تلوار سے زیادہ تیز ہے اس پر سے بروز قیامت ہر نیک وبد کو گزرنا ہوگا، نیک اس پر سے گزر کر بہشت میں چلے جائیں گے اور بد کٹ کر دوزخ میں گر جائیں گے۔

پَلشت۔ گندہ، پلید؛ ناپاک۔

پَلنگ۔ بڑی چارپائی، چیتا۔

پَلنگینہ پوش۔ چیتے کی کھال یا اس سے مشابہ کپڑے سے تیار شدہ لباس پہننے والا۔

پَلاس پوشی۔ گدڑی پہننا، فقیری اختیار کرنا۔

پُلاؤ۔ گوشت کی یخنی میں پکے ہوئے چاول۔

پَلَّہ۔ توازن، درجہ، مرتبہ۔

پَلِید۔ ناپاک، نجس، گندہ۔

پَنبَہ۔ روئی، کپاس۔

پنبۂ حَلّاج۔ دھنیے کی روئی۔

پَنجتَن پاک۔ محمد ﷺ، علیؓ، فاطمہؓ، حسنؓ و حسینؓ۔

پَنجُم۔ پانچواں۔

پَنج شَنبَہ۔ جمعرات۔

پَنجَہ۔ ایک آلہ یا پرزہ جس سے پنجے کی طرح گرفت کا کام لیا جائے (خصوصاً جادو میں)۔ آدمی کے ہاتھ کی شکل کا نشان جو تعزیوں کے بانس پر لگا ہوتا ہے۔

پَند۔ نصیحت؛ نیک صلاح۔

پَند و نَصِیحَت۔ نیک صلاح و مشورہ۔

پَنڈِت۔ ہندوؤں کے علوم کا فاضل؛ استاد؛ عالم۔

پِنہاں۔ چھپا ہوا؛ پوشیدہ۔

پَنِیر۔ دودھ سے خاص ترکیب کے ساتھ ایک نمکین چیز بنائی جاتی ہے۔

پَواج۔ (پاجی کی جمع) کمینے لوگ؛ پست اور ادنیٰ طبقے کے اشخاص۔

پُوست۔ جلد؛ کھال۔

پُوست کَندَہ۔ کھلی بات، صاف صاف، بے لاگ۔

پَہَر۔ دن رات کے چوبیس گھنٹوں میں سے آٹھواں حصہ؛ مراد تین گھنٹے۔

پَہلُو بَہ پَہلُو۔ ساتھ ساتھ؛ برابر۔

پَہلوانانِ رِیزَہ۔ چھوٹے پہلوان؛ کم رتبہ پہلوان؛ غیر معروف پہلوان۔

پَہلو تہی۔ کوتاہی؛ کمی۔

پَہناوَر۔ عریض؛ کشادہ؛ چوڑا چکلا؛ وسیع۔

پِیادَہ۔ شاہی ہرکارہ؛ پیدل فوج کے سپاہی۔

پِیادَہ باشی۔ پیدل چلنا؛ پیادہ رہنا۔

پِیادَہ پا۔ پیدل۔

پِیادَہ پائی۔ پیدل چلنا۔

پِیادَہ رَوی۔ پیدل چلنا، پیادہ پائی۔

پِیام آور۔ ایلچی، قاصد، سفیر۔

پیچ دینا۔ (محاورہ) بل دینا؛ مروڑنا۔

پیچیدہ۔ مبہم، دقت طلب۔

پیراہن۔ کپڑے، لباس۔

پیر زال۔ بوڑھی عورت۔

پیر زن۔ بوڑھی عورت، سن رسیدہ عورت۔

پیر فرتوت۔ بہت بوڑھا؛ بوڑھا پھوس۔

پیر و مرشد۔ بزرگ استاد۔

پیشاب۔ موت؛ بول۔

پیشاب خطا ہونا (محاورہ) پیشاب نکل جانا؛ (مجازاً) بہت ڈرنا۔

پیشا پیش۔ پیشگی، پہلے سے۔

پیشانی۔ ماتھا۔

پیشتر۔ پہلے؛ قبل۔

پیش خانہ۔ گھر کا اسباب۔

پیش دستی۔ سبقت؛ پہل۔

پیش رفت۔ کسی امر کے آگے بڑھنے کا اندازہ؛ ترقی۔

پیش رو۔ آگے چلنے والا؛ امام۔

پیش قبض۔ کٹار؛ اسلحہ کی ایک قسم۔

پیش قدمی۔ سبقت، گوائی، پہل۔

پیشکش۔ ہدیہ؛ تحفہ۔

پیش گاہ۔ اجلاس، دربار۔

پیش نہاد۔ مد نظر؛ ملحوظ۔

پیشوا۔ سردار؛ مقتدا؛ امام۔

پیک۔ قاصد؛ ہرکارہ۔

پیشین۔ قدیم؛ پرانے زمانے کا؛ اگلا۔

پیک چہ۔ (مجازاً) جاسوس؛ مخبر (عموماً میدان جنگ کی خبریں صدر مقام پر پہنچانے والا)؛ چھوٹے سپاہی بچے۔

پیکر۔ مجسمہ، شکل، کالبد۔

پیکر مسی۔ تانبے کا مجسمہ۔

پیکر مومی۔ موم کا مجسمہ۔

پیکار۔ جنگ، لڑائی۔

پیکان۔ تیر؛ نیزہ؛ برچھی یا نیزے کی نوک۔

پَیلتَن۔ بڑے جثے کا؛ زور آور؛ قوی ہیکل۔

پِینک۔ افیم کی اونگھ؛ وہ غنودگی جو افیم یا پوست کے نشے سے ہوتی ہے۔

پَیوَستَہ اَبرُو۔ جڑی بھویں؛ ملے ہوئے ابرو یا بھویں؛ جڑی ہوئی یا ملی ہوئی بھویں رکھنے والا۔

پَیوَند۔ جوڑ؛ وابستگی (مجازاً) رشتہ یا قرابت۔

پَھبتی۔ ایسی تشبیہ جس میں کسی کا مضحکہ اڑایا جائے۔

پھُوپَھا (پھوپا؛ پھپا) پھوپھی کا شوہر / خاوند۔

پھُوپھی۔ باپ کی بہن۔

پھُولا نَہ سَمانا۔ (محاورہ) مارے خوشی کے آپے میں نہ رہنا؛ بہت خوش ہونا۔

ت

تَابِستَان۔ گرمی کا موسم؛ گرمی

تَابِعدار۔ مطیع؛ فرماں بردار۔

تَابِع داری۔ فرماں برداری؛ اطاعت۔

تَابُوت۔ مردے کا صندوق؛ جنازہ۔

تا بہ تہی گاہ۔ تہ تک؛ نیچے تک؛ آخر تک (ق)

تَاخت۔ دوڑ؛ حملہ۔

تَادِیب۔ تنبیہ؛ چشم نمائی۔

تَاراج۔ لوٹ؛ بربادی؛ غارت گری۔

تاڑنا۔ بھانپنا؛ جان لینا؛ سمجھ لینا۔

تاج بَخشی۔ تاج یا سلطنت دینے کا فعل۔

تَاجدار۔ بادشاہ؛ والیٔ ملک۔

تَاجِر۔ سوداگر؛ بیوپاری۔

تَادَستَہ۔ مٹھ تک؛ دستے تک۔

تَارِیکی۔ اندھیرا پن؛ سیاہی، ظلمت۔

تَازہ خَیالی۔ نیاپن، جدت پسندی۔

تازیانہ۔ چابک؛ کوڑا۔

تأسُّف۔ افسوس؛ رنج؛ ملال۔

تاکِ نِسیاں۔ (طاقِ نسیاں) نسیاں کا طاق سے استعارہ کرتے ہیں۔ بھول جانے والی جگہ۔

تاکید۔ تقاضا؛ بار بار کہنا۔

تالاب۔ پوکھر؛ پانی کا بڑا حوض۔

تأمُّل۔ شبہ، شک، تذبذب۔

تائب۔ توبہ کرنے والا۔

تائید۔ مدد، حمایت۔

تبدُّل۔ بدلنا؛ بدل۔

تبر۔ ایک ہتھیار؛ ایک قسم کی کلہاڑی۔

تبرُّک۔ وہ چیز جس میں برکت ہونے کا اعتقاد ہو۔

تبرِید۔ ٹھنڈائی؛ ٹھنڈی دوا۔

تبرُّکات۔ (تبرک کی جمع) وہ تحفہ جو کسی بزرگ سے ملے یا کسی پیشوائے دین کے فاتحہ کی چیز۔

تبسُّم۔ مسکراہٹ؛ ایسی ہنسی جس میں ہونٹ نہ کھلیں۔

تبسُّم ریز۔ مسکراہٹ بکھیرنے والا۔

تبلیغ۔ پہنچانا؛ احکام شریعت پہنچانا۔

تپ کُہنہ۔ پرانا بخار۔

تپِ مُحرِقہ۔ میعادی بخار۔

تپاک۔ آؤ بھگت، خاطر مدارت، التفات۔

تمنچہ۔ پستول؛ ریوالور۔

تتبُّع۔ تقلید؛ پیروی؛ نقل۔

تُتُق۔ بڑی چادر؛ سراپردہ۔

تجّار۔ بڑا سوداگر۔

تُجّار۔ (تاجر کی جمع) سوداگر۔

تجاوُز۔ حد سے گزرنا؛ انحراف؛ زیادتی۔

تجاہُل۔ اپنے آپ کو بے خبر ظاہر کرنا؛ چشم پوشی کرنا۔

تجاہُل عارِفانہ۔ جان بوجھ کر انجان بننا۔

تجدید۔ نئے سرے سے کوئی کام کرنا۔

تجرُّد۔ (مجازاً) ترک دینا؛ قطع علائق۔

تجرُّع۔ گھونٹ گھونٹ پینا۔

تَجَسُّس۔ تلاش، جستجو۔

تَجَمُّل۔ شان و شوکت، ٹھاٹ۔

تَجوِیز۔ برائے، تدبیر۔

تَجہیز و تَکفِین۔ مردے کے کفن دفن کا سامان تیار کرنا۔

تَحائِف۔ (تحفہ کی جمع) سوغاتیں۔

تَحتانی۔ نیچے والا۔

تَحتُ الاَرض۔ زیرِ زمین؛ زمین دوز۔

تَحتُ الثَّریٰ۔ زمین کے نیچے کا طبقہ؛ پاتال۔

تَحتُ الشُّعاع۔ قمری مہینے کے آخری دو یا تین دن جن میں چاند سورج کے قریب ہونے کی وجہ سے بہت باریک ہو کر سورج کی شعاع کے نیچے آ جاتا ہے اور نظر نہیں آتا۔ یہ دن منحوس خیال کیے جاتے ہیں۔

تَحدِید۔ حد لگانا؛ حد باندھنا؛ محدود کرنا۔

تَحرِیک۔ رغبت دلانا؛ اشتعال۔

تَحسِین۔ تعریف؛ واہ وا؛ مرحبا۔

تَحَصُّن۔ قلعہ بند ہونا۔

تَحصِیلِ مُحالات۔ ناممکن چیزوں کے درپے ہونا۔

تُحفَہ۔ ہدیہ؛ سوغات؛ نذر؛ خوبصورت، اعلیٰ۔

تَحقِیق۔ صداقت، سچائی، اصلیت معلوم کرنے کا عمل۔

تَحَکُّم۔ زور آوری؛ حکم کرنا۔

تَحَکُّماً۔ جبری، زبردستی سے۔

تَحلِیل۔ گھل جانا۔

تَحوِیل۔ سپردگی؛ حوالگی۔

تَحوِیل دار۔ خزانچی؛ روکڑیا۔

تَحوِیلداری۔ ذمہ داری، امانت؛ محافظت۔

تَحَیُّر۔ حیرت؛ تعجب۔

تَحِیَّہ۔ سلام، سلام کرنا۔

تَخت بَردار۔ تخت اٹھانے والے۔

تَختِ رَواں۔ وہ تخت جس پر بادشاہ سوار ہو کر نکلا کرتے تھے؛ ہوادار پالکی۔

تَختِ جَہاں بانی۔ تختِ شاہی۔

تَختَہ بَند۔ حبس؛ قید۔

تختۂ نرگس شہلا۔ نرگس شہلا کی کیاری۔

تخریب۔ خرابی، ویرانی؛ تباہی۔

تخفیف۔ کمی؛ اختصار۔

تخلیہ۔ خلوت؛ تنہائی۔

تُخم۔ بیج۔

تخویف۔ ڈر؛ دھمکی۔

تدارُک۔ روک تھام۔

تدبیر۔ علاج؛ چارہ؛ درماں۔

تدہین۔ تیل چپڑنا؛ تیل نکالنا؛ چکنائی۔

تذلیل۔ کسی کو ذلیل کرنا؛ رسوا کرنا۔

ترازو ہونا۔ (محاورہ) تیر کا آرپار ہو کر لٹکا رہنا۔

ترانہ۔ نغمہ، گیت۔

ترانہ سنجی۔ نغمہ پردازی؛ گانا۔

تراوش۔ ٹپکاؤ؛ ٹپکن۔

تُربت۔ مزار، قبر۔

تربز۔ تربوز؛ ہندوانہ۔

تربیت۔ تادیب؛ تعلیم اخلاق و تہذیب۔

تربیع۔ چار حصوں میں تقسیم کرنا۔

تُریا تُرپ۔ جلدی سے؛ تیزی سے (ق)

تردُّد۔ فکر، اندیشہ؛ ادھیڑبن۔

ترحُّم۔ رحم؛ مہربانی؛ ترس۔

تردماغی۔ مسرور؛ مست۔

تردماغ۔ مستی؛ کیف و سرور۔

ترسا۔ نصرانی؛ آتش پرست۔

ترساں۔ خوف زدہ؛ ترسا ہوا۔

ترساولرزاں۔ ڈرتے اور کانپتے ہوئے۔

تُرش رُو۔ بد مزاج؛ چڑچڑا۔

تُرش رُوئی۔ بد مزاجی؛ بدخوئی۔

ترغیب۔ کسی کام کرنے پر آمادہ کرنا؛ شوق۔

تُرک۔ (مجازا) سپاہی؛ محبوب۔

تُرکانِ غارت گر۔ محبوبان ستم شعار؛ ظلم و ستم کرنے والے ظالم محبوب۔

ترکاری فروش۔ ساگ پات اور سبزی بیچنے والا۔

تَرکَش۔ تیر دان۔

تُرکی بہ تُرکی۔ جیسے کو تیسا۔

تُرکی تمام ہونا۔ (محاورہ) گھمنڈ جاتا رہنا؛ ساری بہادری اور سپہ گری نکل جانا۔

تُرَنْج۔ ایک قسم کا بڑا نیبو۔

تَروِیج۔ رواج دینا؛ چلانا۔

تَرہ فُرُوش۔ سبزی یا ترکاری بیچنے والا؛ کنجڑا۔

تَزَلْزُل۔ ڈگمگانا؛ کھل بلی، ہل چل۔

تَزْوِیج۔ نکاح، زوجیت میں دینا؛ جوڑا جوڑا کرنا۔

تَزْئین۔ آرائش، زینت۔

تَسَاہُل۔ سستی، غفلت۔

تَسْبِیح۔ (مجازاً) ورد؛ وظیفہ۔

تَسْخِیر۔ قابو میں لانا؛ تابع کرنا۔

تَسْکِین۔ اطمینان؛ ڈھارس۔

تَسَلُّط۔ غلبہ؛ قبضہ۔

تَشْخِیص۔ مرض پہچاننا، جانچ، تحقیق۔

تَشَفّی۔ تسلی؛ دل جمعی۔

تِشْنَگی۔ پیاس۔

تِشْنَہ۔ پیاسا۔

تِشْنَہ لَبی۔ پیاس۔

تَشْوِیش۔ فکر؛ تردد۔

تَشْہِیر۔ مشہور کرنا؛ منادی کرنا۔

تَصَدُّق۔ صدقہ؛ خیرات۔

تَصْدِیع۔ دردِ سر؛ تکلیف؛ دکھ۔

تَصْدِیق۔ صداقت؛ صحیح ہونے کی تائید۔

تَصَرُّف۔ قبضہ؛ اختیار۔

تَصَرُّفات۔ (جمع تصرف کی) تغیر؛ تبدل، کچھ کا کچھ کر دینا۔

تَصْرِیح۔ واضح طور پر بیان کرنا؛ صراحت سے بیان کرنا۔

تَصْفِیَہ۔ صفائی۔

تَصْفِیَہ قَلْب۔ قلب کی صفائی؛ صاف کرنا۔

تَصْنِیف۔ کوئی کتاب لکھنا، طبیعت سے کوئی مضمون لکھنا۔

تَصَوُّر۔ فکر؛ خیال۔

تَصوِیر بننا (محاورہ)۔ متحیر ہونا؛ خاموش ہونا۔

تَضحِیک۔ ذلت؛ رسوائی۔

تَضَرُّع۔ گریہ وزاری؛ گڑگڑانا۔

تَضیِیعِ اَوقات۔ وقت گنوانا؛ وقت خراب کرنا۔

تَظَلُّم۔ ظلم سے فریاد کرنا؛ فریاد۔

تَعَاقُب۔ پیچھا کرنا؛ پیچھے دوڑنا۔

تَعَب۔ تکلیف؛ سختی۔

تَعبِیر۔ خواب نتیجہ۔

تَعجِیل۔ جلدی، عجلت۔

تَعَدِّی۔ ظلم وستم؛ زیادتی۔

تَعَرُّض۔ مزاحمت؛ روک ٹوک۔

تَعذِیر۔ عذر کرنا؛ معذور رکھنا۔

تَعزِیَت۔ ماتم پرسی۔

تَعزِیر۔ سزا؛ گوشمالی؛ سرزنش۔

تَعزِیری۔ سزا سے متعلق؛ تعزیر سے منسوب۔

تَعَشُّق۔ عاشقی؛ چاہ؛ پیار۔

تَعَصُّب۔ طرف داری؛ حمایت۔

تَعطِیل۔ بے کاری کا دن، چھٹی۔

تَعظِیم و تَکرِیم۔ قدر و منزلت؛ عزت و توقیر۔

تَعَلُّق خاطِر۔ میلان طبع؛ دل کی طرف لگاؤ ہونا۔

تَعلِیم۔ سکھانا، تلقین۔

تَعلِیم و تَربِیَت۔ پڑھانا سکھانا؛ علم پڑھانا اور اخلاق سکھانا۔

تَعَمُّق۔ کسی چیز کی تہ تک پہنچنا؛ گہرائی میں جانا۔

تَعمِیر۔ عمارت بنانا؛ آباد کرنا۔

تَعمِیل۔ عمل میں لانا؛ حکم بجانا۔

تَعوِیذ۔ وہ کاغذ جس میں اسمائے الٰہی یا کوئی دعا لکھی ہو اور خاص شکل میں تہ کر کے رکھ دیا ہو؛ پناہ دینا؛ پناہ میں لینا، قبر کا نشان۔

تَغَافُل۔ جان بوجھ کر غفلت کرنا؛ بے التفاتی۔

تَغَلُّب۔ غبن؛ خیانت؛ تصرف بے جا۔

تَغَیُّر۔ پلٹنا؛ تبدیل حالت؛ پہلی حالت سے دوسری حالت میں جانا۔

تُف۔ لعنت ؛ ملامت ؛ کلمۂ نفرین۔

تُفاوُت۔ فاصلہ ؛ دوری۔

تَفْتِیش۔ چھان بین۔

تَفَحُّص۔ (مجازاً) تلاش و جستجو۔

تَفْرِیح گاہ۔ سیر اور تماشے کی جگہ۔

تَفْرِقَہ اَنْدازی۔ پھوٹ ڈالنا ؛ نفاق ؛ جدائی۔

تَفْرِیح۔ خوش طبعی ؛ چہل۔

تَفْرِیحاً۔ ہنسی ؛ دل لگی ؛ بطور خوش طبعی۔

تَفْرِیق۔ جدائی ؛ علاحدگی۔

تَفْسِیر۔ تشریح ؛ قرآن شریف کی شرح۔

تَفْضِیح۔ رسوائی ؛ فضیحت۔

تَفَقُّد۔ دل جوئی ؛ غم خواری ؛ مہربانی ؛ تلاش۔

تُفَنگ۔ بندوق۔

تُفَنگچی۔ بندوقچی۔

تَفَنُّنِ طَبْع۔ دل لگی ؛ خوش طبعی۔

تَفَوُّق۔ برتری ؛ فوقیت۔

تَفَوُّل۔ فال ؛ شگون۔

تَفْوِیض۔ سپردگی ؛ تحویل۔

تَفْہِیم و اِفْہام۔ سمجھنا سمجھانا۔

تَقاطُع۔ باہم قطع کرنا / ہونا۔

تَقْبِیل۔ چومنا۔

تَقَدُّس۔ پاکی ؛ طہارت۔

تَقَدُّس مآب۔ بزرگی والا ؛ تقدس والا۔

تَقْدِیس۔ پاکیزگی ؛ پاکی۔

تَقَرُّب۔ نزدیکی ؛ قربت۔

تَقْرِیب۔ ذریعہ ؛ باعث۔

تَقْرِیظ۔ کسی تصنیف یا تالیف کی نسبت رائے دینا ؛ تنقید کرنا۔

تَقْصِیر۔ کوتاہی ؛ کمی ؛ خطا۔

تَقْصِیروار۔ ملزم ؛ گناہ گار۔

تَقْلِید۔ (مجازاً) نقل ؛ پیروی۔

تَقْوِیَت۔ طاقت ؛ زور ؛ تسکین۔

تَقْوِیم۔ جنتری ؛ پترا۔

تَقْوٰی۔ پرہیزگاری ؛ خدا کا خوف کرنا۔

تَقوِیمِ نَصِیحَت۔ نصیحت کی جنتری ، نصیحت کی کتاب۔

تَقیِید۔ تاکید ؛ روک ٹوک۔

تِقیَہ۔ شیعہ مسلمانوں کے عقیدے میں کسی ظلم کے ڈر سے حق پوشی۔

تَکان۔ تھکاوٹ ؛ سستی۔

تَکَبُّر۔ غرور ؛ گھمنڈ۔

تَکبِیر۔ اللہ اکبر کہنا ؛ اللہ کی بڑائی کرنا۔

تَکَدُّر۔ دل پر میل آنا ؛ کدورت ہونا۔

تَکذِیب۔ جھٹلانا۔

تَکرِیم۔ عزت ؛ تعظیم ؛ ادب۔

تَکسِیر۔ توڑنا۔

تَکَلُّف۔ ظاہر داری ، بناوٹ۔

تَکَلُّم۔ بولنا ؛ بات کرنا۔

تَکلِیف۔ زحمت۔

تُکمَہ۔ گھنڈی ، بٹن ؛ وہ حلقہ جس میں بٹن یا گھنڈی اٹکی رہتی ہے ؛ کاج۔

تَکیَہ۔ آرام کا جگہ ؛ سرہانے رکھنے کی چیز ؛ بھروسہ ، اعتماد ، توکل ، فقیروں کے رہنے کی جگہ۔

تَکیَہ دار۔ وہ فقیر جو گورستان میں رہے ؛ قبرستان کا مجاور۔

تَگاوَر۔ تیز رو گھوڑا ؛ گھوڑے کی ٹکر۔

تَگ وَدَو۔ جستجو ؛ بھاگ دوڑ۔

تَلاطُم۔ لہر ؛ موج ؛ پانی کی تھپڑیں۔

تَلافی۔ جو چیز ضائع ہو گئی ہو اس کا بدل ؛ پاداش۔

تَلامِذہ۔ (جمع تلمیذ کی) شاگرد۔

تِلاوَت۔ قرآن پڑھنا۔

تَلبِیس۔ مکر و فریب ، دھوکا۔

تَلخ۔ ناگوار ؛ ناپسند۔

تَلَطُّف۔ مہربانی ؛ عنایت۔

تَلَف۔ رائیگاں ؛ برباد۔

تَلقِین۔ نصیحت ؛ پند۔

تَلاقی۔ باہم ملنا ؛ ملاقات کرنا۔

تَماثِیل۔ (تمثیل کی جمع) نقشہ اُتارنا۔

تَمازَت۔ گرمی ؛ شدت کی گرمی۔

تَماشا۔ کھیل ؛ بازیچہ۔

تَماشابِیْن۔ تماشے دیکھنے والا۔

تماشاگاہ۔ تماشے کی جگہ۔

تِمْثال۔ پیکر ؛ صورت۔

تَمَرُّد۔ سرکشی ؛ بغاوت۔

تَمَسْخُر۔ مسخراپن ؛ ٹھٹھول۔

تَمْغَہ۔ (تمغا) کارگزاری یا انعام وغیرہ کا نشان جو زیب تن کرنے کو دیا جاتا ہے۔

تَمْکِیْن و وُقار۔ شان وشوکت ؛ دبدبہ۔

تَمَلُّق۔ خوشامد ؛ چاپلوسی۔

تُمَن۔ تومان ؛ ایک طلائی سکہ۔

تَمَوُّج۔ موجیں مارنا ؛ لہریں اٹھنا ؛ تلاطم۔

تَمْہِید۔ کسی بات کی تقریب ، آغاز۔

تَمْہِیدِ وَضعی۔ بنائی ہوئی بات ؛ گھڑی ہوئی بات۔

تَمِیْز۔ عقل سلیم ؛ دانش۔

تَن و تُوش۔ بھاری جثہ ؛ توانائی۔

تناوَر۔ قوی جثہ ، مضبوط۔

تَناوُل۔ کھانا۔

تَناوَری۔ مضبوطی ؛ پختگی۔

تَنْبِیہ۔ پیغام رسائی ؛ پیام دینا۔

تَنْجِیْم۔ ستارہ شناسی ؛ ستاروں سے اچھی بری گھڑی پہچاننا۔

تُنْد خُو۔ تیز مزاج ؛ جو معمولی باتوں میں ناخوش اور بد دماغ ہو۔

تَنْدرُست۔ صحت مند۔

تُنْدِی۔ تیزی ؛ شدت۔

تَنَزُّل۔ درجہ کا کم ہونا ؛ زوال ؛ پستی۔

تَنَقُّل۔ نقل کرنا۔

تَنْقِیْح۔ تحقیق ؛ تفتیش ؛ کھوج۔

تُنگ۔ چھوٹے منہ کا کوزہ۔

تَنگدَست۔ مفلس ؛ نادار۔

تَنگ ظَرْف۔ اوچھا ؛ کم حوصلہ۔

تَنگ ظَرْفی۔ کم حوصلگی ، پست ہمتی۔

تنگ و قلب۔ (مراداً) دشوار گزار۔

تَنُّور۔ تندور؛ بھاڑ۔

تنُومَند۔ قوی جسم، ہٹا کٹا۔

تَنوِیر۔ روشنی، چمک۔

تَنَہ۔ درخت کا جڑ سے شاخوں تک کا حصہ۔

تَوابِع۔ (جمع تابع کی) پیرو؛ مطیع؛ فرماں بردار؛ ماتحت۔

تَوابِعِین۔ (توابع کی جمع) مطیع، فرماں بردار؛ ماتحت۔

تَواتُر۔ لگاتار؛ مسلسل۔

تَواضُع۔ خاطر مدارات؛ آؤبھگت۔

تَوالُد و تَناسُل۔ اولاد پیدا ہونا اور نسل چلنا۔

تُوام۔ جڑواں؛ وہ بچہ جو دوسرے بچے کے ساتھ پیدا ہو۔

تُوآن۔ طاقت؛ زور؛ بل؛ قدرت۔

تَوبَہ۔ ندامت؛ گناہ سے باز رہنے کا خدا کی جناب میں اقرار کرنا۔

تُوپ۔ گولہ چلانے کا آلہ۔

تُوتیا۔ سرمہ؛ نیلا تھوتھا۔

توڑ جوڑ۔ تدبیر؛ سازش، داؤ پیچ؛ آدمیوں میں نفاق کرانے کا ڈھنگ۔

تُودَہ۔ انبار، ڈھیر۔

تَوَرُّع۔ پرہیزگاری۔

تَورَیت۔ حضرت موسیٰ کی آسمانی کتاب۔

تَوَسُّل۔ سفارش؛ شفاعت۔

تَوسَنِ مُشک فَام۔ کالے رنگ کا شوخ اور سرکش گھوڑا۔

تُوش مَال۔ (توشمال) خانساماں؛ باورچی۔

تُوشَہ خَانَہ (توشک خانہ)۔ پارچہ خانہ؛ وہ کمرہ جس میں امیروں کی پوشاک اور لباس رہتا ہے۔

تَوصِیف۔ خوبی؛ وصف۔

تَوفِیق۔ خدا کا فضل؛ خدا کی مہربانی۔

تَوَقُّف۔ دیر؛ وقفہ۔

تَوقِیر۔ تعظیم و تکریم؛ عظمت۔

تَوَکُّل۔ صرف خدا پر بھروسا رکھنا؛ اللہ کی طرف توجہ کرنا۔

تَوَلُّد۔ پیدا ہونا؛ پیدائش۔

تَوَلِیَت۔ سربراہی۔

تَوَلِید۔ پیدا کرنا؛ بنانا۔

تُوَنگَر۔ دولت مند؛ مال دار۔

تَہَجُّد۔ (مذہبی اصطلاح) نماز نفل جو آدھی رات کے وقت ادا کی جائے۔

تَہدِید۔ دھمکی؛ سرزنش۔

تَہدِید آمیز۔ دھمکی سے بھرا؛ تنبیہ کا۔

تَہ دِیگی۔ نیچے کا وہ کھانا جس میں روغن زیادہ ہوتا ہے، اکثر پلاؤ؛ زردہ وغیرہ چاولوں کے کھانے؛ کھرچن۔

تَہلِیل۔ لا الہ الا اللہ کہنا۔

تُہمَت۔ گمان بد؛ جھوٹا عیب؛ افترا۔

تَہمَتان تَہمَتان۔ (جمع تہمتن کی) قوی، طاقتور؛ بڑے جثے یا بدن کا آدمی۔

تَہمَتَن۔ بڑے جثے یا بدن کا آدمی؛ دیو قامت۔

تَہنِیَت۔ مبارک دینا؛ مبارک لینا؛ مبارک باد۔

تَہنِیَت نامہ۔ مبارک باد کا خط۔

تَہَوُّر۔ بے انتہا بہادری؛ شجاعت۔

تَہَوُّرانَہ۔ شجاعانہ؛ بہادرانہ۔

تَہِید ستی۔ مفلسی؛ ناداری۔

تَہِیَّہ۔ آمادگی؛ مستعدی؛ پختہ ارادہ۔

تَئیں۔ لیے؛ کو۔

تیر باران۔ کثرت سے تیروں کا چلنا۔

تیرِ جانگیر۔ جان لیوا تیر۔

تیرِ خَدَنگ۔ لکڑی کا بنا ہوا تیر۔

تیرَہ۔ اندھیرا؛ سیاہ؛ تاریک۔

تیرَہ و تار۔ بہت اندھیرا؛ گھپ اندھیرا۔

تیرَہ رُوزگار۔ بد نصیب؛ بد قسمت۔

تیرَہ سَر۔ بے وقوف؛ احمق۔

تیز رَوی۔ جلدی؛ شتابی؛ عجلت۔

تیز گامی۔ تیز رفتاری؛ جلدی چلنا۔

تیغ۔ تلوار؛ شمشیر۔

تیغ بازی۔ تلوار چلانا۔

تیغِ بے دَرَنگ۔ نہایت تیز تلوار، فوری چلنے

والی تلوار۔

تَیغ پَنج مَنی۔ بھاری تلوار؛ وزنی شمشیر۔

تَیغ زَن۔ تلوار چلانے والا، تلوار کا دھنی۔

تیغِ سِیہ تاب۔ نہایت تیز تلوار (ق)

تیغِ صَفی۔ ایک خاص قسم کی تلوار (ق)

تیغِ عَدُو کُش۔ دشمن کو ختم کرنے والی تلوار؛ دشمن کو فنا کرنے والی تلوار۔

تَیَقُّظ۔ بیداری؛ جاگنا۔

تَیَقُّن۔ یقین ہونا؛ اعتبار ہونا۔

تیمار۔ علاج و معالجہ؛ غم خواری؛ مریض کی خبر گیری۔

تیمار دار۔ مریض کی خبر گیری کرنے والا؛ غم خواری کرنے والا۔

تَیَمُّم۔ (مذہبی اصطلاح) وضو یا طہارت کے لیے کسی مجبوری کی وجہ سے پانی کے بجائے مقررہ طریقے پر مٹی سے کام لینا۔

تین مَنزِل۔ تین دن کی مسافت؛ تین دن کی مسافت کے فاصلے پر۔

تھال۔ پیتل یا کانسے وغیرہ کا خوان؛ شرینی کا خوان۔

تھُو۔ کلمۂ نفریں، قابلِ نفرت؛ بُرا۔

تھُور۔ زقوم؛ ایک قسم کا کانٹے والا زہریلا درخت۔

ٹ / ٹھ

ٹیپ۔ اونچا سُر؛ الاپ

ٹھُمری۔ ایک قسم کا گیت یا راگ کا انداز۔

ث

ثَبت۔ لکھنا؛ تحریر کرنا۔

ثَروَت۔ دولت؛ تونگری۔

ثُریَّا۔ پروین؛ وہ چھ بہت چھوٹے ستارے جو ایک دوسرے سے ملے ہوئے ہیں۔

ثُعبان۔ اژدہا۔

ثُمَّ حاشا۔ پناہ صد پناہ، پناہ بر پناہ۔

ثَمَر۔ پھل، میوہ۔

ثَمَرہ۔ نتیجہ، حاصل۔

ثَمَن۔ قیمت؛ مول۔

ثَنا۔ حمد؛ تعریف؛ مدح۔

ثَناخواں۔ تعریف کرنے والا؛ مداح۔

ثَناخوانی۔ تعریف؛ مدح۔

ثَواب۔ نیک عوض؛ نیک انجام۔

ثَوابت۔ وہ ستارے جو گردش نہیں کرتے۔

ثَور۔ دوسرا برج آسمان کا جو بیل کی شکل کا ہے۔

ج

جَادۂ اِعتَدال۔ معتدل راستہ؛ ٹھیک طریقہ جس میں افراط و تفریط نہ ہو (مجازاً) درست حالت۔

جَادۂ اِنصاف۔ انصاف کا راستہ، عدل و انصاف کی راہ۔

جارُوب۔ جھاڑو۔

جارُوب کَشی۔ جھاڑو دینے کا عمل / پیشہ۔

جاسُوس۔ مخبر؛ بھیدی۔

جاگُزیں۔ جگہ پکڑنے والا؛ ٹھہرنے والا۔

جام۔ شراب پینے کا پیالہ؛ ساغر۔

جامِ آبگینہ۔ شیشہ کا جام؛ بلور کا پیالہ۔

جام بَرکَف۔ جام ہاتھ میں لیے ہوئے؛ گلاس ہاتھ میں لے کر۔

جامِ بلّوری۔ بلور کا جام؛ شیشے کا گلاس۔

جامِ جَم۔ جمشید بادشاہ کا روایتی پیالہ جس سے دنیا کا حال معلوم ہو جاتا تھا۔

جالیا۔ پکڑ لیا، قابو کر لیں۔

جامِعُ المُتَفَرِّقِین۔ بچھڑوں کو ملانے والا (کنایۃً) اللہ تعالیٰ۔

جَامَہ۔ لباس؛ قبا۔

جامَہ وَرّاں۔ پھٹا ہوا لباس۔

جامَہ میں نَہ سَمانا۔ (محاورہ) نہایت خوش ہونا؛ فرطِ خوشی سے آپے میں نہ رہنا۔

جامَہ خانَہ۔ دار اللباس؛ وہ مقام جہاں پوشاکیں رکھی جاتی ہیں۔ حمام کے قریب کپڑے بدلنے کا حجرہ۔

جامَہ وار۔ عمدہ پھول دار ریشمی کپڑا۔

جاں بحق تَسلیم کرنا۔ (محاورہ) مر جانا؛ وفات پانا۔

جاں بَخشی۔ معافی؛ درگزر۔

جاں بَر ہونا (محاورہ) مرتے مرتے بچنا؛ سلامت رہنا۔

جانِ حَزیں۔ (کنایۃً) رنجیدہ اور مغموم دل۔

جاں سِتاں۔ جان لیوا؛ مہلک۔

جاں سُوز۔ جان جلانے والا؛ تکلیف پہنچانے والا؛ ایذا دینے والا۔

جاں فَرسا۔ دکھ دینے والا ؛ جان کو محو یا ختم کرنے والا۔

جاں فِزا۔ جان کو بڑھانے والا ؛ فرحت انگیز۔

جاں گاہ۔ (لفظاً) جان گھٹانے یا کمزور کرنے والا ؛ انتہائی تکلیف دہ۔

جانکاہی۔ محنت و مشقت۔

جانگداز۔ جان گھلانے والا ؛ جان لینے والا ؛ پرسوز۔

جاں گزا۔ تکلیف ؛ جاں گسل۔

جاں گیر۔ جان لیوا۔

جاہ۔ رتبہ ؛ مرتبہ۔

جائے نہانی۔ پوشیدہ جگہ ؛ عورتوں کی شرم گاہ۔

جِبال۔ (جبل کی جمع) پہاڑ ؛ پربت۔

جَبر و تعدی۔ ظلم وستم ؛ زبردستی۔

جَبَروت۔ عظمت ؛ کبریائی۔

جِبرئیل۔ (جبرائیل) ایک اعظم فرشتے کا نام جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے رسولوں پر وحی واحکام پہنچایا کرتے تھے۔

جِبِلّت۔ خلقت ؛ اصل طبیعت۔

جِبِلّی۔ خلقی ؛ پیدائش ؛ اصلی۔

جُبّہ۔ پیراہن ؛ کرتے کی صورت کا ایک خاص قسم کا لباس۔

جَبیں فَرسا۔ ماتھا رگڑنے والا ؛ منت سماجت کرنے والا۔

جَبیں فرسائی۔ ماتھا رگڑنا۔

جَدّ۔ باپ دادا ؛ بُزرگھے۔

جَدِ امجد۔ بزرگ دادا ؛ (کنایۃً) حضرت آدم۔

جَدّا (جدہ)۔ باپ کی ماں ؛ دادی ؛ نانی۔

جِدار۔ دیوار۔

جِدال۔ لڑائی ؛ جنگ۔

جَدوَل۔ صفحے پر سرخ یا سیاہ کھینچے ہوئے خط۔

جَذب۔ فقیروں کی مخصوص حالت ؛ مجذوبیت۔

جُذام۔ کوڑھ

جُرأت۔ دلیری ؛ چستی۔

جَرّاح۔ زخم چیڑ پھاڑ کرنے والا۔

جَراحَت۔ زخم؛ گھاؤ۔

جَرّار۔ بڑا بھاری لشکر۔

جَرَس۔ گھنٹا؛ گھنٹا جو قافلے والے کوچ کے وقت جاتے ہیں۔

جُرْعَہ۔ گھونٹ۔

جِرْم۔ جسم؛ بدن۔

جِرْنگا جِرِنگ۔ ہنگامہ؛ شور وغل۔(ق)

جُرْمانَہ۔ جرم کی پاداش میں جو روپیہ وغیرہ لیا جائے؛ مالی سزا۔

جَرِی۔ بہادر؛ شجاع۔

جَرِیدَہ۔ تنہا؛ اکیلا۔

جَزائِل۔ (جزیلہ کی جمع) مضبوط؛ استوار؛ وافر۔

جَزائِر۔ (جزیرہ کی جمع) وہ قطعہ خشکی جو چاروں طرف پانی سے گھرا ہو؛ ٹاپو۔

جَزْر۔ سمندر کے پانی کا اُتار۔

جَزَع فَزَع۔ گریہ وزاری؛ رونا پیٹنا۔

جَزاجی۔ غور سے؛ قطعی طور پر۔

جُزْوِی۔ خال خال؛ تھوڑا۔

جَزِیرَہ نُما۔ وہ قطعہ خشکی جو تین طرف پانی سے گھرا ہو۔

جَزْیَہ۔ اسلامی سلطنت کا وہ ٹیکس جو غیر مذہب والوں کی حفاظت کے لیے لگایا جائے۔

جَسارَت۔ دلیری؛ مردانگی۔

جَسامَت۔ موٹاپا، کسی چیز کا حجم۔

جَسْت۔ کود پھاند؛ زقند۔

جَسْت و خیز۔ اچھل کود؛ چال کی شوخی۔

جَسِیم و شَحِیم۔ موٹا تازہ؛ ہٹا کٹا۔

جَشْن۔ خوشی کی محفل؛ خوشی؛ عیش۔

جَشْنِ فِیروزی۔ فتح مندی یا کامیابی کی تقریب، فتح کی خوشی۔

جُغْرافِیَہ۔ وہ علم جس میں زمین کی خشکی اور تری کی طبعی تقسیم کا حال بیان کیا جائے۔

جَفاکَش۔ محنتی؛ مشقت اٹھانے والا۔

جُفْت۔ جوڑا۔

جَفْر۔ ایک علم کا نام جس کے ذریعے سے غیب کے احوال دریافت کرتے ہیں۔

جِگر۔ کلیجا؛ کلیجی۔

جِگر دوز۔ دل میں اثر کرنے والی؛ دل توڑ دینے والا۔

جِگر سوختہ۔ دل جلا؛ بہت زیادہ رنجیدہ۔

جِگر سوز۔ جگر جلانے والا۔

جِگر شگاف نعرہ۔ جگر کو توڑ دینے والا نعرہ؛ حوصلہ شکن نعرہ۔

جِگر گاہ۔ جگر کی جگہ؛ وہ جگہ جہاں کلیجہ ہوتا ہے۔

جَجمَک جَجمَک۔ جنات کی آواز، جنات کی بولی، جن بھوت کی زبان۔

جُل۔ جھول؛ ہاتھی؛ گھوڑے وغیرہ حیوانات پر ڈالنے کا کپڑا۔

جَلاوَطنی۔ شہربدری؛ دیس نکالا۔

جَلّاد۔ تلوار مارنے والا؛ بادشاہ کے حکم سے قتل کرنے والا۔

جَلال۔ بزرگی؛ شان؛ شوکت۔

جِلَو۔ ہم راہی۔

جِلَو رِیز۔ ہلکی باگ سے گھوڑا دوڑاتے ہوئے؛ سبک عنان۔

جَلوَت۔ مجمع؛ وہ جگہ جہاں تنہائی نہ ہو؛ خلوت کی ضد۔

جُلوس کرنا (محاورہ) تخت نشین ہونا۔

جَلوَہ آرا۔ نمودار؛ ظاہر۔

جَلوَہ افروز۔ رونق افروز، تشریف فرما۔

جَلوَہ گَر۔ ظاہر؛ نمایاں؛ رونق بخش۔

جَلِیس۔ ہم نشین؛ ساتھی؛ مصاحب۔

جَلِیلُ القَدر۔ بڑے رتبے والا، عالی مرتبہ۔

جِلِّین۔ وہ اصلی مادہ جس سے نباتات (حیوانات) کی تخم ریزی ہوتی ہے۔

جَمجاہ (جم جاہ)۔ جمشید کا ہم مرتبہ؛ شاہانہ شان و شوکت والا۔

جَمِّ غَفِیر۔ بہت بڑا اژدہام؛ عوام و خواص کا کثیر اجتماع۔

جَمادات۔ (جماد کی جمع) حیوانات، نباتات کے علاوہ اور بے جان قدرتی اشیاء۔

جَمائی۔ (جماہی) کاہلی؛ کثرت بیداری یا سستی سے منھ کھول کر سانس لینے کا انداز۔

جُملَہ آفاتِ اَرضِی وسَماوِی۔ تمام زمینی اور

آسمانی آفات ؛ کل آفات زمین اور آسمان کی۔

جَمیع۔ کل، سب ؛ تمام۔

جَمیعَت۔ گروہ

جِنّ و بَشَر۔ بھوت، دیو اور آدمی۔

جِن زَدَہ۔ بھوت کا اثر۔

جَنَاح۔ فوج کا دستہ ؛ ہراول۔

جَنَان۔ (جنت کی جمع) بہشت۔

جُنْبِش۔ حرکت ؛ گردش ؛ ہلنا جلنا۔

جَنْتَر۔ منتر، جادو ؛ افسوں ؛ ٹوٹکا۔

جِنّیَہ۔ جن کی عورت۔

جَنَّتُ المَاوٰی۔ بہشت ؛ آرام کا باغ۔

جَنَّت نِشَان۔ جنت جیسا دلکش ؛ جنت نظیر۔

جِنْس۔ چیز ؛ اسباب۔

جَنگِ زَرگَری۔ مصنوعی لڑائی ؛ دوسرے کو دھوکا دینے کے لیے آپس میں جنگ کرنا۔

جَنگاہ۔ میدان جنگ ؛ لڑائی کا میدان۔

جَنگِ مَردانَہ۔ آمنے سامنے کی لڑائی ؛ دوبدو جنگ۔

جَنگِ مَغلُوبَہ۔ ایسی جنگ جس میں دونوں فریقوں کے لشکر یک دوسرے پر ٹوٹ پڑیں ؛ گھمسان کی لڑائی۔

جَنگِ مُفْرَد۔ تنہا ایک شخص کا دشمن سے مقابلہ کرنا۔

جَنگِ نَہرَوان۔ عربوں اور ایرانیوں کے درمیان ہونے والی جنگ۔

جُنُون۔ دیوانگی ؛ خبط ؛ کمال رغبت کے ساتھ کسی چیز کی دھن۔

جِلیَت۔ کوتل گھوڑا۔

جِنّی۔ جن سے منسوب یا متعلق۔

جَوابِ تَلخ۔ کڑوا جواب ؛ دوٹوک جواب ؛ سخت جواب۔

جَوابدِہ۔ جس سے جواب طلب کیا جائے۔

جَواہِر۔ (جوہر کی جمع) قیمتی پتھر۔

جَو۔ ایک قسم کا غلہ۔

جُو۔ ندی ؛ نہر۔

جَو آب خُوردَہ۔ جو کا پانی پیے ہوئے۔

جَواسِیس۔ (جاسوس کی جمع) مخبر ؛ بھیدی۔

جَوانِ رَعْنا۔ خوبرو جوان؛ حسین جوان۔

جَواہِر خانَہ۔ وہ جگہ جہاں شاہی جواہرات رکھتے ہیں۔

جَواہِرِ مَقْرُوقَہ۔ ضبط کیے ہوئے موتی۔

جُوتی پَیزار۔ مار پیٹ؛ لڑائی جھگڑا۔

جُوتِش۔ علم نجوم۔

جُود و سَخا۔ بخشش؛ سخاوت؛ فیاضی۔

جَور۔ ظلم؛ ستم۔

جَوزی رَنگ۔ جوز کے رنگ کا؛ بادامی سا رنگ۔

جُوش زَن۔ کھولنے والا؛ جوش کھاتا ہوا۔

جُوشِ گِریَہ۔ رونے کی زیادتی۔

جُوع۔ بھوک۔

جُوعُ البَقَری۔ ہر وقت بھوک کی خواہش۔

جَوف۔ گڑھا؛ غار۔

جَوق جَوق۔ گروہ در گروہ، کثرت سے۔

جُوگی۔ ہندو فقیر۔

جَولان۔ گھوڑا دوڑانا۔

جَوہَر۔ تلوار کی آب و تاب۔

جَوہَر دار۔ عمدہ جوہر رکھنے والی لکڑی؛ تلوار وغیرہ۔

جَوہَر شناس۔ جوہری؛ قیمتی پتھر کو پرکھنے والا۔

جَہاں اَفروز۔ دنیا کو روشن کرنے والا؛ عالم کو رونق بخشنے والا۔

جَہانبانی۔ بادشاہت؛ حکمرانی۔

جَہاں پَیما۔ (لفظاً) دنیا کو ناپنے والا (مجازاً) سیاح؛ ساری دنیا کا سفر کرنے والا۔

جَہاں دِیدَہ۔ تجربہ کار؛ گھاگ۔

جَہاں گَرد۔ دنیا میں گھومنے پھرنے والا؛ سیاح۔

جَہْد۔ کوشش؛ دوڑ دھوپ۔

جَہْل۔ نادانی، ناواقفیت۔

جَہَنَّم۔ دوزخ۔

جَہَنَّم واصِل۔ جہنم میں جائے۔

جُہُود۔ یہودی؛ جہودی قوم کا فرد۔

جَہیز۔ وہ ساز و سامان جو لڑکی کو شادی کے وقت اپنے باپ کے گھر سے ملتا ہے۔

جَیب۔ پاکٹ ؛ کیسہ ؛ لباس میں چیز رکھنے کی تھیلی۔

جِیغَہ۔ پگڑی میں باندھنے والا ایک مرصع زیور۔

جَیِّن۔ ایک معلم جو غیر رائج عقائد و افکار کی تلقین کرتا ہو۔

چ

چابُکْدَسْت۔ مشاق ؛ ماہر۔

چابُکْدَسْتی۔ ہوشیاری ؛ مہارت ؛ مشاقی۔

چابُکی۔ جلدی، چستی، تیزی۔

چاپْلُوسی۔ خوشامد ؛ بے جا تعریف۔

چارْ آتَشَہ۔ بہت زیادہ نشہ آور۔

چارْ پَرْکالَہ۔ چار ٹکڑے ؛ چار حصے۔

چارْ تارَہ۔ ایک قسم کا ساز ؛ ایک طرح کا باجا۔

چارْ سُوق۔ چوک بازار۔

چارْ شَنْبَہ۔ بدھ۔

چارَلَکْ و چِہَل ہَزار۔ چار لاکھ اور چالیس ہزار۔

چارْدَہ سالَہ۔ چودہ سالہ ؛ نوخیز ؛ نوعمر۔

چارْ مَغْز۔ (طب کی اصطلاح) مغز خربزہ ؛ مغز تربوز، مغز خیارین، مغز کدو۔

چارْناچار۔ (چاروناچار) مجبوری سے۔

چارَۂ کار۔ علاج ؛ تدارک۔

چاشت۔ پہر دن چڑھے ؛ چوتھائی دن گزرنے کا وقت۔

چاشت خُور۔ مفت خورا، طفیلی۔

چاق۔ ترو تازہ ؛ صحیح و تندرست۔

چاشنی خُور۔ مزا اٹھائے ہوئے ؛ لطف چشیدہ ؛ فیض یافتہ۔

چاک گِریبان۔ وہ جس کا گریبان پھٹا ہوا ہو (مجازاً) عاشق ؛ ستم رسیدہ ؛ دیوانہ۔

چاہ۔ کنواں۔

چاہِ بابُل۔ وہ کنواں جس میں ہاروت و ماروت (فرشتے) بند ہیں۔

چاہِ بے آب۔ وہ کنواں جس میں پانی نہ ہو ؛ اندھا کنواں، سوکھا کنواں۔

چپ و راست۔ دائیں بائیں ؛ اِدھر اُدھر ؛ ہر طرف ؛ چاروں طرف۔

چَپّی۔ آہستہ آہستہ ہاتھ پاؤں دبانا ؛ اعضا کی مالش۔

چَتر۔ بادشاہوں کے سروں پر لگانے کی ایک خاص قسم کی چھتری۔

چَتر دار۔ ایک خاص قسم کا بادشاہی تخت جس پر سائبان بھی بنا ہوتا ہے۔

چَتر داری۔ تختِ شاہی کی نگہبانی اور خدمت کا عمل۔

چَچا۔ باپ کا چھوٹا بھائی۔

چَچیرا بھائی۔ چچازاد بھائی۔

چَرانا۔ جانوروں کو جنگل میں لے جا کر سبزہ کھلانا۔

چَرا۔ چراگاہ۔

چَراغ ہائے رِیزہ۔ چھوٹے چراغ۔

چَراغاں۔ بہت سے چراغوں کی یکجا روشنی ؛ قطار در قطار جلتے ہوئے چراغ۔

چَراغدان۔ شمعدان ؛ وہ لکڑی جس پر چراغ جلاتے ہیں۔

چَراگاہ۔ سبزہ زار ؛ جانوروں کے چرنے کی جگہ۔

چَرب۔ نقالوں جیسی آواز ؛ نقلی (ق)

چَرب اشیاء۔ چکنی چیزیں۔

چَرب زُبانی۔ شریں کلامی۔

چَرخ۔ گھومنے والا پہیا، آسمان ؛ چرخی پر چکر

کھانے والی چیز۔

چَرخِ فَلک۔ عرش۔

چَرخِ کُلال۔ کمھار کا چاک ؛ مراد آسمان۔

چَرغ۔ لکڑبھگا ؛ ہنڈار ؛ تیندوا ؛ شکرے کی قسم کا ایک پرندہ۔

چَرمی۔ چمڑے کا بنا ہوا۔

چَرند و پَرِند۔ چوپایے اور پرندے ؛ حیوانات۔

چَرندہ۔ گھاس چرنے والا ؛ چوپایہ۔

چَشم۔ آنکھ۔

چَشمِ باز۔ کھلی ہوئی آنکھ۔

چَشم بَستہ۔ وہ جس کی آنکھیں بند ہوں ؛ آنکھیں بند کرکے۔

چَشم بَراہ۔ منتظر ؛ راستے پر آنکھیں لگائے ہوئے۔

چَشمِ بیگانہ۔ بے پروا آنکھ ؛ بے مروت آنکھ۔

چَشمِ بیمار۔ نشیلی آنکھ ؛ جھکی ہوئی خمار آلود آنکھ۔

چَشم داشت۔ توقع ؛ امید ؛ بھروسا۔

چَشم زَدن۔ بہت معمولی وقفہ ؛ ذرا سی دیر ؛ لمحہ بھر۔

چَشمِ کُور۔ نہ دیکھنے والی آنکھ ؛ بصیرت سے محروم آنکھ ؛ اندھی آنکھ (مجازاً) اندھا۔

چَشمِ گِریاں۔ آنسو بہاتی ہوئی آنکھ ؛ آنسو بہانے والی آنکھ۔

چَشمِ مَخمُور۔ مست آنکھ ؛ نشیلی آنکھ۔

چَشمِ عاقِبَت۔ ہمدرد آنکھ ؛ بھلا چاہنے والی آنکھ (مراداً) ہمدرد ؛ محسن۔

چَشم نُمائی۔ تنبیہ ؛ جھڑکی۔

چَشمِ نیم وا۔ ادھ کھلی آنکھ ، نیچی اور جھکی ہوئی آنکھ۔

چَشمک زَدن۔ پلک مار کر کسی طرف اشارہ کرنا ؛ آنکھ سے اشارہ کرنا۔

چَشمہ۔ پانی کا سوتا ؛ منبع۔

چُغّر۔ جوہڑ ؛ ڈابر۔

چَقماق۔ وہ پتھر جس کے رگڑنے سے آگ نکلتی ہے۔

چَلپاس۔ (چلپاسہ) چھپکلی۔

چِلّہ اُترنا۔ (محاورہ) کمان کا کھنچاؤ ختم ہونا ؛ کمان کو

ناکارہ بنانا۔

چِلّہ خانہ۔ چلہ کھینچنے کا مکان یا حجرہ وغیرہ۔

چُماق۔ لوہے کا گرز؛ لکڑی کا گرز جس پر لوہا لگا ہو۔

چَمچَۂ ہر دِیگ (دیگی)۔ مفت خور؛ طفیلیہ؛ دخل در معقولات۔

چَمَن بَندی۔ باغبانی؛ چمن آرائی؛ آرائش و زیبائش۔

چَنار۔ ایک بڑا درخت جس کے پتے انسانی ہاتھ سے مشابہ ہوتے ہیں، پتوں کے سرے کٹواں اور پت جھڑ سے پہلے سرخ ہو جاتے ہیں۔ اس وقت یہ پتے دہکتی ہوئی آگ کی طرح دکھائی دیتے ہیں۔

چنارِ سال خُوردَہ۔ پرانا چنار؛ لمبی عمر کا چنار۔

چَنڈاوُل (چنداول)۔ فوجی دستہ جو لشکر پیچھے اس کی حفاظت کرتا ہے۔

چَنگ۔ ستار کی قسم کا ایک باجا جس کا بالائی رخ خمیدہ ہوتا ہے۔

چَنگ مُراد مَند۔ چنگ بمعنی ہاتھ کا پنجہ اور ایک مشہور ساز (مرادا) کامرانی و کامیابی؛ سرخ روئی۔

چَنگ نَوازی۔ چنگ بجانا۔

چُنگَل۔ آدمی یا جانور کا پنجہ۔

چُوبدار۔ عصا بردار؛ نقیب؛ چوب بردار۔ رئیسوں کے محل کا دربان۔

چُوب دَست۔ ہاتھ کی چھڑی؛ عصا۔

چُوبِ زَرد۔ زرد چوب، ہلدی۔

چُوب و چُماق۔ گرز و عصا؛ لاٹھی ڈنڈا۔

چُوبی۔ لکڑی کا بنا ہوا؛ کار چوب کیا ہوا۔

چَوسَر (چوپڑ) پچیسی؛ ایک قسم کی پچیسی جو کوڑیوں کے ساتھ کھیلی جاتی ہے۔

چَوکی۔ پولیس کی گارد؛ پہرے داروں کی قیام گاہ۔

چُون و چَرا۔ کیوں؛ کس واسطے؛ تکرار حجت۔

چَوگان بازی۔ چوگان کا کھیل کھیلنا۔

چہار شنبہ۔ بدھ وار۔

چَہچَہہ زَنان۔ (پرندوں کی) خوش الحانی کرنا؛ نغمہ ریزی کرنا؛ پرندوں کا شوق میں آکر بولنا۔

چُہَل۔ ہنسی؛ خوش مزاجی۔

چہل سالہ۔ چالیس سالہ۔

چہل و یکم۔ اکتالیس؛ چالیس اور ایک۔

چہل حدیث۔ رسول اللہ ﷺ کی چالیس حدیثیں جن کا یاد کرنا باعث برکت ہے۔

چیدہ۔ منتخب؛ چنا ہوا؛ عمدہ۔

چینِ ابرو۔ تیوری کا بل؛ پیشانی کی شکن؛ چیں بہ ابرو)

چیں بہ چیں جبیں۔ تیوری پر بل؛ ناراض۔

چینِ پیشانی۔ ماتھے کی شکن، اظہار غصہ کی علامت۔

چھاگل۔ چھوٹی سی مشک۔

چھتر۔ شامیانہ، بڑا چھاتا۔

چھری۔ چھوٹا چھرا؛ بند نہ ہونے والا لمبا چاقو۔

چھوکرا۔ غلام؛ چیلا؛ لڑکا؛ بچہ؛ نا تجربہ کار۔

ح

حاجِب۔ دربان؛ چوب دار؛ محافظ۔

حاجَت۔ ضرورت۔

حاجَت روا۔ حاجت پوری کرنے والا۔

حاجی۔ حج کرنے والا؛ حج کر کے آیا ہوا شخص۔

حادِث۔ زوال قبول کرنے والا؛ فنا ہونے والا۔

حادِثہ۔ واقعہ، مصیبت۔

حاذِق۔ ماہر؛ ہوشیار۔

حار۔ گرم؛ گرمی کرنے والا۔

حارِسانِ طِلِسم۔ طلسم کے محافظ؛ جادو کے نگہبان۔

حاشا۔ ہرگز؛ پناہ۔

حاشیہ۔ کنارہ؛ گوٹ۔

حاضِر باش۔ موجود رہنے والا؛ مصاحب۔

حاضِرین۔ (جمع حاضر کی) موجود؛ آمادہ؛ سامنے۔

حالِ غیر ہونا۔ (محاورہ) حالت خراب ہونا۔

حالِ وسط۔ معمولات کا معمول کے مطابق جاری وساری رہنا۔

حالَت۔ واردات ؛ حال۔

حالَت غَیر کرنا۔ (محاورہ) برا حال کر دینا یا کر لینا ؛ حالت تباہ کرنا۔

حالَت نَزْع۔ جاں کَنی کی حالت ؛ دم توڑنے کی کیفیت۔

حامِلَہ۔ جس عورت کے پیٹ میں بچہ ہو ؛ پیٹ والی۔

حامی۔ حمایتی ؛ مددگار۔

حائِلَہ۔ حائل ہونے والی چیز ؛ روک۔

حَباب۔ پانی کا بلبلہ۔

حِبالَۂ نِکاح۔ نکاح کا پھندا ؛ شادی ؛ بیاہ۔

حَبْسِ دَم۔ دم رکنا ؛ ہندو فقیروں کے سانس روکنے کا عمل۔

حَبْلُ الْمَتِین۔ مضبوط رسی ؛ محکم وسیلہ۔

حَبُوبِ شیریں۔ میٹھی گولیاں۔

حَبَّہ۔ رتی ؛ ذرا ذرا۔

حَبِیبَہ۔ (حَبیب کی تانیث) دوست ؛ یار ؛ محبوب۔

حَتّیٰ۔ یہاں تک ؛ اس قدر ؛ جب تک۔

حَتَّی الْمَقْدُور۔ جہاں تک ہو سکے ؛ جس قدر ممکن ہو۔

حَتْمی۔ پکا ؛ مضبوط۔

حَج۔ وقت مقررہ پر بیت اللہ کی زیارت کرنا اور خاص ارکان بجا لانا۔

حَجّام۔ نائی۔

حُجَّت۔ دلیل۔

حُجَّتِ شَرْعی۔ دینی حکم ؛ وہ امر جس کا انکار نہ ہو سکے۔

حَجَرِ اَسْوَد۔ کعبہ کی دیوار پر ایک گوشے میں لگا ہوا سنگ سیاہ۔

حُجْرَہ۔ کوٹھری۔

حَدّاد۔ لوہار ؛ آہن گر۔

حِدَّت۔ گرمی شدت۔

حَدِّ خُود بِشَناس۔ اپنی اصلیت کو پہچاننا ؛ اپنی حقیقت کو جاننا۔

حَدِّ نِصَاب۔ مقررہ حد۔

حَدَقَہ۔ پتلی؛ آنکھ کی سیاہی۔

حَدَقَۂ چَشم۔ آنکھ کا ڈھیلا، آنکھ کی پتلی۔

حَدِیث۔ آنحضرت ﷺ کا قول، فعل یا تقریر جو کچھ جناب رسول اللہ ﷺ نے اپنی زبان مبارک سے ارشاد فرمایا یا خود کیا یا جو فعل آپ کے ساتھ ہوا اور آپ نے اسے منع نہیں کیا۔

حَدِیثِ قُدسی۔ ایسی حدیث جس میں الفاظ اللہ تعالیٰ کے ہوتے ہیں لیکن وہ آنحضرت ﷺ کی زبان مبارک سے ادا ہوتے ہیں یا (اکثر علما کے نزدیک) الفاظ بعینہٖ الفاظ اللہ تعالیٰ کے نہیں ہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کے الفاظ کا جامہ پہنایا ہے۔

حَدِید۔ تیز کی ہوئی چیز؛ لوہا۔

حَدِیقَہ۔ چار دیواری کا باغ۔

حَدِیقَۃُ العَجَائِب۔ عجائبات کا باغ؛ باغ عجائب۔

حَذَر۔ پرہیز؛ بچاؤ۔

حَرَارَت۔ گرمی۔

حَرَام مَرگ۔ حرام موت۔

حَرَام خُور۔ بے مروت۔

حَرَامِ مُطلَق۔ قطعی حرام؛ بالکل حرام۔

حَرَامی۔ بدذات؛ شریر۔

حَرب۔ کارزار، لڑائی، جنگ۔

حِربا۔ گرگٹ، کرکیٹا۔

حَرب گاہ۔ میدان جنگ، لڑائی کی جگہ۔

حَرب و ضَرب۔ جنگ و جدل؛ مار کٹائی؛ لڑائی بھڑائی۔

حَربَہ۔ لڑائی کا ہتھیار، حملہ؛ چڑھائی، دھاوا۔

حِرز۔ پناہ گاہ، مامن۔

حِرص و آز۔ طمع ولالچ۔

حَرف بَہ حَرف۔ لفظ بہ لفظ، ایک ایک حرف۔

حَرف و حِکایَت۔ بات چیت؛ گلہ شکوہ۔

حِرفَت۔ کسب؛ پیشہ؛ حرفہ۔

حَرکَتِ ناشایَستَہ۔ نامناسب فعل؛ برا کام۔

حَرَم خاص۔ محبوب بیوی، محترم بیوی۔

حَرَم زَدگی۔ شرارت، فتنہ انگیزی۔

حرم سرا۔ زنان خانہ؛ زنانہ مکان۔

حُرمَت۔ عزت۔

حُریر۔ ریشم، ریشمی کپڑا۔

حَریص۔ لالچی۔

حَریف۔ ہم پیشہ۔

حَریم۔ گھر کے چاروں طرف کی دیوار۔

حَسَبُ الْاَمر۔ حکم کے مطابق۔

حَسَب نَسَب۔ ماں باپ کا خاندانی سلسلہ۔

حَسَد۔ جلن؛ بدخواہی؛ کسی کا زوال چاہنا۔

حُسنِ سَبز۔ سانولا رنگ؛ حسن ملیح۔

حُسنِ عالَم سوز۔ عالم کا جلا دینے والا حسن؛ (مراداً) دل میں کھب جانے والا حسن؛ دل میں آگ لگا دینے والا حسن۔

حُسن و قُبح۔ خوبی اور خرابی؛ عیب صواب؛ اچھائی اور برائی۔

حَشَراتُ الْاَرض۔ زمین کے موذی کیڑے۔

حَشر و نَشر۔ شور و غل؛ ہنگامہ آفت؛ فتنہ؛ فساد۔

حَشمَت۔ دبدبہ؛ مرتبہ؛ عظمت۔

حِصار۔ دائرہ؛ حلقہ؛ گھیرا۔

حِصاری۔ حصار بند؛ قلعہ بند؛ محصور۔

حَصر۔ حد بندی؛ گھیرے کا عمل۔

حَصِیر۔ بوریا؛ چٹائی۔

حُضّار۔ (حاضر کی جمع) کسی مقام یا موقع پر حاضر لوگ؛ حاضرین۔

حَطمی۔ پکا؛ مضبوط۔

حَظ۔ لطف؛ مزا؛ سرور۔

حظِ وافر۔ پوری لطف اندوزی؛ کمال لطف اٹھانا۔

حِفظ۔ ازبر؛ زبانی؛ یاد۔

حَظِ نفسانی۔ حیوانی خواہش؛ مادی لذت۔

حَقّا۔ حق ہے؛ درست ہے۔

حَق تلفی۔ کسی کا حق مار لینا؛ بے انصافی۔

حَقُ الخِدمَت۔ خدمت کا حق؛ معاوضہ۔

حَقِ نمک۔ وہ حق جو آقا کا نوکر پر ملازمت کی وجہ سے ہو؛ وفاداری۔

حق الیقین۔ اللہ پر پورا پورا یقین۔

حُقّہ۔ تمباکو پینے کا آلہ ؛ دھوکہ ؛ دغا۔

حُقّۂ زرنگار۔ سونے کا جڑاؤ حقہ۔

حقیر۔ ذلیل ؛ خوار۔

حقیر الجُثّہ۔ پستہ قد ؛ ٹھنگنا ؛ چھوٹے قد کا۔

حقیقت۔ اصل ؛ کسی شے کی ذات۔

حقیقی۔ اصلی ؛ جو بناوٹی نہ ہو۔

حکم مؤکّد۔ تاکیدی حکم ؛ تاکیدی فرمان۔

حکم ناطق۔ حکم قطعی ؛ آخری فیصلہ۔

حکمت۔ عقل ؛ دانش ؛ دانائی ؛ (طب) طبابت ؛ علاج معالجے کا علم۔

حکمت پناہ۔ حکمت والا۔

حکمتِ عملی۔ تدبیر۔

حکما۔ (جمع حکم کی) عقل مند ؛ دانا۔

حکمیہ۔ حکمت کی طرف منسوب ؛ علم جس میں مشاہدہ ؛ غور و فکر ؛ دلیل و برہان سے حقائق کو معلوم کیا جائے۔

حکیم۔ دانا ؛ عالم ؛ دانشور۔

حکیم حاذق۔ کامل طبیب ؛ ماہر حکیم۔

حکیم مطلق۔ کامل حکمت والا ؛ (مراد) اللہ تعالیٰ۔

حلق۔ گلا۔

حلقوم۔ نرخرہ ؛ گلا۔

حلقہ۔ پھندا ؛ کڑا۔

حلقہ بگوش۔ غلام ؛ مطیع ؛ فرماں بردار۔

حلقہ زن۔ حلقہ باندھنا ؛ دائرہ بنانا۔

حلالہ۔ جائز ؛ روا ؛ درست ؛ مطلقہ کا دوسرے شوہر سے عارضی نکاح تاکہ طلاق کے بعد پہلے شوہر سے نکاح ثانی جائز ہو جائے۔

حلوا۔ کھانا جو گھی اور شکر سے بنتا ہے۔

حلول۔ داخل ہونا ؛ اندر سما جانا۔

حُلّہ۔ پوشش ؛ لباس۔

حلیہ۔ شخص کا سراپا ؛ صورت۔

حمّال۔ بوجھ اٹھانے والا ؛ مزدور۔

حمّالی۔ مزدوری ؛ بوجھ اٹھانے یا ڈھونے کا کام۔

حمائل۔ عورتوں کے گلے میں پہننے کا ایک زیور۔

حَمّام۔ نہانے کی جگہ ؛ غسل خانہ۔

حَمدِ الٰہی۔ اللہ کی تعریف ؛ اللہ کی بزرگی اور عظمت بیان کرنا۔

حَمل۔ عورت کے پیٹ میں جو بچہ ہو۔

حَملہ آور۔ حملہ کرنے والا ؛ چڑھ کر آنے والا۔

حِمیّت۔ غیرت و شرم۔

حِنا۔ مہندی۔

حَوادِث۔ (جمع حادثہ کی) مصیبتیں ؛ تکلیفیں۔

حَواسِ ظاہری و باطنی۔ یعنی کل حواس ؛ حواس ظاہری ؛ باصرہ ؛ شامہ ؛ سامعہ ؛ لادسہ ؛ ذائقہ ؛ حواس باطنی ؛ حس مشترک ؛ خیال ؛ وہم یا واہمہ ؛ حافظہ اور متصرفہ۔

حَوالی۔ اطراف ؛ نواح ؛ آس پاس۔

حُوت۔ آسمان کا بارھواں برج۔

حُور۔ نہایت خوبصورت ، شکیلہ جمیلہ۔

حُور پَیکر۔ حور کی طرح ؛ نہایت حسین۔

حُورِ تمثال۔ حور سے مشابہ ؛ نہایت حسین و جمیل۔

حُورِ شمائل۔ حور جیسی خوبیوں کا مالک ؛ نہایت حسین۔

حُور نژاد۔ حور کا بچہ ؛ پری زاد ؛ نہایت خوبصورت۔

حَوس خیز۔ (ہوس خیز) ہوس بھڑکانے والا۔

حَوض۔ پانی جمع کرنے کی جگہ جو زمین میں بنائی جائے۔

حَوض و حَمّام۔ غسل کا معقول انتظام ؛ نہانے کی پوری سہولت۔

حَیّ و قیّوم۔ زندہ و سلامت ، زندہ و قائم (اللہ تعالیٰ کی صفت)

حَیا۔ شرم ؛ حجاب۔

حَیران۔ ہکا بکا ، دنگ ، پریشان۔

حَیرت افزا۔ حیرت بڑھانے وال ؛ بہت حیران کرنے والا ؛ حیرت افزا۔

حَیص وَبیص۔ حیا حیثی ؛ رودبدل۔

حَیض۔ عورتوں کو ہر مہینے آنے والا خون ؛ ماہواری۔

حَیف۔ افسوس ؛ دریغ۔

حِیلَہ۔ بہانہ ؛ مکر ؛ فریب۔

حِیلَہ ساز۔ مکار ؛ دغاباز۔

حَیوان۔ ذی روح ؛ جان دار ؛ جانور۔

حَیوانات۔ (جمع حیوان کی) جانور ؛ جاندار۔

خ

خَاتَم۔ انگوٹھی ؛ انگشتری۔

خَاتُون۔ شریف عورتوں کا لقب ؛ بیگم۔

خَادِم۔ خدمت کرنے والا ؛ نوکر۔

خَار۔ کانٹا۔

خَارا۔ سخت پتھر۔

خَاراشِگاف۔ پتھر میں شگاف ڈالنے والا۔

خَارِج۔ علاحدہ ؛ باہر۔

خَارْجی۔ مسلمانوں کا ایک فرقہ جو اہل بیت کا مخالف ہے ؛ وہ لوگ جو جنگ صفین کے بعد حضرت علیؓ سے الگ ہو گئے۔

خَارِستان۔ وہ جگہ جہاں کثرت سے کانٹے ہوں۔

خارِش۔ کھجلی ؛ ایک سوداوی مرض۔

خارِشتی۔ کھجلی والا۔

خازِن۔ خزانچی۔

خازِنِ خَزِینۂ اِلٰہی۔ معارف خداوندی کا

جاننے والا ؛ (مراداً) عارف ؛ نیک ؛ اللہ والا۔

خاسِر۔ زیاں کار ؛ نقصان اٹھانے والا۔

خاطِرِ جَمع۔ دل کی تسکین ؛ اطمینان۔

خاک و خون میں ملانا۔ (محاورہ) قتل کرنا۔

خاکسار۔ حقیر ؛ ناچیز۔

خاکرُوب۔ بھنگی ؛ مہتر ؛ حلال خور۔

خاکِستَر۔ جلی ہوئی چیز کی راکھ ؛ بھبوت۔

خاکِستَری۔ مٹیالا ؛ خاکی۔

خاکِ شِفا۔ شفا دینے اور تندرست کرنے والی مٹی ؛ (کنایتہً) مدینہ منورہ کے میدان شفا کی مٹی یا اس کی ٹکیہ جو حاجی لاتے ہیں ؛ نیز شہدائے کربلا کے مدفن کی خاک یا کسی متبرک مقام کی مٹی۔

خاک کَش۔ مٹی ڈھونے والا۔

خاکِ مَعرِکَہ۔ جنگ میں اُڑنے والی مٹی۔

خاکی اُلاَصل۔ جس کی اصل خاک ہو یعنی آدمی اور دیگر مخلوقات۔

خال۔ جسم کا قدرتی سیاہ تل۔

خال و خَد۔ چہرہ مہرہ ؛ حلیہ۔

خالُو۔ خالہ کا خاوند ؛ ماں کی بہن کا شوہر۔

خالِق۔ پیدا کرنے والا ؛ اللہ کا نام۔

خالَہ زاد ہَمشِیرَہ۔ خالہ زاد بہن۔

خَلعُہ۔ قلم ؛ کلک۔

خانساماں۔ کھانے پکانے اور کھلانے والا ؛ باورچی۔

خانُماں۔ گھر کا اسباب ؛ اثاثہ۔

خانُماں آوارَہ۔ گھر سے نکلا ہوا ؛ گھر سے بے گھر ؛ بے ٹھکانا۔

خانوادَہ۔ خاندان۔

خانَہ بَر اَنداز۔ تباہ برباد کرنے والا ؛ اجاڑ دینے والا ؛ (کنایتہً) محبوب۔

خانَہ خَراب۔ آوارہ گرد ؛ ہرجائی ؛ خانہ ویرانی۔

خانَہ داری۔ گھر بار کا کام کاج۔

خانَہ زاد۔ نوکروں اور غلاموں لونڈیوں کی اولاد (کنایتہً) قدیمی ملازم۔

خانَہ زادی۔ غلامی ؛ حلقہ بگوشی۔

خانَہ زِین۔ (مراداً) اونٹ یا کسی اور جانور پر بیٹھنے

کی نرم و مضبوط کاٹھی۔

خانہ ساز۔ گھر کی بنی ہوئی ؛ گھر کی تیار کی ہوئی۔

خانۂ کمان۔ کمان کے دونوں بازو۔

خانہ نشینی۔ گوشہ نشینی ؛ دنیوی تعلقات ترک کر کے گھر بیٹھ رہنا۔

خاور۔ مشرق ؛ پورب۔

خائف۔ خوف زدہ ؛ ترساں۔

خائن۔ بد دیانت ؛ بے ایمان ؛ دخل فصل کرنے والا۔

خبّاز۔ نانبائی ، نان پز۔

خبر و اخبار۔ مختلف اطلاعات کی فراہمی ، خبروں کا لین دین۔

خبرگیر۔ نگہبان ؛ محافظ۔

خبر لینا۔ (محاورہ) انتقام لینا ؛ وار کرنا۔

خبیث۔ گندہ ؛ ناپاک۔

خبثِ باطنی۔ بدباطنی ؛ شرارت۔

ختا سے چین میں اور ختن سے ماچین میں۔ (مراد) تمام دنیا ؛ پوری کائنات۔

خجالت۔ شرمندگی ، ندامت۔

خجالت زدہ۔ شرمندہ ؛ نادم

خجستہ بخت۔ خوش نصیب ؛ اقبال مند۔

خجستہ صفات۔ اچھی خوبیوں والا ؛ اچھی خصلت والا۔

خجل۔ شرمندہ ؛ نادم۔

خجلت زدہ۔ شرمندہ ؛ شرمسار۔

خدا آگاہ ہونا۔ (فقرہ) خدا کو علم ہونا۔

خدا ترسی۔ اللہ سے ڈرنا ؛ اللہ کا خوف کرنا۔

خداساز۔ قدرتی ؛ غیبی ؛ خدا کی طرف سے۔

خداشناسی۔ اللہ تعالیٰ کو پہچاننا ؛ نیکی۔

خدّام۔ (خادم کی جمع) خدمت گار ؛ نوکر۔

خدانخواستہ۔ مبادا ؛ ایسا نہ ہو۔

خدشہ۔ فکر ، اندیشہ۔

خدع۔ (خدعہ) فریب دینا ؛ دغا دینا۔

خدم و حشم۔ نوکر چاکر اور حوالی موالی (مجازاً) متعلقین ؛ لواحقین ؛ ماتحت۔

خَدَنگ۔ ایک قسم کا چھوٹا تیر؛ مطلق تیر۔

خَدَیو۔ مصر کے بادشاہ کا لقب؛ (مجازاً) مطلق بادشاہ۔

خِجْلَت وانْفِعَال۔ ندامت و شرمندگی۔

خَر۔ گدھا، حمار۔

خَرِ بے دم۔ بے وقوف؛ احمق۔

خَرّان۔ (خر کی جمع) گدھے۔

خَرابہ۔ ویرانہ؛ کھنڈر۔

خِراج۔ زمین کا محصول؛ باج۔

خِراماں خِراماں۔ آہستہ آہستہ چلتے ہوئے۔

خَرْبُوزَہ۔ (خرپوزہ) ایک بڑے خوشبودار شیریں پھل کا نام۔

خُرْجِین۔ جھولا؛ زنبیل؛ تھیلا جو جانور کی پیٹھ پر سامان رکھنے کے لیے باندھتے ہیں۔

خَرْچَنگ۔ ایک آبی کیڑا جو مینڈک سے چھوٹا اور مکڑی یا بچھو سے مشابہ ہوتا ہے، کیکڑا۔

خَرچہ۔ لاگت، صرف۔

خُرْداد۔ ایران کے شمسی مہینوں میں سے تیسرے مہینے کا نام۔

خُرْدسالی۔ کم سنی، بچپن، کم عمری۔

خُرْدسَنگ۔ چھوٹا پتھر۔

خَرْزَنگ۔ گدھے کے گلے میں بندھی گھنٹی۔

خِرْقَہ۔ درویشوں کا لباس، گدڑی۔

خَرنا مُشَخَّص۔ احمق؛ بے ہودہ؛ لاشی۔

خَرْخَشَہ۔ جھگڑا، بکھیڑا۔

خِرْس۔ ریچھ، بھالو۔

خِرْس پیشانی۔ ریچھ ایسی پیشانی والا (مراداً) کینہ پرور آدمی۔

خُرْطُوم۔ ہاتھی کی سونڈ۔

خُرَّم۔ (خورم) شاداب؛ سرسبز۔

خُرْمُہرَہ۔ کوڑی؛ گھونگا؛ سنکھ

خَرْقِ عادات۔ (کنایۃً) کرامات اولیا۔

خُرما۔ کھجور۔

خِرْمَن۔ کھلیان؛ انبار؛ غلہ کا ڈھیر جس سے بھوسا الگ نہ کیا گیا ہو۔

خُرُوج۔ شورش، فتنہ، بغاوت۔

خُرُوس۔ گھر کا پلا ہوا مرغ ؛ مرغ خانگی۔

خَرْوار۔ اتنا بوجھ جو ایک گدھا اٹھا سکے ؛ گدھے کا بوجھ۔

خَرِیدار۔ خواہاں ؛ طلب گار۔

خُرِیطَہ۔ تھیلی ؛ کیسہ۔

خَزانَہ عامِرَہ۔ بھرا ہوا خزانہ۔

خَزَائِن۔ (جمع خزانہ کی) وہ جگہ جہاں روپیہ پیسہ جمع رہے۔

خَزِینَہ۔ خزانہ۔

خَزِینَہ دار۔ افسر مال ؛ خزانچی۔

خَزِینہ داری۔ خزانے کی حفاظت کا عمل ؛ خزانے کی نگرانی کا فریضہ۔

خَس پوش۔ پھونس یا گھاس سے ڈھکا ہوا۔

خَس و خاشاک۔ کوڑا کرکٹ ؛ گھاس پھونس۔

خُسُر۔ سسر ؛ شوہر یا بیوی کا باپ۔

خُسْرانَہ۔ خسر کا گھرانہ ، سسرال۔

خُسُوف۔ چاند گرہن۔

خَشْخاش۔ پوست کے بیج ، پوست کا پودا۔

خَشْم۔ غصہ ؛ خفگی۔

خَشْم و کِین۔ غصہ اور دشمنی۔

خَشْمگِیں۔ غضبناک ، غصہ ور۔

خَشْمناک۔ غصہ سے بھرا ہوا۔

خُشُوع و خُضُوع۔ گڑگڑانا ؛ عاجزی ؛ فروتنی۔

خَصائِلِ جِبِلّی۔ پیدائشی یا فطری عادات۔

خَصْلَت۔ خو ؛ عادت۔

خَصْم۔ دشمن ، عدو۔

خُصُوص۔ خاص ہونا ؛ خصوصیت۔

خُصُومَت۔ جھگڑا ؛ فساد۔

خَطا بَخْش۔ گناہوں کو بخشنے والا ، مراد اللہ تعالیٰ۔

خَطائے فاش۔ بڑی غلطی ؛ کھلم کھلا یا ظاہری غلطی۔

خَطْ۔ عمودی لکیر جس میں صرف طول ہوتا ہے، عرض نہیں ؛ چٹھی ؛ تحریر ؛ چھب۔

خَطْ و خال۔ چہرہ مہرہ ؛ شکل و صورت کی ساخت۔

خُطْبَہ پڑھوانا (محاورہ)۔ کسی بادشاہ یا حاکم وقت کے نام کا خطبہ پڑھنے کے لیے حکم دینا۔

خَطِ اِسْتِوا۔ وہ عرض خط جو زمین کے بیچوں بیچ قطبوں سے برابر فاصلے پر مشرق سے مغرب کی طرف کھینچا ہوا مانا گیا ہے، اسے خط استوا اس لیے کہتے ہیں کہ جو مقامات اس پر واقع ہیں وہاں دن اور رات قریب قریب برابر ہوتے ہیں۔ آفتاب اس خط پر سے سال میں دو بار گزرتا ہے۔ اول ۲۱ مارچ کو اس روز دن رات برابر ہوتے ہیں۔ دوم ۲۲ ستمبر کو اس تاریخ کو بھی دن رات برابر ہوتے ہیں۔

خَطِ جَلی۔ معمولی اور مروجہ کتابت سے کسی قدر موٹی اور کشادہ لکھائی۔

خَطِ سُریانی۔ اس طرز تحریر میں جب الف ممدودہ کسی لفظ کے درمیان میں آتا تھا تو اس کو الگ نہیں لکھتے تھے مثلاً ظالمین کو ظلمین لکھتے تھے، خط کوفی نو اس خط سے بہت مشابہت ہے۔

خَطِ شُعاع۔ سورج کی کرنیں نیز وہ لکیر جو سورج کی کرنوں سے پیدا ہو۔

خَطِ مُستَقیم۔ دو نقطوں کے درمیان سیدھا خط۔

خِطَاب۔ کسی جماعت یا حکومت کی طرف سے عطا کردہ لقب یا تعریفی نام۔

خُطُور۔ کلبلانا؛ جی میں آنا۔

خَطِیر۔ بڑا؛ کثیر؛ بہت۔

خِفَّت۔ ذلت؛ شرم؛ خجالت۔

خَفا۔ ناخوش؛ برہم؛ ناراض۔

خُفْتَہ و بیدار۔ سوتا اور جاگتا ہوا۔

خَفْتان۔ سپاہیوں کا ایک قسم کا لبا جو بروز جنگ پہنتے ہیں۔

خَفِیف۔ شرمندہ؛ نادم۔

خُفْیَہ نَوِیس۔ جاسوس؛ مخبر۔

خَفِیفِ مَغْلُوبَہ۔ معمولی جھڑپ۔

خِلْعَت۔ کپڑا جو انعام میں بادشاہوں یا حکومتوں کی طرف سے دیا جائے۔

خِلْعَتِ شاہانہ۔ شاہی لباس۔

خِلْعَتِ فاخِرَہ۔ نہایت قیمتی پوشاک جو بادشاہوں کی طرف سے انعام یا عزت افزائی کے طور پر عطا ہو۔

خِلْعَتِ گراں بہا۔ بیش قیمت لباس۔

خَلَفُ الصِّدْق۔ فرماں بردار بیٹا؛ سعادت مند

فرزند۔

خِلقَت۔ سرشت؛ جبلت۔

خَلا۔ زمین کے اوپر کا وہ حصہ جہاں ہوا ختم ہو جاتی ہے۔

خَلاصی۔ نجات، چھٹکارا، رہائی۔

خِلاع۔ (خلعت کی جمع) عزت و وقار کا لباس۔

خَلاقی و رَزّاقی۔ پیدا کرنا اور رزق دینا۔

خِلال۔ دو چیزوں کے درمیان فرق یا فاصلہ۔

خَلَل۔ خرابی؛ بگاڑ۔

خَلائِق۔ (خلقت کی جمع) مخلوقات؛ تمام لوگ۔

خَلَل اَنداز۔ دخل دینے والا؛ مزاحم؛ مخل۔

خَلَل اَندازی۔ مداخلت، مزاحمت۔

خَلَلِ دِماغ۔ دیوانگی، سودا۔

خَلجان۔ تردد؛ فکر۔

خَلخال ہائے طلائی۔ سنہری پازیب، پیروں میں پہننے کا ایک زیور؛ گوجری۔

خَلق۔ پیدا کیا ہوا؛ مخلوق۔

خُلق و مُرَوَّت۔ خوش مزاجی اور پاس داری۔

خِلقی بُزدِلی۔ پیدائش بزدلی۔

خَلوَت۔ علاحدگی: تنہائی۔

خَلوتِ صحیح۔ (اصطلاح فقہ) میاں بیوی کا ہم بستری کے لیے ایسی جگہ اکٹھا ہونا جہاں کوئی اور نہ ہو۔

خَلوَت گاہ۔ تنہائی میں بیٹھنے کا مقام۔

خُلیج۔ کھاڑی، پانی کا وہ حصہ جو تین طرف خشکی سے محیط اور ایک طرف سمندر سے ملا ہوا ہو۔

خَم۔ جھکاؤ، خمیدگی۔

خُم کلاں۔ بڑا گھڑا؛ مٹکا۔

خُم و مَیخانہ۔ شراب خانہ اور اس کے لوازم۔

خُمار۔ نشہ اُترنے کی کیفیت۔

خُمارِ شِکنی۔ نشہ اُترنے کی تکلیف روکنے کے لیے پھر تھوڑی سی شراب پینا یا پلانا۔

خُمس۔ پانچواں حصہ۔

خَمسہ۔ وہ نظم جس میں پانچ پانچ مصرعوں کا ایک بند ہو۔

خُمول۔ گمنامی؛ گمنام ہونا۔

خَمیازہ۔ انگڑائی؛ غلبۂ خواب میں ہاتھوں کو اونچا کر کے بدن تاننا۔

خَمیر۔ سرشت؛ فطرت؛ مزاج۔

خَنازِیر۔ خنزیر (سؤر) کی جمع۔ گلے کی ایک بیماری جس میں گردن پر گلٹیاں نکل آتی ہیں۔

خُناق۔ گلے کے غدودوں کے متورم ہو جانے کی بیماری جس کی وجہ سے سانس لینے اور کھانے پینے میں تکلیف ہوتی ہے۔

خَنجَر۔ ایک مشہور ہتھیار؛ کٹار۔

خَنجَر آبدار۔ تیز خنجر؛ چمکدار خنجر۔

خُنجَر باز۔ خنجر چلانے کا ماہر۔

خَنجَر گُذار۔ خنجر چلانے والا؛ خنجر چلانے میں ماہر۔

خَندَق۔ کھائی؛ گڑھا۔

خَندَہ۔ ہنسی۔

خَندَہ پیشانی۔ ہنس مکھ؛ خوش مزاج۔

خَندَہ رَسا۔ جس پر ہنسی آئے۔

خَندَہ زَن۔ ہنستا ہوا؛ کسی کی ہنسی اڑانے والا؛ ہنسنے والا۔

خَندَہ کُناں۔ مسکراتے ہوئے۔

خِنزِیر۔ سؤر؛ خوک؛ بریلا۔

خِنگ۔ یک رنگ سفید گھوڑا۔

خُواب۔ سپنا؛ سونا؛ نیند۔

خُواب آلُود۔ نیند میں بھرا ہوا۔

خُوابِ خَرگُوش۔ خرگوش کی نیند؛ (مجازاً) گہری نیند؛ غفلت کی نیند؛ بے خبری؛ مدہوشی۔

خُواب گاہ۔ خلوت کدہ؛ آرام گاہ؛ سونے اور آرام کرنے کا کمرہ یا جگہ۔

خُواب و خُور۔ سونا اور کھانا پینا۔

خُواجہ سَرا۔ ہجڑا؛ مخنث۔

خَوارِج۔ وہ لوگ جو خلفائے راشدین میں سے حضرت علیؓ کو نہیں مانتے۔

خُواستگاری۔ طلب گاری؛ درخواست؛ رشتے کے خواہش مند۔

خُواستہ و ناخُواستہ۔ چاہے مرضی ہو یا نہ ہو؛ مجبوراً؛ چاروناچار۔

خُواص۔ خاصیت؛ تاثیر؛ اثر۔

خَواص و خَصائِل۔ کردار اور طبیعت کے بنیادی عناصر۔

خَواقِین۔ (خاقان کی جمع) قدیم زمانے میں چین اور ترکستان کے بادشاہوں کا لقب (مجازاً) سلطان ؛ بادشاہ۔

خُوان۔ سینی ، تھال ، طشت۔

خُوانْدَگی۔ پڑھنے یا پڑھے جانے کا عمل یا کیفیت۔

خُواہاں۔ چاہنے والا ؛ طلب گار ؛ آرزو مند۔

خُواہَر۔ بہن ؛ ہمشیرہ۔

خواہَرزادی۔ بھانجی۔

خُواہَر خطابی۔ منہ بولی بہن۔

خُواہَرِ رَضاعی۔ دودھ شریک بہن۔

خُواہَرِ کَلاں۔ بڑی بہن ؛ بڑی ہمشیرہ۔

خُواہ مَخُواہ۔ مجبوری سے ؛ ناچار ؛ طوعاً و کرہاً۔

خُواہ نَخُواہی۔ خواہ مخواہ ؛ مجبوری سے۔

خُواہی نَخُواہی۔ مجبوری سے ؛ لاچاری سے۔

خُوبانِ رُوزگار۔ حسینانِ عالم۔

خُوْد۔ لوہے کی گول ٹوپی ، آہنی سرپوش۔

خُوْد بَدَولَت۔ آپ ؛ حضور ؛ عالی جناب ؛ محترم۔

خُوْد پَرَستی۔ اپنے کو پوجنا ؛ خودنگری ؛ خودشناسی۔

خُوْدداری۔ عزتِ نفس کا پاس ؛ احساسِ ذات۔

خُوْدرَو۔ قدرتی طور پر اگنے والا / والی۔

خُوْرداد۔ تیسرے شمسی مہینے کا نام جو اساڑھ کے مقابل ہے۔

خُورشِیْد طَلْعَت۔ حسین و جمیل ؛ چمکتے ہوئے روپ والا مراد حسین۔

خُودرَفتَہ۔ بے خود ؛ بے خبر۔

خُودرَفتَگی۔ بے خودی ؛ بے خبری۔

خُودسَری۔ سرکشی ؛ خودرائی۔

خُودشَناسی۔ اپنے کو پہچاننے کا عمل ؛ خودآگاہی۔

خُود فَرامُوش۔ اپنے آپ سے بے خبر ؛ اپنی حالت سے ناواقف۔

خُور و خُواب۔ (مجازاً) ساز و سامانِ معیشت ؛ زندگی کے ضروری کام۔

خُورْدَنی۔ کھانے کے لائق ؛ کھایا جانے والا۔

خُورسَنْد۔ خوش و خرم ؛ مسرور ؛ بشاش۔

خَورِنْدَہ۔ کھانے والا ؛ پینے والا۔

خَوَرْنَق۔ ایک محل جو نعمان بن منذر نے بہرام کے لیے بابل میں بنوایا تھا ؛ (کنایۃً) عالی شان محل ؛ قصر ؛ ایوان۔

خُورونُوش۔ (خوردونوش) کھانا پینا ؛ دانہ پانی ؛ اکل و شرب۔

خُوش آمدی۔ مرحبا کہنا ؛ خوشی اور تپاک کے ساتھ کسی کا استقبال کرنا۔

خُوشتَر۔ بہت اچھا۔

خُوش جَامہ۔ خوش پوشاک ؛ خوش لباس ؛ صاف اور عمدہ لباس پہننے والا۔

خُوش جَمَال۔ حسین و جمیل ؛ خوبصورت۔

خُوش دَامَن۔ ساس۔

خُوش طَبعی۔ ظرافت ؛ دل لگی۔

خُوش فِعْلی۔ ہنسی مذاق ؛ چھیڑ چھاڑ۔

خُوش قَامَت۔ خوش اندام ؛ موزوں قامت۔

خُوش قَطْع۔ سڈول ؛ اچھی شکل والا۔

خُوش گَپ۔ چرب زبان ؛ خوش گفتار۔

خُوش گَپّی۔ وہ گفتگو جو تفریحاً یا دل بہلانے کے لیے کی جائے ؛ وقت گزاری۔

خُوشْنُودی۔ رضامندی ؛ خوشی۔

خُوگَر۔ عادی ؛ جس کو کسی بات کی عادت پڑی ہوئی ہو۔

خُوشَۂ گَنْدُم۔ اناج کی بالی ؛ گچھا۔

خِویش و اَقْرِبا۔ قریبی رشتہ دار ؛ عزیز و اقارب۔

خِویش و بیگانہ۔ اپنے پرائے ؛ دوست دشمن۔

خُوک۔ سؤر ؛ بریلا۔

خُونبار۔ لہو برسانے والا۔

خُونریز۔ خون گرانے والا۔

خُوں رِیزی۔ لہو گرانا۔

خُونِ کَبُوتَر۔ کبوتر کے خون جیسی ؛ شراب سرخ ؛ نہایت سرخ۔

خِیَار۔ کھیرا ؛ ککڑی۔

خیارِ تر۔ تازہ ککڑی یا کھیرا۔

خَیّاط۔ درزی؛ کپڑے سینے والا۔

خِیَام۔ (خیمہ کی جمع) تنبو؛ ڈیرا۔

خیامِ مَرفُوعات۔ بلند و بالا خیمے؛ شان و شوکت والے خیمے۔

خیامِ مخملی۔ مخملی خیمہ؛ آرام دہ خیمہ۔

خیانت۔ بے ایمانی، بد دیانتی۔

خَیر اَندیش۔ خیر خواہ؛ وہ شخص جو کسی کی بھلائی چاہتا رہے۔

خَیرات۔ بھیک، صدقہ۔

خَیرُالبَشَر۔ انسانوں میں بہترین؛ افضل الناس؛ مراد: آنحضرت ﷺ۔

خَیر سِگالی۔ خیر خواہی؛ ہمدردی؛ خیر اندیشی۔

خِیرَہ۔ نگاہ حیران؛ حیرت زدہ؛ چکاچوند میں مبتلا۔

خِیرَہ چَشم۔ چندھیایا ہوا؛ شوخ چشم۔

خَیرَہ سَر۔ بےباک؛ گستاخ؛ خودسر؛ سرکش۔

خَیز۔ چھلانگ؛ اچھل کود۔

خیزا خیز۔ تیزی کے ساتھ؛ جلدی سے؛ جھپا جھپ۔

خَیل خَیل۔ گروہ در گروہ؛ فوج در فوج؛ جوق در جوق۔

خَیمۂ بے چُوبہ۔ بغیر چوب کا خیمہ، بے کیل خیمہ۔

خَیمہ زَن۔ خیمہ لگانے والا (مجازاً) فروکش ہونے والا، قیام پذیر۔

خَیمہ و خَرگاہ۔ خیمے اور ان کا پورا ساز و سامان۔

د

دَآبّۃُ البَلا۔ سختی اٹھانے والا ؛ مصیبت جھیلنے/برداشت کرنے والا۔

دَاد۔ انصاف ؛ عدل۔

دَادِ بیداد۔ فریاد۔

دَادگَر۔ عادل ؛ منصف مراد اللہ تعالیٰ۔

دَادودَہِش۔ (دادِ دہش) فیاضی ، شاہ خرچی۔

دَار۔ سولی ؛ پھانسی ؛ مجرم کی جان لینے کی میخ کی طرح گاڑی ہوئی نوک دار لکڑی۔

دارُ الاِمارَت۔ پایۂ تخت ؛ شاہی محل۔

دَارُ البَوار۔ جہنم ؛ دوزخ۔

دَارُ الخِلَافَہ۔ پایۂ تخت ، راج دھانی۔

دَارِ شَمشاد۔ ایک لوہے کا کانٹے دار ہتھیار۔

دَارُ الغُرُور۔ (کنایۃً) دنیا ؛ غرور کا گھر۔

دَارُ المُلک۔ راج دھانی ؛ پایۂ تخت۔

دَارُ النَّکبَت۔ افلاس کا گھر ؛ غریب کا گھر۔

دَارُوغَگی۔ داروغہ کا عہدہ یا کام۔

دَارُوغَہ۔ تھانیدار ؛ نگراں کار۔

دَارُوغَہِ مَحبَس۔ قید خانہ کا نگران ؛ قید خانہ کا محافظ۔

دَارُوگِیر۔ پکڑ دھکڑ ، مواخذہ ، پرسش۔

دَارُو۔ شراب۔

دَارَین۔ دونوں جہان ؛ دنیا اور عقبیٰ۔

دَاستان۔ قصہ ؛ کہانی ؛ طویل قصہ۔

دَاعِی۔ بلانے والا ؛ دعوت دینے والا ؛ دعاگو۔

دَاعِیِ اَجَل۔ موت کی طرف بلانے والا ؛ یعنی موت کا فرشتہ۔

دَاعِیَہ۔ اجارہ ؛ زور ؛ دعویٰ۔

دَاغ۔ رنج ؛ غم۔

دَام۔ جال ؛ پھندا۔

دَامے دِرَمے۔ حسب توفیق چندہ یا امداد دے کر۔

دَامِ اَجَل۔ موت کا جال ؛ موت کا پھندا یعنی موت۔

دَامِ اِقْبَالُہٗ۔ اس کا اقبال ہمیشہ رہے۔

دَامِ تَزْوِیْر۔ فریب کا پھندا یا جال؛ مکر؛ فریب۔

دَامِ زُلْف۔ زلف کا پھندا یا جال، فریفتگی۔

دَامِ مَکْر۔ فریب کا جال؛ مکر فریب۔

دَامَنْ۔ قمیض یا قبا کا نیچے لٹکنے والا حصہ۔

دَامَنْ بَنْدِی۔ شادی؛ بیاہ۔

دَام گِرِفْتَہ۔ گریزاں؛ کسی کو اپنی طرف متوجہ کرنے والا؛ کسی سے فریاد کرنے والا۔

دَامَنْ گَرْداں۔ گھومنے والا۔

دَامَنْ گِیر۔ مستغیث؛ حمایت چاہنے والا۔

دَامَنَہ۔ دامن۔

دَانِش و بِیْنِش۔ جاننا اور دیکھنا؛ سوجھ بوجھ۔

دَانِشْمَنْد۔ عقل مند؛ ہوشیار۔

دَانِشْمَنْدِی۔ دانائی؛ ہوشیاری۔

دَانَہ اَرْزَن۔ چینا کا دانہ: ایک قسم کا چھوٹے غلہ کا دانہ۔

دَانَہ چِیْنِی۔ دانہ چننا؛ دانہ چگنا۔

دَانَہ وکَاہ۔ دانہ دنکا؛ دانہ اور سوکھی گھاس۔

دَاوَرِ حَقِیْقِی۔ حاکم اعلیٰ مراد اللہ تعالیٰ۔

دَائِرَہ۔ چکر، حلقہ۔

دَایَہ۔ دائی؛ انا؛ کھلانے والی۔

دَائِمُ الْاَوْقَات۔ مستقل؛ مسلسل؛ کوئی کام ہمیشہ کرنے والا۔

دَبْدَبَہ۔ رعب وداب؛ شان و شوکت۔

دُبْرَان۔ برج ثور کا ایک ستارہ جو عمر کی چوتھی منزل ہے اور ثریا کا آخری ستارہ ہے۔

دَبِیْر۔ معتمد خاص؛ سیکرٹری؛ سکتر۔

دَجَّال۔ مذہبی روایت کے مطابق قیامت سے پہلے آنے والا ایک کانا شخص جس کو حضرت عیسیٰ ہلاک کریں گے۔

دُخْت۔ بیٹی، لڑکی۔

دُخْتَر۔ بیٹی؛ لڑکی۔

دُخْتَرِ خَوانْدَہ۔ منہ بولی بیٹی۔

دُخْتَر زَادَہ۔ بھانجا۔

دَخْمَہ۔ پارسیوں کا مردے خانہ۔

دَخیل۔ دخل دینے والا ؛ متصرف۔

دَرْبار۔ کچہری ؛ بادشاہی۔

دَرْبارَہ۔ بابت ؛ بارے میں۔

دَرْبان۔ چوکیدار ؛ پہرہ دار۔

دَرْبَر۔ پہنے ہوئے۔

دَرْپے۔ تعاقب میں ؛ پیچھے ؛ گھات میں۔

دَرْپیش۔ سامنے ؛ روبرو۔

دُرِ شَہْوار۔ بادشاہوں کے قابل موتی ؛ بہت بڑا موتی۔

دَرَجۂ عُلْیا۔ اعلیٰ منصب ؛ اونچا عہدہ۔

دَرْحالیکہ۔ یہ لحاظ کر کے ؛ موجودہ حالت میں ؛ اس حال میں۔

دَرِ دَولَت۔ بادشاہ یا رئیس کا مکان۔

دُرَخْشاں۔ چمکتا ہوا ؛ تاباں ؛ روشن۔

دَرْدِزِہ۔ بچہ پیدا ہونے کا درد ؛ وہ تکلیف جو حاملہ کو بچے کی پیدائش سے کچھ دیر پہلے ہوتی ہے۔

دُرْدِ شراب۔ شراب کی تلچھٹ ؛ گاد۔

دُرُشْت۔ سخت ؛ کھردرا۔

دَرْکِ اَسْفَل۔ دوزخ کا نچلا حصہ۔

دَرْکار۔ ضروری ؛ مطلوب۔

دَرْگُذَر۔ معافی ؛ چشم پوشی۔

دُرّیِ دانِش۔ روشن حکمت ؛ واضح دانائی۔

دَراز۔ طویل ؛ لمبا۔

دَراز قَد۔ لمبے قد والا ؛ طویل القامت ؛ قد آور۔

دَرْآمد۔ وہ مال جو باہر سے ملک میں آئے ، آمدنی۔

دَرْآنا۔ (محاورہ) اندر آنا ؛ داخل ہونا۔

دُرّاج۔ تیتر۔

دَرْدِسَر۔ (کنایتہً) رنج ؛ محنت ؛ بکھیڑا۔

دَرْماں۔ بیمار کا علاج ؛ چارہ ؛ دوا دارو۔

دَرْماندَہ۔ عاجز ؛ بے کس ؛ مجبور۔

دَرْماندگی۔ عاجزی ؛ بے بسی۔

دِرَم۔ بعض عرب ملکوں کے سکے کا نام۔

دَرِنْدَہ۔ پھاڑ کھانے والا جانور۔

دَرْوَیش۔ مسکین ؛ غریب۔

دَرْیافت۔ تحقیق ؛ پتا چلنا یا چلانا۔

دُرِ یَکتَا۔ بیش قیمت گوہر۔

دُرِ یَتیم۔ بڑا آب دار موتی؛ بیش بہا موتی۔

دَرَنگ۔ دیر؛ وقفہ۔

دَرُوغ۔ جھوٹ؛ بہتان۔

دَرُوغ بَیانی۔ جھوٹ بولنا۔

دَرُوغ گُو۔ جھوٹا؛ کاذب۔

دُرَّہ۔ دو پہاڑوں کے درمیان کا راستہ؛ گھاٹی۔

دَرہَم۔ تتر بتر؛ اُلٹ پلٹ؛ تہ وبالا۔

دَریائے شُور۔ کالا پانی؛ سمندر۔

دَرِیچَہ۔ کھڑکی؛ چھوٹا دروازہ۔

دَرِیدَہ دَہاں۔ منہ پھٹ؛ زبان دراز؛ بد زبان۔

دَرِیغ۔ خلل؛ تامل۔

دَرِیغ صَد ہَزار دَرِیغ۔ افسوس صد ہزار افسوس۔

دَرْیُوزَہ گَر۔ بھکاری؛ گدا۔

دَرْیُوزَہ گَری۔ بھیک مانگنا؛ گدائی۔

دَریاچَہ۔ جھیل۔

دَرِینوَلا۔ (دریں ولا) اس دوران میں؛ اسی تسلسل میں۔

دُزْد۔ چور؛ سارق۔

دُزدانِ یک چشمی۔ کانے چور۔

دُزدِی۔ چوری؛ سرقہ۔

دُزدِیدَہ نِگاہ۔ کن انکھیوں سے دیکھنا۔

دَستار۔ پگڑی؛ عمامہ؛ سرپیچ۔

دَستاوِیز۔ (دست آویز) کسی چیز کا تحریری ثبوت؛ تمسک، قبالہ۔

دَستَر۔ دستر خوان۔

دَست آلُود۔ بہرہ یاب۔

دَست آمُوز۔ ہلایا ہوا؛ پالتو۔

دَست اَندازی۔ دخل دینا؛ ہاتھ مارنا۔

دَست بَہ دَست۔ ہاتھوں ہاتھ؛ جلد۔

دَست وبَغَل ہونا۔ (محاورہ) بغل گیر ہونا۔

دَستبُرد۔ لوٹ مار، لوٹ کھسوٹ۔

دَست بَردار۔ چھوڑنے والا؛ باز آنے والا۔

دَست بَستہ۔ ہاتھ باندھ کر؛ منت کر کے۔

دَست درازِی۔ مدخلت بے جا؛ زیادتی۔

دَسترَس۔ رسائی، پہنچ۔

دَستبُرد۔ غلبہ؛ لوٹ مار۔

دَست اَز جَاں شستہ۔ جان سے ہاتھ دھو بیٹھنا۔

دَست بَرداری۔ بر طرفی؛ چھوڑ دینا۔

دَست بُوس ہونا۔ (محاورہ) ہاتھ چومنا۔

دَست بَیع۔ ہاتھ سودا؛ ہاتھ کے ہاتھ خرید و فروخت۔

دَست وپازَدہ۔ چلتا ہوا؛ حرکت کرتا ہوا۔

دَست بَہ دامَن زَدہ۔ فریادی؛ کسی سے پناہ مانگنے والا۔

دَستَار خُوان۔ دستر خوان؛ کھانا کھانے کے لیے بچھایا جانے والا کپڑا۔

دَست چَپ۔ بایاں ہاتھ؛ اُلٹا ہاتھ۔

دَست رَاشت۔ سیدھا ہاتھ (کنایۃً) حامی؛ مددگار۔

دَستِ شَفقَت۔ (کنایۃً) مہربانی؛ شفقت۔

دَست شُوئی۔ ہاتھ دھونا؛ ہاتھ دھونے کی جگہ۔

دَستِ کَرَم۔ مہربانی کا ہاتھ؛ عطا کرنے والا ہاتھ۔

دَست کَش۔ الگ ہو جانا؛ ہاتھ کھینچنے والا۔

دَستگاہ۔ قدرت؛ مہارت۔

دَستگاہِ کامِل۔ پوری قدرت؛ پوری مہارت۔

دَست وگَرِیباں۔ گتھم گتھا؛ غت پٹ۔

دَست و گَرِیباں ہَونا۔ (محاورہ) نہایت قریب ہونا؛ ہاتھا پائی کرنا؛ چمٹ جانا۔

دَست و گُلوبَستہ۔ جس کے ہاتھ اور گردن بندھے ہوئے ہوں؛ جکڑا ہوا؛ مجبور؛ بے بس۔

دَستگیِر۔ مددگار، معاون۔

دَست لِباس۔ رومال؛ ہاتھ پونچھنے کا کپڑا۔

دَست مالی۔ لمس؛ ہاتھ لگانا؛ رگڑنا۔

دَستِ نگارِیں۔ رنگین ہاتھ؛ محبوب کا ہاتھ۔

دَستک۔ہاتھ پر ہاتھ مارنا ؛ دروازہ کھٹکھٹانا۔

دَستُور دَان۔ زمانے کی روش پہچاننے والا ، حالات وواقعات کو سمجھنے والا۔

دَستُورالعَمَل۔ قانون ؛ قاعدہ۔

دَشت۔ صحرا ، جنگل ، بیابان۔

دَشتِ رِیگِ رَواں۔ چلتی ریت کا صحرا۔

دَشتِ تَبچاق۔ تاتار میں ایک صحرا ؛ ترکستان میں ایک جنگل جہاں کے رہنے والے تبچاقی ترک کہلاتے ہیں۔

دَشت نوَردِی۔بادیہ پیمائی ؛ جنگل میں مارا مارا پھرنا۔

دُشمَن۔ مخالف ، بدخواہ۔

دُشنَام۔گالی گلوچ ؛بدکلامی۔

دُشنَام دَہی۔گالیاں بکنا ؛برا بھلا کہنا۔

دُشنامِ مُغَلَّظ۔ نہایت بری گالی ؛ انتہا درجہ کی بدکلامی۔

دَشت مِینُو سَرِشت۔ جنت نظیر جنگل ، حسین بیابان ؛ خوبصورت صحرا۔

دُعاو ثنا۔ حمد ونعت ؛ ثنا وصفت ؛ اللہ سے طلب یا خواہش کا عاجزانہ اظہار۔

دُعَائے سَیفِی۔ کسی دشمن کے دفعہ کے واسطے خاص ترکیب سے پڑھا جانے والا اسم جلالی ؛ ایک جلالی دعا کا نام۔

دُعَائے عَہدِیَلہ۔ ایک خاص دعا جو مرنے والے کے سرہانے پڑھی جاتی ہے تاکہ شیاطین وغیرہ اس کے قریب نہ آئیں۔

دُعَائے مَاثُورَہ۔احادیثی دعائیں ؛ حدیثی دعا۔

دَعوَت۔ کسی عمل کو تعداد معینہ کے مطابق پڑھنا۔

دَغَا۔دھوکا ؛ فریب۔

دَغَابَاز۔ مکار ؛ فریبی۔

دَف۔ ڈفلی ؛ ایک چھوٹی ڈھول جو ایک طرف کھال سے منڈھا ہوتا ہے اور اسے ہاتھ سے بجاتے ہیں۔

دَفَائِن۔ (دفینہ کی جمع) گڑا ہوا خزانہ ؛ چھپا ہوا خزانہ۔

دَفتَر۔کاپی ، رجسٹر۔

دَفتَرِ عِبرَت۔ (مراداً) عبرت کے لیے حساب کتاب۔

دفع۔ دور کرنا ؛ ہٹانا ؛ پرے کرنا۔

دَفعِیَہ۔ علاج ، تدبیر ، روک۔

دَفن۔ گاڑنا ، تجہیز و تکفین۔

دِق۔ ایک بیماری جو پھیپھڑوں کے خراب ہونے سے لگ جاتی ہے ؛ تنگ ؛ ناراض ؛ آزردہ۔

دَقایِق۔ (دقیقہ کی جمع) باریکی ، مشکل۔

دَقِیق۔ کٹھن ، مشکل۔

دَقِیقَہ۔ منٹ ؛ پل ، خفیف معاملہ۔

دِگرگُوں۔ اُلٹا ؛ سرنگوں۔

دِل آویز۔ مرغوب ؛ دل لبھانے والی چیز۔

دِلِ بِریاں۔ بھنا / جلا ہوا دل ؛ سوختہ۔

دِل بھر آنا۔ (محاورہ) دل امنڈ آنا ؛ رونے کے قریب ہونا۔

دِلبَری۔ معشوقی ، محبوبی۔

دِل بَستَگی۔ دل کا علاقہ۔

دِلْ جَمعی۔ اطمینان ؛ بے فکری ؛ تسلی۔

دِلْ خُون ہونا۔ (محاورہ) غم اور غصے میں مبتلا ہونا ؛ سخت رنجیدہ ہونا۔

دِلجُوئی۔ دلداری ؛ تسلی ؛ تالیف قلب۔

دِلداری۔ تسکین ، ہمدردی ، تشفی۔

دِلدادَہ۔ دل دیا ہوا ؛ عاشق۔

دِلدہی۔ ڈھارس ؛ تسلی ؛ عاشقی۔

دِل دُوز۔ دل میں گھس جانے والا۔

دِلرُبائی۔ محبوبی ؛ معشوقی۔

دِل شَب۔ آدھی رات ؛ نصف شب۔

دِلکَش۔ مرغوب ؛ دل کھینچنے والا۔

دِلکُشا۔ دل کھولنے والا ؛ (مراداً) خوبصورت ؛ حسین۔

دِلْ سُوز۔ دردانگیز ؛ دل گداز ؛ رقت انگیز۔

دِلْ صَاف نَہ ہُونا۔ ملال دور نہ ہونا ؛ کدورت رفع نہ ہونا۔

دِلفِگار۔ جس کا دل زخمی ہو ؛ غمگین ؛ محزون۔

دَلِیل۔ حجت ؛ وجہ ؛ ثبوت۔

دِلاَسا۔ تسلی ؛ تسکین۔

دَلالَت۔ ثبوت ؛ دلیل۔

دِلاوَر۔ بہادر؛ سورما؛ شجاع۔

دِلاوَری۔ بہادری؛ جواں مردی؛ شجاعت۔

دَلو۔ آسمان کا گیارھواں برج؛ ڈول۔

دَلّالَہ۔ کٹنی (عورت)

دَمبَدَم۔ گھڑی گھڑی؛ ہر وقت۔

دَم خَمُود۔ خاموش؛ ساکت؛ چپ۔

دَم دَینا۔ (محاورہ) بھکانا، دھوکا دینا۔

دُم۔ پونچھ؛ دنبالہ۔

دُم بَرداشتَہ۔ دم اٹھایا ہوا۔

دَمدَمَہ۔ مورچہ؛ مصنوعی قلعہ۔

دَم زَدَن۔ دم مارنا؛ سانس لینا؛ کچھ کہنا۔

دَمسَاز۔ دوست، موافق۔

دَم کَرنا۔ (محاورہ) کوئی منتر یا دعا پڑھ کر پھونکنا۔

دَم مَیں آنا۔ (محاورہ) دھوکا کھانا۔

دَم نَہ لَینا۔ آرام نہ کرنا، خاموش نہ ہونا؛ بے چین و مضطرب ہونا۔

دَم نَہ مارنا۔ (محاورہ) کچھ نہ کہنا؛ خاموش رہنا؛ اُف نہ کرنا۔

دِمَاغ سُوزی۔ دماغی محنت۔

دُمَوِی مِزاج۔ وہ شخص جس میں خون کی خلط غالب ہو۔

دُنبالَہ دار۔ دم دار؛ جس کی دم سی نکلی ہو۔

دَندان۔ دانت؛ بتیسی۔

دَندان مِسّی آلُود۔ مسی لگے ہوئے دانت۔

دَنگَل۔ اکھاڑا؛ میدان۔

دُنیاوَمافِیھَا۔ دنیا اور جو کچھ اس میں ہے۔

دَوادَوِش۔ دوڑ دھوپ، کوشش۔

دَوات۔ روشنائی رکھنے کا برتن۔

دُوچَند۔ دونا، دگنا۔

دُوراہَہ۔ (دوراہا) دو راستوں کے ملنے کی جگہ۔ راستے کی دو شاخیں پھوٹنے کی جگہ۔

دَوائی۔ دوا، علاج و معالجہ۔

دَوازدَہ۔ بارہ، دس اور دو کا مجموعہ۔

دَوازدَہ رُوزَہ۔ بارہ روزہ۔

دَوازدَہ سالَہ۔ بارہ سالہ۔

دَوام۔ ہمیشہ ؛ مدام۔

دَوَاں و خِیزَاں۔ دوڑتا بھاگتا ہوا ؛ حیران و سرگردان۔

دَواں وگُرِیزَاں۔ دوڑتا بھاگتا ہوا۔

دُو آتِشَہ۔ شراب یا عرق جو دو دفعہ آگ پر رکھ کر کھینچا گیا ہو ؛ تند ؛ تیز۔

دُوبَدُو۔ آمنے سامنے ؛ مقابل۔

دُوپارَہ۔ دو ٹکڑے ؛ دو ٹوک ؛ پھٹا ہوا ؛ ٹکڑے ٹکڑے۔

دُوشَاخَہ۔ دو شاخوں کی لکڑی۔

دُوج۔ ہر پاکھ کی دوسری تاریخ۔

دُوخت۔ سلائی ؛ خیاطی۔

دُود۔ دھواں۔

دُوگَانَہ۔ نماز کی دو رکعتیں ؛ نماز دوگانہ۔

دُودِ غَلِیظ۔ گہرا دھواں ؛ گہرا غبار۔

دُودمَان۔ خاندان ؛ قبیلہ۔

دُودمَانِ ذِی شان۔ شان و شوکت والا خاندان ؛ بلند مرتبہ قبیلہ۔

دودمانی۔ خاندانی۔

دَورَانِ سَر۔ سر گھومنا ؛ سر چکرانا ؛ سر کا چکر۔

دُور بَاش۔ بادشاہ کی سواری کے آگے چلنے کا دوشاخہ۔

دُوربِین۔ دور اندیش ؛ فاصلہ کی چیز دیکھنے والے۔

دَورِہِ زُہرَہ۔ زہرہ کا دور یعنی مبارک وقت۔

دُوستدار۔ خیر خواہ ؛ دل سوز۔

دُوش۔ کاندھا ؛ مونڈھا۔

دُوش بہ دُوش۔ کاندھے سے کاندھا ملا کر ؛ (کنایۃً) اتفاق کے ساتھ ؛ شرکت میں۔

دُوشِینَہ۔ گزشتہ شب کا۔

دُوردَم اُشتُر۔ لمبا سفر کرنے والا اونٹ ؛ طویل مسافت طے کرنے والا اونٹ۔

دُوغ۔ چھاچھ ، لسی ، مٹھا۔

دُولَخت۔ دو ٹکڑے ؛ پارہ پارہ۔

دُولاب۔ چرخ ؛ رہٹ۔

دَولَت خَانَہ۔ محل سرا ؛ دوسرے کا گھر (تعظیماً)۔

دَولَت خُواہ۔ حکومت کا حامی؛ حکومت کا خیر خواہ۔

دَوْلَت خُواہی۔ حکومت کی بھلائی؛ حکومت کی حمایت۔

دَوِنْدَہ۔ دوڑنے والا۔

دُونِیم۔ دو ٹکڑے؛ الگ الگ۔

دُوْہَڑہ۔ دوپد (مصرعوں) اور چار حصوں پر مبنی ۴۸ ماترا کا بیت، یہ صنف سخن ہندی سے اردو میں آئی۔

دِہْ۔ گاؤں؛ قریہ۔

دَہَان۔ دہن، منھ۔

دَہاقِین۔ (دہقان کی جمع) گنوار؛ اجڈ۔

دَہ چَنْد۔ دس گناہ؛ دس حصے۔

دَہڑاکا۔ دھماکا؛ زور کی آواز۔

دَہْشَت۔ ڈر؛ خوف؛ سراسیمگی۔

دَہْقان۔ کسان؛ کاشت کار؛ ان پڑھ؛ سادہ۔

دَہْقانی۔ گنوار؛ اجڈ؛ دیہاتی۔

دُہُلِ کُہنَہ وَشِکَستَہ۔ پرانا ٹوٹا / پھٹا ہوا ڈھول۔

دُہُل نَواز۔ ڈھول بجانے والا۔

دَہَمّال۔ قلندروں کا رقص۔

دَہَن۔ منھ۔

دَہْنَہ۔ سوراخ؛ روزن؛ چھید۔

دہ یک۔ دسواں حصہ؛ ایک قدیم محصول۔

دِیَار۔ (مجازاً) ملک؛ شہر؛ علاقہ۔

دِیبائے چِینی۔ (مجازاً) جنگل کے خوبصورت بیل بوٹے۔

دَیجُور۔ اندھیری رات؛ اندھیرا۔

دِیدار۔ جلوہ؛ نظارہ؛ صورت۔

دِیدارُو۔ شکیل؛ وجیہہ؛ صورت شکل کا اچھا۔

دِیدَۂ پُرآب۔ آنسو سے بھری ہوئی آنکھ۔

دِیدَہ دانِستَہ۔ قصداً؛ جان بوجھ کر۔

دِیدَۂ گِریاں۔ روتی ہوئی آنکھ؛ آنسو بہانے والی آنکھ۔

دِی شَب۔ گزشتہ کل کی رات۔

دِیگ۔ کھانا پکانے کا بڑا سا ظرف۔

دِیگ دان۔ چولھا۔

دِیرُوزَہ۔ کل والا۔

دِینِ مُبِین۔ (مراداً) اسلام۔

دِینَار۔ ملک عرب کا ایک سکہ۔

دِینَارِ سُرخ۔ اشرفی؛ سونے کا سکہ۔

دِینَار نُقرَئی۔ چاندی کا سکہ، روپیہ۔

دِیوان۔ بادشاہوں کی نشست گاہ۔

دِیوان خَاص۔ دربار خاص؛ شاہی خلوت خانہ۔

دِیوان خَانَہ۔ ملاقات کا کمرہ، بیٹھک۔

دِیوانِ عَام۔ دربار عام؛ بردلنہ نشست گاہ۔

دِیوَانی۔ پگلی؛ سڑن؛ باؤلی؛ خبطی۔

دِیوَانگی۔ پاگل پن؛ جنون۔

دَیُّوث۔ بھڑوا؛ قلتبان۔

دَیُّوثی۔ بھڑواپن۔

دَیہات۔ (دیہ کی جمع) گاؤں؛ کھیڑا۔

دِیہِیم۔ تاج؛ شاہی تاج۔

دھوبی۔ کپڑے دھونے والا۔

دَھول۔ تھپڑ؛ دھپ؛ چانٹا۔

ڈ

ڈُبُوسَہ۔ جہاز میں کپتان اور اس کے گھر والوں کے رہنے کا کمرہ، اسے دبوس بھی کہتے ہیں۔

ذ

ذُرِّیَات۔ (جمع ذریت کی) نسل؛ بال بچے؛ آل اولاد؛ پودھ۔

ذُکُور۔ (ذکر کی جمع) نر؛ مرد؛ لوگ۔

ذُکُور واُنَاث۔ مرد اور عورتیں۔

ذِلَّت۔ خواری؛ گناہ۔

ذَمَائِم۔ (جمع ذمیمہ کی) بری چیز؛ خرابی۔

ذُوجَہَت۔ سمت رکھنے والا۔

ذُوفُنُون۔ ہر فن مولا۔

ذُوالجَلَال۔ بزرگی اور عظمت والا؛ اللہ تعالیٰ۔

ذُوالاِحتِشَام۔ شان و شوکت والا؛ صاحب عزت۔

ذُوی الاِقتِدَار۔ اختیار و طاقت رکھنے والا؛ اعلیٰ مرتبت۔

ذِی جَاہ۔ صاحب جاہ۔

ذِی الحِجَّہ۔ بارھواں اسلامی قمری مہینہ؛ ذی حجہ۔

ذِی حَق۔ حق والا۔

ذِی حَیات۔ جاندار۔

ذِی رُوح۔ روح والا۔

ذِی شَان۔ شان والا؛ صاحب شان و شوکت۔

ذِی عِزّت۔ عزت والا۔

ذِی ہُوش۔ ہوش والا۔

ذَیل۔ علاقہ؛ حلقہ (مراداً) گروہ۔

ر

رَات بھَارِی ہَونا۔ (محاورہ) رات کا مشکل سے کٹنا؛ تکلیف اور مصیبت کی رات ہونا۔

رَاتِب۔ معمول کے مطابق گھوڑے کا دانہ۔ روزانہ کی مقررہ خوراک۔

رَاح۔ شراب۔

رَاحَت۔ آسائش؛ آرام۔

رَازدَار۔ بھیدی؛ راز جاننے والا۔

رَازِ سَر بَستَہ۔ چھپا ہوا بھید۔

رَاز و نیَاز۔ لطف و محبت کے رمز و کنائے۔

رَاسُ الجَدِی۔ جس نقطے پر سورج کے پہنچنے سے جاڑا شروع ہو جاتا ہے۔

رَاسُ الشّیَاطِین۔ شیاطین کا سردار؛ نہایت شریر۔

رَاشت۔ سیدھا؛ درست؛ ٹھیک۔

رَاشت رَاشت۔ ٹھیک ٹھیک؛ سچ سچ۔

رَاشت قَد تعظیم۔ سرو قد ہو کر استقبال

کرنا ؛ سیدھا کھڑا ہو کر تعظیم کرنا۔

رَاشت گو۔ سچا ؛ دیانت دار۔

رَاشتی۔ سچائی ؛ دیانت داری۔

رَاشت وچپ۔ سیدھا اور الٹا۔

رَاسخ العَقیدَہ۔ پختہ عقیدے والا۔

رَاضی بَرَضا۔ رضا۔ خدا کے حکم پر رضامند۔

رَاغِب۔ مائل ؛ خواہش مند۔

رَاکِب۔ اونٹ سوار ؛ سوار۔

رَامِش گَر۔ گویا ؛ ڈوم۔

رَامِلَہ۔ پھینکی ہوئی ریت۔

رَان۔ جانگھ ؛ زانو۔

رَاندۂ دَرگاہ۔ درگاہ الٰہی یا بادشاہی سے نکالا ہوا ؛ مردود ؛ شیطان۔

رَاندَہ مَاندَہ۔ مردود اور خراب وخستہ۔

رَاوِی۔ روایت کرنے والا ؛ مؤرخ۔

رَاہرَو۔ مسافر ؛ چلنے والا۔

رَاہ رَوِی۔ سفر ؛ راہ چلنا ؛ راہرو کا کام یا عمل۔

رَاہی۔ راہ چلنے والا ؛ مسافر۔

رَاہِب۔ تارک الدنیا ؛ جوگی ؛ عیسائی زاہد یا عابد۔

رَاہوَار۔ تیز رفتار ؛ صبا رفتار ؛ بادپا۔

رَاہِ شارِع۔ بڑا راستہ ؛ کشادہ سڑک۔

رَاہیِٔ ملکِ عَدَم ہوَنا۔ (محاورہ) مر جانا ؛ انتقال ہو جانا ؛ سوئے عدم روانہ ہونا۔

رَایَت۔ جھنڈا ؛ علم

رَایَات۔ (رایت کی جمع) جھنڈے۔

رَبُّ العَالَمِیْن۔ تمام جہانوں کا پالنے والا اللہ ؛ کل عالموں کا پروردگار۔

رَبُّ النَّوع۔ مخلوق کی مختلف انواع میں سے ہر نوع کی دیکھ بھال یا حفاظت کرنے والا فرشتہ جو کہا جاتا ہے کہ خدا کی طرف سے مقرر ہے۔

رُبَاب۔ سارنگی کی طرح کا ایک تار دار چوبی باجا جو صوبۂ سرحد میں خاص طور پر مقبول ہے۔

رُبَاب وچَنگ۔ (مجازاً) گانا جانا۔

رِباط۔ وہ مکان جہاں مسافر عارضی طور پر ٹھہرے ؛ مسافر خانہ۔

رُبعِ مَسکُون۔ کرۂ ارض کا ایک چوتھائی حصہ جو

آباد ہے ؛ کرۂ ارض ؛ ہفت اقلیم ؛ دنیا۔

رُبُودگی۔ غفلت ؛ بے خبری یا بے ہوشی کی کیفیت (خصوصاً سار کی)۔

رَبِیعُ الثَّانی۔ ہجری سال کا چوتھا مہینہ جو حضرت غوث الاعظم کی ولادت کی نسبت سے عرفِ عام میں بڑی گیارہویں کے مہینے کے نام سے مشہور ہے۔

رَجا۔ امید ؛ تمنا ؛ آرزو۔

رَجَز۔ وہ فخریہ اشعار جن میں سپاہی کی بہادری کی تعریف ہوتی اور میدان جنگ میں پڑھے جاتے ہیں۔

رَجَز خوانی۔ رجز پڑھنا۔

رُجُوع۔ واپس ہونا ؛ لوٹنا۔

رَجْعَتِ آفتاب۔ غروب ہونے کے بعد دوبارہ سورج کے پلٹ آنے کا معجزہ۔

رَجْعَتِ قَہقَری۔ اس طرح پر واپسی کا عمل کہ منھ تو اس طرف رہے جدھر گئے تھے اور پیچھے سرکتے آئیں ؛ الٹے قدموں پھرنے کا عمل۔

رِحْلَت۔ موت ، وفات۔

رَحْلُ الحِمَار۔ گدھے کی کاٹھی۔

رَحْمَت۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے دین و دنیا میں ہر قسم کی بخشش اور سلامتی۔

رَحْمَتُ اللّلعَالَمِین۔ رسول کریم ﷺ کا لقبِ مبارک جو تمام جہانوں کے لیے پیامِ رحمت بن کر دنیا میں تشریف لائے۔

رَحْمدِل۔ مہربان ، شفیق۔

رَحِیق۔ خالص شراب۔

رَحِیقِ مَخْتُوم۔ سربہ مہر خالص شراب۔

رَحِیمُ الطَّبْع۔ رحم دل ؛ شفیق ؛ مہربان۔

رُخ۔ چہرہ ، رخسار نیز استعارہ محبوب۔

رُخ بَدَلنا۔ (محاورہ) بے مہری سے پیش آنا ؛ رکھائی کرنا۔

رُخِ زیبا۔ خوبصورت چہرہ (کنایۃً) توجہ ، التفات۔

رُخَام۔ ایک چکنا شفاف پتھر جو سفید زرد یا سیاہی مائل ہوتا ہے۔

رَخْت۔ اسباب ؛ سامان ؛ اثاثہ۔

رُخْسَار۔ گال ؛ کلہ (مجازاً) رخ ؛ چہرہ۔

رُخْسَارہ۔ گال ؛ عذار۔

رَخْشَنْدَگی۔ چمک دمک ؛ تابانی ؛ آب و تاب۔

رُخْصَت۔ روانگی ؛ کوچ۔

رُخْصَتَانَہ۔ رخصت ہوتے وقت کا ؛ الوداعی۔

رَخْنَہ۔ رکاوٹ ؛ خلل۔

رَخْنَہ اَنْدازِی۔ خلل ڈالنے یا پھانچی مارنے کا عمل۔

رِدَاپُوش۔ چادر پوش ؛ چادر اوڑھے ہوئے۔

رَدّ و بَدَل۔ الٹ پلٹ ؛ ایک چیز کو دوسری چیز سے یا ایک حالت کو دوسری حالت سے بار بار بدلنے کا عمل۔

رَدّ و قَدَح۔ بحث ؛ تکرار ؛ حجت ؛ بحث۔

رَدّ و کَد۔ بحث ؛ تکرار۔

رَدِی۔ خراب ؛ خستہ۔

رَذَالَت۔ (رزالت) سفلہ پن ؛ بد معاشی ؛ فرومایگی۔

رَذِیل۔ کمینہ ، سفلہ ؛ نیچ ، پاجی۔

رَزْم۔ جنگ ؛ لڑائی ؛ معرکہ۔

رَزْم جُو۔ لڑائی کا دھنی ؛ جنگجو۔

رَزْم گاہ۔ میدان جنگ ؛ لڑائی کی جگہ ؛ عرصۂ پیکار۔

رِسَالَت۔ پیام رسانی ؛ ایلچی گری ؛ سفارت۔

رِسَالَت پَناہ۔ منصب ہدایت کا ٹھکانا ؛ مراد حضرت محمد مصطفےٰ ﷺ۔

رَسْتَخیز۔ قیامت ؛ دستاخیز ؛ حشر ؛ روز حساب۔

رَسْتگارِی۔ چھٹکارا ؛ رہائی ؛ خلاصی۔

رُسْوائی۔ بدنامی ؛ بے عزتی۔

رُسُوخ۔ اعتماد ، اعتبار۔

رَسُول۔ خدا کی طرف سے بھیجا ہوا پیغمبر ؛ قاصد ؛ نامہ بر۔

رُسُوم۔ (رسم کی جمع) شادی بیاہ کی رسمیں۔

رُسُومِ حِنابَنْدِی۔ مہندی لگانے کی رسم۔

رِشْتَہ۔ باریک دھاگا ؛ تاگا ؛ ڈورا۔

رِشْتَۂ کَمَنْد۔ کمند کی ڈور ؛ کمند کا تار۔

رِشْتَہ گِرِفْتَہ۔ زیر تصرف ؛ کسی کی گرفت میں آئی ہوئی چیز۔

رَشْک۔ کسی کی خوبی یا خوش بختی دیکھ کر یہ خیال

کرنا کہ ہمیں بھی یہ خوبی یا خوش بختی حاصل ہو جائے (لیکن اس کے پاس بھی رہے)۔

رَشک دہ۔ رشک پیدا کرنے والا۔

رَصَد۔ دیکھ بھال کی جگہ ؛ تاک۔

رَضَا جُوئی۔ کسی کی مرضی پر چلنے کی آرزو ؛ اجازت طلبی۔

رَضَاعی خُواہَر۔ دودھ شریک بہن۔

رَضَاعَت۔ دودھ پلانا۔

رَطبُ اللِّسَان۔ شریں زبان ؛ زبان سے میٹھے بول نکالنے والا۔

رُطَب۔ کھجوریں ؛ خرمے ؛ تر و تازہ کھجوریں۔

رُعَاف۔ نکسیر ؛ وہ خراب خون جو ناک سے نکلنے لگتا ہے۔

رَعد آسَا۔ بجلی کی کڑک کی مانند۔

رَعشَہ۔ تھرتھری۔ کپکپاہٹ ؛ لرزش۔

رَغبَت۔ کسی چیز کی طرف طبیعت کا جھکاؤ ؛ خواہش یا میلان۔

رَفاقَت۔ سنگت ؛ مصاحبت۔

رِفَاہ۔ وہ کام جس سے لوگوں کو راحت پہنچے ؛ خوشحالی ؛ فلاح بہبودی۔

رَفض۔ چھوڑنا ؛ ترک کرنا۔

رَفع۔ کسی کیفیت کے ہٹ جانے دور ہو جانے یا زائل ہو جانے کا عمل۔

رِفعَت۔ عروج ؛ منزلت ؛ برتری۔

رَفِیع۔ بلند ؛ اونچا۔

رَفِیعُ البُنیَان۔ عالی بنیاد ؛ عالی مرتبت ؛ اونچی عمارت۔

رُفَقَا۔ (رفیق کی جمع) ہمراہی ؛ دوست۔

رَفِیق۔ رفاقت کرنے والا ؛ ساتھ دینے والا۔

رِقَاب۔ گردنیں ؛ (مجازاً) جانیں۔

رَقَابَت۔ محبت میں حریف ہونا ؛ ریس ؛ مقابلہ ؛ لاگ۔

رَقّاصَہ۔ ناچنے والی۔

رِقّت۔ رونا آنا ؛ دل بھر آنا۔

رِقّتِ قَلب۔ رونا ؛ دل بھر آنے کی کیفیت ؛ دل زدگی۔

رَقص۔ ناچ ؛ ناچنا۔

رَقص کُناں۔ رقصاں ؛ ناچتے ہوئے۔

رَقصِ مَلَنگانہ۔ ملنگوں / درویشوں جیسا ناچ۔

رَقصَاں۔ فرطِ طرب یا وجد یا حال میں جھوم جھوم جانے کی کیفیت ؛ ناچنے میں محو ہونا۔

رَقعَت۔ قطع کرنا۔ قطع۔

رُقعَہ۔ چٹھی ؛ خط ؛ پرچہ۔

رَقم۔ تحریر ، نوشتہ ؛ مکتوب۔

رَقِیب۔ ہم پیشہ جن میں باہم چشمک اور چونپ ہو ؛ حریف ؛ ہم چشم۔

رَقِیق۔ نرم ؛ ملائم ؛ پتلا ؛ ہلکا۔

رَقِیقُ القَلب۔ ترس کھانے والا ؛ جلد پسیجنے والا۔

رِگ بید۔ (رگ بید / وید) ہندوؤں کی مقدس کتاب کا پہلا حصہ۔

رِکاب۔ سواری کا جلوس ؛ جلو۔

رِکابی۔ مٹی ، چینی یا کسی دھات کا چھوٹا بڑا پھیلا ہوا برتن۔ تشتری ، پلیٹ۔

رُکُوع۔ نماز میں گھٹنوں پر ہاتھ رکھ کر جھکنے اور مقررہ کلمات ادا کرنے کا عمل ، یہ نماز کا چوتھا فرض یا رکن ہے۔

رُکُوع و سُجُود۔ جھکنے اور سجدہ کرنے کی حالت۔

رُکَّ۔ معاملے کے اندرونی پہلوؤں میں سے ہر ایک رخ ؛ گوشہ۔

رَم۔ وحشت ؛ گریز ؛ بھاگنا۔

رَم خُوردَہ۔ بھاگا ہوا ؛ وحشت زدہ۔

رَمّال۔ جوتشی ؛ نجومی۔

رُمّانِی۔ انار کے رنگ یا وضع کا۔

رَمزو اِیما۔ پوشیدہ ؛ اشارہ۔

رَمل۔ آئندہ کے حالات معلوم کرنے کا ایک علم جس میں پیتل کے (سلائی میں پروئے ہوئے) چار چار بانسری کی دو پڑیوں (قرعون) سے (جن پر نقطے بنے ہوتے ہیں) مقرر قاعدے کے مطابق شکل بناتے ہیں۔ کہا جاتا ہے یہ علم فرشتے نے حضرت دانیال کو ریت پر نقطے بنا کر سکھایا تھا۔ (کنایۃً) نجوم ؛ جوتش۔

رُمُوز۔ (رمز کی جمع) راز ؛ نشانات ؛ علائم ؛ نکات۔

رَنج۔ حزن و ملال کی کیفیت ؛ افسوس ؛ غم ؛ اندوہ۔

رَنجِش۔ کدورت ؛ عداوت۔

رَنجِش آمیز۔ جس میں دشمنی کی آمیزش ہو ؛ لڑائی والی بات۔

رَنجُور۔ بیمار ؛ افسردہ۔

رَنجُوری۔ بیماری ؛ روگ۔

رَنگ جَمانا۔ (محاورہ) اثر ڈالنا ؛ بجا دڑالنا۔

رَنگریز۔ کپڑے رنگنے والا۔

رَنگین مِزاج۔ خوش طبع ؛ ہنس مکھ ؛ زندہ دل۔

رَوا۔ جائز ؛ مباح۔

رِوایَت۔ بیان ؛ حکایت۔

رُوباہ۔ لومڑی (کنایتہً) مکار ؛ بزدل۔

رُوبَرُو۔ سامنے ؛ منہ در منہ۔

رُوبکار۔ سرکاری کاغذ ؛ سامنا۔

رُوبکاری۔ کارروائی۔

رُوپوش۔ نقاب ؛ منہ چھپانے والا۔

رُوح افزا۔ فرحت بخشنے والا ؛ تازگی بخشنے والا۔

رُوحُ الاَمِین۔ حضرت جبرئیل کا لقب۔

رُودِ نِیل۔ دریائے نیل۔

رُودَہ۔ (رودا) آنت ؛ انتڑی۔

رُوزمَرّہ۔ روزانہ کا معمول ؛ عام بات۔

رُوزنامچَہ۔ ڈائری ؛ وہ کتابچہ جس میں روزانہ کے تاریخ وار حالات یا حسابات لکھے جائیں۔

رَوزَن۔ سوراخ ؛ چھید۔

رُوزَہ۔ ایک فرض جس کے ادا کرنے کے لیے صبح صادق سے لے کر غروب آفتاب تک کھانے پینے اور بیوی کی مقاربت سے پرہیز کیا جاتا ہے۔

رُوزَہ داری۔ روزہ رکھنے کا فریضہ ادا کرنا۔

رُوسِیاہ۔ کالے منہ کا (مجازاً) گنہگار ؛ خطاوار۔

رُوسِیاہی۔ ذلت ؛ بدنامی ؛ رسوائی۔

رَوِش۔ باغ کے اطراف یا چمن کے درمیان بنایا ہوا چہل قدمی کا راستہ۔

رَوشَندان۔ فراخ روزن ؛ وہ موکھا جو مکان میں روشنی اور ہوا اندر آنے اور خراب ہوا باہر نکلنے کے لیے (عموماً چھت کے قریب دیوار میں) بنایا جاتا ہے۔

رَوشن ضَمیر۔ صاحب عقل و فکر؛ جو دوسرے کے دل کی بات سمجھ جائے؛ صوفی صافی۔

رَوضَۂ رَضوان۔ بہشت کے دربان کا باغ؛ مراد: باغِ بہشت؛ جنت۔

رَوغَنِ زَرد۔ گائے بھینس کے دودھ سے حاصل کردہ گھی۔

رَوغَنِ زَیتون۔ زیتون کا تیل۔

رَوغَنِ سَبز۔ بھنگ۔

رَوغَنِ سِیاہ۔ مٹی کا تیل۔

رَوغَنِ قَاز مَلنَا۔ (محاورہ) بہلانا پھسلانا؛ خوشامد کرنا؛ چکنی چپڑی باتیں بنانا۔

رَوغَنِ ہَفت رَنگ۔ ست رنگا تیل؛ مراد طلسماتی تیل۔

رُومی۔ قدیم یونانی؛ اطالوی۔

رُونُمائی۔ منہ دکھائی۔

رَونَق اَفزا۔ جلوہ افروز؛ زیب و زینت بڑھانے والا۔ رونق افروز۔ رونق بڑھانے والا۔

رَونَق اَفرُوزی۔ (احتراماً) آمد؛ تشریف آوری۔

رَونَق بَخش۔ رونق دینے والا۔

رُوئیدَگی۔ بالیدگی؛ اگنے یا اگانے کا عمل یا قوت نمو۔

رُوئیں تَن۔ جن کے جسم پر تیغ و تبر و تیر وغیرہ کی ضرب کارگر نہ ہو؛ اسفندیار کا لقب۔ کہتے ہیں اس کے جسم پر تیغ، تبر کارگر نہیں ہوتے تھے۔

رُوئیں شِگاف۔ فولاد چیر دینے والا؛ بہت طاقتور۔

رُویَا۔ سپنا؛ خواب۔

رُویَت۔ نظارہ؛ دیدار۔

رَوِیَّہ۔ دستور؛ رسم و رواج؛ طریقہ۔

رُوئے۔ چہرہ؛ منہ۔

رُوئے زِشت۔ بدصورت چہرہ۔

رِہَا۔ چھوڑنا۔

رُہبانیت۔ ترک دنیا؛ دنیا کی لذتوں کو ترک کر کے پرہیزگاری اختیار کرنا۔

رَہبَری۔ راہنمائی؛ ہدایت۔

رَہزَنی۔ قزاقی؛ ڈکیتی۔

رَہگرائے عالمِ بقا۔ موت کا سفر؛ ملکِ عدم کا سفر؛ انتقال۔

رَہنمُونی۔ رہبری؛ ہدایت۔

رَئیسُ الاَحرار۔ نیکوں کا سردار؛ اعلیٰ درجے کا نیکوکار۔

رَیاحِین۔ (ریحان کی جمع) خوشبودار گھاس، نازبو۔

رِیَاضَت۔ محنت؛ ورزش؛ نفس کشی۔

رَیب۔ شک وشبہ۔

رِیح۔ ہوا؛ باد؛ ریاح۔

رَیحان۔ ایک خوشبودار گھاس؛ نازبو۔

رِیزہ رِیزہ۔ ٹکڑے ٹکڑے؛ ذرے۔

رِیزہ ہائے جَواہِر۔ جواہرات کے ٹکڑے۔

رِیسمان۔ رسی؛ ڈوری۔

رِیش۔ ڈاڑھی۔

رِیش و بُرُوت۔ ڈاڑھی اور مونچھیں۔

رِیش خَند۔ (ریش خند) استہزا؛ جگ ہنسائی کا باعث۔

رِیشِ سَفید۔ سفید ڈاڑھی جو بزرگی کی علامت ہے (کنایۃً) بزرگ؛ بڑا؛ سردار۔

رِیشِ شاخ۔ جٹا؛ برگد کی ڈاڑھی۔

رِیشِ عَمَلی۔ بناوٹی یا مصنوعی ڈاڑھی؛ نقلی ڈاڑھی۔

رِیشِ مے گُوں۔ (میگون) مہندی لگی ڈاڑھی؛ سرخ ڈاڑھی۔

رِیش و رَفش۔ ڈاڑھی و پگڑی (مجازاً) علم و فضیلت۔

رِیشِ نَحَس۔ منحوس ڈاڑھی؛ نامبارک ڈاڑھی۔

رِیگِ صُفّہ۔ چبوترہ کی ریت؛ بالو۔

رِیگِ رَواں۔ اڑنے والی ریت؛ سراب۔

رِیگِ سُوزاں۔ جلتی ہوئی ریت؛ نہایت گرم بالو۔

رِیگستان۔ جہاں دور دور تک ریت ہی ریت ہو؛ ریتلا میدان؛ صحرا۔

رِیلنا (ریلنا) دور تک ڈھکیلنا؛ دھکا دے کر ہٹاتے چلے جانا۔

ز

زَاْر۔ کمزور، ناتواں۔

زَاْر زَاْر رَونا۔ (محاورہ) بہت رونا؛ پھوٹ پھوٹ کر رونا۔

زَاغْ۔ کوا۔

زَاغْ مُہْرَہ۔ مراد طلسماتی مہرہ (ق)

زَاْل۔ بوڑھا؛ سفید بالوں والا؛ رستم کے باپ کا نام (یہ نام اس لیے رکھا گیا کہ شروع ہی سے اس کے بال سفید تھے)

زَالَہ۔ (زال کی تانیث) بڑھیا۔

زَانُو پَر سَر رَکھْنا۔ (محاورہ) شرمندہ ہونا؛ متفکر ہونا۔

زَانُوےَ اَنْدُوہ۔ دکھ کا زانو؛ زانوے اندوہ پر سر رکھنا مراد انتہائی غمگین ہونا۔

زَانُو بَہ زَانُو۔ زانو سے زانو ملا کر؛ گھٹنے سے گھٹنا جوڑ کر؛ مل کر۔

زَانُو زَدَہ۔ پریشان؛ متفکر؛ بےبس۔

زَاوِیَہ نَشِیْن۔ لوگوں سے الگ تھلگ رہنے والا؛ گوشہ نشین۔ زاہد۔ علائق دنیا سے کنارہ کش ہو جانے والا؛ پرہیزگار؛ عابد۔

زَاہِدَہ۔ (زاہد کی تانیث)۔ عابدہ۔

زَائِچَہ۔ وہ کاغذ جو نجومی لوگ بچے کی پیدائش کے وقت بناتے ہیں جس میں ولادت کی تاریخ اور وقت وغیرہ درج کرتے ہیں اور اس وقت مختلف سیارے جہاں جہاں ہوتے ہیں وہ ایک نقش میں لکھے جاتے ہیں، اس کے بعد نومولود کی تمام عمر کا حال نیک وبد بتایا جاتا ہے۔

زَائِچَہ کَشی۔ زائچہ کھینچنا یا بنانا۔

زَائِل۔ ہٹ جانے والا؛ دور ہونے والا۔

زُباں دَرَاز۔ منہ پھٹ؛ گستاخ؛ بدزبان۔

زُباں دَرَازِی۔ گستاخی؛ بدزبانی؛ دریدہ دہنی۔

زُبانِ مَغْرِبی۔ انگریزی۔

زَبُون۔ خراب؛ خوار۔

زُبْدَہ۔ عمدہ؛ کسی چیز کا بہترین حصہ؛ کریم۔

زَبَر جَد۔ زردی مائل سبز رنگ کا ایک قیمتی پتھر۔

زَبُور۔ وہ صحیفہ جو حضرت داؤد پر نازل ہوا تھا؛ حضرت داؤد کے نغمات۔

زُحَل۔ ایک سیارہ جو نحس خیال کیا جاتا ہے۔

زَحمت۔ تکلیف؛ رنج؛ دکھ۔

زَخّار۔ لبالب؛ بہت بھرا ہوا؛ نہایت وسیع وعریض (دریا یا سمندر)

زَخمداری۔ زخمی ہونا؛ مجروح ہونا؛ زخمی ہونے کی حالت۔

زَخمِ کاری۔ مہلک زخم؛ گہرا گھاو۔

زَدوکُوب۔ مارنے پیٹنے کا عمل؛ مار کٹائی۔

زَرافشاں۔ طلائی؛ سنہری۔

زَرَافہ۔ افریقہ کے جنگلوں میں پایا جانے والا لمبے قد کا ایک چوپایہ جس کی گردن اونٹ کی گردن اور اگلی ٹانگیں اونٹ کی طرح کی لمبی، کھر گائے کے کھر جیسے اور جلد کا رنگ چیتے کی مانند، سامنے اونچا اور پیچھے سے کافی پست ہوتا ہے۔

زَردآلُو۔ پیلی خوبانی۔

زِرَاعَت۔ کاشتکاری؛ کھیتی باڑی۔

زَرباف۔ زربفت کا کپڑا تیار کرنے والا۔

زَربفت۔ ایک کپڑا جو سونے اور ریشم کے تاروں سے بُنتے ہیں۔

زَربفتی۔ سونے اور ریشم کے تاروں سے بنا ہوا۔

زَردُشت۔ (زرتشت) پارسیوں کے پیغمبر کا نام۔ آتش پرستوں کا پیغمبر جو منوچہر بادشاہ کی نسل سے تھا۔ اس نے گشتاسپ بادشاہ کے زمانے میں نبوت کا دعوی کیا تھا اور آتش پرستی کا دین ایجاد کیا تھا۔

زَردُشت نامہ۔ آتش پرستوں کی مذہبی کتاب۔

زَردُشتی (زرتشتی)۔ زرتشت کا پیرو، آتش پرست۔

زَردُوزی۔ کارچوبی؛ سلمے ستارے کا کام۔

زَردریش۔ زرد داڑھی والا؛ سنہری ریش والا۔

زَرِ خطیر۔ بہت بڑی رقم، دولت کی فراوانی، کثیر رقم۔

زَرِ سُرخ۔ سونا، طلا۔

زَرِ سَفید۔ چاندی۔

زَرگری۔ زیور بنانے یا ڈھالنے کا کام۔

زَرِ نقد۔ نقدی، نقد روپیہ پیسہ۔

زَرْقا۔ سبز اور نیلی آنکھوں والی عورت ؛ گربہ چشم عورت۔

زَرْکار۔ سونے یا سنہرے کام سے مزین۔

زَرِ مسکوک۔ (کنایۃً) طلائی سکہ ؛ اشرفی۔

زَرْ نِگار۔ وہ چیز جس پر سونے کا یا سنہرا کام ہو ؛ یا جس سے سونے کا رنگ جھلکتا ہو۔

زَرّیں۔ طلائی ، سونے کا۔

زَرّیں کَمَر۔ وہ غلام یا ملازم جس کی کمر میں سونے کے کام کا یا سنہرا پٹکا بندھا ہو۔

زِرہ۔ فولادی حلقوں کا بنا ہوا جالی دار کرتا جو لڑائی / جنگ میں پہنا کرتے تھے تاکہ تلوار وغیرہ سے بدن محفوظ رہے ؛ چلتہ۔

زِرہ بَند۔ زرہ کا فیتہ۔

زِرہ صَد مِثقالی۔ سو مثقال کی زرہ ، مراد قیمتی زرہ۔

زِشت خُو۔ بد خصلت ؛ بری عادت والا۔

زِشت رُو۔ بد شکل ، بد صورت۔

زَعفَران۔ کیسر ، ایک خوشبودار پودا جس کے پھول بنفشی اور جڑ پیاز کی طرح ہوتی ہے۔

زَعْم۔ گمان ؛ ظن ، وہم۔

زُغال۔ وہ کوئلہ جو جلا ہوا نہ ہو۔

زُغال فَرُوش۔ کوئلہ بیچنے والا ؛ کوئلہ فروش۔

زِفاف۔ دولھا دلھن کی مقاربت یا جنسی اختلاط۔

زَقُّوم۔ تھوہڑ کا پودا جو خار دار اور کڑوا اور زہریلا ہوتا ہے۔

زَک۔ ہار ، شکست ، ہزیمت۔

زَکوٰة۔ اسلام کے پانچ ارکان میں سے ایک رکن ؛ مال کا چالیسواں حصہ جو اصلی اور حقیقی ضروریات پوری ہو جانے کے بعد سال بھر تک فاضل رہے اور جس کا خدا کی راہ میں دینا حکم شرع کے مطابق ہر صاحب نصاب مسلمان پر فرض ہے۔

زَلزَلہ۔ بھونچال ؛ زمین کی لرزش۔

زُلف۔ پیشانی کے اوپر اور سر کے سامنے کی لٹ جو کان کے قریب ہوتی ہے ؛ کاکل۔

زُلفِ پیچاں۔ گھونگھر والے بال۔

زَمزَم۔ بیت اللہ کے کنویں کا نام ، اس کنویں کا پانی۔

زُمُرَّد۔ جواہرات میں سے ایک سبز رنگ کا پتھر۔

زُمرَہ۔ آدمیوں کی جماعت؛ گروہ۔

زَمزَمہ۔ نغمہ؛ گیت۔

زَمزَمہ سَنج۔ راگ الاپنے والا؛ نغمہ گانے والا۔

زَمِستان۔ موسم سرما؛ جاڑوں کا موسم۔

زَمہرَیر۔ کرہ ہوا نہایت سرد طبقہ۔

زَمِین کا پیوند ہونا۔ (محاورہ) نیست و نابود ہو جانا؛ خاک میں ملنا؛ تباہ و برباد ہو جانا؛ دفنایا جانا۔

زُنّار بَند۔ برہمن؛ زنار باندھنے والا۔

زَن و شُوئی۔ (زنا شوئی) رشتہ ازدواج؛ مناکحت؛ زوجیت؛ شادی؛ میاں بیوی کا تعلق۔

زَنِ مُتاعی۔ وہ عورت جس کے ساتھ متعہ کیا جائے؛ متعی عورت۔

زَنِ مُطرِبَہ۔ گانے والی عورت۔

زَنبُوری۔ ایک جالی دار کپڑا؛ مشبک۔

زَنجیرِ سَبک۔ ہلکی زنجیر (بھاری کی ضد)۔

زَنجیر بَند۔ مسلسل؛ تسلسل کے ساتھ؛ ایک سلسلے میں۔

زَنَخ۔ ٹھوڑی۔

زِندان۔ قید خانہ؛ جیل۔

زِندان خَانَہ۔ جیل خانہ؛ محبس۔

زَنگ۔ گھنٹہ؛ جرس؛ گھنٹی۔

زَنگ کَدُورَت۔ رنجش کا میل۔

زَنگُولَہ۔ گھنگرو؛ جھانجھ؛ گھونگھر۔

زَنگَہ۔ ملک زنجبار۔

زَنگی۔ زنگ کا باشندہ، حبشی۔

زَنگِینَہ۔ (زنگی کی تانیث) حبش؛ ملک زنگ کی رہنے والی۔

زِنہار۔ ہرگز۔

زُور آوَر۔ قوی؛ بہادر۔

زَوال۔ تنزل؛ بلندی اور عروج کا جانا۔

زَوج۔ شوہر؛ خاوند۔

زَوجَہ۔ بیوی؛ جورو۔

زُور مَند۔ قوی؛ طاقتور۔

زِہ۔ کمان کا چلہ جو تانت کا ہوتا ہے؛ نیز تانت۔

زُہد و تقوٰی۔ پرہیزگاری؛ تقویٰ و پارسائی۔

زہر۔ وہ چیز جس کی تھوڑی مقدار کے جسم میں پہنچنے سے ہلاکت واقع ہو جائے یا ضرر پہنچے خواہ معمولی ہو؛ سم؛ بِس۔

زہر آلود۔ زہریلا؛ زہر کا بجھا ہوا۔

زہر خند۔ غصہ یا جھینپ کی ہنسی۔

زہر خندگی۔ حقارت سے مسکرانا؛ طنزیہ ہنسی ہنسنا۔

زہر خورانی۔ زہر کھلانا؛ زہر دینا؛ زہر خوری۔

زہر مار کرنا۔ (محاورہ) ناپسندیدہ یا نامرغوب چیز کھانا یا زبردستی حلق سے اتارنا؛ بلا رغبت کے کھانا۔

زہر نوشی۔ بلانوشی۔

زہر ہلاہل۔ قاتل زہر؛ مہلک زہر۔

زُہرہ۔ ایک ستارے کا نام جو تیسرے آسمان پر ہے۔

زُہرہ آب ہونا۔ (محاورہ) پتہ پانی ہونا؛ نہایت دہشت زدہ ہو جانا۔

زُہرہ جبیں۔ دمکتی ہوئی پیشانی والا؛ (مجازاً) خوبصورت؛ حسین۔

زَہرہ شکن۔ پتا پھاڑنے والا۔

زُہرہ لقا۔ خوبصورت؛ حسین؛ مجسم حسن۔

زُہرہ طلعت۔ محبوب خوب رو؛ زہرہ جمال۔

زہے طالع۔ خوش قسمت؛ زہے نصیب۔

زیارت۔ کسی متبرک مقام یا شے کو دیکھنے یا دیکھے جانے کا عمل؛ دیدار۔

زیبا۔ خوش نما؛ خوبصورت۔

زیبِ تن۔ جسم پر سجتا ہوا۔

زیب و زینت۔ آراستگی؛ بناؤ سنگار۔

زَیت۔ زیتون کا تیل؛ روغن زیتون۔

زَیتون۔ ایک بڑا درخت اور اس کی لکڑی؛ یہ درخت بستانی، صحرائی اور کوہی ہے؛ ایک مشہور درخت جس کے روغن کو زیت کہتے ہیں؛ اس درخت کا پھل۔

زِیچ۔ (زیچ) جنتری جس میں سیاروں کی حرکات قلم بند کی جاتی ہیں؛ تقویم؛ حرکات سیارگان کی جدول۔

زیچ بطلیموسی۔ بطلیموس کی بنائی ہوئی زیچ۔

زَید و بکر۔ کوئی بھی۔

زیرِ حراست۔ جو حوالات میں بند ہو؛ نظر بند؛ گرفتار۔

زِیر کَرنا۔ (محاورہ) مغلوب کرنا؛ فتح کرنا؛ ہرانا۔

زِیر و بالا۔ نیچے اوپر۔

زِیر و زَبَر۔ درہم برہم؛ تہ وبالا؛ الٹ پلٹ۔

زِیر و زَبَر کَرنا۔ (محاورہ) تہ وبالا کرنا؛ تباہ کرنا؛ درہم برہم کرنا۔

زِیر بَند۔ وہ تسمہ جو زین سے گزار کر گھوڑے کے پیٹ کے نیچے باندھا جاتا ہے؛ گھوڑے کا تنگ۔

زِیر تَنگ۔ زیر بند۔

زِیر پُوستِ پَلنگ۔ چیتے کی کھال میں آدمی کی کھال میں درندہ۔

زِیست۔ زندگی؛ حیات؛ عمر۔

زِین و لَجام۔ کاٹھی اور لگام۔

زِین پوش۔ زین کے اوپر ڈالنے کا کپڑا؛ غاشیہ۔

زِین مُرصَّع نگار۔ جڑاؤ زین؛ نگینے یا جواہرات جڑی ہوئی زین۔

زِینَت۔ آرائش؛ سجاوٹ۔

زِینَہ۔ سیڑھی؛ سیڑھیوں کا سلسلہ؛ سیڑھیاں۔

زِینَہ پا۔ سیڑھی۔

ژ

ژالَہ۔ اولا؛ اوس۔

ژاژ گو۔ یاوہ گو؛ فضول باتیں کرنے والا۔

ژَند۔ زرتشت کی ایک کتاب کا نام، آتش پرست جسے آسمانی کتاب خیال کرتے ہیں۔

ژولِیدَہ۔ درہم برہم؛ پریشان۔

ژولِیدَہ مو۔ بکھرے ہوئے بال؛ بکھیرے یا الجھے ہوئے بالوں والا۔

س

سَابِقْ۔ پچھلا، گزشتہ۔

سَابِقَہ۔ پہلی، پہلا، اگلا۔

سَابِقِیْن۔ اگلے زمانے کے لوگ۔

سَاحِرَہ۔ جادوگرنی۔

سَاحِرِی۔ جادوگری۔

سَادَات۔ حضرت علیؓ کی اولاد بطن حضرت فاطمہ سے۔

سَادَہ لَوح۔ بے وقوف؛ بھولا بھالا۔

سَارْبَان۔ اونٹ والا۔

سَازْ۔ گھوڑے کا ساز؛ زین؛ لگام؛ کاٹھی وغیرہ۔

سَازْبَاز۔ سازش۔

سَازِ بُزُرگ۔ بڑا باجا۔

سَازْ وَنَوَا۔ رنگ رلیاں؛ عیش وعشرت۔

سَازْنَوَاز۔ ساز بجانے والا؛ سازندہ۔

سَازِش۔ کسی کے خلاف گٹھ جوڑ۔

سَاطُوْر۔ چھرا؛ خنجر۔

سَاعَت۔ وقت؛ گھڑی۔

سَاعَتِ سَعِیْد۔ مبارک گھڑی؛ نیک ساعت۔

سَاعَتِ مُسْتَقِیْمَہ۔ (نجوم) درمیانی ساعت۔

سَاعَتِ نَحْس۔ نامبارک گھڑی۔

سَاعِی۔ کوشاں؛ دوڑ دھوپ کرنے والا۔

سَاغَرْ۔ شراب کا پیالہ، جام۔

سَاق۔ پنڈلی؛ ٹخنے سے گھٹنے تک کا حصہ۔

سَاقِطْ۔ گرا ہوا، گم شدہ۔

سَاقِیٔ کَوثَر۔ روزِ قیامت جنتیوں کو مشہور نہر کوثر کی شراب پلانے والا؛ (کنایۃً) حضور رسالت مآب ﷺ۔

سَاقِی گَرِی۔ شراب کے جام تقسیم کرنے کی ذمہ داری؛ پلانا۔

سَاکِت۔ خاموش؛ بے حس وحرکت۔

سَاکِنِیْن۔ ساکنان؛ باشندے؛ باسی؛ اہالی۔

سَالْخُوْرْدَہ۔ بوڑھا؛ معمر؛ تجربہ کار۔

سَالِ گِرَہ۔ کسی شخص کی عمر (یا واقعے) کی ہر نئے

سال کی تاریخ اور اس کا جشن۔ (ہر سال ایک کلاوے میں یادداشت کے طور پر گرہ لگا دی جاتی تھی۔

سَالَار۔ سردار ؛ افسر اعلیٰ۔

سالَاری۔ سرداری ؛ افسری۔

سَالِم۔ سلامت ؛ تندرست۔

سالِم و مُسَلَّم۔ پورا پورا۔

سَالِماً و غَانِماً۔ وہ حالت کہ جس میں سلامتی کے ساتھ مال غنیمت بھی ہے۔

سَامَانِ طَرَب۔ عیش و نشاط کے لوازمات۔

سَامِعِین۔ سننے والے ؛ توجہ دینے والے۔

سَانِحَہ۔ حادثہ ؛ واقعہ۔

سانْگ۔ (سوانگ) نقالی ؛ بہروپ۔

سَایَبان۔ بارش اور دھوپ کے اثر سے بچنے کے لیے (خصوصیت سے آہنی چادروں کا) چھجہ۔

سَائِرُ والنَّاس۔ عوام ؛ جمہور۔

سَائِل۔ طالب ؛ خواہاں۔

سَائِیس۔ گھوڑے کی خدمت کرنے والا۔

سَایَہ دَار۔ گھنا ؛ چھتنار ؛ درخت جس کے نیچے چھانو رہے۔

سَایَہ فِگَن۔ سایہ ڈالنے والا ؛ سائبان کا کام دینے والا ؛ (کنایۃً) معاون۔

سَبَدِ گُل۔ پھولوں کی ٹوکری ؛ گلدستہ۔

سَبْز بَاغ دِکھانا۔ (محاورہ) جھوٹے وعدے سے پھسلانا ؛ دھوکا دینا ؛ جھوٹی اُمیدیں دلانا۔

سَبْز پُوش۔ سبز لباس پہنے ہوئے ؛ سبزہ زار۔

سَبْز و خُرَّم۔ تر و تازہ ؛ ہرا بھرا ؛ شاداب۔

سَبْز خَرْنَگ۔ ایک قسم کا مہرہ جسے بچوں کے گلے میں ڈالا جاتا ہے تاکہ انھیں نظر نہ لگے۔

سَبْز رَنگ۔ سانولی رنگت ؛ گندمی۔

سَبْز فَام۔ سبز رنگ (کنایۃً) معشوق۔

سَبْز ہونا۔ کامیاب ہونا ؛ بامراد ہونا ؛ سرخرو ہونا۔

سَبْزہ آغاز۔ نوجوان لڑکا جس کی مسیں بھیگنا شروع ہوئی ہوں۔

سَبْزۂ خُوابِیدَہ۔ وہ سبزہ جو پورے طور پر زمین سے نکلا نہ ہو۔

سَبزۂ نَوخاستہ۔ تازہ اُگی ہوئی گھاس۔

سَبزۂ نَودَمیدَہ۔ نیا اُگا ہوا سبزہ۔

سَبعہ افلاک۔ سات آسمان؛ ہفت آسمان۔

سبعِ سباع۔ درندے۔

سَبعہ سَیّارہ۔ قدیم علم نجوم کے بموجب سات اجرام فلکی یعنی چاند، سورج، زہرہ؛ عطارد؛ مریخ؛ مشتری؛ زحل وغیرہ۔

سَبقت۔ پیش قدمی؛ آگے نکل جانا۔

سَبک خرامی۔ تیز رفتاری؛ تیز روی۔

سَبک قدمی۔ تیز رفتاری۔

سُبکدوش۔ بری الذمہ۔ فارغ۔

سُبکی۔ پھرتی۔ تیزی۔ مہارت۔

سَبوُے بُزُرگ۔ بڑا پیالہ؛ مٹکا۔

سَبوُے طِلائی۔ سنہرا پیالہ، سنہرا جام۔

سَبیل۔ ذریعہ؛ وسیلہ؛ طریقہ۔

سِپاس۔ احسان مندی؛ شکر گزاری؛ تشکر۔

سِپاہ۔ فوج؛ لشکر۔

سِپاہ سالار۔ (سپہ سالار) فوج کا سربراہ اعلیٰ؛ فوج کا اعلیٰ افسر۔

سِپَر۔ ڈھال؛ ایک ہتھیار جو تلوار کی ضرب سے محفوظ رہنے کے لیے استعمال ہوتا تھا اور عموماً کچھوے کی پیٹھ یا گینڈے کی کھال سے بنایا جاتا تھا۔

سِپَس۔ اس کے بعد؛ بعد ازاں۔

سِپَہ گری۔ سپاہی کا کام؛ فن یا منصب وغیرہ؛ سپاہی یا فوجی ہونا۔

سِپہرِ بَریں۔ نواں آسمان؛ بلند آسمان۔

سِپہرِ دَوّار۔ گھومنے والا آسمان۔

سَپید۔ سفید؛ گورا؛ چٹا۔

سَپیدَۂ کاشغَری۔ کاشغر کا سفیدہ؛ جو رنگ گورا کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

سَپید کاری۔ سفیدی کرنا؛ سفیدی۔

سِتار۔ ایک تار کا ساز جسے مضراب سے جایا جاتا ہے؛ مشہور روایت کے مطابق امیر خسرو کی ایجاد ہے۔ شروع میں تین تار کا تھا اس لیے ستار (سہ تار) کہلایا۔

سِتارہ پَرَست۔ ستاروں کی پوجا کرنے والا؛ صابی۔

ستائش۔ تعریف؛ سراہنا۔

سُترگ۔ بڑا؛ کلاں؛ بزرگ۔

سَتَم رَسِیدَہ۔ مظلوم؛ ستایا ہوا۔

سَتَم کَشِیدَہ۔ ستم اٹھایا ہوا؛ ظلم رسیدہ۔

سَتُودَہ صِفات۔ وہ جس میں قابل تعریف خوبیاں ہوں۔

سُتُون۔ کھمبا؛ پیل پایہ؛ تھم۔

سَجّادَہ۔ مصلا؛ جائے نماز۔

سَجدَہ گاہ۔ خاک شفا کی گول ٹکیا جس پر شیعہ حضرات سر رکھ کر سجدہ کرتے ہیں۔

سُجُود۔ (سجدہ کی جمع) نماز کا ایک رکن جس میں ماتھا، ناک، کہنیاں، گھٹنے اور انگلیاں زمیں پر لگتی ہیں۔ خدا کے آگے سر جھکانا۔

سَحاب۔ بادل؛ گھٹا۔

سِحر۔ جادو؛ ٹونا؛ طلسم۔

سِحر آفرین۔ جادوگر۔

سِحر بَندی۔ جادو۔

سِحرِ حَلال۔ حلال جادو؛ کلام فصیح و موزوں۔

سَحق۔ گھسنا؛ رگڑنا۔

سَخا۔ فیاضی؛ بخشش؛ خیرات۔

سَخافَت۔ سبکی؛ بے عقلی۔

سَخت و سُست کہنا۔ (محاورہ) برا بھلا کہنا؛ لعنت ملامت کرنا۔

سُختَہ۔ تولا ہوا۔

سَدّ۔ دیوار؛ روک۔

سَدِّ راہ۔ مزاحم؛ راستہ روکنے والا۔

سِدرَہ۔ بیری؛ ایک قسم کا درخت۔

سَدِّ سِکندَری۔ کانسے کی دیوارِ چین؛ (کنایۃً) بہت مضبوط اور پائیدار۔

سَراپا۔ تمام بدن سر سے پاؤں تک۔

سَراپا تمکیں۔ نہایت باوقار اور سنجیدہ۔

سَراپا گوش۔ پوری طرح متوجہ۔

سَراپردَہ۔ وہ اونچی قنات جو ڈیرے کے آس پاس لگاتے ہیں اور جو چار دیواری کی طرح پردے کا کام دیتی ہے۔

سَراسیمگی۔ پریشانی؛ حیرانی۔

سَراسِیمَہ۔ ہکا بکا؛ حیران پریشان۔

سُراغ۔ پتا، نشان۔

سُراغ رَسانی۔ تلاش و جستجو؛ پتا معلوم کرنا۔

سَراپَردَہ۔ بڑا خیمہ۔

سَرایَت۔ تاثیر؛ سما جانا۔

سَرافراز۔ سربلند؛ معزز؛ عالی مرتبہ۔

سَرآنکھ پَر۔ (سر آنکھوں پر) بہ سر و چشم منظور، شوق سے۔

سَربَرآوُردَہ۔ افسر؛ سردار۔

سَربُریدَہ۔ سر کٹا ہوا۔

سَربَستَہ۔ چھپا ہوا؛ پوشیدہ۔

سَربَصَحرا۔ دیوانہ وار؛ وحشیانہ۔

سَربَہ کَشیدَہ۔ سر اٹھائے ہوئے۔

سَربَہ کَف۔ جان دینے پر تیار۔

سَربَفَلَک۔ بہت اونچا، نہایت بلند۔

سَرپَرَستی۔ خبر گیری، مربی ہونا۔

سَرپیچ۔ پگڑی میں باندھنے کا ایک زیور۔

سُرنا۔ شہنائی؛ الغوزہ۔

سَرتابی۔ عدول حکمی؛ سر پھرانا۔

سَرحَد۔ حد فاصل، آخری حد۔

سَرحَددار۔ نگران؛ محافظ۔

سَرحَدداری۔ محافظت؛ نگرانی۔

سَرخُوش۔ خوش حال؛ جس کو نشے کا سرور ہو۔

سَرخُوشی۔ نشہ سرور؛ خوش حالی۔

سُرخ رُو۔ کامیاب، کامران۔

سَرخیل۔ سردار؛ امیر۔

سَردا۔ ایک قسم کا بڑا خربوزہ جو سردی کے موسم میں ہوتا ہے۔

سَردَربار۔ دربار میں۔

سَردمہری۔ آؤ بھگت نہ کرنا؛ خوش آمدید نہ کہنا؛ وہ جگہ جہاں کی آب و ہوا سرد ہو۔

سَررِشتَۂ تَعلیم۔ محکمۂ تعلیم۔

سَرزَد۔ واقع۔

سَرزَدَہ۔ بے خبر؛ اچانک۔

سَرزَنِش۔ ملامت ، جھڑکی۔

سَرسَبز۔ ہرا بھرا ؛ آباد۔

سَرشَار۔ مخمور ، لبریز۔

سَرشَاری۔ لبریزی۔

سَرِشت۔ خمیر ، خو ، مزاج۔

سَرطَان۔ آسمان کے چوتھے برج کا نام ، کیکڑا۔

سُرعَت۔ تیزی ، پھرتی۔

سَرغَنَائی۔ بڑائی ، بزرگی۔

سَر قَلَم کرنا۔ (محاورہ) سر کاٹنا ؛ مار ڈالنا ؛ گردن کو دھڑ سے جدا کرنا۔

سَرقَہ دَاران۔ چوری کا مال رکھنے والے۔

سَر کرنا۔ (محاورہ) فتح کرنا۔

سَرکَش۔ نافرمان ؛ مغرور۔

سَرکَشی۔ نافرمانی ؛ بغاوت۔

سَرکُوب۔ سر کچلنے والا۔

سَرکُوبی۔ سر کچلنا۔

سُرگَبَاش۔ جنت نصیب ؛ غیر مسلم متوفیوں کے لیے مستعمل ہے۔

سَرگُزَشت۔ واقعہ ؛ حادثہ ؛ ماجرا۔

سَرگَرم۔ مستعد ؛ تیار۔

سَرگَردَانگی۔ حیرانی ؛ پریشانی۔

سَرگَردانی۔ پریشانی۔

سَرگُروہ۔ جماعت کا سردار۔

سَرگَرم۔ مستعد ، محو ؛ گرم جوش۔

سَرگَشتَہ۔ حیران ؛ بھٹکا ہوا۔

سَرگُوشی۔ کانا پھوسی ؛ کان میں آہستہ آہستہ بات کہنا۔

سُرمَہ دُنبالہ دار۔ آنکھ کے کوے سے کنپٹی کی طرف بڑھا ہوا سرمے کا خط۔

سُرمَۂ زُحَل۔ (سرمہ سلیمانی) دنیا کی چھپی ہوئی چیزیں دکھانے کی تدبیر والا سرمہ۔

سُرمَہ سا کرنا۔ (محاورہ) پیس ڈالنا ؛ نام و نشان تک نہ چھوڑنا۔

سَرِ مُو۔ بال کی نوک کے برابر ؛ ذرا سا ؛ رتی بھر۔

سُرمَئی۔ سرمے کے رنگ کا ؛ سرمہ گوں ؛ سرمہ گیں۔

سَرنگوں۔ اوندھے سر؛ سر کے بل؛ شکست خوردہ؛ خجل؛ شرمندہ۔

سَرنگونی۔ اوندھا ہونا؛ بربادی؛ شرمندگی؛ خجالت۔

سَرو۔ ایک سیدھا لمبا خوش نما مخروطی شکل کا درخت۔

سَروِ جُو ئبار۔ نہر سے سیراب ہونے والا سرو۔

سَروِ جُو ئبارِ خوبی۔ حسن کی ندی سے سیراب ہونے والا سرو مراد حسین وخوش قامت۔

سَرود۔ راگ؛ نغمہ۔

سَرورِ اولیا۔ ولیوں کے سردار یعنی حضرت علیؓ۔

سَرو قد تعظیم دَینا۔ (محاورہ) سیدھے کھڑے ہو کر کسی کی تعظیم کرنا۔

سَروکار۔ واسطہ؛ آخرکار؛ لگاؤ۔

سَرہنگ۔ سپاہی؛ فوج کا سردار۔

سَروہی۔ ایک قسم کی دودھاری تلوار۔

سَریر۔ تخت شاہی؛ شاہی گدی یا مسند؛ (مجازاً) بادشاہ یا حکومت۔

سَریعُ التّاثیر۔ جلد اثر کرنے والا؛ زود اثر؛ تیز وتند۔

سَریعُ السّیر۔ تیز رفتار؛ بہت تیزی سے آگے بڑھنے والا۔

سَریعُ السّیری۔ تیز رفتاری۔

سُرین۔ پٹھا؛ چوتڑ۔

سُریانی۔ ایک قدیم زبان۔

سَزاوار۔ مستحق؛ [illegible]ق؛ اہل۔

سِطبر۔ موٹا؛ تنومند۔

سِطبری۔ موٹائی؛ دبازت؛ تناوری۔

سِطبری لَب۔ گندے ہونٹ؛ گندے لب والا۔

سَطوت۔ رعب ودبدبہ؛ شان۔

سَعادت۔ خوش قسمتی؛ اقبال مندی۔

سَعادتِ دارَین۔ دونوں عالم کی سعادتیں؛ دین ودنیا دونوں کی نیکیاں۔

سَعدِ اصغر۔ (نجوم) روایتاً وہ ستارہ جو سعادت میں دوسرے ستاروں کے بالمقابل کم ہے؛ زہرہ؛ ناہید۔

سَعدَین۔ (نجوم) دو مبارک سیارے زہرہ و

مشتری۔

سَعْی۔ محنت، دوڑ دھوپ، جدوجہد، کوشش۔

سَعْی و جَہْد۔ بھاگ دوڑ؛ محنت؛ کوشش۔

سَعِیْد۔ نیک، مبارک۔

سِفَارَت۔ ایلچی گری؛ پیغام رسانی۔

سَفّاک۔ خوں ریز، قاتل، بے رحم۔

سِفَال۔ مٹی کا برتن۔

سَفَاہَت۔ بے وقوفی؛ حماقت۔

سَفَائِن۔ کشتیاں؛ سمندری جہاز۔

سُفْتَہ۔ پرویا ہوا؛ بیدھا ہوا۔

سَفَرجَل۔ بہی کا پھل نیز اس کا درخت۔

سُفْل۔ فضلہ؛ پھوک۔

سُفْلْدان۔ ظرف جو دستر خوان پر ہڈیاں وغیرہ ڈالنے کے لیے رکھتے ہیں۔

سِفْلی۔ منتر یا جادو جس میں شیطان، دیوی، دیوتاؤں یا بدروحوں سے استعانت کی جائے؛ جادو ٹونا۔

سَفِیْنَۂ سَعَادَت۔ نیک بختی کی کشتی؛ اقبال مندی کا سفینہ، (مراداً) خوش اقبالی۔

سَفِیْہہ۔ کم عقل؛ بے وقوف۔

سَفِیْہہ مِزَاج۔ کمینہ خصلت؛ ذلیل طبیعت۔

سَقْف۔ بام؛ سائبان۔

سُقُوطِ نُطْفَہ۔ حاملہ کرنا۔

سَقِیْم۔ کمزور، ضعیف۔

سُکّان۔ (ساکِن کی جمع) رہنے والے؛ موجود۔

سَکْتَہ۔ (طب) ایک دماغی بیماری جس میں بے ہوشی طاری ہو جاتی ہے اور مردے کی طرح حس و حرکت نہیں رہتی۔

سِکَنْدَری۔ (اصطلاحاً) گھوڑے کا ٹھوکر کھا کر گر پڑنا۔

سُکُونَت۔ بودوباش، پڑاؤ، قیام، اقامت۔

سُکُونَت پَذِیْر۔ بودوباش اختیار کرنا؛ رہ پڑنا۔

سِکَّہ و خُطْبَہ۔ بادشاہت کے لوازم یعنی بادشاہ کے نام کا سکہ ڈھلنا اور خطبے میں اس کا نام لیا جانا۔

سَگ۔ کتا (مجازاً) رذیل آدمی، بدکردار و بداطوار۔

سَگِ گَنْدَہ خُوار۔ گندگی کھانے والا کتا۔

سگ و شغال۔ کتا اور گیدڑ (مراد) درندے۔

سَلْب۔ مٹانے کا عمل؛ جذب کرنا؛ چھین لینا؛ اچک لینا۔

سَلْخ۔ قمری مہینے کا آخری دن جس کی شام کو نیا چاند نظر آئے؛ چاندرات۔

سِلْسِلَہ جُنْبَانی۔ کسی بات کا آغاز؛ ابتدا؛ شروع۔

سِلکِ اَزْدِوَاج۔ شادی کی لڑی؛ شادی کی ڈور۔

سُلْطَانُ السَّلَاطِین۔ شہنشاہ؛ بڑا بادشاہ۔

سِلَاح۔ ہتھیار؛ آلاتِ جنگ۔

سلاح پُوش۔ مسلح؛ ہتھیار بند آدمی۔

سِلاح خانہ۔ اسلحہ خانہ؛ میگزین۔

سِلاح و یَراق۔ ہتھیار اور سامانِ جنگ۔

سَلاطِین۔ (جمع سلطان کی) بادشاہ؛ سلطان۔

سلاسِل۔ سلسلے؛ زنجیریں۔

سَلام گاہ۔ دربار میں وہ مقررہ جگہ جہاں تک پہنچ کر سلام کرنا آداب دربار میں شامل اور ضروری ہے۔

سَلامت۔ سلامتی؛ بچاؤ؛ امن۔

سلام علیکُم۔ تم پر سلامتی ہو۔

سَلْسَبِیل۔ جنت کی ایک نہر کا نام۔

سَلَنگ۔ (ورزش) سانپ کی چال کی وضع کا پینترا؛ جس میں قدم اٹھانے کی جائے کھسکائے جاتے ہیں اور جسم کو ایک حالت میں رکھ کر پیر رگڑتے ہوئے پیش قدمی کی جاتی ہے۔

سُلُوک۔ خیر خواہی۔ بھلائی۔

سُم۔ گدھے اور خچر کا پاؤں جو سخت ہوتا ہے اور بیچ میں سے چرا یا پھٹا ہوا نہیں ہوتا (جو بیچ میں سے چرا ہوتا ہے اسے کھر کہتے ہیں جیسے گائے، بھینس اور بھیڑ بکری وغیرہ کا)۔

سماجت۔ منت؛ گڑگڑانا؛ خوشامد۔

سَماع۔ حال جو راگ یا قوالی سن کر آجائے؛ وجد۔

سَماعت۔ سننا؛ شنوائی۔

سَمْت۔ جانب؛ طرف؛ رخ۔

سمت الرّاس۔ (ہیئت) آسمان میں وہ نقطہ جو دیکھنے والے کے سر کے اوپر ہو؛ مراد: وسط آسمان۔

سَمدھی۔ دولھا اور دولھن کے میاں اور بیوی کے

باپ۔ (جو ایک دوسرے کے سمدھی کہلاتے ہیں اور ان کا گھر سمدھیانہ)

سَمَنْد جَہاں پَیما۔ دنیا کا سفر کرنے والا گھوڑا؛ تیز رفتار گھوڑا۔

سَمَنْ زَار۔ چنبیلی کے پھولوں کا تختہ یا باغ، جہاں ہر طرف چنبیلی کے پھول کھلے ہوں۔

سَمُوْم۔ (سم کی جمع) گرم ہوا؛ لُو۔

سَمُومِیَت۔ زہریلا پن۔

سَمِّیت۔ زہر کا اثر؛ زہریلا پن۔

سِیْسُمْ بید۔ دوسرا وید۔

سِنان۔ تیر کی نوک؛ بھالا و نیزے کا اوپر کا حصہ۔

سُنْبُل۔ ایک خوشبودار گھاس۔

سُنْبُلُ الطِّیْب۔ سنبل کی اقسام میں سے ایک؛ بال چھڑ۔

سُنْبُلَہ۔ (فلکیات) آسمان کا چھٹا برج جس میں چھبیس ستارے داخل ہیں اور اس کی شکل عورت کی ہے جو خوشۂ گندم ہاتھ میں لیے ہوئے ہے؛ کنیا راس۔

سَنْجِیْدَہ۔ باوقار؛ بردبار۔

سَنَد۔ ثبوت، دلیل، وثوق۔

سُنْدُس۔ اطلس جو بہشتیوں کا لباس ہوگا۔

سُنْسَان۔ غیر آباد جگہ؛ ویران؛ اجاڑ۔

سَنگ۔ پتھر۔

سَنگ اَنْداز۔ پتھر پھینکنے یا مارنے والا (جنگ اور لڑائی سے مختص)۔

سَنگِ خارا۔ ایک قسم کا غیر معمولی سخت پتھر۔

سَنگ دِلی۔ ظلم و ستم؛ بے رحمی۔

سِنِ تَمِیْز۔ بالغ ہونے کی عمر؛ جوانی کی عمر۔

سِنِ وُقُوف۔ بلوغت کی عمر، سمجھ داری کا سن۔

سَنگِ رِیْزَہ۔ کنکر؛ پتھر کا چھوٹا سا ٹکڑا۔

سَنگِ موسیٰ۔ ایک قسم کا سیاہ پتھر۔

سَنگلاخ۔ پہاڑی زمین، پتھریلی زمین۔

سَنگ و خِشْت۔ پتھر اور اینٹ۔

سَنگِ زَرْد۔ پتھر کی ایک قسم جو پیلے رنگ کا ہوتا ہے۔

سَنگسار۔ پتھراؤ کرنا؛ پتھروں سے مارنا۔

سَنگِ مَرمَر۔ ٹھوس قسم کا سخت اور سفید چمکدار پتھر جو عمارتوں میں لگایا جاتا ہے۔

سَنگیت۔ وہ گانا جو بہت سے آدمی مل کر گائیں؛ کورس۔

سَنگین۔ بھاری؛ دیرپا؛ سخت؛ پختہ؛ مضبوط؛ پائدار؛ پتھر سے بنا ہوا۔

سَنگینی۔ مضبوطی؛ سختی؛ پائداری۔

سَنگینیِ لنگر۔ لنگر کا بھاری پن۔

سَواحِل۔ (ساحل کی جمع) بہت سے ساحل؛ دریا یا سمندر کے کنارے۔

سَواد۔ علاقہ؛ سرحد؛ بستی۔

سَوادِ اَعظَم۔ شہر کے اردگرد کا علاقہ؛ بڑا علاقہ یا شہر۔

سَوت۔ سوکن؛ سوتن؛ خاوند کی دوسری بیوی۔

سُوختَہ آتش۔ آگ میں جلا ہوا یا جلی ہوئی۔

سُوختَہ وبِرِشتَہ۔ جلا بھنا؛ جلا ہوا اور بھنا ہوا۔

سُوختَہ جاں۔ آفت زدہ؛ عاشق؛ مہجور۔

سَودا۔ جنون؛ دیوانگی۔

سَودا۔ (طب) خلاط اربعہ میں سے ایک سیاہ خلط کا نام جس کا مقام تلی ہے، اس کے بڑھنے سے پاگل پن کے آثار ظاہر ہوتے ہیں۔

سَوداگَر۔ تاجر؛ بیوپاری۔

سوداگر عُمدَہ۔ بڑا سوداگر؛ اعلیٰ سوداگر؛ بڑا تاجر۔

سَودائے عِشق۔ عشق کا جنون؛ عشق کی دیوانگی۔

سَوداوِی مِزاج۔ وہ شخص جس کے مزاج میں خلط سودا اور خلطوں سے زیادہ ہو۔

سُوزِ نِہانی۔ پوشیدہ عشق؛ اندرونی جلن یا طپش۔

سُوزَنی۔ سوئی کے کام کا بستر یا لباس؛ جا بجا سوراخ کر کے بیل بوٹے بنایا ہوا کپڑا۔

سُوسمار۔ ایک صحرائی جانور جس کے چار پاؤں، لمبی دم اور چھوٹے چھوٹے دانت ہوتے ہیں، کیڑے مکوڑوں کو کھاتا ہے، بلوں میں رہتا ہے اور جاڑے کے موسم میں نکلتا ہے۔

سَوسَن۔ ایک پھول جو بیشتر نیلا اور گاہے آسمانی، زرد یا سفید ہوتا ہے، اس کی شاخ بلند، پتے پتلے اور پھول میں پانچ سے دس تک پنکھڑیاں زبان سے مشابہ ہوتی ہیں۔

سُوخار۔ تیر کے نچلے سرے پر وہ گہرا نشان یا شگاف جسے کمان کے تار پر رکھ کر چلاتے ہیں ؛ دہان تیر۔

سُوہا۔ ایک پرندہ ؛ سرخ ؛ لال۔

سوہان۔ ریتی ؛ دھات کی چیزوں کی سطح گھس کر صاف کرنے کا آہنی اوزار۔

ش

شَاخ۔ جانوروں کے سینگ۔

شَاخِ زَعفَران۔ (کنایتہً) انوکھا ؛ نادر ؛ عجیب۔

شَادمَان۔ خوش وخرم۔

شَادمانی۔ خوشی ؛ خرمی۔

شَادیِٔ مَرگ۔ خوشی کی زیادتی سے مرنے والا شخص۔

شارِعِ عَام۔ عام راستہ۔

شَاستَر۔ ہندوؤں کی مذہبی کتاب جو کسی منی یا رشی نے لکھی ہو ، قانون ، ضابطہ۔

شَاطِر۔ ہرکارہ ؛ قاصد ؛ ایلچی ؛ بھاگ دوڑ کرنے والا۔

شَاطِر بَچّہ۔ کم عمر ؛ چالاک۔

شَاعِر۔ صاحب شعور ، حساس۔

شَافِی۔ تسلی بخش ؛ مکمل ؛ پورا۔

شَاقّہ۔ تکلیف ؛ دشوار ؛ مشکل۔

شَالْ۔ جامۂ پشمیں کی ایک قسم، سادہ یا کڑھی ہوئی ریشمی چادر۔

شَامِ اِدْبار۔ غم اور پریشانی کی شام / مفلسی کی شام۔

شَانِ نُزُول۔ (مجازاً) وجہ، سبب، علت۔

شَانْزَدِہ۔ سولہ۔

شَانْزَدَہُم۔ سولھواں۔

شَانَہ۔ کندھا؛ مونڈھا۔

شَاہ نَشِین۔ صدر عمارت؛ اونچی جگہ یا نشست۔

شَاہِد۔ گواہ۔

شَاہِدبَاز۔ حسن پرست؛ معشوقوں سے ربط ضبط رکھنے والا؛ بدکار۔

شَاہِدی۔ گواہی؛ شہادت۔

شَاہِینِ زَرِیں بال۔ سنہرے پروں والا شاہین۔

شَائِر۔ شہد جمع کرنے والا۔

شَائِع کُنِنْدَہ۔ چھاپنے والا؛ ناشر۔

شَائِسْتَہ۔ بااخلاق؛ مہذب۔

شَائِق۔ مشتاق۔ شوقین؛ آرزومند۔

شَبَاشَبْ۔ راتوں رات؛ رات بھر۔

شَبَانْ۔ گڈریا، چرواہا۔

شَبَانِی۔ بھیڑ بکریاں چرانے کا کام؛ گلہ بانی۔

شَبْ بَسَرِی۔ رات گزارنا۔

شَبْخُوْن مَارْنَا۔ (محاورہ) بے خبری میں دشمن پر حملہ کرنا؛ چھاپہ مارنا؛ رات کو حملہ کرنا۔

شَبْ رَوِی۔ رات کا سفر؛ رات کو چلنا پھرنا۔

شَبَاہَت۔ شکل و صورت کی مماثلت؛ مشابہت۔

شَبِ عَرُوسی۔ شادی کی رات؛ شب زفاف۔

شَبْ گَرْدی۔ رات کا گشت، پہرہ داری۔

شَبْ رَنْگ۔ رات کے رنگ کا؛ مراد: سیاہ، کالا۔

شَبِ قَدْر۔ لیلۃ القدر؛ ایک نہایت متبرک رات، اس شب کی عبادت ہزار مہینے کی عبادت سے زیادہ بابرکت خیال کی جاتی ہے۔

شَبَکَہ۔ سوراخ دار جالی۔

شَبَکَہ دار۔ سوراخ دار جالیوں والا۔

شَبْ گُوْن۔ سیاہ؛ کالا۔

شَبِیہہ۔ مثل ؛ نظیر ؛ ہم شکل (شخص یا شے)

شَبینَہ۔ رات والی چیز۔

شَپَرَک۔ چگادڑ ؛ خفاش ؛ شپرہ۔

شِتابَہ۔ (شتابا) بارود میں تر کیا ہوا کاغذ جس میں آگ لگا کر بارود کو اڑایا جاتا ہے ؛ فتیلہ ؛ بتی۔

شَتَر۔ قطع و برید ؛ کٹا ہونا۔

شُتُر اَعْرابی۔ بدو کا اونٹ۔

شُتُربان۔ اونٹ کا رکھوالا ؛ ساربان۔

شُتُر دَوِندَہ۔ دوڑنے والا اونٹ۔

شُتُر سَوار۔ اونٹ پر سواری کرنے والا۔

شُتُر مُرْغ۔ قوت پرواز سے محروم ایک عظیم الجثہ پرند جس کے بعض اعضا اونٹ سے مشابہ ہوتے ہیں، اس کی گردن بہت لمبی ہوتی ہے، بہت تیز دوڑتا ہے، اس کی خوراک غلہ اور نباتات ہے، کنکر پتھر بھی ہضم کر لینے میں مشہور ہے، اس کے بازوؤں اور دم کے پر بڑے قیمتی ہوتے ہیں۔ یہ اکثر عرب اور افریقہ میں پایا جاتا ہے۔

شُتُری۔ اونٹ کے رنگ کا ؛ ہلکا بھورا ؛ بادامی۔

شُجاع۔ دلیر ؛ بہادر ؛ جری۔

شُجاعَت۔ بہادری ؛ دلیری۔

شَحْنَہ۔ محافظ شہر ؛ کوتوال۔

شَدائِد۔ (شدیدہ کی جمع) تکلیفیں ؛ سختیاں۔

شَدُّ و مَدّ۔ دھوم دھام ؛ تکلف۔

شَدِید۔ بہت زور کا ؛ بہت زیادہ۔

شِدَّتِ خَنْدَہ۔ ہنسی کا غلبہ ؛ بہت زیادہ ہنسی۔

شَدِیدُ الْقَلْب۔ سخت دل ؛ بے رحم۔

شَرّ۔ بدی ؛ خرابی ؛ فساد۔

شَراب خُور۔ شرابی ؛ شراب کا عادی۔

شَراب داری۔ ساقی گری ؛ شراب پلانا / رکھنا۔

شَرابِ رَیْحانی۔ (طب) ایک مقوی دوا ؛ خوشبودار شراب ؛ پھولوں سے کشید کی ہوئی شراب۔

شَرارَت۔ ایذا رسانی ؛ برائی ؛ خرابی۔

شَرارَۂ آتِش۔ آگ کی چنگاری ؛ چنگاری۔

شَرافَت۔ بھل منسی ؛ بزرگی۔

شَرْبَت۔ قند یا چینی میں پکا ہوا پانی۔

شَرْبَتِ سِیب۔ سیب کا شربت۔

شَرَح۔ تشریح ، توضیح۔

شَرَح وبَسْط۔ توضیح اور تفصیل ؛ شرح وبیان۔

شَرَربار۔ آگ برسانے والا۔

شَرَر فِشَاں۔ چنگاریاں بکھیرنے والا۔

شَرِیْر۔ فسادی ؛ بے لگام ؛ بے باک۔

شَرِیْرُ النَّفْس۔ بدباطن ؛ بدذات۔

شَرْع۔ رسول یا نبی پر خدا کا بھیجا ہوا دین ؛ خصوصاً دین محمدی صلعم ؛ مذہب اسلام

شَرْعِ مَتِین۔ محکم شریعت۔

شَرْعاً۔ اسلامی شرع کی رو سے ؛ شریعت کے لحاظ سے۔

شَرْعاً و عُرْفاً۔ قاعدے قانون اور رواج کی رو سے ؛ شرع اور رواج دونوں کے لحاظ سے۔

شَرْعی۔ شرع کے حکم مطابق۔

شُرَفا۔ (جمع شریف کی) شریف لوگ ؛ اچھے لوگ۔

شَرْق۔ مشرق ؛ پورب۔

شَرْمِ حُضُوری۔ (شرما حضوری) سامنے کا لحاظ و آنکھوں کی شرم ؛ منھ دیکھے کی مروت۔

شَرْمسَار۔ شرمندہ۔

شَرْم گاہ۔ جسم کا وہ حصہ جس کا چھپانا اور پردے میں رکھنا واجب ہے ؛ اندام نہانی۔

شَرْمگیں۔ خجل ؛ شرمندہ۔

شَرِیْعَت۔ وہ قانون جو خدا نے بندوں کے واسطے مقرر فرمایا ؛ قانون الٰہی۔

شَرِیْف وو َضِیْع۔ ادنیٰ و اعلیٰ ؛ نیک و بد ؛ ہر قسم کے لوگ۔

شَرِیْک۔ ساجھی ؛ شامل ؛ حصہ دار۔

شِشْت۔ نشانہ ؛ ہدف ؛ نشانہ کی تاک۔

شَشْدَر۔ حیران ؛ پریشان۔

شَشْصَدْ وشَست۔ چھ سو ساٹھ۔

شَشْ عاشَرہ۔ چھ دھائیاں یعنی ساٹھ۔

شَصْت۔ مچھلی پکڑنے کا کانٹا۔

شَصْت وپَنْج۔ پین سٹھ ؛ ساٹھ اور پانچ۔

شُعَاع۔ کرن ؛ کسی روشن چیز کی چمک کا عکس۔

شُعْبَدَہ۔ نظر بندی، دھوکا۔

شُعْبَدَہ باز۔ تعجب انگیز کرتب دکھانے والا بازی گر؛ چالاک۔

شَعْشَہ خُورشِیدی۔ آفتاب کی روشنی؛ کرن؛ شعاع۔

شُعْلَہ جَوّالَہ۔ چکر کھانے والا شعلہ؛ آگ کی گیند کی طرح پھرنے والا شعلہ؛ اگیا بیتال۔

شُعْلَہ رُو۔ جس کا چہرہ شعلے کی طرح روشن ہو؛ مراد: سرخ گال والا محبوب؛ معشوق۔

شُعُور۔ تمیز؛ کسی کام کا ملکہ۔

شِغَال۔ گیدڑ؛ شگال؛ سیال؛ سیار۔

شَغْل۔ کام دھندا؛ کام کاج؛ مصروفیت۔

شِفَا۔ صحت؛ تندرستی۔

شَفَاخانَہ۔ دار الشفا، ہسپتال۔

شَفَاعَت۔ سفارش، معافی کی سفارش۔

شَفّاف۔ منزہ؛ صاف؛ وہ چیز جس کے آرپار نظر آئے۔

شَفّافی۔ صفائی؛ عکس ریزی (مجازاً) پاکیزگی۔

شَفْتالُو۔ ایک قسم کا بڑا آڑو۔

شَفْقَت۔ مہربانی؛ کرم؛ رحم۔

شَفَقِی۔ شفق سے منسوب یا متعلق؛ شفق کے رنگ کا یا رنگت والا؛ آتشی رنگ۔

شَفِیْع۔ شفاعت کرنے والا۔

شَفِیْعُ الْمُذْنِبِیْن۔ جناب رب العزت میں گناہگاروں کی سفارش کرنے والا؛ آنحضرت ﷺ کا ایک لقب۔

شِقَاق۔ نفاق؛ دشمنی۔

شَقَایَق۔ (شقائق) (شقیقہ کی جمع) سرخ رنگ کا خوبصورت پھول؛ گل لالہ۔

شَق۔ پھٹا ہوا؛ شگاف پڑا ہوا۔

شَقُّ الْقَمَر۔ (معجزہ) چاند کا دو ٹکڑے ہونا؛ رسول اللہ ﷺ کا ایک معجزہ۔

شُقَّہ۔ رقعہ؛ فرمان شاہی۔

شَقِی۔ بدبخت؛ بدنصیب۔

شَقِیِ اَزَلی۔ پیدائشی بدبخت۔

شِکار دُوشت۔ شکاری؛ شکار کا شائق۔

شَکَرِ سُرخ۔ گڑ کی راب سے سجی ملا کر بنائی شکر؛ کھانڈ۔

شَکَر لَب۔ شیریں گفتار؛ میٹھی گفتگو کرنے والا۔

شِکَسْت۔ ٹوٹ پھوٹ؛ پھٹاؤ؛ شکستگی۔

شِکَسْتِ فَاش۔ کھلی ہوئی ہار؛ بھاری شکست۔

شِکَسْتَہ رَنْگ۔ اڑا ہوا رنگ۔

شَکْل وَ شَمائِل۔ صورت اور سیرت؛ خوبصورتی۔

شِکَم۔ پیٹ؛ بطن۔

شِکَم سَیر۔ پیٹ بھرا؛ آسودہ۔

شِکَنْجَہ۔ مجرموں کو سخت سزا دینے کا آلہ (کنایۃً) عذاب؛ ایذا۔

شِکَنَنْدَہ۔ (شکندہ) توڑنے والا۔

شَکِیب۔ صبر؛ تحمل؛ بردباری۔

شَکِیل۔ صورت دار؛ خوش وضع؛ خوبصورت۔

شِگاف کَرنا۔ (محاورہ) پھاڑنا؛ دراڑیں ڈالنا؛ صفوں میں رخنہ پیدا کرنا۔

شِگافْتَہ۔ پھٹا ہوا؛ چرا ہوا؛ شگاف دار۔

شِگُفْتَہ۔ (مجازاً) خوش؛ مسرور۔

شِلَّک۔ توپوں یا بندوقوں کی باڑ جو سلامی یا کسی تقریب کے موقع پر چھوڑتے ہیں۔

شِلَنگ۔ چھلانگ، جست؛ زقند۔

شُمار۔ گنتی؛ تعداد۔

شَمالِ رُوح۔ تازگی بخش؛ فرحت افزا؛ روح کو تر و تازہ کرنے والی۔

شَمائِل۔ عادتیں؛ خصلتیں۔

شَمْس و قَمَر۔ سورج اور چاند۔

شَمْسَہ۔ کلس کا سنہرا قرص؛ چمکدار کلس۔ روشندان۔

شَمْشاد۔ سرو کی قسم کا ایک خوش قد درخت؛ (کنایۃً) معشوق خوش قامت نیز کسی خاتون کا پر وقار قد و قامت۔

شَمْع دان۔ بتی دان، ڈیوٹ۔

شَمْع ساں۔ شمع کی طرح؛ شمع کی مانند۔

شَمْع کافوری۔ موم بتی جو خوشبو کے لیے کافور کی ملاوٹ سے تیار کی جائے۔

شَمْشِیر۔ تلوار جو بیچ سے خم دار ہو؛ کٹار۔

شَمْشِیرِ آبْدار۔ تیز یا چمک دار تلوار۔

شَمْشیرِ بَرْق اَفگن۔ بجلی گرانے والی تلوار۔

شَمْشیرِ بَرَہْنَہ۔ ننگی تلوار ؛ (مجازاً) لڑنے مرنے پر تیار ؛ تیز زبان ؛ چرب زبان۔

شَمْشیرِ بَرْق خارَاشِگاف۔ چٹانوں میں دراڑ ڈال دینے والی بجلی کی تلوار۔

شَمْشیرِ سَحَر تَاب۔ خوب آب و تاب والی تلوار ؛ صبح کی مانند تلوار۔

شَمْشیرِ خاطِفَہ۔ بجلی کی طرح چمکنے والی تلوار ؛ نظروں کی خیرہ کرنے والی تلوار۔

شَمْشیرِ دَرْیائی۔ دریا کی لہر جو تلوار کی طرح دکھائی دیتی ہو۔

شَمْشیرِ دُودَمَہ۔ دودھاری تلوار۔

شَمْشیر زَنی۔ تلوار مارنا ؛ تلوار چلانا۔

شَمْشیرِ صفی بن آصِف۔ صفی کی تلوار ؛ ایک مخصوص تلوار۔

شَمْلَہ۔ طرہ ؛ عمامہ کا سرا جو پیچھے کی طرف لٹکا رہتا ہے۔

شُمُول۔ شامل یا شریک ہونا ؛ شمولیت۔

شِنا۔ پیراکی ؛ پیرنا۔

شَناخت۔ پہچان ؛ آگاہی۔

شَناوَر۔ پیراک ؛ پیرنے والا۔

شَناوَری۔ پیراکی ؛ پیرنے کا عمل۔

شَنْبَہ۔ سنیچر ؛ ہفتہ۔

شَنْجَرَف۔ ایک معدنی شے جو گندھک اور پارہ کی آمیزش سے تیار کی جاتی ہے، رنگ گہرا سرخ ہوتا ہے، مصوری اور نقاشی وغیرہ میں کام آتی ہے ؛ شنگرف۔

شَنگ۔ شوخ ؛ شریر ؛ ظریف۔

شَنید۔ شنوائی ؛ سنوائی ؛ سنائی۔

شَنیعَہ۔ برا ؛ بد ؛ ناپسندیدہ۔

شُوخ و شَنگ۔ چنچل ، شریر ، تیز و طرار (عموماً معشوق)۔

شُور۔ (کنایۃً) بنجر ؛ اجاڑ۔

شُور و شیوَن۔ نالہ و گریہ ؛ آہ و زاری۔

شُور اَفگن۔ شور کرنے والا ؛ غل مچانے والا ؛ ہنگامہ کرنے والا۔

شُوربا۔ پکے ہوئے گوشت کا پانی جس میں مسالہ بھی پڑا ہو ؛ سوپ ؛ یخنی ؛ آب گوشت۔

شُورِش۔ آشفتگی؛ اضطراب؛ پریشانی۔

شُورِش کُناں۔ ہنگامہ کرتے ہوئے؛ فساد برپا کرنے والا۔

شُورِ مَحْشَر۔ قیامت کا شور؛ (کنایتہً) بہت شور۔

شُورَہ پُشت۔ سرکش؛ فسادی؛ جھگڑالو؛ نافرمان۔

شُورِیدَہ بَخْت۔ بدنصیب۔

شُورِیدَہ سَر۔ سودائی؛ دیوانہ؛ مجنون۔

شَوکَت و جَلال۔ عزت و شان؛ حشمت و ثروت؛ دبدبہ۔

شُوم۔ منحوس؛ بدبخت؛ بد۔

شُومی۔ بدبختی؛ نحوست۔

شُومیِ طَالِع۔ تقدیر کی خرابی؛ نحوست۔

شُومیِ قَدَم۔ نامبارک قدم؛ بدنصیبی۔

شُومیِ قِسْمَت۔ تقدیر کی گردش؛ بدبختی۔

شَہ کَمَان۔ (کنایتہً) آسمان۔

شَہابِ ثَاقِب۔ (ہیئت) وہ چھوٹے چھوٹے اجرام یا شہاب جن کی رفتار بہت تیز ہوتی ہے، زمین کی حرکت سے مخالف سمت میں حرکت کرتے ہوئے زمین کے کرۂ ہوائی سے متصادم ہوتے ہیں تو ان کی رفتار اتنی تیز ہو جاتی ہے کہ ہوا کی مزاحمت سے جو حرارت پیدا ہوتی ہے وہ ان کو جلا کر خاک کر دیتی ہے۔

شَہادَت۔ گواہی؛ اظہار دینا۔

شَہپَر۔ (شہ پر) پرندے کے بازو کا سب سے بڑا پر۔

شَہریار۔ ہم عصر بادشاہوں میں سب سے بڑا بادشاہ۔

شُہرَہ آفاق۔ غیر معمولی شہرت رکھنے والا۔

شَہِید۔ مقتول؛ مذبوح؛ کشتہ؛ خدا کی راہ میں قربان ہونے والا۔

شَیاطِین۔ (جمع شیطان کی) شیطانوں کا گروہ؛ بہت سے شیطان۔

شَیخی۔ بڑائی؛ ڈینگ۔

شِیر۔ دودھ؛ لبن؛ حلیب۔

شیر۔ باگھ؛ اسد؛ ضیغم۔

شِیرِ ماہی۔ (سیر ماہی)۔ ایک قسم کی بڑی مچھلی؛ سیل مچھلی۔

شیر بان۔ محافظ؛ نگہبان؛ گارڈ۔

شیر ببر۔ ببر شیر ایک قسم کا بہت بڑا اور طاقتور شیر جس کی کمر پتلی اور گردن پر گھنے بال ہوتے ہیں اور دم گچھے دار ہوتی ہے، اس کا رنگ شتری ہوتا ہے۔ یہ افریقہ اور جنوبی ایشیا میں پایا جاتا ہے۔

شیر برنج۔ دودھ اور چاول کی کھیر؛ فیرنی۔

شیر زن۔ شیرنی۔

شیر و شکر۔ ملا جلا؛ ایک جان دو قالب؛ متحد؛ گھلا ملا۔

شیر مال۔ میدے میں گھی ملا کر اور دودھ سے گوندھ کر تنور میں پکائی ہوئی روٹی جس میں چاشنی پیدا کرنے اور خمیر اٹھانے کے لیے حسب ضرورت نمک اور دہی ملایا جاتا ہے۔

شیرِ نیستاں۔ بانس کے جنگل کا شیر؛ (کنایۃً) بہادر؛ شجاع؛ تنومند؛ طاقتور۔

شیریں۔ میٹھا؛ مزیدار؛ مٹھاس والا۔

شیریں کلامی۔ خوش گفتاری، شیریں بیانی۔

شیرینی۔ مٹھائی؛ مٹھاس۔

شیرہ۔ رس؛ میٹھا گاڑھا عرق؛ افشردہ۔

شیرہ دار۔ شیرے والی؛ چاشنی والی۔

شیشہ۔ بوتل؛ مینا؛ کانچ کی صراحی؛ قرابہ۔

شیشۂ شراب۔ شراب کی بوتل۔

شَیطانِ الرَّجِیم۔ (شیطان رجیم) شیطان ملعون؛ راندۂ درگاہ ابلیس۔

شُیُوع۔ آشکارا ہونا؛ شائع ہونا۔

شیون۔ نالہ و فریاد؛ نوحہ؛ گریہ وزاری۔

شیوۂ طبعی۔ فطری انداز۔

ص

صَابِرْ۔ مصیبت میں صبر کرنے والا؛ برداشت کرنے والا۔

صَابُون۔ (صابن) تیل، گھی اور چربی سے بنائی ہوئی ٹکیہ جو دھلائی، صفائی اور غسل وغیرہ میں استعمال کی جاتی ہے۔

صَاحِبِ جَمَال۔ خوبصورت؛ دل ربا۔

صَاحِبْدِل۔ پرہیزگار، خداشناس۔

صَاحِبِ سِرّ۔ راز جاننے والا؛ صاحب معرفت۔

صَاحِبُ السَّیْفِ وَالْقَلَم۔ بادشاہ یا حاکم جس کے اختیار میں طاقت اور اجرائے احکام ہوں۔

صَاحِبِ فِرَاش۔ جو بیمار ہو اور بستر سے اٹھ نہ سکتا ہو۔

صَاحِبْقِرَان۔ وہ شخص جس کی پیدائش کے وقت زہرہ اور مشتری کا ملاپ ہو یعنی دونوں ستارے ایک برج میں ہوں ایسا شخص بہت نصیب ور سمجھا جاتا ہے؛ اقبال مند۔

صَاحِبْقِرَانِ عَصْر۔ (مرادا) بڑا بادشاہ؛ شہنشاہ؛ کامیاب اور نصیب ور بادشاہ۔

صَاحِبْقِرَانی۔ حکمرانی، کامیاب حکومت؛ شہنشاہیت؛ خوش قسمتی۔

صَاحِبِ وَقَائِع۔ مؤرخ؛ واقعہ نگار۔

صَادِرْ۔ جاری کیا گیا؛ نافذ۔

صَادِق۔ درست؛ ٹھیک۔

صَادِقُ الْقَوْل۔ بات کا سچا؛ قول کا پورا؛ راست گو۔

صَاعِقَہ۔ زمین پر گرنے والی بجلی؛ آسمانی بجلی؛ کڑک۔

صَاعِقَہِ آسمانی۔ آسمانی بجلی۔

صَاعِقَہِ سِکَنْدَرِی۔ سکندر کا کڑکا؛ سکندر کی دہشت۔

صَافْ دِیدَہ۔ بے شرم، بے باک۔

صَافِی آیِئنَہ۔ بے داغ آئینہ؛ اجلا۔

صَالِحَہ خَاتُون۔ نیک اور پرہیزگار عورت؛ پاک دامن بی بی۔

صَانِع۔ خالق کائنات؛ اللہ تعالیٰ۔

صَانِعِ حَقِیْقی۔ اصلی خالق، اللہ تعالیٰ۔

صَائِم۔ روزہ رکھنے والا، روزہ دار۔

صَبَاح۔ صبح؛ فجر؛ سحر؛ تڑکا؛ سویرا۔

صُبْحِ اِقْبال۔ نیک بختی کا آغاز؛ مراد: خوش بختی؛ خوش قسمتی۔

صُبْحِ صَادِق۔ صبح کی وہ روشنی جو آفتاب نکلنے سے بہت پہلے مشرق کی طرف افق کے کناروں پر نمودار ہوتی ہے۔

صُبْحِ کاذِب۔ وہ روشنی جو رات کے پچھلے پہر آسمان پر ذرا دیر کے لیے نظر آتی ہے اور پھر غائب ہو جاتی ہے (اس کے بعد پھر اندھیرا چھا جاتا ہے اور تھوڑی دیر بعد ہی صبح صادق ہوتی ہے۔)

صَبُوحِی۔ صبح کو پینے کی شراب۔

صَبِیْحُ الْوَجْہ۔ (تصوف) وہ شخص جو متحقق ہو اسم جواد کے ساتھ اور مظہر اسم جواد ہو چونکہ بوجہ اکمل ذات حضرت سرور کائنات حضور اکرم ﷺ اس بات سے متحقق ہے، لہٰذا آپ ہی کے ساتھ مخصوص ہے۔

صُحْبَت گَرْم ہونا۔ (محاورہ) گرم جوشی سے کسی کے ساتھ مل بیٹھنا؛ دوستی یا راہ و رسم بڑھانا۔

صَحْرا۔ وہ جگہ جہاں پانی، گھاس اور درخت وغیرہ کچھ بھی نہ ہو؛ بیابان (مجازاً) ویرانہ؛ اجاڑ؛ جنگل۔

صَحْرا گَرْدی۔ جنگلوں میں پھرنا۔

صَحْرا نَشِیْن۔ جنگل میں رہنے والا؛ جنگل کا باشندہ (کنایتہً) غیر متمدن، گنوار۔

صُحُف۔ (صحیفہ کی جمع) الہامی کتابیں جو انبیاء علیہ السلام پر نازل ہوئیں۔

صُحُفِ اِبْراہِیم۔ حضرت ابراہیم پر نازل ہونے والے صحیفے۔

صَحْن۔ انگنائی؛ آنگن؛ چوطرفہ عمارت کے بیچ میں کھلی ہوئی کشادہ زمین۔

صَحِیْحُ الْحَواس۔ جس کے حواس درست ہوں؛ جو امراض دماغ سے پاک ہو؛ جو پاگل نہ ہو؛ ہوش مند۔

صَحِیْحُ النَّسَب۔ وہ شخص جس کے شجرے میں کچھ کھوٹ نہ ہو؛ بے عیب نسب کا؛ نجیب الطرفین۔

صَحِیْفَہ۔ الہامی کتاب جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے کسی رسول پر اُتاری گئی ہو۔

صَخْرَہ۔ بیت المقدس کا وہ بڑا پتھر جو در و دیوار پر اس طرح رکھا ہوا ہے کہ چھت بن گیا، آنحضرت ﷺ شب معراج اس مقام سے آسمانوں پر تشریف لے گئے تھے۔

صَدا۔ گونج؛ آواز بازگشت۔

صَداقَت۔ تصدیق؛ ثبوت۔

صَدائے تَحسِین۔ شاباش کی صدا۔

صَد بَرگ۔ سیکڑوں پنکھڑیوں والا پھول؛ گیندا۔

صَدائے بَرنَہ خاست۔ کوئی آواز نہ اٹھی؛ کوئی جواب نہ ملا؛ کچھ اثر نہ ہوا۔

صَدرِ زَمِین۔ وسط زمین۔

صَدرِ زِین۔ وہ فولادی حلقہ جو زین کے سامنے کے حصے میں لگا ہوتا ہے۔

صَدَف۔ ایک قسم کی چھوٹا سیپی، سمندری جانور جس کے جسم پر ایک سخت خول ہوتا ہے جس کے اندر کی تہ کا مادہ جم کر موتی بن جاتا ہے۔

صِدق۔ سچائی؛ راستی؛ سچ۔

صَدَقَ اللہ۔ سچ کہا اللہ ہی نے۔

صِدقِ دِل۔ خلوص نیت سے؛ صاف دلی سے؛ بطیب خاطر۔

صِدقِ نِیَّت۔ خلوص نیت؛ صاف دلی۔

صَدمَہ۔ رنج و غم؛ تکلیف؛ مصیبت؛ اذیت۔

صَدمَۂ بارَان۔ بارش کی تکلیف؛ بارش کا عذاب۔

صُراحِی۔ پانی، شراب یا رقیق شے کے رکھنے کا برتن جو لمبی گردن اور چھوٹے منھ کا اوسط درجے یا چھوٹے قد کا ہوتا ہے۔ (عموماً مٹی اور گاہے دھات یا شیشے کا ہوتا ہے)۔

صَرَّافَہ۔ صرافوں کا بازار؛ وہ جگہ جہاں سونے، چاندی اور زیورات کا کاروبار ہوتا ہے۔

صَرصَر۔ تیز ہوا؛ آندھی؛ جھکڑ؛ طوفانی ہوا۔

صَرف۔ خرچ؛ خرچ کرنا یا ہونا (آمدنی کی ضد)

صَعب۔ دشواری؛ مصیبت؛ صعوبت۔

صُعُوبات۔ سختیاں؛ دشواریاں۔

صُعُوبَت۔ مصیبت؛ دشواری؛ دقت؛ آفت۔

صُعُود۔ بلندی؛ چڑھائی؛ (اوپر چڑھنا)۔

صَعوَہ۔ سرخ رنگ کے سر والی ایک چھوٹی سی چڑیا، جس کی لمبی دم ہر وقت جلدی جلدی حرکت کرتی رہتی ہے؛ ممولا؛ سر یچہ؛ لنگانہ۔

صُغرا۔ سب سے چھوٹا؛ (کبریٰ کی ضد)

صَغِیر۔ چھوٹا؛ خرد۔

صِغر سِنی۔ خرد سالی ؛ بچپن۔

صَف آرا۔ جنگ کے لیے آمادہ ؛ فوج کشی کرنے والا ؛ صف باندھنے والا (فوج کا)۔

صَف آرائی۔ (میدان جنگ میں) پرا جمانا ؛ جنگ کے لیے آمادگی ؛ فوج کشی۔

صف بستہ۔ پرا جمائے ہوئے ؛ لڑائی پر آمادہ۔

صَف بندی۔ صفیں قائم کرنا ؛ لڑائی کے لیے تیار ہونا۔

صَف شِکَن۔ صفوں کو تباہ کر دینے والا ؛ ابتری ڈالنے والا ؛ بہادر ؛ سورما۔

صَف کَشی۔ (دشمن کی طرف) فوج لے کر بڑھنا ؛ حملہ آور ہونا ؛ پرابندی۔

صَفائے قَلب۔ دل کی صفائی ؛ قلب کا صاف ہونا۔

صَفائے نِیَّت۔ نیت کی پاکیزگی ؛ نیت کا خالص ہونا۔

صَفائی۔ (دل کی کدورت سے) پاکیزگی ؛ (نفس کی) طہارت ؛ نیک نیتی ؛ صاف دل۔

صِفَت۔ تعریف ؛ مدح۔

صَفدَر۔ (دشمن کے) لشکر کی صفوں کو چیر کر ان میں گھس جانے والا ؛ نہایت بہادر ؛ سورما۔

صَفرا۔ (طب) چار خلطوں میں سے ایک خلط کا نام جس کا رنگ زرد ہے ؛ پت ؛ بادی کا پانی۔

صُفرَت۔ زردی ؛ پیلی رنگت۔

صَفراوی مِزاج۔ وہ شخص جس کے مزاج میں خلط صفرا زیادہ ہو ؛ تیز تلخ مزاج۔

صَفوَت خانَہ۔ پاک اور خالص کرنے کی جگہ۔

صُفُوف۔ (صف کی جمع) صفیں۔

صُفَّہ۔ چبوترہ ؛ سایہ دار چبوترہ ؛ سائبان۔

صَفیرِ خُوش گُلُو۔ خوش آواز پرند ؛ پرندوں کی خوش آواز۔

صَلابَت۔ مضبوطی ؛ استحکام۔

صِلاحِ سَمَرقَندی۔ صلح یا آشتی سمرقندی۔

صُلب۔ (مجازاً) نطفہ ؛ نسل نیز حسب شرف آبائی ؛ ریڑھ کی ہڈی ؛ پشت کے مہرے۔

صُلبی اَولاد۔ حقیقی اولاد ؛ جائز اولاد۔

صُلح۔ میل ملاپ ؛ آشتی ؛ مصالحت ؛ باہمی موافقت (جنگ کی ضد)

صُلح و آشتی۔ دوستی اور امن۔

صَلَوات۔ نماز؛ درود؛ دعا؛ رحمت۔

صَلَوات خُوانان۔ درود پڑھنے والے۔

صَمَد۔ بے نیاز؛ جس کے سب محتاج ہوں اور وہ کسی کا محتاج نہ ہو؛ اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام۔

صَمَدِیَّت۔ بے نیازی؛ حاجات سے پاک ہونا۔

صَمصَام۔ تیز تلوار؛ شمشیر براں۔

صَمْغ۔ گوند؛ خصوصاً سلم (ایک درخت) کا گوند جو نہایت قیمتی ہوتا ہے اور پانی میں آسانی سے حل ہو جاتا ہے۔

صَمْغُ الحَجر۔ سلاجیت۔

صَنادِیق۔ (صندوق کی جمع) بکس؛ اسباب رکھنے کا ظرف۔

صَنَائِع۔ (صنعت کی جمع) کاری گری؛ صناعی؛ فن کاری۔

صَنْدَل۔ زرد رنگ کی ایک خوشبودار، بے ریشہ نیز سرخ رنگ کی لکڑی جو گھسنے سے نہایت صاف نکلتی ہے، درد سر کے لیے گھس کر ماتھے پر لگاتے ہیں۔

صَنْدَلی۔ کرسی؛ چوکی۔

صَنْدَلی پوش۔ کرسی کا غلاف۔

صَنْدُوقچَہ۔ چھوٹا بکس۔

صَنْعَت۔ ہنر؛ دستکاری۔

صَنَم۔ بت؛ مورتی۔ (مجازاً) حسین؛ محبوب۔

صَنَم زیبا۔ حسین محبوب۔

صَنَوبَر۔ چیڑ کی قسم کا ایک درخت؛ ایک قسم کا سرو جس سے معشوق کے قد کو تشبیہ دیتے ہیں۔

صَواب۔ درست؛ صحیح؛ راست (خطا کا نقیض)۔

صَوابدِید۔ صلاح؛ مصلحت؛ مشورہ۔

صُوبہ داری۔ گورنری؛ ایک فوجی عہدہ۔

صُورِ اِسرافِیل۔ مسلمانوں کے عقیدے کے مطابق وہ صور جو حضرت اسرافیل ایک مرتبہ جانداروں کو ختم کرنے اور دوسری مرتبہ زندہ کرنے کے لیے پھونکیں گے۔ (مجازاً) وہ آواز جو کسی کو خواب غفلت سے جگادے۔

صُورِ قیامَت۔ قیامت میں پھونکا جانے والا صور؛ قیامت کا اعلان۔

صُوَرِ۔ چہرے، شکلیں؛ تصویریں۔

صُورِی و مَعنَوِی۔ ظاہری و حقیقی۔

صَولَت۔ سطوت؛ غلبہ؛ حملہ۔

صَومِ صِحَّت۔ صحت یابی کا روزہ۔

صَیْد۔ شکار (مجازاً) گرفتار؛ مبتلا؛ پھنسا ہوا۔

صَیدْ اَفگَنی۔ شکاری کا پیشہ یا کام؛ شکار کرنا۔

صَیدبازی۔ شکار کھیلنا؛ شکار کرنا۔

صَیدگاہ۔ شکار کھیلنے کی جگہ؛ شکار گاہ۔

صَیدِ نِیمْ بِسْمِلْ۔ وہ شکار جس پر شکاری کا وار اوچھا پڑا ہو؛ وہ عاشق جس سے محبوب بے رخی برت رہا ہو؛ ادھ موا شکار۔

صِیغَہ پڑھانا۔ (محاورہ) اہلِ تشیع میں نکاح پڑھانا؛ ایجاب و قبول کرانا۔

صَیْقَلْ۔ صفائی؛ آب و تاب؛ چمک۔

ض

ضَخَامَت۔ جسامت؛ حجم؛ دبازت۔

ضَخِیْم۔ بڑے جسم والا؛ دبیز؛ بڑی جسامت والا۔

ضِدْ۔ وہ شے جو مد مقابل شے کے ساتھ جمع نہ ہو سکے؛ ہٹ؛ اصرار؛ ہٹ دھرمی۔

ضَرْب کھانا۔ (محاورہ) چوٹ کھانا؛ صدمہ اٹھانا۔

ضَرْبِ عَمُود۔ کھڑی ضرب؛ سیدھا وار۔

ضَرَرْ۔ نقصان؛ مضرت؛ گزند۔

ضَرِیحِ مُقَدَّسْ۔ لکڑی یا دھات کا بنا ہوا چوکور تعزیہ جو امام حسینؓ کے مزار مبارک کی شبیہ ہوتا ہے۔

ضُعْف۔ ناتوانی؛ کمزوری؛ نقاہت۔

ضُعْفا۔ (ضعیف کی جمع) ناتوان؛ کمزور؛ بے طاقت۔

ضَعِیفُ۔ بوڑھا؛ بودا؛ کمزور۔

ضَعِیفُ الْبُنْیاد۔ جس کی ساخت یا بنیاد کمزور ہو۔

ضَعِیفُ الْبُنْیان۔ جو خلقی طور پر کمزور ہو، بنیادی طور پر کمزور (عموماً انسان کے ساتھ بولا جاتا ہے)۔

ضَعِیفُ الْخِلْقَت۔ جو پیدائش یا بناوٹ کے لحاظ سے کمزور ہو۔

ضَعِیفُ الْعَقِیْدَہ۔ کمزور ایمان والا؛ مذہبی باتوں پر یقین نہ کرنے والا۔

ضَلاَلَت۔ گمراہی؛ غلط راستے پر پڑنا؛ سیدھی راہ سے بھٹکنا۔

ضَمَانَت۔ ضامنی؛ کفالت؛ ذمہ داری؛ گارنٹی۔

ضِمْن۔ ذیل؛ درمیان؛ شرکت؛ بشمول (مجازاً) تسلسل۔

ضَمِیمَہ۔ زائد شے جو اصل کے ساتھ شامل ہو؛ مستزاد؛ تتمہ۔

ضِیا۔ روشنی؛ نور؛ چمک۔

ضَیاعْ۔ نقصان؛ تباہی؛ ہلاکت؛ ضائع کرنا۔

ضِیافَت۔ (کسی کو مہمان کے طور پر) کھانا کھلانا؛ دعوت؛ مہمانی۔

ضِیائے آفْتاب۔ سورج کی روشنی۔

ضِیائے حُسْن۔ حسن کی چمک؛ حسن کی روشنی۔

ضَیْمُران۔ نازبو؛ گل ریحان۔

ط

طَاس۔ بڑا تھال ؛ طشت ؛ لگن۔

طَاق۔ مکان کی دیواروں میں چیزیں رکھنے کے لیے بنائی ہوئی جگہیں۔

طَاقِ نِسْیان۔ (کنایۃً) بھول ؛ فراموشی (غیر مستعمل چیز کو طاق پر اٹھا کر رکھ دینا)۔

طَاقچہ۔ چھوٹا طاق۔

طَالِب۔ طلب کرنے والا ؛ خواستگار ؛ مشتاق۔

طَالِع۔ قسمت ؛ مقدر ؛ تقدیر۔

طَالِعِ سَعْد۔ نیک بختی ؛ مبارک قسمت۔

طَائِر۔ اڑنے والا جانور ؛ پرندہ ؛ چڑیا۔

طَائِفَہ۔ جماعت ؛ گروہ۔

طَاؤس۔ بڑے مرغ کے برابر جو عموماً باغ اور جنگل میں رہتا ہے، اس کے پر ہرے نیلے اور سنہرے رنگ برنگے اور دم پر سبز اور سنہری چاند ہوتے ہیں۔ برسات میں دم کے پر پھیلا کر بڑی ترنگ سے ناچتا اور کوکتا ہے ؛ مور۔

طَاؤسِ طَنّاز۔ ناز دکھاتا مور مراد : حسین و شوخ محبوب۔

طَبَابَت۔ طب کا پیشہ، کام یا فن ؛ علاج کا علم۔

طَبْخِ حضُوری۔ جو موجود ہے اس کو پکانا ؛ جو حاضر ہے اسے پکانا۔

طَبْع۔ چھاپنے کا کام ؛ چھپی ہوئی چیز کا ایڈیشن۔

طَبْعی۔ فطری، خلقی، ذاتی، قدرتی۔

طَبْعی مَذْہَب۔ فطری مذہب۔

طَبَق۔ تھالی ؛ سینی ؛ خوان۔

طَبْلِ آسائِش جَواْنا۔ (محاورہ) فوجوں کی واپسی کا طبل ؛ جنگ کے خاتمے کا اعلان کرنا۔

طَبْلِ بازگَشْتْ۔ ایسا باجا نقارہ جو اس وقت بجایا جاتا تھا جب فوجیں جنگ بند کر کے اپنی اپنی جائے قیام پر واپس جاتیں۔ (عموماً شام کے وقت)۔

طَبْلِ شَادِی۔ خوشی کا نقارہ ؛ شادیانہ۔

طَبْلَہ۔ ڈبا ؛ ڈبیا۔ ایک قسم کا ڈھول

طَبِیْب۔ علم طب کا جاننے والا ؛ معالج ؛ مرض یا عیب کا چارہ ساز۔

طِبِّیَہ۔ طب سے متعلق۔

طَرّار۔ تیز زبان ؛ شوخ ؛ زباں دراز۔

طَرّاری۔ چالاکی؛ عیاری؛ گستاخی۔
طَراق طَراق۔ طڑاق طڑاق؛ کسی سخت چیز کے ٹوٹنے یا گرنے کی آواز؛ دھماکا؛ تڑاقا۔
طَرانَہ۔ (ترانہ) راگ؛ گیت۔
طَرَب۔ خوشی؛ نشاط؛ شادمانی۔
طَرَب اَنگیز۔ خوشی بڑھانے والا؛ فرحت بخشنے والا؛ خوش کرنے والا۔
طُرفَۃُ العَین۔ پلک جھپکنا؛ (مجازاً) چشم زدن؛ ذرا سی دیر۔
طُرفہ تَر۔ بہت زیادہ عجیب؛ بہت انوکھا؛ عجیب تر۔
طُرفہ تَماشا۔ عجیب وغریب تماشا۔
طُرفہ مَعجُون۔ عجیب مسخرہ؛ حیرت انگیز عادتوں والا۔
طَرَفین۔ دونوں فریق؛ مدعی ومدعا علیہ۔
طُرّہ ہونا۔ (محاورہ) اصل سے بڑھ کر ہونا؛ انوکھا ہونا؛ فائق ہونا۔
طَشت اَز بام۔ ظاہر؛ کھلا ہوا؛ مشہور؛ افشائے راز۔

طَعام۔ کھانا؛ خوراک۔
طُعمۂ نَہنگ۔ مگرمچھ کا لقمہ؛ گھڑیال کی خوراک۔
طَعن۔ نیزے کا وار؛ نیزہ بازی۔
طَعن و تَشنیع۔ لعنت وملامت؛ جلی کٹی بات؛ طنز۔
طَعنہ زَن۔ آوازہ کسنے والا؛ طعنہ مارنے والا۔
طُغیان۔ حد سے بڑھ جانا؛ ظلم؛ حد سے گزر جانا۔
طُغیانی۔ سیلاب، دریا کا چڑھاؤ۔
طِفل۔ بچہ (عموماً) انسانوں کا بچہ خواہ شیر خوار ہو یا کسی قدر بڑا۔
طِفلِ مَکتَب۔ مدرسے میں پڑھنے والا لڑکا (کنایۃً) نوآموز؛ ناتجربہ کار۔
طُفُو۔ چراغ گل ہونا۔
طُفُولِیَّت۔ بچپن؛ بالک پن؛ لڑکپن۔
طُفَیل۔ صدقے میں؛ سبب سے؛ بدولت۔
طِلاو نُقرہ۔ سونا اور چاندی۔
طِلائے اَحمَر۔ عمدہ سونا؛ کندن۔

طِلائے مسکوک۔ سونا جس کا سکہ بنالیا ہو۔

طِلائے نَاب۔ خالص سونا۔

طِلایَہ۔ رات کی محافظ فوج؛ پہرے دار۔

طِلایَہ دار۔ گشتی سپاہی؛ مخبر؛ سراغ لگانے والا۔

طِلائی۔ سونے (کے رنگ) کا؛ سنہری۔

طَلاق۔ دست برداری؛ ترک۔

طَلاقت۔ خوش بیانی؛ بیان میں روانی اور تیزی؛ خوش گوئی۔

طِلِسْم۔ جادو؛ ٹونا؛ سحر؛ منتر۔

طِلِسْم کُشا۔ وہ شخص جو طلسم کو فتح کرے یا توڑے۔

طَلْعَت۔ دیدار؛ صورت؛ رخ۔

طُلُوع کرنا۔ (محاورہ) سورج یا چاند وغیرہ کا ظہور؛ (صبح کی) نمود۔

طُلُوعِ صُبْح۔ صبح کا آغاز؛ سویرا۔

طَمّاع۔ بہت زیادہ لالچی؛ بڑا حریص۔

طَمَانچہ۔ وہ ضرب جو ہاتھ پھیلا کر کسی کے گال پر ماری جائے؛ تھپڑ؛ لپڑ۔

طُمْطُراق۔ شان و شوکت؛ کر و فر؛ دھوم دھام؛ تزک و احتشام۔

طَمَعْ۔ لالچ؛ حرص؛ ہوس۔

طَنَاب۔ رسی، رسا؛ خیمے کی رسی۔

طَنْبُورَہ۔ تنبورہ؛ ایک باجا؛ ایک ساز۔

طَوَاف۔ کسی چیز کے گرد پھرنا؛ چکر لگانا؛ پھیرا۔

طَوَالَت۔ لمبائی؛ درازی، لمبا ہونا۔

طُوبیٰ۔ جنت کے ایک درخت کا نام جس کے خوش ذائقہ پھل اور خوشبو اہلِ جنت کو حاصل ہوگی۔

طَوَائِف۔ (طائفہ کی جمع) گروہ؛ فرقے؛ جماعتیں۔

طَوَائِفُ الْمُلُوکی۔ ایسی حالت یا زمانہ جس میں کسی خاص حکمران کا حکم نہ چلے بلکہ کئی امرا یا بادشاہ اپنا اپنا حکم چلائیں؛ بد نظمی؛ ابتری؛ سیاسی انتشار۔

طُوْغ و عَلَم۔ فوج کا نشان اور جھنڈا؛ فوج کا علم اور جھنڈا۔

طُوْل۔ لمبائی، درازی، طوالت۔

طُوطی۔ ایک خوش آواز ایرانی پرندہ جو توت کے

موسم میں اکثر دکھائی دیتا ہے اور شکر و شہتوت بہت رغبت سے کھاتا ہے۔

طَوْعاً و کَرْہاً۔ چار و ناچار؛ جبراً قہراً؛ خواہی نخواہی۔

طَوْق۔ وہ مدور نشان جو کبوتر، فاختہ، قمری یا توتے وغیرہ کے گلے میں قدرتی ہوتا ہے۔ ایک لوہے کا حلقہ جو پرانے زمانے میں غلاموں کے گلے میں ڈالا جاتا تھا۔

طُول و عَرْض۔ لمبائی چوڑائی؛ (مجازاً) رقبہ؛ جگہ۔

طَوِیْل۔ لمبا؛ دراز۔

طَوِیْل و عَرِیْض۔ لمبا چوڑا۔

طَوِیْلُ الْقَامَت۔ قد و قامت میں لمبا؛ دراز قد؛ بہت اونچا۔

طَوِیْلَہ۔ چوپایوں خصوصاً گھوڑوں کے باندھنے کی جگہ؛ اصطبل؛ تھان؛ گھیر۔

طَہَارَت۔ ظاہری اور باطنی نجاست سے دوری؛ پاکی؛ نظافت۔

طِینَت۔ عادت؛ خو؛ مزاج؛ طبیعت۔

طُیُور۔ (طائر کی جمع) پرندے۔

ظ

ظَالِم۔ ظلم کرنے والا؛ سنگ دل؛ بے رحم۔

ظَرَافَت۔ خوش طبعی؛ مزاح؛ دل لگی۔

ظَرْف۔ برتن۔

ظَرْفِ بِلّورِیں۔ کانچ کا برتن؛ شیشے کا ظرف۔

ظَرْفِ زَرِّیں۔ سونے کا برتن۔

ظَرْفِ گِلی۔ مٹی کا برتن۔

ظُرُوف۔ (ظرف کی جمع) بہت سارے برتن۔

ظَرِیْف طَبْع۔ فقرہ باز؛ جس کی طبیعت میں مزاح اور شوخی کا مادہ زیادہ ہو۔

ظَفَر۔ کامیابی؛ فتح؛ دشمنوں پر غلبہ۔

ظِلِّ رَایَت۔ جھنڈے کا سایہ۔

ظَلامِ کُفْر۔ کفر کی ظلمت؛ کفر کا اندھیرا۔

ظِلُّ اللّٰہ۔ خدا کا سایہ؛ نائب خدا؛ (مجازاً) بادشاہ۔

ظِلُّ الرَّحْمٰن۔ اللہ کا سایہ۔

ظُلُمات۔ وہ تاریک مقام جس کے بارے میں مشہور ہے کہ وہاں آبِ حیات کا چشمہ ہے۔

ظُلمتِ دُود۔ دھوئیں کی تاریکی۔

ظُہر۔ زوالِ آفتاب کا وقت، دوپہر کا وقت۔

ظُہُور۔ اظہار؛ ظاہر ہونا؛ نمایاں ہونا۔

ع

عَابِدْ۔ عبادت کرنے والا؛ عبادت گزار۔

عَاجْ۔ ہاتھی دانت؛ ہاتھی کے دانت سے بنی ہوئی کوئی چیز۔

عَاجِزْ۔ قاصر؛ جو کوئی کام کرنے کی قدرت نہ رکھتا ہو۔

عَاجِلْ۔ فوری؛ آناً فاناً وجود میں آنے والا۔

عَادِلْ۔ انصاف کرنے والا؛ منصف۔

عَارْ۔ ننگ؛ شرم۔

عَارِضْ۔ لاحق؛ پیش آنے والا؛ رخسار؛ گال۔

عَارِضَہ۔ مرض؛ بیماری؛ روگ۔

عَارِفْ۔ پہچاننے والا؛ جاننے والا؛ واقف۔

عَارِفْ بِاللہ۔ خداشناس؛ اللہ کا عرفان رکھنے والا۔

عَارِی۔ عاجز؛ مجبور؛ معذور۔

عَازِمْ۔ کسی کام پر آمادہ یا تیار۔

عَاشِرْ۔ دم والی اونٹنی۔

عاشق زار۔ دیوانہ ؛ خستہ حال شخص۔

عاشقی۔ محبت ؛ فریفتگی ؛ شیفتگی۔

عاصی۔ گناہ گار ؛ خطاکار۔

عاطفت۔ مہربانی ؛ شفقت نیز مہربانی کرنا۔

عافیت۔ سلامتی ؛ تحفظ ؛ آرام سکون۔

عاقب۔ پیچھے آنے والا۔

عاقبت اندیشی۔ انجام کو سوچنا ؛ دور اندیشی ؛ سوچ سمجھ کر کام کرنا۔

عاقل۔ دانش مند ، فہم وادراک کا مالک ، ہوشیار آدمی۔

عالم رؤیا۔ خواب کی حالت ؛ خواب کی کیفیت۔

عالم سفلی۔ دنیائے آب وگل ؛ دنیائے فانی۔

عالم سکوت۔ خاموشی کا عالم۔

عالم سوز۔ دنیا کو جلا دینے والا۔

عالم علوی۔ عالم بالا ؛ وہ عالم جو دنیا کے علاوہ ہے۔

عالم الغیب۔ غیب کی باتوں کا جاننے والا ؛ مراد : اللہ تعالیٰ۔

عالم مدار۔ جس پر دنیا کا انحصار ہو۔

عالم وجد وسماع۔ قوالی سنتے ہوئے وجد میں آنا ؛ روحانیت کا عالم۔

عالمیان۔ دنیا کے لوگ ؛ اہلِ جہاں ؛ ساری مخلوق۔

عالی تبار۔ اونچے گھرانے کا ؛ امیر نیز بلند مرتبہ شخص۔

عالی جاہ۔ بلند مرتبہ ؛ اونچا ؛ شاہی۔

عالی قدر۔ بڑے رتبے والا ؛ بلند مرتبہ ؛ عظیم۔

عالی نژاد۔ عالی نسب ؛ اچھے نسب کا ؛ اونچے خاندان کا۔

عامل۔ تعویذ ، گنڈا ، جھاڑ پھونک یا جادو کرنے والا ؛ جن وغیرہ کو تسخیر کرنے والا ؛ علوی یا سفلی عمل کا ماہر۔

عاید ہونا۔ (محاورہ) ذمے پڑنا ؛ لگنا۔

عباسی۔ (سکہ) خاندان عباسیہ کے ایک سکے کا نام۔

عبرانی۔ عبری ؛ سامی زبان کی شاخ ؛ عربی شاخ کی ایک قدیم زبان جس میں حضرت موسیٰ پر توریت نازل ہوئی۔

عِبْرَت۔ کسی تکلیف دہ واقعہ (حادثہ) کو دیکھ کر یا سن یا پڑھ کر نصیحت حاصل کرنا۔

عِبْرَت اَنگیز۔ جس سے خوف یا نصیحت پیدا ہو؛ سبق آموز۔

عَبقات۔ خوشبوئیں؛ عطر بیزیاں۔

عُبُودِیَّت۔ بندگی؛ اطاعت؛ خادم ہونا۔

عُبُور۔ راستہ خصوصاً پانی کا راستہ یا پُل وغیرہ پار کرنے کا عمل۔ (مجازاً) کسی علم یا فن پر حاوی ہونے کی حالت؛ مہارت۔

عَبْہَر۔ خوش قامت؛ خوبصورت؛ نازک۔

عِتَابْ و خِطاب میں گرفتار ہونا۔ (محاورہ) خفگی میں آنا۔

عِجْزو فَروتَنی۔ منت سماجت کرنا؛ گڑگڑانا۔

عِجْز و مِنَّت۔ منت سماجت؛ گڑگڑانا۔

عِجْز وَ نیاز۔ عاجزی اور بندگی۔

عَجْلَت۔ جلدی؛ شتابی؛ جلدبازی۔

عَجَمی۔ غیر عرب؛ جو عربی نہ ہو۔

عَجُوزَہ۔ بوڑھی عورت؛ بڑھیا؛ پیر زال۔

عَجِیبُ البُنْیان۔ جس کی بنیاد عجیب ہو؛ عجوبہ۔

عَجِیبُ الْخِلْقَت۔ انوکھی شکل کا؛ اصول فطرت سے ہٹی ہوئی خلقت والا؛ حیرت انگیز بناوٹ کا۔

عَدَالَت۔ کچہری؛ کورٹ؛ انصاف کی کچہری۔

عَداوَت۔ دشمنی؛ عناد؛ بغض۔

عَدْل۔ انصاف، دادگستری۔

عَدَم۔ معدوم ہونے کی حالت؛ نہ ہونا؛ نیستی۔

عَدُوِّے جانِی۔ جانی دشمن؛ سخت مخالف۔

عَدُو کُش۔ دشمن کو قتل کر دینے والا۔ (مجازاً) جری؛ بہادر۔

عُدُول۔ روگرانی، نافرمانی، انکار، سرتابی۔

عَدِیل۔ انصاف کرنے والا؛ منصف؛ جج۔

عَدِیمُ الْمِثال۔ بے مثل؛ لاجواب؛ بے نظیر۔

عَدَّیَہ جَلیلَہ۔ بڑے ہندسے؛ بڑے اعداد (کا علم)۔

عَذابِ اَلِیم۔ المناک عذاب؛ درد ناک عذاب؛ تکلیف دینے والا عذاب۔

عَذْبُ الْبَیان۔ خوش بیان؛ شریں کلام۔

عِذار۔ عارض؛ رخسار؛ گال۔

عُذر۔ (مجازاً) انکار؛ انحراف؛ چون وچرا۔

عُذر خواہ۔ معذرت کرنے والا؛ عفو خواہ۔

عَرائِض۔ عرضیاں، درخواستیں۔

عَرصہ۔ میدان۔

عَرصۂ مَصاف۔ میدانِ جنگ۔

عَرض۔ چوڑائی؛ چوڑان؛ پاٹ

عَرض پَرداز۔ درخواست گزار؛ عرض معروض کرنے والا۔

عَرضِ لَشکَر۔ لشکر کا سامنا۔

عَرض وطُول۔ لمبائی اور چوڑائی۔

عَرض مَعرُوض۔ التماس؛ درخواست؛ التجا؛ گزارش۔

عَرَق۔ بھاپ سے کھینچا ہوا دواؤں کا پانی؛ تند و تیز شراب؛ پسینہ۔

عَرَقِ حَمیّت۔ شرم کا پسینہ؛ عرق ندامت۔

عَرَقِ گُلاب۔ گلاب کا عرق؛ گلاب کا کشید کیا ہوا پانی۔

عِرقُ النِسا۔ (طب) لنگڑی کا درد؛ ایک قسم کا درد جو عرق النسا میں پیدا ہوتا ہے، یہ چڈھوں سے ٹخنوں تک پہنچتا ہے۔

عُرُوس۔ دلہن (عربی میں اس لفظ کا اطلاق دولھا پر بھی ہوتا ہے مگر اردو میں صرف دلہن کے لیے مستعمل ہے)۔

عَرُوسی سَامان۔ دلہن کا سامان؛ شادی کا سامان۔

عُریاں۔ بے لباس؛ بے پردہ؛ برہنہ؛ کھلا ہوا۔

عَرِیض۔ جوڑا؛ پہناور۔

عَرِیضَہ۔ عمر؛ رشتے یا رتبے میں چھوٹے کی جانب سے بڑے کو لکھا جانے والا خط؛ عرضداشت۔

عِزّو وَقار۔ عزت وشان۔

عَزا۔ ماتم؛ سوگ؛ ماتم پرسی۔

عِزرائِیل۔ چار مقرب فرشتوں میں سے ایک فرشتے کا نام؛ ملک الموت؛ روح قبض کرنے والا فرشتہ۔

عَزل۔ معزول؛ موقوفی؛ برطرفی۔

عُزلت گَزِیں۔ گوشہ نشین؛ کنج تنہائی میں

رہنے والا۔

عَزْم۔ ارادہ ؛ قصد۔

عَزَّ وَجَل۔ (غالب ہوا اور بزرگ ہوا) ؛ غالب اور بزرگ ؛ اللہ تعالیٰ کی صفت۔

عَزِیْزُ الْقَدْر۔ گرامی قدر ؛ چھوٹے بھائی یا رشتے دار یا اپنے ماتحت چھوٹے افسر کے لیے بطور القاب مستعمل۔

عَزِیْمَت۔ وہ دعا، منتر، افسوں یا عمل جس سے موکلوں کو طلب کیا جائے۔

عَزِیْمَت خُواں۔ عزیمت پڑھنے والا ؛ فسوں گر ؛ عامل۔

عَزِیْمَت خُوانی۔ عزیمت پڑھنا ؛ فسوں گری۔

عَسَاکِر۔ (عسکر کی جمع) افواج ؛ لشکر۔

عُسْرَت۔ تنگی ؛ مفلسی ؛ تنگ دستی۔

عَسَلِ مُصَفّٰا۔ خالص شہد۔

عَشَایِر۔ کنبے۔ قبیلے۔

عُشْر۔ دسواں ، دہم ، دسواں حصہ۔

عُشْرِ عَشِیْر۔ دسویں حصہ کا دس حصہ، سواں حصہ (مجازاً) تھوڑا سا ؛ بہت ہی کم۔

عِشْرَت۔ عیش ؛ نشاط ؛ فرحت ؛ آرام۔

عِشْوَہ۔ ناز و ادا ؛ غمزہ ؛ کرشمہ۔

عِشْوَہ گر۔ عشوہ پرداز ؛ محبوبانہ ادائیں دکھانے والا / والی۔ (کنایۃً) معشوق۔

عَصَا۔ لاٹھی ؛ چوب دستی ؛ ہاتھ کی لکڑی۔

عَصَائے پِیْری۔ وہ لاٹھی جو بوڑھے استعمال کرتے ہیں یا جس کے سہارے سے چلتے ہیں۔ (مجازاً) بڑھاپے کا سہارا۔

عَصَافِیْر۔ چڑیاں۔

عَصْر۔ دور ؛ عہد۔

عِصْمَت۔ اپنے آپ کو گناہ سے بچانا ؛ پرہیزگاری ؛ پارسائی ؛ پاک دامن۔

عُضْو۔ بدن کا کوئی حصہ یا جزو۔

عُطَارِدْ۔ (ہیئت) دوسرے فلک پر ایک سیارہ جس کو دبیر فلک اور منشی فلک بھی کہتے ہیں، علم و عقل کو اس سے متعلق سمجھا جاتا ہے، ہندی میں اسے بدھ کہتے ہیں۔

عُطَارِد مُمْتَزِج۔ عطارد کے مزاج والا ؛ عطارد کی صفات رکھنے والا۔

عِطر بیز۔ خوشبو پھیلانے والا۔

عِطر دان۔ عطر رکھنے کا ظرف؛ عطر کی شیشی۔

عِطر و گُل۔ خوشبو اور گلاب۔

عِطرِیّت۔ خوشبو؛ مہک۔

عَطسَہ۔ چھینک۔

عَطِیّہ۔ عطا؛ بخشش؛ تحفہ۔

عِظام۔ بزرگ، بڑے۔

عَظم و شان۔ بڑائی اور کرّوفر؛ بلند مرتبہ۔

عَظمَت۔ بزرگی؛ بڑائی؛ شان و شوکت۔

عَظیمُ الجُثّہ۔ دیو قامت؛ وہ جس کا قد و قامت بڑا ہو؛ بڑے ڈیل ڈول والا۔

عفاف۔ پارسائی؛ پرہیزگاری؛ پاک دامنی۔

عِفّت۔ پرہیزگاری؛ پارسائی۔

عِفرِیت۔ دیو، جن، خبیث۔

عِفرِیتہ۔ دیونی، بھتنی، جنی۔

عَفو۔ معاف کرنا؛ درگزر، بخشش۔

عُفُونَت۔ سڑاند، بدبو، گندگی۔

عَفِیفَہ۔ باعصمت؛ پاک دامن؛ پارسا عورت۔

عِقاب۔ سزا؛ عذاب۔

عَقاقِیر۔ جڑی بوٹیاں۔

عَقَب۔ پس پشت، پچھواڑی، پیچھے۔

عَقَب گُزاری۔ چھٹکارا؛ نجات۔

عُقبیٰ۔ آخرت؛ دوسرا جہان؛ عاقبت۔

عَقد۔ نکاح؛ بیاہ۔

عِقدِ ثُرَیّا۔ سات ستاروں کا مجموعہ جو ہار کی طرح نظر آتا ہے؛ عقد پروین؛ سات سہیلیوں کا جھمکا۔

عَقدِ ناطِقہ۔ واضح معاہدہ، پکا معاہدہ۔

عُقدَہ۔ گرہ؛ گتھی۔

عُقدَہ کُشائی۔ گرہ کھولنا؛ مشکل حل کرنا۔

عَقرَب۔ (ہیئت) آسمان کا آٹھواں برج جو بچھو کی شکل کا ہے؛ برچھک۔

عَقلِ اَوّل۔ (فلسفہ) وہ مخلوق اول جو دوسری تمام مخلوقات کی پیدائش کا واسطہ اور ذریعہ ہے؛ جوہر اول۔

عَقلِ سَلِیم۔ ذہانت مفیدہ؛ صحیح غور و فکر۔

عقل مجسم۔ نہایت عقل مند؛ بے حد ذہین۔

عَقیقِ مَنقُوق۔ چمکایا ہوا عقیق؛ بیش قیمت عقیق۔

عَقیقِ یمَنی۔ ملک یمن سے نکلنے والا عقیق جو اعلیٰ قسم کا ہوتا ہے، اس کا رنگ کلیجی جیسا سیاہی مائل سرخ ہوتا ہے۔

عَکس پَذیر۔ عکس قبول کرنے والا۔

عَکسِ خط۔ خط کی نقل۔

عِلاقَہ۔ تعلق؛ لگاؤ۔

عَلالَت۔ بیماری؛ روگ۔

عَلّامِ حَقیقی۔ مراد: اللہ تعالیٰ۔

عَلّامُ الغُیُوب۔ دانائے غیب؛ دانائے عظیم؛ مراد: اللہ تعالیٰ۔

عَلّامَہ عَصَر۔ یکتائے زمانہ فاضل؛ اپنے زمانے کا بہت بڑا عالم فاضل۔

عِلَّت۔ سبب؛ وجہ۔

عِلَّتُ العِلَل۔ تمام اسباب کا سبب؛ علتوں کی علت؛ مراد: خالق کائنات؛ اللہ تعالیٰ۔

عِلَّتِ غائی۔ مقصود اعلیٰ؛ اصلی وجہ۔

عَلَف۔ سبز چارہ؛ گھاس کی قسم۔

عَلَف زار۔ چراگاہ؛ سبزہ زار۔

عَلَم سَبز رَنگ۔ سبز رنگ کا پرچم؛ پھریرا۔

عَلَی الاِتِّصال۔ لگاتار؛ مسلسل؛ متواتر۔

عَلَی الرَّغم۔ بر خلاف؛ بر عکس؛ بالمقابل۔

عَلیٰ سَبیلِ الاِجمال۔ ازراہ اختصار؛ مختصراً۔

عَلیٰ السَّوِیَّہ۔ برابر برابر؛ مساویانہ؛ مساوی (ہر برج میں علی السویہ دو نیم حال ہے۔)

عَلیَ الاِطلاق۔ مطابق؛ بلا قید؛ آزاد؛ بالکل؛ قطعی۔

عَلیٰ قَدرِ مَراتِب۔ حسب مرتبہ؛ حیثیت کے مطابق۔

عَلیَ العَالی۔ بلند مرتبہ؛ اعلیٰ۔

عَلیٰ ہٰذا۔ اس کے بموجب؛ اس کے مطابق۔

عَلیٰ ہٰذا القِیاس۔ اسی قیاس پر؛ اسی قاعدے کے مطابق۔

عِلم وبَیان۔ علم اور بیان علم۔

عِلمِ جَفَر۔ غیبی حالات سے آگاہی کا علم؛ وہ علم

جس میں حروف واعداد کے ذریعے سے احوالِ غیب دریافت کرتے ہیں۔

عِلمِ رَمَل۔ وہ علم جس میں لکیروں اور ہندسوں کے ذریعے غیب کی بات بتاتے ہیں؛ رمالی۔

عِلمِ رِیمیا۔ شعبدہ بازی کا علم۔

عِلمِ طِب۔ یونانی علاج معالجے کا علم؛ حکمت۔

عِلمِ نُجُوم۔ علم الافلاک؛ ستاروں کا علم؛ سیاروں کے تاثرات یعنی سعادت و نحوست اور واقعات آئندہ کی حسب گردش پیش گوئی یا معاملات تقدیر اور اچھے بُرے موسم کی خبر دینے کا علم۔

عِلمِ ہِیمیا۔ وہ علم جس میں سیاروں کو مسخر کرنے اور جنات کو اپنے موافق کرنے کے طریقے بیان کیے گئے ہوں؛ طلسم باندھنے کا علم؛ علم تسخیرات۔

عِلمُ الیَقِین۔ بغیر دیکھے پکا یقین۔

عَلَم۔ جھنڈا، پھریرا۔

عُلَماء۔ (عالم کی جمع) صاحب علم؛ پڑھا لکھا فاضل۔

عُلُوم۔ بہت سے علم۔

عُلُومِ حِکمِیَہ۔ عقلی علوم؛ فلسفۂ منطق۔

عُلُومِ عَقلی۔ وہ علوم جن میں عقل و فکر سے کام لیا جائے؛ جیسے فلسفۂ منطق اور علم کلام وغیرہ۔

عُلُومِ نَقلی۔ وہ علوم جو ایک راوی سے دوسرے راوی تک منتقل ہوئے ہوں جیسے حدیث؛ تاریخ وغیرہ۔

عُلُومِ ہِندَسَہ۔ علم ریاضی کی وہ شاخ جو اجسام کی جسامت، حقیقت اور لکیروں اور زاویوں کے تعلقات یا ان کی پیمائش کو ظاہر کرے نیز اعداد و رقوم کا علم۔

عَلِیل۔ بیمار، ناساز۔

عَلِیَّہ۔ اور اس کے

عِلِّیِّین۔ بہشت کا نام۔

عَمّ۔ چچا؛ باپ کا چھوٹا بھائی۔

عَمامَہ۔ پگڑی؛ ایک وضع کی پگڑی جو عالموں، زاہدوں اور صوفیوں سے مخصوص ہے۔

عَمائِد۔ (عمید کی جمع) قوم کے سردار؛ معزز ہستیاں؛ بڑے لوگ۔

عَمَد۔ ستون؛ کھمبا۔

عَمَدِ کلاں۔ بڑا ستون؛ بڑا کھمبا۔

عُمدَہ زادَہ۔ امیر گھرانے کا؛ مالدار خاندان کا۔

عُمق۔ گہرائی۔

عَمَل۔ کام ؛ فعل۔

عَمَل ودَخل۔ حکومت ؛ تسلط ؛ قبضہ۔

عَمَلہ وفِعلہ۔ چھوٹا اسٹاف ؛ دفتر کی نفری۔

عُمُودِ آتشیں۔ آگ کا ستون ؛ آگ برسانے والا گرز۔

عُمُودبازی۔ گتکا گھمانا ؛ پٹا کھیلنا ؛ لکڑی چلانا۔

عُمُودپارہ۔ لکڑی کا ٹکڑا۔

عُمُودِ خاراکُوب۔ چٹان توڑ دینے والا گرز۔

عُمُودِ شیر کلّہ۔ وہ گرز جس پر شیر کا چہرہ بنا ہو۔

عُمُودِ صد منی۔ سو من کا گرز ؛ بہت بھاری گرز۔

عَمّو۔ میرے عمو ؛ میرے چچا۔

عَمّہ۔ (عم کی تانیث) پھوپھی ؛ باپ کی بہن۔

عَمِیق۔ گہرا۔

عَمِیم۔ عام ، سب کے لیے یکساں ؛ پورا ، تمام۔

عَمِیمُ الِاحْسان۔ سب پر احسان کرنے والا ؛ سب کے ساتھ بھلائی کرنے والا۔

عِناد۔ دشمنی ؛ بیر ؛ مخالفت۔

عَناصِر۔ اجزائے ترکیبی ؛ بنیادی اجزا۔

عِنان۔ لگام ؛ بھاگ دوڑ۔

عِناں گُسستہ۔ لگام شکستہ ؛ بہت دوڑنے والا ؛ بگٹٹ ؛ سوار کے قابو سے باہر۔

عِنانِ مَرکَب۔ سواری کی لگام۔

عِنایَت۔ تحفہ ؛ مہربانی۔

عِندَ الحاجَت۔ ضرورت کے وقت ؛ ضرورت پڑنے پر۔

عِندَ الصُّحبَت۔ ملاقات کے وقت ؛ ملاقات ہونے پر۔

عِندَ الفُرصَت۔ فرصت کے وقت ؛ فرصت میں۔

عَندَلِیب۔ ایک خوش رنگ خوش نوا پرندہ ؛ بلبل۔

عِندِیَہ۔ رائے ؛ خیال ؛ کسی چیز کے متعلق دل میں پوشیدہ خیال۔

عَنبَر۔ خاکستری رنگ کا ایک خوشبودار مادہ جو عنبر نامی مچھلی کے پیٹ سے نکل کر سطح آب پر جمع ہو جاتا ہے، بعض وقت اس مچھلی کا شکار کر کے اس کے پیٹ سے بھی نکال لیتے ہیں۔

عَنبَر آمیز۔ خوشبو ملا ہوا ؛ خوشبودار۔

عَنبَر اَشہَب۔ خاکستری رنگ کا عنبر۔

عَنبَر سارا۔ خالص عنبر ؛ بہترین عنبر۔

عَنبَر فَتیلے۔ وہ عنبر جسے چراغ میں جلایا جائے ؛ عنبر میں لپٹی ہوئی چراغ کی بتیاں۔

عِندَاللہ۔ اللہ کے نزدیک۔

عُنصُر۔ جوہر (ہر شے کا) اصل ؛ بنیاد ؛ مفرد شے ؛ مرکب شے کا ہر جزو۔

عُنصُر چار گانہ۔ چار عناصر مٹی، آگ، پانی، ہوا۔

عَنقا۔ نایاب ؛ نادر ؛ ناپید۔

عَنکَبُوت۔ مکڑی ؛ ایک ہشت پایہ کیڑا جو باریک جالا بُن کر اپنا شکار پھانستا ہے۔

عُنوان۔ طور ؛ ڈھنگ ؛ سبیل ، پہلو۔

عَود۔ معاودت ؛ لوٹنا ؛ واپسی ؛ بازگشت۔

عُود۔ ایک خوشبودار لکڑی جسے بطور بخور جلایا جاتا ہے ؛ اگر۔

عُود سوز۔ ایک خاص ساخت کا برتن جس میں دھونی کے لیے عود سلگایا جاتا ہے ؛ نیز وہ ظرف جس میں بنے ہوئے سوراخوں میں اگر بتیاں لگائی جاتی ہیں ؛ اگردان۔

عَورات۔ عورتیں ؛ مستورات۔

عِوَض۔ بدلہ ؛ معاوضہ ؛ اجر۔

عَیّار۔ جاسوس ؛ سراغ رساں ؛ بعض داستانوں کا اہم کردار۔

عَیّارانہ۔ عیار کی طرح۔

عَیّاری۔ چالاکی ؛ مکاری ؛ فریب۔

عِید۔ خوشی ؛ جشن مسرت۔

عیسیٰ نَفَس۔ مردوں کو زندہ کرنے والا ؛ بیماروں کو شفا بخشنے والا۔

عَینُ الیَقین۔ کسی امر کی کیفیت یا ماہیت جان لینے کے بعد اس کیفیت و ماہیت کا مشاہدہ ؛ علم الیقین کے بعد کا درجہ۔

غ

غَار۔ پہاڑوں یا ان کے دامن کا وہ خلا جو طبعی عوامل کے سبب واقع ہو جاتا ہے ؛ کھوہ ؛ گپھا۔

غَارَت۔ تاخت و تاراج ؛ لوٹ مار (استعارۃً) تباہی ؛ بربادی۔

غَارَت گَرِی۔ لوٹ مار ؛ لوٹ کھسوٹ ؛ تاخت و تاراج۔

غَازَہ۔ خوشبودار سفوف جو خوبصورتی کے لیے رخساروں پر ملا جاتا ہے ؛ سرخی پوڈر۔

غَازِی۔ اللہ کی راہ میں کافروں سے جنگ کرنے والا ؛ دشمن سے لڑنے والا ؛ مجاہد ؛ مسلمان بادشاہوں یا فاتحوں کا لقب۔

غَاشِیَہ۔ قیمتی اور پر تکلف فرش۔

غَاشِیَہ پُوش۔ کپڑے یا چادر سے ڈھکا ہوا۔

غَاشِیَہ کَشِیدَہ۔ خدمت گار ؛ مطیع ؛ فرماں بردار۔

غَاصِب۔ کسی کا حق مارنے والا ؛ ناجائز طور پر دوسرے کی املاک وغیرہ پر قبضہ کرنے والا۔

غُبَار۔ رنج ؛ ملال ؛ میل۔

غُبَار آلُود۔ خاک میں اٹا ہوا ؛ گرد میں بھرا ہوا ؛ غیر مصفی۔

غَبْغَب۔ ٹھوڑی کے نیچے کا لٹکا ہوا گوشت جو خوبصورتی کی علامت سمجھا جاتا ہے۔

غِثْیَان۔ متلی ؛ قے ؛ ابکائی۔

غُدُوْد۔ گوشت کی گرہ۔

غِذَا۔ کھانا ؛ طعام ؛ کھانے کی چیز جس سے بدن کی پرورش ہوتی ہے۔

غُرَاب۔ کشتی خورد ؛ ایک قسم کی کشتی۔

غَرَابَت۔ اجنبی پن ؛ نامانوسیت۔

غُرَّاں۔ دھاڑنے والا ؛ ڈراونی آواز نکالنے والا ؛ (مجازاً) تند ؛ غضبناک۔

غرائِب۔ نادر اشیاء ؛ عجیب و غریب چیزیں یا باتیں۔

غِرْبال۔ وہ سوراخ دار برتن جس میں سے کوئی شے چھانی جائے ؛ چھلنی۔

غُرْبَت و مُسافَرَت۔ وطن سے دوری ؛ سفر ؛ پردیس ؛ مسافرت۔

غُرَّش کُناں۔ گرجتے ہوئے ؛ غراہٹ کے

ساتھ، غراتے ہوئے۔

غُرَبَا۔ غریب لوگ؛ مساکین؛ مفلسین۔

غُرْبَت۔ پردیس؛ وطن سے دوری؛ سفر۔

غُرْفَہ۔ جھروکا؛ دریچہ؛ کھڑکی۔

غرق۔ ڈوبا ہوا۔

غُرُور۔ گھمنڈ، تکبر۔

غَرَّہ۔ غرور؛ ناز۔

غُرَّۂ ماہ۔ چاندرات؛ قمری مہینے کی پہلی تاریخ۔

غَرِیْبُ الْوَطَن۔ مسافر؛ پردیسی؛ غریب الدیار۔

غَرِیب پَروَری۔ غریب کی پرورش؛ غریب پر مہربانی۔

غَرِیب نَواز۔ غریب کی پرورش کرنے والا۔

غَرِیْق۔ ڈوبا ہوا؛ غرق۔

غَرِیقَہ۔ چیخ پکار؛ شور؛ غوغا۔

غَزال۔ ہرن کا بچہ؛ ہرنوٹا؛ آنکھوں کی خوبصورتی کے لیے مشہور۔

غَزالَہ۔ ہرن کا مادہ بچہ؛ ہرنی۔

غَزَل۔ لغوی معنی عورتوں کے ساتھ بات چیت اور عشق بازی۔

غَزَلْخوانی۔ عشق، عاشقی یا حسن و عشق سے متعلق شعر کہنا۔

غُسْل۔ تمام بدن کا دھونا (خواہ کسی طریقے سے ہو)؛ نہانا۔

غَشْ۔ بے ہوشی؛ غشی۔

غَصْب۔ زبردستی کسی کا حق یا مال چھین لینا؛ ناجائز قبضہ؛ خیانت مجرمانہ۔

غَضَبْ۔ غصہ، خفگی، غیظ۔

غَضَب آمیز۔ غصے سے بھرا ہوا۔

غَضَنْفَر۔ شیر؛ اسد؛ ضیغم۔

غَفْلَت۔ لاپرواہی؛ بے توجہی؛ بھول چوک۔

غَالِبِ کُل۔ سب پر غالب۔

غَالِیچَہ۔ چھوٹا قالین۔

غِلَاظَت۔ گندگی؛ نجاست، ناپاکی۔

غِلافِ شَمْشِیر۔ تلوار کا خول۔

غِلافِ زَرْبَافْ۔ سونے کے تاروں سے

کڑھائی کیا ہوا غلاف۔

غُلام۔ زر خرید نوکر جو کسی عمر کا ہو۔

غُلام زادَہ۔ غلام کا بیٹا؛ عجز و انکسار سے اپنے بیٹے کو بھی کہا جاتا ہے۔

غُلام گَردِش۔ پردے کی دیوار؛ کوٹھی یا محل کے چاروں طرف کا برآمدہ؛ راہ داری۔

غُلّ وزَنجِیر۔ لوہے کا طوق۔

غِل و غِشْ۔ ملاوٹ؛ کھوٹ؛ میل۔

غَلْبَہِ عِشْق۔ عشق کی شدت؛ عشق کا ہجوم۔

غَلْطاں و پیچاں۔ متفکر؛ سرگرداں؛ پریشان۔

غَلطا غَلطاں۔ لڑھکتا لڑھکتا۔

غَلْطَک۔ قلابازی؛ لوٹ پوٹ ہونے کی حالت۔

غَلْطَک زَناں۔ لوٹ پوٹ ہوتا ہوا؛ قلابازی کھاتا ہوا۔

غَلْطِیَن۔ ٹھوکریں۔

غَلْطِیدَہ۔ لڑھکا ہوا؛ لوٹتا ہوا۔

غِلْظَت۔ سختی؛ بھاری پن۔

غُلْغُلَہ۔ شہرہ؛ دھوم؛ شہرت۔

غُلُولَہ۔ گولا؛ غلہ؛ گولی۔

غُلَّہ۔ مٹی کی خاص طریقے پر بنائی ہوئی گولی جسے غلیل میں رکھ کر چلاتے ہیں نیز وہ ٹھوس چیز مثل ڈھیلا؛ سنگریزہ وغیرہ جو غلیل میں رکھ کر چلائی جائے۔

غَلْیان۔ جوش؛ غلبہ۔

غَلِیظ۔ گاڑھا؛ غیر سیال۔

غَلیْواژ۔ چیل؛ موش گیر؛ کرگس؛ ایک مردار خوار پرندہ۔

غَم خُوار۔ غم کھانے والا؛ دکھ درد کا شریک۔

غَم غَلَط کَرنا۔ (محاورہ) رنج والم مٹانا؛ غم بھلانا۔

غَم غَلَط ہَونا۔ (محاورہ) جی بہلنا۔

غَم نِہانی۔ پوشیدہ غم؛ وہ دکھ جسے ظاہر نہ کیا جائے۔

غَمّاز۔ ابرو یا آنکھ سے اشارے کرنے والا۔

غَمْزَہ۔ ابرو کا اشارہ؛ دلربایانہ انداز۔

غَمام۔ بادل؛ ابر۔

غَنائِم۔ جنگ میں ہاتھ آنے والا مال واشیاء۔

غُنچَہ۔ کلی؛ بن کھلا پھول؛ گل ناشگفتہ۔

غُنچَہ دَہاں۔ جس کا منھ غنچہ کی طرح ہو، (کنایتہً) محبوب؛ معشوق۔

غُنُودَگی۔ اونگھ؛ نیند کا خمار۔

غُنُودَہ۔ غافل؛ مدہوش؛ بے خبر۔

غَنی۔ دولت مند؛ مال دار؛ امیر۔

غَنِیم۔ لوٹنے والا؛ دشمن۔

غَنِیمَت۔ لوٹ کا مال؛ وہ مال جو دشمن سے چھینا جائے۔

غَوّاص۔ غوطہ لگانے والا؛ غوطہ خور۔

غَورِی۔ چینی کی رکابی جو غور سے آتی تھی اس میں یہ صفت ہوئی تھی کہ زہر پڑنے پر ٹوٹ جاتی تھی؛ کھڑے کناروں یا کنگوروں والی تانبے کی رکابی۔

غُوطَہ۔ استغراق کی حالت، محویت، پانی میں ڈوبنا یا ڈبونا؛ ڈبکی۔

غُوطَہ مارنا۔ (محاورہ) غوطہ لگانا؛ ڈبکی لگانا۔

غَوغا۔ شور؛ ہنگامہ؛ ہلڑ۔

غَول۔ جھنڈ؛ گروہ۔

غَولِ صَحرائی۔ بھوت؛ پریت؛ چھلاوہ (کنایتہً) گمراہ کرنے والا؛ مشہور ہے کہ رات کو روشنی دکھا کر لوگوں کو بھٹکاتا اور ڈراتا ہے۔

غَولان۔ (غول کی جمع) اندھیری رات میں مسافروں کو راستہ بھلا دینے والا جن۔

غَولانِ دَشتی۔ صحرائی بھوت پریت، جنگلی بھوت، پریت، دیو وغیرہ۔

غَیب۔ جس کا ادراک مادی ذرائع سے ممکن نہ ہو۔

غَیبَت۔ غیر حاضری؛ عدم موجودگی؛ نظروں سے اوجھل۔

غِیبَت۔ کسی کی عدم موجودگی میں اس کی بدگوئی؛ پیٹھ پیچھے برائی۔

غَیر ذِی رُوح۔ غیر جاندار؛ جس میں زندگی کے آثار نہ ہوں۔

غَیرِ فَرار۔ جو مقابلے میں بھاگے نہیں؛ مرد میدان۔

غَیر کُف۔ (کفو) غیر قوم؛ غیر قبیلہ؛ غیر خاندان۔

غَیر مَشکُوک۔ بغیر سکہ کی ہوئی چاندی یا سونا۔

غیر مفہوم۔ جو سمجھا نہ گیا ہو ؛ جو سمجھا نہ جا سکے۔

غَیرِ مُکَرَّر۔ جو بار بار نہ ہو ، جس کی تکرار نہ ہو۔

غَیُور۔ بڑا غیرت مند ؛ بڑی غیرت والا ؛ اپنی عزت کا پاس لحاظ کرنے والا۔

ف

فَاتِحَہ۔ مردے کی روح کو ثواب پہنچانے کے لیے سورۂ الحمد ؛ سورہ اخلاص وغیرہ مع درود شریف پڑھنے کا طریقہ یا رسم یا تقریب۔

فَاتِحَہ خُوانی۔ مردے کی روح کو ایصال ثواب کے لیے سورۂ فاتحہ وغیرہ پڑھنے کا عمل۔

فَاجِرَہ۔ بدکار عورت۔

فَاحِش غَلَطی۔ فاش غلطی ؛ کھلی ہوئی غلطی۔

فَاحِشَہ۔ بد چلن اور بدکار عورت۔

فَاخْتَہ۔ سرخی مائل خاکستری رنگ کا کبوتر ، قدرے چھوٹا پرندہ جس کی گردن میں کالی دھاری ہوتی ہے جسے طوق کہا جاتا ہے عموماً سرو کی عاشق مشہور ہے۔ کو کو کی آواز نکالتی ہے، اس کی دوسری قسم قمری کہلاتی ہے۔

فَاخْتَی پُوشُوں۔ فاختہ رنگ لباس والے۔

فَاخِرَہ۔ عمدہ ؛ نادر ؛ قیمتی۔

فَارْسی۔ ایران کی زبان کا نام۔

فَاسِد۔ برا ؛ خراب ؛ نقصان دہ۔

فَاش۔ صریح؛ کھلم کھلا؛ علانیہ۔

فَالِج۔ وہ بیماری جس میں عموماً نصف جسم اور کہیں کہیں پورا جسم بیکار ہو جاتا ہے؛ ادھرنگ۔

فَالِجِ طَیری۔ (طب) پرندوں کا فالج؛ پرندوں کو لاحق ہونے والا فالج۔

فَالِجِ قُوری۔ (طب) اطراف / کناروں کا فالج۔

فَال۔ شگون؛ پیش گوئی۔

فَالِ نیک۔ اچھا شگون۔

فَانُوس۔ بلور یا شیشے کا بنا ہوا شمع پوش جس میں پرانے زمانے میں شمعیں اور موجودہ دور میں بلب لگاتے ہیں۔

فَائِز۔ بامراد، کامران، کامیاب۔

فَائِق و مُمتاز۔ برتر اور برگزیدہ۔

فَتح۔ جیت، کامیابی؛ فیروز مندی۔

فِتراک۔ چمڑے کے تسمے جو زین کے عقب میں دائیں بائیں جانب شکار یا سامان باندھنے کے واسطے لگے ہوتے ہیں؛ شکار بند۔

فِتنَہ اَنگیز۔ فتنہ اٹھانے والا؛ فسادی؛ شورش برپا کرنے والا۔

فِتنَہ پَرداز۔ فتنے کو ہوا دینے والا، فتنہ پرور۔

فِتنَہ پَردازی۔ شرارت؛ فساد؛ جھگڑا۔

فِتنَہ جُو۔ فسادی؛ جھگڑالو۔

فِتنَہ رُوزگار۔ سارے زمانے کے لیے فتنہ، ساری دنیا کے لیے پریشانی کا باعث، (کنایتہً) معشوق، عشوہ پرداز۔

فُتُوح۔ (فتح کی جمع) غیبی آمدنی، نذرانہ۔

فُتُوحات۔ بہت سی کامیابی (فتح کی جمع الجمع)۔

فُتُور۔ ضعف، خرابی، خلل۔

فَتوٰی۔ فقیہوں کا شرعی حکم جو کسی امر کے جواز یا عدم جواز کے بارے میں دیا جائے۔

فَتِیلَہ مُو۔ بکھرے ہوئے بال۔

فُجّار۔ بدکار اور بد چلن شخص۔

فُحش۔ بے ہودگی؛ بے حیائی اور بے شرمی کی باتیں کرنا۔

فَحوائے کَلام۔ انداز کلام؛ کلام کا مطلب۔

فَخر و مُباہات۔ غرور و ناز۔

فخر و اعزاز۔ ناز اور آبرو۔

فِدْوی۔ فدا ہونے والا ؛ جان نثار ؛ درخواست گزار اپنے نام کے جائے لکھتا ہے ؛ بندہ۔

فَراخ۔ چوڑا ؛ پھیلا ہوا۔

فَراخ پیشانی۔ کشادہ پیشانی ؛ چوڑے ماتھے والا۔

فَراخ دہان۔ چوڑے منہ والا ؛ کشادہ منہ۔

فَراخ سِینَہ۔ چوڑے سینے والا۔

فَرار۔ بھاگ جانے کا عمل ؛ بھاگ جانا ؛ غائب ہو جانا۔

فَرازِ کوہ۔ بلند پہاڑ ؛ اونچی چوٹی۔

فِراسَت۔ ہوشیاری ؛ ذہانت۔

فِراش۔ فرش ؛ بساط ؛ بستر۔

فِراش خانَہ۔ ڈیرا ؛ خیمہ اور فرش فروش کا سامان رکھنے کا مکان۔

فَراغ۔ نجات ؛ فراغت ، چھٹی۔

فَراغَت۔ عیش و عشرت ؛ خوش حالی ؛ فلاح۔

فِراق۔ جدائی ، ہجر ، علیحدگی۔

فِراقِیَہ۔ فراق سے متعلق ؛ فراق سے منسوب۔

فَراموش۔ ذہن سے اترا ہوا ؛ بھولا ہوا۔

فَراہَم۔ جمع ، مہیا ، حاصل۔

فَرْبَہ۔ موٹا ؛ پُر گوشت ؛ جسیم۔

فَرْتُوت۔ وہ جس کی عقل زائل ہو گئی ہو ، سٹھیا بہترا ؛ بہت بوڑھا۔

فَرْجام۔ انجام ، عاقبت ، آخر۔

فَرَح اَفْزا۔ خوشی بڑھانے والا ؛ خوش کن ؛ فرحت بخش۔

فَرْحَت بیانی۔ خوش بیانی ؛ خوش کلامی۔

فَرْحاں و شاداں۔ خوش و خرم۔

فَرْخُنْدَگی۔ سعادت ؛ برکت ؛ شادمانی۔

فَرْخُنْدَہ مآل۔ مبارک ، کامیاب۔

فَرْخُنْدَہ۔ مبارک ؛ خوش آئند ؛ برکت والا۔

فَرْد۔ گوشوارہ ؛ وہ کاغذ جس پر حساب کتاب درج کیا جاتا ہے۔

فَرْدا۔ آج سے دوسرا دن ؛ آنے والا کل۔

فِرْدَوس۔ جنت ؛ بہشت ؛ خلد۔

فَرزَند۔ بیٹا؛ پسر۔

فَرزَندِ اَرجُمَند۔ لائق بیٹا؛ ہونہار بیٹا؛ پیارا اور قابل قدر بیٹا۔

فَرزَند جِگَر بَند۔ پیارا بیٹا، دل کو خوش کرنے والا بیٹا۔

فَرزَندہ خُواندَہ۔ منہ بولا بیٹا؛ لے پالک؛ متبنیٰ۔

فَرزَند صُلبی۔ حقیقی بیٹا، اپنے نطفے کا بیٹا۔

فَرزَند نَرِینَہ۔ بیٹا، لڑکا، نرینہ اولاد۔

فَرزَندی۔ متبنیٰ کرنا، گود لینا۔

فَرسَخ۔ تقریباً ڈیڑھ کوس کا فاصلہ، اٹھارہ ہزار فٹ کا فاصلہ۔

فِرِشتے کا گُزَر نہیں۔ کسی کا دخل نہ ہونا۔

فُرصَت۔ مہلت؛ وقت۔

فَرطِ اِمتِداد۔ زیادتی۔

فَرقِ مبارک۔ سر؛ جسم کا اوپری حصہ۔

فِرقَہ۔ قوم، جماعت، گروہ۔

فَرمان دِہی۔ بادشاہی، حکومت، فرماں روائی۔

فَرماں رَوائی۔ حکمرانی، حکومت، بادشاہی۔

فَرمُودَہ۔ قول، ارشاد، حکم۔

فِرَنگی۔ یورپ کا باشندہ، انگریز۔

فِرَنگِستان۔ یورپ کا کوئی ملک؛ عموماً انگلستان یا فرانس۔

فُرو۔ زیر؛ نچلی طرف۔

فُروتَنی۔ تواضع، عاجزی۔

فَروَردِین۔ ایرانی سال کا پہلا مہینہ جو ۲۱ مارچ سے شروع ہوتا ہے، جب آفتاب برج حمل میں داخل ہوتا ہے اور اس مہینے سے بہار کا موسم شروع ہوتا ہے۔

فُرُوع۔ (فرع کی جمع) شاخیں؛ (استعارۃً) ابتدائی امور و مسائل۔

فُرُوغ۔ عروج، ترقی۔

فُروکَش۔ اترنے والا؛ ٹھہرنے والا۔

فَروگُزاشت۔ چوک، چھوٹ۔

فَرُومایگی۔ کمینہ پن؛ اوچھاپن۔

فَرُومایَہ۔ کمینہ، اوچھا۔

فَریاد۔ نالہ و فغاں ؛ آہ وزاری کرنا۔

فَریاد کُناں۔ نالہ و فریاد کرتا ہوا ؛ آہ و فغاں کرنے والا۔

فَریفتگی۔ شیفتگی ؛ گرویدگی۔

فَریفتہ۔ دلدادہ ، گرویدہ ، شیدا۔

فَساد۔ خرابی ؛ بگاڑ ؛ خلل۔

فَسخ۔ التوا ؛ ترک ؛ منسوخ کرنا۔

فِسق و فُجُور۔ بدکاری ؛ گمراہی ، بد چلنی۔

فَصاحَت۔ خوش بیانی ؛ خوش کلامی ؛ سلاست و لطافت کلام۔

فَصائِل۔ فصلیں ؛ شہر کی چار دیواریاں ؛ قلعہ کی دیواریں۔

فَصد۔ جسم کی کسی رگ سے خون نکالنے کا عمل ، جو نشتر کی نوک سے رگ میں شگاف لگا کر کیا جاتا ہے۔

فُصُولِ اَربَعہ۔ سال کی چاروں رتیں (گرمی ؛ سردی ؛ بہار ؛ خزاں) ؛ چار موسم۔

فَصیح۔ خوش بیان ؛ شیریں کلام ؛ خوش گو۔

فَصیل۔ شہر پناہ ؛ چار دیواری ؛ شہر یا قلعہ کی مستحکم و مضبوط چار دیواری جو غنیم کے حملے سے محفوظ رکھنے کے لیے بنائی جاتی ہے۔

فُضَلا۔ (فاضل کی جمع) فضیلت والے لوگ ؛ علما۔

فُضُول گو۔ باتونی ؛ بکی ؛ بکواسی۔

فَضِیحَت۔ رسوائی ، ذلت ، بدنامی۔

فَضِیلَت۔ بزرگی ؛ بڑائی ؛ بڑا درجہ۔

فِطانَت۔ زیرکی ؛ دانائی ؛ عقل مندی۔

فَغفُور۔ چین کے بادشاہوں کا لقب۔

فُقدان۔ نایابی ؛ گم ہونا (مجازاً) کسی چیز کا نہ ہونا۔

فُقَرا۔ (فقیر کی جمع) غربا ، مساکین۔

فِقہ۔ شرعی احکام اور مسائل کا علم ؛ علم شریعت۔

فَلاخَن۔ گوپھن ؛ وہ رسی کی بنی ہوئی ایک خاص وضع کی چیز جس میں پتھر یا ڈھیلا رکھ کر پھینکتے ہیں۔

فَلاکَت۔ مفلسی ؛ ناداری۔

فِلِزّات۔ (فلز کی جمع) معدنی اشیاء ؛ سونا چاندی۔

فَلسِ ماہی۔ مچھلی کا سفنا ؛ مچھلی کا کھپرا۔

فَلَک۔ آسمان ؛ سما۔

فَلَک اَثِیر۔ فلک سیر؛ بلند مقام۔

فَلَکُ الْبُرُوج۔ نواں آسمان جو کواکب سے خالی ہے۔

فَلَکِ دَوَّار۔ چکر لگانے والا آسمان؛ گھومنے والا آسمان۔

فَلَک شِکوُہ۔ بہت شان والا؛ عظیم الشان۔

فَلَک فَرْسا۔ آسمان پر پہنچنے والا؛ آسمان کو چھونے والا۔

فَلَکِ ہَفْتُم۔ ساتواں آسمان؛ (مجازاً) نہایت بلندی۔

فَوَاحِش۔ برائیاں؛ بدکاریاں۔

فَوَّارَہ۔ پانی کی پھوار؛ پھوار پیدا کرنے والا آلہ یا کل۔

فَوَاکِہ۔ پھل؛ میوے۔

فَوج فَوج۔ غول کے غول؛ جم غفیر؛ بہت لوگ۔

فَوجِ ظَفَر مَوج۔ وہ فوج جس کو قدم قدم پر کامیابی نصیب ہو؛ فتح یاب لشکر۔

فَوج کَشی۔ حملہ؛ چڑھائی؛ دھاوا۔

فَوجِ گَرَاں۔ بہت بڑا لشکر۔

فَوق۔ برتری؛ بڑائی؛ تفوق۔

فَوقُ الْبَشَرِی۔ وہ انسان جو اعلیٰ مثالی صفات کا حامل ہو؛ انسان برتر۔

فَولاد۔ ایک قسم کا سخت جوہر دار لوہا جو تلوار، بندوق وغیرہ بنانے کے کام آتا ہے؛ پکا لوہا؛ اعلیٰ درجہ کا لوہا۔

فَہْم۔ عقل؛ خرد؛ سوجھ بوجھ۔

فَہْم و دانِش۔ عقل اور دانائی۔

فَہْم وذَکا۔ عقل اور ہوشیاری۔

فَہْم و فِراسَت۔ عقل اور سمجھ؛ عقل اور قیافہ۔

فَہمائِش۔ تنبیہ۔

فَہْمِیدَہ۔ فہم و عقل رکھنے والا؛ ہوشیار؛ سلجھا ہوا۔

فَہِیم۔ دانا؛ عقل مند؛ بڑا سمجھدار۔

فِی الْبَدِیہَہ۔ فوراً؛ ارتجالاً؛ بغیر توقف؛ برمحل۔

فِی الْجُمْلَہ۔ الغرض؛ قصہ مختصر؛ حاصل کلام۔

فِی الْفَور۔ جلدی سے؛ جلد؛ اسی وقت۔

فِی زَمانِنا۔ ہمارے زمانے میں؛ آج کل۔

فی المثل۔ مثلاً ؛ بالفرض۔

فیاضی۔ سخاوت ؛ دریا دلی۔

فیر۔ (فائر) بندوق اور توپ وغیرہ کا داغنا ؛ گولی چلانا یا چلنا۔

فیروزہ۔ پتھر ؛ ایک مشہور جواہر جس کا رنگ سبز، نیلگوں یا آسمانی ہوتا ہے۔

فیروزہ نگار۔ قیمتی جواہر سے مزین ؛ جس کی آرائش فیروزوں / قیمتی پتھروں سے کی گئی ہو۔

فیروزی بخش۔ کامیابی ؛ کامرانی ؛ فتح مندی۔

فیصل۔ فیصلہ ؛ تصفیہ۔

فیض۔ فائدہ ؛ نفع۔

فیض شیم۔ فیاض ؛ سخی ؛ جس کی فطرت میں فیاضی شامل ہو۔

فیل۔ ہاتھی ؛ پیل۔

فیل بند۔ ہاتھی روکنے والا ؛ مراد : وہ بڑا دروازہ جس میں سے ہاتھی گزر سکے۔

فیل زور۔ نہایت طاقتور ؛ ہاتھی جیسی طاقت والا ؛ زور آور۔

فیلسوف۔ مکار ؛ دغاباز۔

فیلسوفانہ۔ عیارانہ ؛ مکاری سے۔

فیل مست۔ مست ہاتھی ؛ جوان اور تندرست ہاتھی جو بہت تیز دوڑتا ہے۔

فیمابَین۔ بیچ میں ؛ درمیان میں۔

ق

قَاب۔ بڑی رکابی ؛ رکابی نما طباق ؛ تھال۔

قَادِر۔ اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام ، اختیار و قدرت والا۔

قَادِر اَنْدازی۔ ٹھیک نشانہ لگانا ؛ ٹھیک نشانہ لگانے کی قدرت۔

قَارُورَہ۔ شیشہ ؛ شیشے کا برتن ؛ بارود کی وہ کپی جس میں آگ لگا کر دشمن کی طرف پھینکتے ہیں۔

قَاش۔ ٹکڑا ، پھانک۔

قَاشِ زِین۔ زین کے آگے اور پیچھے کے تکیے ؛ زین کا ہرنا۔

قَاضِیُ الْقُضَات۔ سب سے بڑا ؛ منصف اعلیٰ ؛ چیف جسٹس۔

قَاف۔ قصے کہانیوں میں ایک پہاڑ کا نام جو دنیا پر محیط اور دیوؤں ، جنوں اور پریوں کا مسکن خیال کیا جاتا تھا ، اسے کوہ کو قاف بھی کہتے ہیں۔

قَافِلَہ۔ مسافروں یا تاجروں کا گروہ جو مل کر سفر کرے ، کارواں۔

قَاضِی۔ مسلمان منصف جو شرع کی رو سے معاملات کا فیصلہ کرے ؛ شرعی حاکم ؛ شرعی فیصلہ کرنے والا جج۔

قَاطِع صَمْصَام۔ کاٹنے والی تلوار ؛ قطع کرنے والی شمشیر۔

قَاعِدَہ۔ اصول ؛ رواج ؛ ریت ؛ رسم۔

قَاعِدَہ کُلِّیَّہ۔ عام قاعدہ ؛ مسلمہ اصول۔

قَاعِدَہ مُنْضَبِطَہ۔ پختہ اصول۔

قَالِب۔ جسم ؛ بدن ؛ تن۔

قَالِیچَہ۔ چھوٹا قالین ، غالیچہ ، ایک قسم کا بچھونا۔

قَالِینِ کِرْمانی۔ کرمان کا بنا ہوا یا کرمانی نقشے کا قالین۔

قَال و مَقَال۔ بحث ؛ تکرار۔

قَامَت۔ قد ؛ ڈیل۔

قَامَتِ جامَہ زِیب۔ وہ شخص جس پر ہر قسم کا لباس اچھا معلوم ہو ؛ جس کو ہر قسم کا لباس زیب دے۔

قَانُون۔ سرد کی وضع کا تیس فولادی تاروں کا ساز جس کے کل تار تہ تالے میں بٹے ہوتے ہیں اور چوبی مہرک سے جس کو اصطلاحاً جو اور سر گھوٹا بھی کہتے ہیں بجایا جاتا ہے۔ یہ ابو نصر فارابی کی ایجاد ہے ،

نیز پیا توبا جا۔

قَاہِرَہ۔ زبردست ؛ غالب۔

قَاہ قَاہ۔ ٹھٹھا مارنے یا قہقہہ لگانے کی آواز۔

قَبَا۔ اچکن جو دوہری اور چغہ کی وضع کی ہوتی ہے ؛ اس میں بٹنوں کی جائے بند یا گھنڈی تکمہ ہوتا ہے، ڈھیلا ڈھالا اور قدرے لمبا لباس جو کپڑوں کے اوپر پہنا جاتا ہے۔

قَبَاحَت۔ عیب ؛ نقص ؛ خرابی۔

قَبَائِح۔ برائیاں ؛ عیوب ؛ بدکرداریاں۔

قَبَائِل۔ ایک نسل کے آدمیوں کی جماعتیں ؛ ایک جدی لوگ ؛ قبیلے۔

قَبرِ جُہُود۔ یہودیوں کی قبر۔

قِبْچَاق۔ داستان نویس اسے کوہ قاف کا صحن کہتے ہیں ؛ تاتار میں ایک صحرا۔

قَبْضِ جان۔ جان قبض کرنا ؛ روح نکالنا۔

قَبْضَہ۔ مٹھ ؛ دستہ۔

قِبْلَہ وکَعْبَہ۔ (کلمۂ تعظیمی) بزرگ یا عزیز شخص کے لیے ؛ بطور القاب خطوط میں بزرگوں کے لیے مستعمل۔

قُبُورِ شُہَدا۔ شہیدوں کی قبریں ؛ اللہ کے راستے میں جان دینے والوں کے مزارات۔

قُبُول کُنَنْدَہ۔ قبول کرنے والا۔

قُبَّہ۔ گنبد ؛ کلس ؛ برج۔

قَبِیْحِ اَعْمَال۔ برے اعمال ؛ بدافعال۔

قَبِیحَہ۔ برائی والی ؛ خرابی والی۔

قَبِیْل۔ نوع ؛ جنس ؛ قسم۔

قِتَال۔ جنگ و جدل ؛ خونریزی ؛ باہمی کٹا چھنی۔

قَحْبَہ۔ بدکار عورت ؛ فاحشہ ؛ چھنال۔

قَدْ۔ قامت ؛ ڈیل ؛ جسم کی لمبائی۔

قَدَح۔ بڑا پیالہ ؛ بادیہ ؛ پیالہ۔

قَدِ رَعْنا۔ خوبصورت قد۔

قَدَامَت۔ قدیم ہونا ، پرانا پن ، (کنایۃً) تعلق اور ربط و ضبط کا قدیم اور استوار ہونا۔

قُدْرَتِ کَذائی۔ بااختیار ہونا ؛ صاحب قدرت۔

قُدُورَت۔ کدورت ؛ میل کچیل۔

قَدْرے۔ تھوڑا سا ؛ قلیل۔

قَدْرے قَدْرے۔ تھوڑا تھوڑا؛ ذرا ذرا۔

قَدَرے قَلِیل۔ تھوڑا سا؛ مختصر سا؛ بہت کم۔

قُدْسی صِفات۔ بہت نیک؛ فرشتہ خصلت۔

قَدَم بَرداشْتَہ۔ تیز رفتاری سے پانو اٹھاتے ہوئے۔

قَدَم بُوس۔ پیروں کو چومنے یا چھونے والا۔ (مجازاً) کورنش بجالانے والا؛ سلام کرنے والا۔

قَدَم بُوسی۔ (تعظیماً) پابوسی؛ (کنایۃً) کسی بلند مرتبہ یا بزرگ شخص کی خدمت میں حاضر ہونے کا عمل؛ بڑوں کی ملاقات۔

قَدَم رَنْجَہ۔ (احتراماً) کسی کے یہاں جانے کی زحمت اٹھانے کا عمل؛ تشریف آوری۔

قَدَم فَرسائی۔ چلنا؛ چلتے رہنا۔

قُدُوم۔ پانو؛ پانو کے نشانات؛ آمد۔

قُدُوم مَیمنَت لزوم۔ بابرکت آمد؛ بابرکت قدم کا آنا؛ ایسا آنا جو برکت کا باعث ہو؛ تشریف آوری (بالعموم بڑے لوگوں کی آمد پر مستعمل)۔

قَدِیمُ الاَیّام۔ اگلا وقت؛ زمانۂ سلف؛ پرانا زمانہ۔

قَرابَت۔ رشتہ داری؛ خونی رشتہ؛ نسبی نزدیکی۔

قَرابَتی۔ رشتے کا؛ رشتہ دار؛ عزیز۔

قَرارداد۔ عہد و پیماں؛ معاہدہ؛ کسی بات کا وعدہ۔

قَرارِواقعی۔ فی الحقیقت؛ ٹھیک؛ کامل؛ حقیقی۔

قُرآن مَجِید۔ آخری آسمانی کتاب جو ایک سو چودہ سورتوں پر مشتمل حضرت محمد ﷺ پر بذریعہ وحی نازل ہوئی؛ فرقان حمید؛ کلام اللہ؛ کتاب اللہ۔

قُرآن و حَدِیث۔ مراد: کلام خداوندی اور احادیث رسول جس کی تعمیل حد درجے لازمی ہو؛ یقینی چیز۔

قِران۔ قریب ہونا؛ ملنا؛ آپس میں دوست ہو جانا۔

قِرانُ السَّعْدَین۔ دو مبارک ستاروں کا ایک برج میں یکجا ہونا؛ نیک ساعت؛ (مجازاً) دو نیک یا اچھے آدمیوں کا اجتماع۔

قَراوُل۔ بندوقچی؛ سنتری؛ ہراول دستہ۔

قَرائن۔ (قرینہ کی جمع) قاعدے؛ اندازے۔

قُرب۔ نزدیکی؛ نزدیک آنا۔

قِرأت۔ قرآن کریم کا عرب کے خاص لہجہ میں پڑھنا۔

قُرَّت۔ مسرت ؛ شادمانی ؛ چمک دمک۔

قُرشمال۔ فاضل ؛ زائد ، لاوارث ؛ بے سہارا (ق)

قرص۔ ٹکیا ؛ گولی ؛ حب۔

قُرض خواہ۔ قرض چاہنے والے ؛ ادھار دینے والا ؛ قرض کا روپیہ وصول کرنے والا۔

قَرض دار۔ ادھار لینے والا ؛ مقروض۔

قُرمحہ و تختی۔ فراخ پیندے والا توشہ دان ؛ دیگ ؛ پانسہ اور تختی۔

قُرعہ اَندازی۔ فیصلہ مشکل ہونے کی صورت میں کسی ایک شخص کے تعین کے لیے پرچیوں پر نام لکھ کر ڈالنے کا عمل تاکہ جس شخص کے نام کی پرچی نکل آئے اس کو فلاں چیز دی جائے یا فلاں کام سونپا جائے۔

قُرمساق۔ بطور دشنام بد معاش ؛ پاجی ؛ دلال ؛ بھڑوا ؛ دیوث۔

قَساوَتِ قلبی۔ سنگ دلی ؛ کٹھور پن ؛ سخت دلی۔

قَرنہ (قرنا)۔ سینگ کا بگل ؛ نرسنگا ؛ تری نیز نفیری۔

قَرنفُل۔ لونگ۔

قَریبُ المَرگ۔ موت کے قریب ؛ کوئی دم کا مہمان ؛ نزع میں پڑا ہوا۔

قَرین۔ پاس ؛ نزدیک ؛ قریب۔

قَرینہ۔ ایک چیز کی دوسری چیز سے پیوستگی یا مناسبت یا قربت ؛ باہمی تعلق۔

قَریہ۔ بستی ، گانو ، قصبہ۔

قَزّاق۔ راہزن ؛ لیٹرا ؛ ڈاکو۔

قَسَمیہ۔ قسم کھا کر ؛ قسم سے ؛ قسم کھا کر کہی ہوئی بات۔

قِسّیس۔ عیسائیوں کا عالم دین ؛ پادری ؛ عیسائیوں کے اس عالم کو کہتے ہیں جو مبلغ بھی ہو۔

قَشقَہ۔ پیشانی پر صندل یا زعفران کے دو نشانات ؛ ٹیکا ؛ تلک جو ہندو ماتھے پر لگاتے ہیں ؛ ماتھے کا ٹیکا۔

قَصّاب۔ گوشت کاٹنے والا ؛ قصائی ؛ بوچڑ ؛ گوشت بیچنے والا۔

قِصاص۔ (شرعی قانون) جان کے بدلے جان اور خون کے عوض خون لینا ؛ جتنی تکلیف کسی کو پہنچائی جائے ، اس کے بدلے میں اتنی ہی تکلیف ظالم کو پہنچائی جائے۔

قَصائد۔ (قصیدہ کی جمع) قصیدے ؛ مدحیہ اشعار۔

قَصْبات۔ چھوٹے شہر ؛ بڑے گاؤں۔

قَصْد۔ ارادہ ؛ نیت ؛ عزم۔

قَصْر۔ ایوان ؛ محل ؛ بارگاہ۔

قَصرِ اَبْیَض۔ سفید محل ؛ سفید پتھر کا محل۔

قَصْرِ اَخْضَر۔ سبز محل ؛ ہرے رنگ کا محل۔

قَصْرِ لَاجْوَردی۔ مراد : آسمان ؛ نیلے رنگ کا محل۔

قَصْرِ مُثَمَّن۔ ہشت پہلو محل ؛ آٹھ گوشہ محل۔

قَصْرِ مُرَبَّع۔ چوکور محل ؛ چورس محل۔

قُصُور۔ غلطی ؛ خطا ؛ بھول چوک۔

قُصُور۔ (قصر کی جمع) محلات۔

قُصُورِ شاہی۔ شاہی محلات ؛ بادشاہ کے رہنے کے محلات۔

قِصَّہ کُوتاہ۔ الغرض ؛ الحاصل ؛ قصہ مختصر ؛ حاصل کلام یہ ہے کہ۔

قَصِیر۔ چھوٹا ؛ پست قد ؛ ادنیٰ۔

قَصِیرُ الْقَامَت۔ چھوٹے قد کا ؛ پست قد ؛ کوتاہ قامت۔

قَضا۔ اجل ؛ موت۔

قَضاراً۔ اتفاق سے ؛ یکایک ؛ اتفاقاً۔

قَضائے حاجَت۔ پاخانہ پھرنا ؛ بول و براز سے فراغت حاصل کرنا۔

قَضائے کِرْدگار۔ اللہ کی مشیت ؛ قضائے الٰہی ؛ اللہ کی مرضی۔

قَضائے لَشْکَر۔ سپہ سالاری پر۔

قَضا و قَدَر۔ وہ حکم جو باری تعالیٰ نے کل موجودات کی نسبت لگا دیے ہیں ؛ مشیت الٰہی ؛ حکم الٰہی ؛ تقدیر۔

قَضِیَّہ۔ جھگڑا ؛ جھنجھٹ۔

قَضِیبُ الْحِمار۔ جس کا عضو تناسل بہت بڑا ہو ؛ خر نفسا۔

قِطار۔ صف ؛ پرا ؛ سلسلہ۔

قُطّاعُ الطَّرِیق۔ رہزنوں کا گروہ ؛ لیٹرے ؛ ڈاکو ؛ بٹ مار۔

قُطَّامَہ۔ فاحشہ ؛ قحبہ ؛ طوائف ؛ پر شہوت عورت۔

قُطبِ شُمالی۔ اتر تارا جو بحرِ منجمد شمالی پر واقع ہے نیز زمین کے محور کا وہ سرا جو اتر کی طرف واقع ہے، علاوہ ازیں بحرِ منجمد شمالی کا علاقہ، زمین کا انتہائی شمالی علاقہ جو برفستان ہے اور جہاں ٦ ماہ دن اور ٦ ماہ کی رات ہوتی ہے۔

قُطبیَت۔ غوثیت سے بڑے مرتبے کی ولایت؛ (کنایۃً) جگہ نہ چھوڑنے کی عادت؛ عموماً گھر بیٹھے رہنے کی خصلت۔

قَطرَہ فشانی۔ قطرہ چھڑکنا؛ بوند ٹپکانا۔

قَطع۔ مسافت طے کرنے کا عمل۔

قَطعِ نَظَر۔ علاوہ؛ ماسوا؛ باوجودیکہ؛ بہر حال؛ تاہم

قِطعات۔ ٹکڑے؛ حصے؛ اجزا۔

قِطعوں۔ ٹکڑے؛ پارچے۔

قَعر و عُمق۔ تھاہ؛ گہرائی۔

قُعُود۔ بیٹھک؛ نشست۔

قَضائے آئینہ۔ آئینہ کے پیچھے؛ آئینہ کے پس پشت۔

قَفَس۔ پنجرا؛ کابک۔

قَفَسِ آہنی۔ لوہے کا پنجرا۔

قُفل۔ تالا؛ وہ لوہے کا آلہ جسے دروازے اور صندوق وغیرہ پر لگا کر بند کرتے ہیں اور جو چابی کے بغیر نہیں کھل سکتا۔

قُلّاب۔ آنکڑا؛ حلقہ؛ کنڈا۔

قُلّابہ۔ وہ کنڈا جس میں کوئی چیز لٹکائیں۔

قَلب و جَناح۔ فوج کا درمیانی حصہ ایک طرف کا میانہ لشکر کے ایک جانب۔

قَلبِ مال۔ کھوٹا مال؛ تبدیل شدہ مال۔

قَلبِ ماہیت۔ کسی شے کی حقیقت بدل جانا؛ اصل حالت میں یکسر تبدیلی آجانا۔

قِلّت۔ کمی (خواہ مقدار میں ہو یا کیفیت میں)۔

قَلعَہ بند۔ محصور؛ قلعہ میں پناہ لینے والا۔

قَلع دار۔ قلعے کا محافظ؛ قلعے کا افسر۔

قُلچَہ۔ (کلچہ۔ کلوچہ) خمیری، یا میٹھی خطائی نما روٹی جو تنور میں سینک کر پکائی جاتی ہے۔

قَلع و قَمَع۔ بیخ کنی؛ توڑ پھوڑ؛ اکھاڑ پچھاڑ؛ انہدام۔

قَلَق۔ رنج؛ الم؛ اندوہ۔

قَلیلُ البِضاعَت۔ وہ جس کی پونجی تھوڑی ہو؛

بہت کم سرمایہ رکھنے والا۔

قَلیل مَسافَت۔ کم فاصلہ ؛ تھوڑا سفر۔

قَلَمدار۔ منشی ، سیکرٹری ، سکتہ۔

قَلَمدانِ مُرَصَّعْ نِگار۔ وہ لمبی سی جڑاؤ صندوقچی جس میں قلم دوات چاقو وغیرہ رکھتے ہیں۔

قَلَم رَو۔ ملک ؛ سلطنت ؛ مملکت۔

قُلَّہ۔ چوٹی۔

قُلّۂ کوہ۔ پہاڑ کی چوٹی۔

قَلَنْدَر۔ دین و دنیا سے آزاد آدمی ؛ رند ؛ لاابالی۔

قُماش۔ ڈھنگ ؛ وضع ؛ انداز۔

قَمچی۔ کوڑا ؛ تازیانہ ؛ ہنٹر ؛ چابک۔

قَمَر۔ چاند ، چندرما۔

قَمَر طَلْعَت۔ حسین ؛ خوبصورت ؛ چاند سا چہرہ رکھنے والا۔

قُمْرِی۔ کبوتر یا فاختہ کی قسم کا ایک طوق دار پرندہ جس کی آواز بہت گونج دار ہوتی ہے ؛ مشہور پرندہ جس کی بولی کو کو کو کہا جاتا ہے اور حق سرہ سے تعبیر کیا جاتا ہے۔

قُمْقُمَہ۔ ایک وضع کا گول فانوس جس میں چراغ جلا کر لٹکاتے ہیں۔

قَنات۔ کپڑے کی بنی ہوئی اوٹ ؛ دیوار کا قائم مقام پردہ۔

قَنادِیل۔ قندیلیں۔

قَنْد۔ سفید دانے دار شکر ، سفید شکر ، (استعارۃً) نہایت شیریں ، کھانڈ ، چینی۔

قَنْد ذِہَن۔ زرخیز ذہن والا ؛ اچھے ذہن والا۔

قِنْدِیل۔ ایک قسم کا فانوس جس میں چراغ جلا کر لٹکاتے ہیں نیز کاغذ سے منڈھے ہوئے فانوس ، چراغ۔

قَنطُورَہ۔ لباس کی ایک قسم جس کا دامن چھوٹا اور بند اس میں بہت ہوتے ہیں ، ایک قسم کا رنگین پنکھا۔

قُوتِ لایَمُوت۔ اس قدر خوراک جس سے زندگی قائم رہے ؛ اتنی کم خوراک جو بس جینے کے لیے کافی ہو۔

قُوچ سوار۔ مینڈھا سوار (سینگ دار مینڈھا جسے تفریحاً لڑانے کے لیے سدھایا جاتا ہے)۔

قَوسِ فَلَک۔ مراد : آدھا آسمان۔

قَوسِ قُزَح۔ دھنک یا رنگین کمان کی شکل جو

بارش ہو چکنے کے بعد کبھی کبھی سورج نکلنے پر نظر آتی ہے۔ آفتاب کی شعاعیں جب بارش کے باریک قطروں میں سے گزرتی ہیں تو چھٹ کر سات رنگ پیدا کرتی ہیں جس سے روشنی مرکب ہے۔

قُولَنج۔ انسانوں اور گھوڑوں وغیرہ کا پیٹ کا شدید درد۔

قَوی۔ توانا؛ زور آور؛ طاقتور۔

قَوِی الجُثّہ۔ موٹا تازہ؛ قوی ہیکل؛ بڑا تن۔

قَوِیُ الجَسَد۔ مضبوط ڈیل ڈول والا؛ توانا جسم والا۔

قَوِی ہَیکَل۔ بڑا تن؛ زور آور؛ قد آور۔

قُہرم۔ بہت بڑا تناور درخت۔

قَہقَہا۔ کھل کھلا کر ہنسنا؛ زور کی ہنسی؛ قہقہے کی آواز نکالنا۔

قَہوَہ۔ کوفیا نامی پودے کے بیج جن کو بھون کر پیس کر پانی میں پکاتے ہیں تو مشروب تیار کیا جاتا ہے اور مشروب کے طور پر پیا جاتا ہے؛ کافی۔

قَے۔ ابکائی کے ساتھ کھایا ہوا اگل جانا؛ الٹی؛ استفراغ۔

قِیاس۔ خیال؛ گمان؛ فکر۔

قِیافہ۔ شکل؛ سوجھ بوجھ؛ تمیز۔

قِیافہ شناسی۔ علم قیافہ یا علم قیافہ سے واقفیت؛ قیافے سے پہچاننا۔

قِیام۔ کھڑے ہونا؛ قائم ہونا۔

قِیامَت اَثر۔ بہت زیادہ اثر کرنے والا یا بے پناہ اثر رکھنے والا۔

قِیامَت خیز۔ قیامت ڈھانے والا؛ قہر توڑنے والا؛ ستم ڈھانے والا۔

قَیدِ حَیات۔ زندگی کی قید؛ تنگ زندگی۔

قَیدِ شَدِید۔ سخت قید؛ وہ قید جس میں ہتھکڑیاں اور بیڑیاں پہنائی جائیں۔

قِیر۔ سیاہ؛ کالا؛ تاریک۔

قِیل و قَال۔ بات چیت؛ باہم گفتگو؛ بحث و تکرار؛ ردوکد۔

قَیُّوم۔ قائم بالذات؛ بہت قائم ہونے والا؛ بہت اصلاح امور کرنے والا؛ اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام۔

ک

کاج۔ صنوبر (چیڑ) کا درخت۔

کاخ۔ بلند عمارت (مجازاً) محل؛ ایوان؛ قصر۔

کاذب۔ جھوٹا؛ دروغ گو؛ مفتری۔

کاربر آری۔ حاجت روائی؛ مطلب پورا ہونا؛ حصول۔

کاربند۔ حکم کا پابند؛ تعمیل کرنے والا؛ انجام دینے والا۔

کارپرداز۔ کام کرنے والا؛ کارکن؛ کارندہ۔

کارچوبی۔ کاڑھا ہوا؛ زردوزی کیا ہوا؛ کامدار۔

کاردانی۔ معاملہ فہمی؛ ہنرمندی؛ تجربہ کاری۔

کارزار۔ جنگ؛ لڑائی؛ مقابلہ۔

کارساز۔ کام پورے کرنے والا؛ حاجتیں بر لانے والا (خدا یا دیو کے لیے) کام بنانے والا؛ کام سنوارنے والا۔

کارسازی۔ کارکشائی؛ حاجت روائی؛ کام بنانا یا بننا۔

کار و خدمت۔ کام اور فریضہ۔

کارستانی۔ چالاکی؛ سازش؛ شرارت۔

کارگر۔ موثر؛ تیر بہدف؛ نتیجہ خیز۔

کارگذار۔ (کارگزار) کام کرنے والا؛ کام میں ہوشیار؛ مستعد۔

کارواں سرائے۔ وہ بڑا مکان جس میں قافلے اترے؛ بنجاروں کے ٹھہرنے کی جگہ؛ عام مسافروں کی عارضی قیام گاہ۔

کاری زخم۔ شدید چوٹ؛ گہرا زخم؛ سخت تکلیف۔

کاریز۔ (کاشت کاری) زمین کے اندر پانی بہنے کا راستہ؛ کھیت وغیرہ میں پانی دینے کی نالی۔

کاسہ۔ بھیک ٹھیکرا؛ کچکول؛ کشکول۔

کاسۂ سر۔ کھوپڑی؛ سر کا خول۔

کاغذ دریائی۔ ایک قسم کا کاغذ؛ آبی رنگ کا کاغذ۔

کافر۔ خدا کو نہ ماننے والا شخص؛ منکر خدا۔

کافر نعمت۔ نعمت کی ناشکری کرنے والا؛ (مجازاً) بے وفا؛ محسن کش۔

کافرہ۔ کافر عورت؛ (مجازاً) نہایت حسین و جمیل

عورت۔

کَافُور۔ سفید اور تیز خوشبو کا گوند؛ کپور۔

کَافُور ہونا۔ (محاورہ) دور ہونا؛ غائب ہونا؛ رفو چکر ہو جانا؛ فرار ہو جانا۔

کَافُوری۔ کافور سے بنا ہوا؛ کافور کے رنگ کا (سفید) جس میں کافور ملا ہوا ہو۔

کَامگار۔ کامیاب؛ کامران؛ اقبال مند۔

کَامگاری۔ کامیابی؛ کامرانی۔

کَامِل۔ مکمل؛ پورا؛ تمام۔

کَان۔ معدن؛ کھان؛ معدنیات کا قدرتی ذخیرہ۔

کَانُون۔ آگ بھٹی؛ انگیٹھی؛ چولھا؛ کوزۂ آہن گراں۔

کَاوَہ دینا۔ (محاورہ) گھوڑے کو گول دائرے کی شکل میں دوڑانا۔

کَاہ کَش۔ گھاس کھودنے والا؛ گھسیارا؛ گھاس بیچنے والا۔

کَاہ کو کُوہ۔ معمولی کو غیر معمولی؛ چھوٹے کو بہت بڑا؛ تنکے کو پہاڑ۔

کَاہِش۔ (مجازاً) تکلیف؛ ایذا (جس میں جسم گھلنے لگے)۔

کَاہِل۔ سست؛ کام چور۔

کَاہِیدَہ۔ گھٹا ہوا؛ گھسا ہوا؛ (مجازاً) دبلا؛ لاغر۔

کَائِد۔ مکار؛ فریبی۔

کَبَاب۔ آگ پہ سینکا یا بھنا ہوا گوشت؛ مختلف قسم کا بھونا یا تلا ہوا گوشت؛ سیخ کباب، گولا کباب اور شامی کباب مشہور ہیں۔

کَبَاب پَزی۔ کباب تلنا؛ بنانا۔

کِبْر۔ غرور؛ تکبر؛ گھمنڈ۔

کِبَر سِنی۔ بڑھاپا؛ پیری۔

کِبْرِیا۔ بزرگی؛ عظمت؛ بڑائی؛ اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام۔

کَبْک۔ تیتر کی قسم کا ایک پرندہ جس کی چونچ اور پنجے سرخ اور گلے میں طوق ہوتا ہے۔ (شعرا اس کی رفتار سے معشوق کی چال کو تشبیہہ دیتے ہیں)۔

کَبُوتَر۔ فاختہ سے بڑا ایک پرندہ جو عموماً اڑانے کے لیے پالا جاتا ہے (اگلے زمانوں میں اس سے نامہ بری کا کام لیا جاتا تھا)۔

کَبُود۔ نیلا؛ نیلگوں۔

کبُود چشم۔ کرنجی آنکھوں والا؛ (مجازاً) بے مروت؛ بے وفا۔

کبِیدہ خاطِر۔ جس کے دل میں گھٹن ہو؛ آزردہ دل؛ ملول۔

کبِیر و صغِیر۔ بڑا چھوٹا؛ بزرگ و خرد؛ عام لوگ۔

کتابِ خوانی۔ کربلا کے واقعات سے متعلق کتاب پڑھنا؛ فضائل و مصائب بیان کرنا۔

کتان۔ ایک باریک ریشمی کپڑا جس کے متعلق کہا جاتا ہے کہ چاندنی میں چاک چاک ہو جاتا ہے؛ بہت باریک کپڑا جس سے روشنی چھن کر نکل جائے۔

کُتُبِ مُعتبَرہ۔ مستند کتابیں؛ قابل اعتبار کتابیں۔

کُتُبِ سماوِی۔ چاروں آسمانی کتابیں؛ الہامی کتابیں؛ کتب اربعہ۔

کتخدائی۔ شادی؛ بیاہ۔

کتک کاری۔ ڈنڈوں سے مارنا؛ ڈنڈے برسانا۔

کثافت۔ میلاپن؛ گندگی؛ غلاظت۔

کثیرُ الاختِلال۔ اختلال کی زیادتی کا شکار؛ حد درجہ دیوانہ۔

کثیرُ الفروع۔ جس کی بہت سی شاخیں ہوں۔

کثِیف۔ میلا؛ گندا؛ بھدا۔

کج ادائی۔ بے مروتی؛ بے رخی؛ بد خلقی؛ (مجازاً) بانکپن۔

کج خُلق۔ بد خو؛ اکھڑ؛ بد اخلاق۔

کج فہم۔ بے عقل؛ بے وقوف۔

کج کلاہ۔ ٹیڑھی ٹوپی؛ بانکا؛ (کنایتہً) بادشاہ۔

کج و واکج۔ ٹیڑھا میڑھا؛ ترچھا؛ بہت زیادہ۔

کچ و آہک۔ کھپریل؛ فلوس ماہی اور چونا۔

کجک۔ ایک خاص قسم کا آہنی اوزار جسے فیلبان ہاتھی کو قابو میں رکھنے کے لیے استعمال کرتے ہیں؛ آنکس؛ آنکڑ؛ کترک۔

کدُورت۔ میلاپن؛ میل؛ گندگی۔

کِذب۔ جھوٹ؛ دروغ۔

کر۔ بہرا۔

کُراثی۔ گہرا سبز؛ کاہی۔

کرّار۔ زور سے بار بار حملہ کرنے والا؛ دشمن پر تابڑ توڑ حملہ کرنے والا؛ (کنایتہً) بہت بہادر؛

کرامات۔ خرق عادت جو کسی ولی سے ظاہر ہو۔

کَرامَت فَرمانا۔ (محاورہ) بخشنا؛ عطا کرنا؛ نوازنا۔

کِرامُ الکَاتِبِین۔ (کرام کاتبین، کراما کاتبین) وہ فرشتے جو مسلمانوں کے عقیدے کے مطابق ہر شخص کے داہنے بائیں بازو میں تعینات ہیں اور اس کی نیکیاں اور برائیاں لکھتے رہتے ہیں۔

کَراہَت۔ گھن؛ نفرت؛ بیزاری۔

کَراہنا۔ کسی مرض یا زخم کی شدت سے درد ناک آواز نکالنا؛ آہ و زاری کرنا۔

کَرب۔ تکلیف؛ بے چینی؛ بے کلی۔

کَرپاس۔ سوتی کپڑا؛ گاڑھا؛ کھدر۔

کِردگار۔ کارساز؛ کام بنانے والا؛ مراد: اللہ تعالیٰ کا نام۔

کُرسی۔ مراد: بلند ترین مقام؛ بہت بلند و بالا جگہ۔

کُرسی نشین۔ (مجازاً) صدر نشین؛ معزز (دربار میں) مقام پانے والا؛ عالی قدر؛ قابل احترام۔

کُرسی مُکلّف۔ آراستہ کرسی؛ پرتکلف کرسی۔

کَرِشمہ۔ اچانک ظہور پذیر ہونے والی کیفیت یا غیر معمولی کام؛ اعجاز۔

کَرگَدَن۔ گینڈا؛ ہاتھی سے قدرے چھوٹا بہت نہایت تنومند اور طاقتور جانور جس کی ناک کے قریب سینگ ہوتا ہے اور جس کی کھال سے ڈھال بناتے ہیں۔

کَرگَس۔ گدھ۔

کَرَم۔ سخاوت؛ بخشش؛ کار خیر۔

کِرم۔ کیڑا۔

کَرّوفر۔ شان و شوکت؛ رعب داب؛ ٹھاٹ باٹ۔

کَرّوبی۔ مقرب فرشتہ؛ اعلیٰ درجے کا فرشتہ (اردو میں عموماً اس کی جمع کروبیاں مستعمل ہے)۔

کُرّہ۔ (جغرافیہ) روئے زمین کا نقشہ جو گولے کی شکل میں بنایا جاتا ہے۔

کُرّہ اثیر۔ بالائی فضا۔

کَرِیمُ الطَّبع۔ نیک دل؛ مہربانی؛ شرافت نفسی۔

کَریہہ منظر۔ بدصورت؛ بدشکل۔

کَژدُم۔ بچھو؛ عقرب۔

کس و ناکس۔ ادنیٰ و اعلیٰ؛ خاص و عام۔

کَسرِ شان۔ وہ بات جس سے آدمی کی عزت میں

فرق آئے۔

کَسَل۔ سستی؛ کاہلی؛ تکان۔

کَسَلْمَنْد۔ سست؛ ناساز؛ تھکا ہوا۔

کُسُوف۔ سورج گرہن۔

کِسْوَت۔ لباس؛ پوشاک؛ پوستین۔

کِسْوَتِ عیاری۔ مکر و فریب کا لبادہ؛ مکاری کی پوشش [illegible]

کُشادَہ۔ کھلا ہوا؛ [illegible] پھیلا ہوا۔

کَشاں کَشاں۔ کھینچتے ہوئے؛ آہستہ آہستہ۔

کُشاکُش۔ (کنایۃً) معرکہ سر کرنا؛ فتح؛ جیت۔

کُشایَندہ طِلِسْمِ جَمْشیدی۔ جمشید کے طلسم کو توڑنے / کھولنے والا؛ مراد: جادو کو ختم کرنے والا۔

کِشْتِ گَنْدُم۔ گندم کی کھیتی؛ گندم کا بویا ہوا کھیت۔

کِشْت زار۔ کاشت کی ہوئی جگہ؛ بویا ہوا ہرا بھرا کھیت۔

کُشْت و خُون۔ خوں ریزی؛ قتل و غارت گری۔

کُشْتَنی۔ گردن مارنے کے قابل؛ گردن زدنی۔

کُشْتوں کے پُشتے لگ جانا۔ (محاورہ)
لاشوں کا ڈھیر ہو جانا؛ بہت سے آدمیوں کا مارا جانا۔

کُشْتَہ۔ ذبح کیا ہوا؛ مقتول؛ مارا ہوا۔

کُشْتَگان۔ مقتولین؛ مارے ہوئے جن کو قتل [illegible]

کُشْتی۔ دو پہلوانوں کا زور آزمائی سے [illegible] میں [illegible]

کَشْتی رانی۔ [illegible]

کَشْتی رانی۔ ناؤ کھینا؛ کشتی چلانا۔

کَشْتی سازی۔ کشتی بنانا۔

کُشْتی گیر۔ کشتی لڑنے والا پہلوان۔

کَشِش۔ تگ و دو؛ دوڑ دھوپ؛ جد و جہد۔

کَشِش و کُوشِش۔ محنت و مشقت۔

کَشْفُ الیَقِین۔ قابل اعتماد کشف۔

کَشْمَکَش۔ کھینچا تانی؛ کشاکش۔

کُشَندَہ۔ مار ڈالنے والا قاتل۔

کُشود۔ (مجازاً) کسی مشکل یا مسئلے کا حل ہونا۔

کُشُود کَار۔ کاربرآری؛ کام کا پورا کرنا یا ہونا؛ مطلب حاصل ہونا۔

کِشْوَر سِتَانی۔ ملک فتح کرنا؛ تسخیر ملک۔

کِشْوَر گَر۔ فاتح؛ کشورستان۔

کَشِیدَہ۔ کھنچا ہوا؛ تنا ہوا۔

کَشِیدَہ خَاطِر۔ آزردہ خاطر؛ رنجیدہ دل؛ کبیدہ خاطر۔

کَفْ۔ جھاگ؛ پھین۔

کَفِ پَا۔ تلوا۔

کَفِ دَسْت۔ ہتھیلی۔

کَفَّارَہ۔ شرعاً کسی گناہ کا عوض جس سے گناہ گناہ نہ رہے؛ گناہ دھو دینے والا عمل۔

کَفَّارَہ دَینا۔ (محاورہ) تلافی کرنا؛ بدلہ دینا۔

کُفَّار۔ بہت سے کافر؛ کفر کرنے والے؛ غیر اللہ کی پرستش کرنے والے۔

کِفَالَت۔ اپنے ذمے کوئی بار یا کام لینا؛ (عموماً) کفیل ہونا؛ نان نفقہ، خرچ وغیرہ کا۔

کِفَایَت کَرنا۔ (محاورہ) کافی ہونا؛ ضرورت کو پورا کرنا۔

کُفْر خیز۔ کفر پھیلانے والا۔

کَفْش بَرْدَاری۔ جوتیاں اٹھانا؛ خدمت کرنا۔

کَفْچَہ۔ چھوٹا کف گیر؛ بڑی ڈنڈی کا چمچہ نما ظرف جس سے ہنڈیا میں سے سالن وغیرہ نکالتے ہیں۔

کَفْش۔ جوتی؛ پاپوش؛ پیزار۔

کَفْش کَارِی۔ جوتے مارنے کا عمل؛ جوتے مارنا؛ جوتے چلانا۔

کَفْ گِیر۔ دیگ یا ہنڈی کے اندر سے کوئی چیز نکالنے کا آلہ؛ اس میں سوراخ بھی ہوتے ہیں؛ جھرنی۔

کَفَن۔ میت کو پہنانے کے بغیر سلے کپڑے جو ہر مذہب میں اس کے رواج اور قاعدہ کے مطابق ہوتے ہیں۔ مسلمانوں میں مرد کے لیے تین اور عورت کے لیے پانچ کپڑے ہوتے ہیں۔

کَفَن بَر سَر بَسْتَہ۔ سر پر کفن باندھے ہوئے؛ جان دینے کو تیار۔

کَفَّہ۔ ترازو کا پلڑا۔

کَفِیل۔ ضامن؛ ذمہ دار؛ مددگار۔

کَلَابَتُّون۔ (کلابتو) ریشم یا سوت کے ڈورے کے ساتھ بٹا ہوا سونے چاندی کا تار جو زردوزوں کے کام

کُشُود کَار۔ کاربر آری؛ کام کا پورا کرنا یا ہونا؛ مطلب حاصل ہونا۔

کِشْوَر سِتَانِی۔ ملک فتح کرنا؛ تسخیر ملک۔

کِشْوَرگَر۔ فاتح؛ کشور ستاں۔

کَشِیدَہ۔ کھنچا ہوا؛ تنا ہوا۔

کَشِیدَہ خاطِر۔ آزردہ خاطر؛ رنجیدہ دل؛ کبیدہ خاطر۔

کَفْ۔ جھاگ؛ پھین۔

کَفِ پَا۔ تلوا۔

کَفِ دَسْت۔ ہتھیلی۔

کَفَّارَہ۔ شرعی گناہ کا عوض جس سے گناہ گناہ نہ رہے؛ گناہ دھو دینے والا عمل۔

کَفَّارَہ دَینا۔ (محاورہ) تلافی کرنا؛ بدلہ دینا۔

کُفَّار۔ بہت سے کافر؛ کفر کرنے والے؛ غیر اللہ کی پرستش کرنے والے۔

کَفَالَت۔ اپنے ذمے کوئی بار یا کام لینا؛ (عموماً) کفیل ہونا نان نفقہ، خرچ وغیرہ کا۔

کِفَایَت کَرنا۔ (محاورہ) کافی ہونا؛ ضرورت کو پورا کرنا۔

کُفْر خیز۔ کفر پھیلانے والا۔

کَفْش بَرْدَارِی۔ جوتیاں اٹھانا؛ خدمت کرنا۔

کَفْچَہ۔ چھوٹا کف گیر؛ بڑی ڈنڈی کا چمچہ نما ظرف جس سے ہنڈیا میں سے سالن وغیرہ نکالتے ہیں۔

کَفْش۔ جوتی؛ پاپوش؛ پیزار۔

کَفْش کَارِی۔ جوتے مارنے کا عمل؛ جوتے مارنا؛ جوتے چلانا۔

کَف گِیر۔ دیگ یا ہانڈی کے اندر سے کوئی چیز نکالنے کا آلہ؛ ان میں سوراخ دار بھی ہوتے ہیں؛ ڈوئی۔

کَفَن۔ میت کو پہنانے کے بغیر سلے کپڑے جو ہر مذہب میں اس کے رواج اور قاعدہ کے مطابق ہوتے ہیں۔ مسلمانوں میں مرد کے لیے تین اور عورت کے لیے پانچ کپڑے ہوتے ہیں۔

کَفَن بَر سَر بَستَہ۔ سر پر کفن باندھے ہوئے؛ جان دینے کو تیار۔

کَفَّہ۔ ترازو کا پلڑا۔

کَفِیل۔ ضامن؛ ذمہ دار؛ مددگار۔

کَلَابَتُّون۔ (کلابتو) ریشم یا سوت کے ڈورے کے ساتھ بٹا ہوا سونے چاندی کا تار جو زردوزوں کے کام

آتا ہے۔

کَلَابَتُّونی۔ کلابتوں سے تیار کیا ہوا؛ جس پر کلابتوں کا کام ہو۔

کُلَاغ۔ پہاڑی کوا؛ زاغ کوہی۔

کَلَال۔ شراب تیار کرنے اور بیچنے والا؛ مے فروش، کلار، کلوار۔

کَلَاں۔ جسامت میں بڑا؛ بھاری؛ وزنی۔

کَلَانی۔ بڑائی، لمبائی۔

کُلَاہ۔ تاج شاہی۔

کُلْبَہ۔ چھوٹا سا مکان، تنگ و تاریک حجرہ؛ جھونپڑا۔

کُلْبَۂ اِحْزَاں۔ حزن یا رنج والم کا گھر؛ غم کدہ؛ غم کا گھر۔

کُلفَت اَنْدَاز۔ سستی اور کاہلی دور کرنے والا۔

کَلَّہ۔ جانور کی سری جسے لوگ پکا کر کھاتے ہیں؛ سر؛ کھوپڑی۔

کَلَّہ بَہ کَلَّہ۔ مقابلے پر؛ برابری کے ساتھ؛ منہ در منہ۔

کَلْغی۔ طرہ جو بطور آرائش پگڑی؛ ٹوپی یا تاج میں لگاتے ہیں۔

کَلِمَہ۔ بات۔

کَلِمَۂ خَیر۔ بھلائی کی بات؛ اچھی بات؛ تعریف۔

کَلِمَہ کَلَام۔ بات چیت؛ گفتگو۔

کَلِمَہ طَیِّبَہ۔ پاک کلمہ؛ مراد: لاالہ الا اللہ محمد رسول اللہ۔

کَلَنْک۔ لوہے کا ایک نکیلا اوزار جس سے کھدائی وغیرہ کرتے ہیں؛ پھاوڑا۔

کُلَنْد۔ پھاوڑا؛ کسی؛ کدال۔

کُلِّی۔ غرارہ؛ پانی سے منہ کی صفائی۔

کَلِید۔ کنجی؛ چابی؛ تالی۔

کَلِید زَرِّیں۔ سنہری چابی۔

کَمَانْدَار۔ تیر انداز؛ تیر چلانے والا؛ سپاہی۔

کَم سِن۔ کم عمر، نابالغ۔

کَم ظَرْف۔ حوصلے اور ہمت میں پست؛ کم حوصلہ؛ کم ہمت۔

کَمْبَل۔ موٹی لوئی؛ بھیڑ کے بالوں سے بنا ہوا اوڑھنے کا کپڑا جو بارش اور سردی سے محفوظ رہنے کے واسطے جسم کو ڈھانپنے کے کام آتا ہے۔

کمخواب۔ ایک قیمتی ریشمی کپڑا، یہ مختلف وضع کا ہوتا ہے، بعض میں تار تانے بانے میں ہوتے ہیں، بعض میں زربفت کے تار ہوتے ہیں۔

کمر باندھنا۔ (محاورہ) (کسی کام کے لیے) تیار ہونا، لیس ہونا؛ مستعد یا آمادہ ہونا؛

کمر بستہ۔ کمر باندھے ہوئے، مستعد، آمادہ، کسی کام کی انجام دہی کے لیے تیار ہونا۔

کمر بند۔ ازار بند، نارا۔

کمر کوہ۔ پہاڑ کے بیچ کا حصہ جو دوسرے حصوں سے کسی قدر پست ہو۔

کمک۔ وہ مزید فوج یا جنگی ساز و سامان جو میدان جنگ میں سپاہیوں کی مدد کے لیے بھیجی جائے، فوجی امداد۔

کمند۔ ایک پھندے والی لمبی اور مضبوط رسی جسے کسی کو گرفتار کرنے یا پکڑنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

کمندِ اشراقی۔ روشن اور چمک دار کمند۔

کمند بستہ۔ کمند باندھے ہوئے۔

کمین۔ گھات میں ہونا، دشمن یا شکار کے لیے چھپ کر بیٹھنا۔

کُن۔ ہو جا، پیدا ہو جانا، وجود میں آ جانا۔

کُن فیکون۔ ہو جا، پس وہ ہو جاتا ہے، مراد اللہ تعالیٰ کی قوت تخلیق سے ہے، عالم موجودات۔

کُنار۔ بیر۔

کِنار۔ دامن، آغوش، پہلو۔

کُنارِ باغی۔ باغ کا بیر۔

کُنارِ صحرائی۔ جنگلی بیر؛ جھڑبیری۔

کَنارہ کشی۔ علیحدگی؛ بے تعلقی؛ دوری۔

کِنایہ۔ اشارہ؛ جو بات کھل کر اور براہ راست نہ کہی جائے۔

کُندہ ناتراش۔ بے تمیز؛ ان پڑھ؛ جاہل؛ اجڈ۔

گُنگ و کر۔ گونگا اور بہرا۔

کُنج۔ گوشہ؛ کونا۔

کُنج عافیت۔ وہ گوشہ جہاں آرام و سکون میسر ہو۔

کُنجد سیاہ۔ کالے تل جو استعمال میں سفید تلوں کی بہ نسبت زیادہ مفید خیال کیے جاتے ہیں۔

کُنجشک۔ ایک چھوٹا پرندہ، چڑیا جو ویرانے کے بجائے گھروں میں گھونسلے بناتی اور رہتی ہے؛

گرگریا، غضفور۔

کُند ذہن۔ موٹی عقل کا، غبی، [illegible]۔

کُندَہ۔ درخت کا تنا، موٹی لکڑی، سالم حصہ، شہتیر۔

کُنگُرَہ۔ (کنایۃً) کسی چیز کی بلندی کا سرا، بلند ترین مقام۔

کَنگُورَہ۔ (کنگور) چھجہ جو عمارت کی چھت سے قریب باہر نکلا ہو۔

کَنیز۔ خدمت گار عورت، باندی، لونڈی۔

کَنیز نوازی۔ لونڈیوں [illegible] لونڈیوں پر مہربانی کرنا۔

کَنیزی۔ کنیز ہونا، باندی پن، خدمت گاری۔

کُوتاہ اَندیش۔ بغیر سوچے سمجھے [illegible] والا؛ (مجازاً) نادان، کم عقل۔

کُوتاہ قَد۔ ٹھنگنا، بونا، پستہ قد، چھوٹے قد والا۔

کُوتوال۔ محافظ، قلعہ دار۔

کُوتوالی۔ (مجازاً) حکومت، عمل داری۔

کُوچ۔ روانگی، سفر۔

کُوچَک اَنگُشت۔ چھوٹی انگلی، چھنگلیا۔

کُوچَک اَبدال۔ (تصوف) ایسے مرید [illegible] ہیں جو دوسروں کی نسبت بعد کو مرید ہوا ہو، نیا مرید، نووارد مرید۔

کُور۔ اندھا، نابینا۔

کُور باطِن۔ بے بصیرت، کور ذہن۔

کُور چَشم۔ [illegible]۔

کُور نِش۔ [illegible] جو بجا لاتا ہے۔

کُورَہ۔ [illegible]۔

کُوزَہ آب۔ [illegible] پانی کا پیالہ۔

کُوزَہ پُشت۔ [illegible] جس کی پیٹھ جھکی ہوئی ہو۔

کُوس۔ گھنٹہ، ڈھونسا، فاصلہ: ۳۰۲ کلومیٹر۔

کُوسِ حَربی۔ جنگ کا نقارہ، اعلانِ جنگ کا نقارہ۔

کُوسِ غَربی۔ انگریزی ڈھول، نقارہ، انگریزی ڈھول۔

کُوفت و کَسل۔ تھکن اور سستی۔

کُوفتی۔ جس کے منہ اور آنکھوں پر کاری زخم آئے ہوں۔

کوفتی و کسلی۔ تھکا ماندہ؛ تھکن اور سستی۔

کوکب۔ ستارہ؛ تارا۔

کوکبِ سحری۔ ستارہ صبح؛ مراد: وہ تجلی جو سب سے اول میں ہو یعنی پہلے نظر آئے۔

کوکنار۔ پوست کا ڈوڈا؛ پودا۔

کوکہ۔ رضاعی بھائی یا بہن۔

کولا۔ چوتڑ؛ سرین؛ پٹھا۔

کوہ کاہ کرنا۔ پہاڑ کو ریزہ کرنا؛ مراد بڑے کو چھوٹا بنا دینا۔

کوہستان۔ [illegible] جہاں پہاڑ کثرت سے ہوں۔

کہانت۔ غیب کی بات بتانا؛ پیشین گوئی۔

کہ و مہ۔ چھوٹے بڑے؛ خرد و کلاں؛ ادنی و اعلی؛ ہر ایک شخص۔

کھرج۔ ([illegible])۔ (موسیقی) ہندی موسیقی کا سب سے پہلا سر جو سب سے پست ہے، اس میں کسی قسم کی تبدیلی نہیں ہوتی اس لیے اچل یا قائم سر کہلاتا ہے۔

کہکشاں۔ وہ لمبی سفیدی جو اندھیری رات میں سڑک کی مانند آسمان پر دور تک پھیلی ہوئی نظر آتی ہے، وہ اصل میں بہت سے چھوٹے چھوٹے ستاروں کی قطار ہے، کہکشاں اس وجہ سے نام رکھا کہ اس کی شکل ایسی ہے کہ گویا کوئی گھاس گھسیٹتا ہوا چلا گیا ہے اور نشان پڑ گئے ہیں؛ آکاس گنگا۔

کُہنہ۔ پرانا؛ قدیم؛ دیرینہ۔

کیانی۔ ایران کے قدیم بادشاہوں سے نسبت رکھنے والا۔

کیفرِ کردار۔ کیے کی سزا؛ عمل کی پاداش۔

کیفیت۔ حال؛ احوال؛ ماجرا۔

کین۔ دشمنی؛ بیر؛ عداوت؛ کپٹ۔

کینہ۔ حسد؛ کھوٹ؛ نفاق۔

کینہ پرور۔ دشمنی رکھنے والا؛ بیری؛ دشمن۔

کینہ جو۔ دشمن؛ بیری۔

کیوان۔ (مجازاً) ساتواں آسمان؛ فلکِ ہفتم؛ زحل ستارہ جو قدیم ہیئت کے مطابق ساتویں آسمان پر ہے؛ سنیچر۔

کیومرث۔ قدیم ایران پیش دادی خاندان کا پہلا بادشاہ۔

کھپریل۔ (معماری) مکان کی چھوائی میں استعمال ہونے والا مٹی وغیرہ کا ظرف۔

گ

گاذُر۔ (گازر) کپڑے دھونے والا؛ دھوبی۔

گاذِر بچی۔ دھوبی کی بچی۔

گاذَریہ۔ دھوبن؛ دھوبی سے منسوب۔

گاوَسَر۔ فریدوں کا گرز جو گائے کے سر جیسا تھا۔

گاوَ خُورد۔ مویشیوں کا خوردہ یعنی حساب کتاب برابر؛ تباہ وبرباد؛ ملیٹ میٹ۔

گاوِ زَمین۔ ایک روایتی گائے جس کے سینگ پر زمین دھری ہوئی فرض کی گئی تھی۔

گاوَزوری۔ شہ زوری؛ طاقت آزمائی۔

گاوَمیشِ صَحرائی۔ جنگلی بھینس۔

گاہے گاہے۔ بہت کم؛ کبھی کبھار۔

گَبر۔ آگ کی پوجا کرنے والا؛ آتش پرست۔

گَپ زَنی۔ گپ بازی؛ ہنسی مذاق کی باتیں۔

گَپ لگانا۔ (محاورہ) دل لگی کی باتیں کرنا؛ ہنسی مذاق کی باتیں کرنا۔

گچکار۔ سفیدی کیے ہوئے؛ وہ شخص جو دیواروں اور چھتوں پر چونے اور سفیدی سے نقش و نگار بناتا ہے؛ گچ کار۔

گِرامی قَدر۔ بڑی عزت والا؛ معزز؛ بزرگ۔

گَراں بَہا۔ بیش قیمت؛ بہت قیمتی۔

گَرانمَایہ۔ بیش بہا؛ قیمتی؛ نفیس۔

گَراں وَزن۔ بھاری؛ وزنی۔

گُربہ۔ بلی؛ بلا۔

گَرد۔ غبار؛ دھول۔

گَرد آلُود۔ جس پر دھول پڑی ہوئی ہو؛ خاک سے اٹا ہوا۔

گِرد آوری۔ نگرانی؛ پاسبانی۔

گَردباد۔ بگولہ؛ غبار کا جھکڑ؛ غبار۔

گِرداب۔ پانی کا بھنور؛ ورطہ۔

گِردابِ ضَلالت۔ گمراہی کا پھیر؛ گمراہی کا چکر؛ مراد: گم راہی۔

گَردن زَدنی۔ مار ڈالنے کے قابل؛ کشتنی۔

گَردِن کَش۔ مغرور؛ متکبر۔

گِرد و پیش۔ آس پاس؛ اطراف؛ ماحول۔

گَردِش۔ چکر؛ دور؛ گھماؤ۔

گَردُوں اَسَاس۔ آسمان کی بنیاد والا؛ جامع؛ مستحکم۔

گَردُوں حَشمَت۔ آسمان جیسی شان والا۔

گَردُوں شِکوُہ۔ آسمان جیسی شان والا۔

گَردُوں مَآثِر۔ بہت بلند کارناموں والا۔

گَردُوں وَقار۔ بڑی منزلت اور مرتبے والا؛ عالی وقار؛ صاحب جاہ و جلال۔

گُرز۔ ایک آہنی وزنی ہتھیار کا نام جو اوپر سے گول موٹا اور نیچے سے پتلا ہوتا ہے۔

گُرزِ آہَن۔ لوہے کا گرز۔

گُرزِ بَر۔ بہت بڑا گرز۔

گُرزِ صَد مَنی۔ سو من کا گرز؛ بہت وزنی گرز۔

گُرزِ کُوہ شِکَن۔ پہاڑ کو توڑ دینے والا گرز؛ بہت مضبوط گرز۔

گُرسنَگی۔ بھوک؛ اشتہا؛ جوع۔

گُرگ۔ بھیڑیا؛ ایک مشہور درندہ۔

گُرسنَہ۔ بھوکا۔

گُرسِنَہ تِشنَہ۔ بھوکا پیاسا۔

گِرِفتَہ وَبَستَہ۔ پکڑا اور باندھا ہوا۔

گُرگِ بارَاں دِیدَہ۔ وہ بھیڑیا جس نے بارش دیکھی ہو؛ تجربے کار؛ گھاگ؛ خرانٹ۔

گَرگَدَن (کرگدن)۔ گینڈا۔

گَرم حَرَکات۔ ہر وقت حرکت میں رہنے والا؛ نہایت متحرک۔

گَرم عِنانی۔ تیز رفتاری؛ سرگرمی۔

گَروِیدَہ۔ مطیع؛ فرماں بردار۔

گِرَہ پیشانی۔ ترش رو؛ بددماغ؛ تیوری چڑھائے رہنے والا۔

گِرَہ میں باندھ رکھنا۔ (محاورہ) بہت حفاظت سے رکھنا؛ ہر وقت خیال رکھنا۔

گِریبان۔ پوشاک کا وہ حصہ جو گلے کے نیچے رہتا ہے؛ لباس یا کرتے کا وہ حصہ جو گلے کے نیچے اور چھاتی کے وسط میں ہوتا ہے۔ (اکثر بٹنے دار)

گِریباں گیر۔ (مجازاً) شکوہ کرنے والا؛ فریاد کرنے والا۔

گِریبان گیری۔ گریبان پکڑنا۔

گِریَہ وزاری۔ رونا پیٹنا؛ واویلا؛ کہرام۔

گُریز۔ بھاگنا؛ فرار۔

گُریزپا۔ بھاگنے کے لیے تیار؛ فرار پر آمادہ۔

گُریزپائی۔ فرار (مجازاً) ناموافقت۔

گَزَک۔ وہ چیز جو شراب یا افیون استعمال کرنے کے بعد منھ کا ذائقہ بدلنے کے لیے کھائی جائے؛ نقل۔

گَزَند۔ دکھ، رنج، مصیبت۔

گَزَندہ۔ زہریلا جانور؛ ڈسنے والا، کاٹنے والا۔

گَشت لَگانا۔ (محاورہ) دورہ کرنا؛ چکر لگانا؛ گھومنا پھرنا؛ پولیس، فوج یا حاکم وغیرہ کا نگرانی اور دیکھ بھال کے لیے دورے پر جانا۔

گُفت وشُنو۔ (گفت و شنید، شنود) کہنا سننا۔

گُفت و شُنید۔ آپس میں کہنا سننا؛ بات چیت؛ گفتگو۔

گُل اَندام۔ جس کا بدن پھول کی مانند ہو؛ حسین؛ معشوق۔

گُلاب پَاش۔ وہ صراحی نما برتن جس میں عرق گلاب بھر کر چھڑکتے ہیں۔

گُلابیاں۔ (گلابی) شراب کا گلاس۔

گِلاس۔ پانی پینے کا برتن؛ پیالہ؛ ساغر۔

گُلال۔ ایک قسم کا سرخ سفوف جو ہندو لوگ ہولی کے دنوں میں ایک دوسرے پر چھڑکتے ہیں۔

گُل وریحان۔ گلاب اور نازبو۔

گُلبُن۔ سرخ گلاب۔

گُلبازی۔ گل کاری، گل پروری؛ پھولوں کا کھیل۔

گُلبَدَن۔ گل بدن؛ (کنایۃً) معشوق؛ خوبصورت۔

گُل بَرگ۔ گلاب کی پتی؛ گلاب کی پنکھڑی؛ (کنایۃً) نازک اندام؛ معشوق۔

گُلدار۔ پھول والا؛ وہ چیز جس پر پھول بنے ہوں؛ پھول دار۔

گُلدان۔ پھولوں کا گلدستہ رکھنے کا برتن۔

گُل رُخ۔ وہ شخص جس کا چہرہ یا رخسار گلاب کی طرح سرخ ہوں؛ خوبصورت؛ معشوق۔

گُل رُخسار۔ پھول جیسے گالوں والا؛ (کنایۃً) حسین وجمیل؛ معشوق؛ محبوب۔

گُل شَکَر۔ گلقند، نیز پھول کھاتے، الائچی، چینی

یا کھانڈ کے بنے ہوئے پھول۔

گلگشت۔ (گل گشت) چمن یا باغ کی سیر یا چہل قدمی ؛ پھول کی سیر ؛ سیر و تفریح۔

گلعِذار۔ (گل عذار) پھول جیسے گالوں والا ؛ (کنایۃً) معشوق۔

گُلفام۔ پھول جیسے رنگ والا ؛ (کنایۃً) حسین ؛ معشوق۔

گُل کِھلنا۔ (محاورہ) پھول کھلنا یا شگفتہ ہونا ؛ کوئی عجیب یا انوکھا کام ہونا ؛ عجیب واقعہ پیش آنا۔

گُل کِھلانا۔ (محاورہ) فساد کھڑا کرنا ؛ آفت لانا نیز کوئی عجیب و غریب کام کرنا۔

گُلِ مَعَرف۔ ایسا پھول جس کا رنگ سوسنی اور گلاب کی طرح ہو۔

گُلِ نافرمان۔ بنفشہ کا ارغوانی پھول جو نہایت خوشبودار ہوتا ہے اور سردیوں کے موسم میں پایا جاتا ہے۔

گُلِ نیلوفر۔ کنول کا پھول۔

گُلُو۔ گلا ؛ حلق۔

گُلُوبَند۔ زیور ؛ گلے میں پہننے کا زیور سادہ اور جڑاؤ دونوں طرح کا ہوتا ہے۔

گُلُوگاہ۔ گردن میں گلے کے سامنے کا حصہ جو کسی قدر باہر کو ابھرا ہوا ہوتا ہے ؛ ٹینٹوا۔

گُلُولَہ۔ گولی ؛ گولا ؛ غلہ۔

گُلنار۔ ایک سرخ پھلواری مثل انار ؛ گل انار جیسا۔

گُلَّہ وَغَلَّہ۔ ریزگاری رکھنے کا ظرف ؛ خزینہ۔

گُم گَشتَہ۔ کھویا ہوا ؛ بھٹکا ہوا ؛ راستہ بھولا ہوا۔

گِن لینا۔ (محاورہ) صاف طور پر شناخت کر لینا۔

گُناہِ کبیرہ۔ بہت بڑا گناہ ؛ بڑا جرم ؛ شریعت کی رو سے ایسا فعل جس کے ارتکاب پر حد مقرر ہو یا اس کے بارے میں وعید ہو یا دلیل قطعی کے ساتھ اس کے ارتکاب سے منع کیا گیا ہو یا ایسا فعل جو دین کی ہتک، حرمت کا موجب ہو۔

گُنبَد۔ برج نما چھت ؛ محدب ؛ ابھرواں چھت۔

گُنبَدِ بِلّوری۔ شیشے کا گنبد ، چمکیلا گنبد ، (استعارہ) آسمان۔

گَنج۔ ذخیرہ یا مخزن ؛ خزانہ ؛ دفینہ۔

گَنجِ شَہیداں۔ وہ مقام یا قبرستان جہاں اللہ کی راہ میں مرنے والوں کو اکٹھا دفن کیا گیا ہو ؛ شہیدوں کا مدفن۔

گُنجان۔ گھنا؛ شاخ در شاخ؛ بھرا بھرا؛ گچ پچ۔

گنجُور۔ صاحب خزانہ؛ خزانے والا؛ مالک خزانہ۔

گَندُم۔ گیہوں؛ کنک۔

گَندُم گُوں۔ گیہوں کے رنگ کا؛ گندمی؛ سانولا؛ سلونا۔

گَندَہ لَب۔ گندے ہونٹوں والا؛ جس کے منھ سے بو آئے۔

گُنگ۔ جو بول نہ سکے؛ گونگا۔

گُنگی۔ (گنگ کی تانیث) گونگی۔

گُو۔ گیند جس سے چوگان کھیلتے ہیں۔

گُورخَر۔ جنگلی گدھا جو گدھے سے بڑا اور گھوڑے سے چھوٹا ہوتا ہے۔ رنگ خاکی اور گردن سے دم تک ایک کالی دھاری ہوتی ہے۔

گُورِستان۔ قبرستان؛ وہ جگہ جہاں مردے دفن کیے جائیں۔

گُور و کَفن۔ تجہیز و تکفین؛ کفن دفن کا سامان۔

گُوزَن۔ بارہ سنگھا۔

گُوسالَہ پَرَست۔ بچھڑے یا گائے کو پوجنے والا۔

گُوسالَہ پَرَستی۔ بچھڑے یا گائے کو پوجنا۔

گُوسفَند۔ بھیڑ، بکری، دنبہ، بکرا۔

گُوش بَر آواز۔ آواز پر کان لگائے ہوئے؛ کسی خبر کا امیدوار؛ سننے کے لیے بیتاب رہنے والا۔

گُوشِ چَپ۔ بایاں کان۔

گُوش زَد۔ وہ بات جو سنی جائے؛ مسموع۔

گُوش گُذار۔ کان میں ادا کرنا۔

گُوش و بِینی بُرِیدَہ۔ کان اور ناک کٹا ہوا۔

گُوشمالی۔ سزا کے طور پر کان اینٹھنا؛ تادیب؛ سرزنش۔

گُوشت و پُوست۔ گوشت اور کھال (کنایۃً) تمام؛ مفصل؛ پورا جسم۔

گُوشَۂ اَبرُو۔ بھوں کا گوشہ۔

گُوشَہ گُزِیں۔ تنہائی میں رہنے والا؛ خلوت نشین؛ تارک الدنیا۔

گُوشَۂ کُلاہ۔ پگڑی کا کنارہ؛ پگڑی کا کونا۔

گُوشَہ نَشِین۔ سب سے الگ رہنے والا؛ تارک الدنیا۔

گولہ انداز۔ گولہ چلانے والا؛ توپ چلانے والا۔

گون۔ غرض، مطلب، مقصد۔

گوناگوں۔ رنگ برنگ کا، طرح طرح کا، رنگا رنگ۔

گوہ۔ چھپکلی سے مشابہ مگر بڑا صحرائی جانور جس کی دو زبانیں ہوتی ہیں، زمین میں بھٹ بنا کر رہتا ہے، مردار کھاتا ہے، اسکی کئی قسمیں ہیں؛ سوسمار۔

گوہر بار۔ (لفظاً) موتی برسانے والا؛ (کنایتہً) فیض پہنچانے والا؛ خوش بیان۔

گوہر زار۔ جہاں موتیوں کی کثرت ہو۔

گوہرہائے سیمیں۔ سفید موتی۔

گوہر سہیل۔ وہ موتی جو سہیل (ستارہ) چمکنے سے پیدا ہو۔

گوہرِ شب چراغ۔ لعل یا موتی جو رات کو روشنی دیتا ہے؛ گوہر شب تاب۔

گوہرِ شہوار۔ در شہوار؛ قیمتی موتی جو بادشاہوں کے لائق ہو۔

گوہرِ گراں قیمت۔ بیش قیمت موتی۔

گویا۔ بولتا؛ بولنے والا۔

گویائی۔ بول چال؛ بات چیت۔

گہر ریز۔ موتی برسانے والا، گہربار۔

گہوارہ۔ ہنڈولا؛ جھولا؛ پالنا۔

گیانی۔ عقل مند؛ سوجھ بوجھ والا؛ درویش؛ مراقبہ کرنے والا۔

گیاہِ سبز۔ ہری گھاس، سبزہ، دوب۔

گیتی ستاں۔ تمام دنیا پر قبضہ کرنے والا؛ مراد: بہت بڑا بادشاہ۔

گیدی۔ بے غیرت، بے عزت، بزدل۔

گیسو بریدہ۔ جس کے بال کٹے ہوئے ہوں، (مجازاً) بے حیا؛ بے شرم (خصوصاً عورت) فاحشہ۔

گیند۔ چمڑے، کپڑے یا ربر کا وہ گولہ جس سے لڑکے کھیلتے ہیں۔

گیہاں۔ دنیائے عناصر؛ جہان؛ عالم۔

ل

لَا اُحْصٰی۔ شمار نہیں کیا گیا؛ حساب نہیں کیا گیا؛ مراد: جس کا شمار یا احاطہ نہ کیا جا سکے؛ غیر محدود؛ بے حد بے حساب۔

لَا اَقَل۔ کم سے کم۔

لَابُدّی۔ ضروری؛ یقینی؛ لازمی۔

لَا تُحْصٰی۔ نہیں گھیرا گیا مراد: ان گنت؛ حد اور شمار سے باہر؛ بے اندازہ؛ قیاس سے زاید۔

لَا تُعَد۔ ان گنت؛ شمار سے باہر؛ بے حساب؛ بے حد۔

لَا جُرْعَہ۔ بغیر گھونٹ لیے؛ ایک ہی گھونٹ میں۔

لَا جَرَم۔ کوئی چارہ نہیں؛ مراد: بلاشبہ؛ یقیناً؛ بے شک۔

لَاچار۔ جس کے پاس چارہ کار نہ ہو؛ ناچار؛ مجبور؛ بے بس۔ (مجازاً) اپاہج؛ معذور۔

لَازَوال۔ جس کو زوال نہ ہو؛ غیر فانی؛ ہمیشہ رہنے والا؛ ازلی، ابدی۔

لَا شَرِیک۔ جس کا کوئی شریک نہیں؛ مراد: اللہ تعالیٰ جو واحد اور احد ہے۔

لَا طَائِل۔ فضول؛ بے کار؛ بے نتیجہ؛ بے فائدہ۔

لَا علمی۔ بے خبر؛ ناواقفیت؛ معلوم نہ ہونا۔

لَا مُحالَہ۔ یقیناً؛ بالضرور نیز مجبوراً۔

لَاوَلَد۔ جس کے اولاد نہ ہو؛ جس سے کوئی پیدا نہ ہو۔

لَاہُوت۔ (تصوف) عالم ذات الٰہی میں سالک کو فنا فی اللہ کا مقام حاصل ہوتا ہے؛ گنج مخفی؛ مقام محویت۔

لَا یَزال۔ ہمیشہ رہنے والا؛ بے زوال؛ پائدار؛ قدیم؛ ازلی و ابدی (عموماً اللہ تعالیٰ کے لیے مستعمل)۔

لَا یَعْقِل۔ بے عقل؛ نادان؛ غافل؛ بے خبر۔

لَا یَعْنِی۔ بے معنی؛ بے سروپا؛ لغو؛ مہمل۔

لَا یَنْحَل۔ جو حل نہ ہو سکے؛ (مسئلہ وغیرہ) جو کھل نہ سکے؛ جس کے حل کرنے کی ضرورت ہے۔

لَا یَنْقَطِع۔ جو قطع نہ ہو سکے؛ جو کٹ نہ سکے۔

لَازِم و مَلْزُوم۔ ایک دوسرے کے لیے ضروری؛ ایک دوسرے پر موقوف۔

لاش۔ مردہ؛ مردہ جسم۔

لاشہ۔ لاش؛ نعش؛ میت۔

لاغر و ناتواں۔ دبلا اور کمزور؛ پتلا اور بے طاقت۔

لاف زنی۔ شیخی؛ ڈینگ؛ دعویٰ کرنا۔

لاف مارنا۔ (محاورہ) شیخی بگھارنا؛ بڑا بول بولنا۔

لاف و گزاف۔ شیخی، تعلّی؛ بے ہودہ سرائی۔

لاک پشت۔ کچھوا۔

لالہ۔ ایک نہایت سرخ پھول جس کے درمیان میں سیاہ داغ ہوتا ہے؛ گُلِ لالہ۔

لالہ زار۔ لالے کے پھولوں کا کھیت؛ باغ، گلزار۔

لباس۔ پوشاک، جامہ، کپڑے۔

لباسِ سوسنی۔ ہلکا نیلا لباس۔

لباس شو۔ کپڑے دھونے والا؛ دھوبی۔

لباسِ فاخرہ۔ قابلِ افتخار لباس؛ قیمتی کپڑے۔

لباسِ مکلّف۔ پرتکلف لباس؛ شان دار لباس، قیمتی پوشاک۔

لباسِ نافرمانی۔ اودے رنگ کا لباس؛ جامنی رنگ کا لباس۔

لب ہائے ناپاک۔ ناپاک ہونٹ۔

لبریز۔ لبالب؛ پُر؛ معمور؛ مونہا موں۔

لبیک لبیک۔ تیرے حضور حاضر ہوں، حاضر ہوں؛ موجود ہوں؛ حاجی میدان عرفات میں بار بار یہ کلمہ کہتے ہیں۔

لجاجت۔ گڑگڑانا؛ عاجزی؛ منت سماجت۔

لجام۔ لگام (گھوڑے کی)؛ باگ۔

لُجّہ نجاست۔ ناپاک موجیں مارتا ہوا گہرا پانی۔

لحاف۔ اوڑھ کر سونے کی لمبی چوڑی رضائی جس میں زیادہ مقدار میں روئی بھری گئی ہو۔

لحظہ۔ کن انکھیوں سے دیکھنے کا وقفہ، مراد: آن واحد، دم کے دم۔

لحنِ داؤدی۔ حضرت داؤد علیہ السلام کی معجزانہ خوش نوائی؛ مراد: دلکش لہجہ؛ دل نشین صوتی آہنگ۔

لختِ جگر۔ جگر کا ٹکڑا؛ مراد: بیٹا؛ بیٹی؛ اولاد یا ذریت کا کوئی فرد۔

لخلخہ۔ (طب) تقویت دماغ نیز بے ہوشی کے لیے خاص مقرر اجزا سے بنائی گئی خوشبو نیز اس خوشبو کا ظرف (جس میں رکھ کر اسے سنگھاتے ہیں)۔

لَذِیذ۔ مزیدار، خوش ذائقہ، لذت دار۔

لَرَز۔ لرزنے کی کیفیت؛ لرزش، تھرتھراہٹ، کپکپاہٹ۔

لَرزاں و تَرساں۔ کانپتا؛ ڈرتا ہوا؛ سہما ہوا؛ خوف سے تھرتھراتا ہوا۔

لَشکاری۔ کتے کو شکار پر جھپٹانے کی مشق، (مجازاً) حملہ؛ جھپٹا؛ وہ آدمی جو کتے کو شکار پر چھوڑے۔

لَشکر و بُنگاہ۔ فوج اور اس کے لوازمات۔

لَشکرِ جَرّار۔ بہت بڑی فوج؛ بڑا بھاری لشکر۔

لَشکَری۔ فوجی، فوج کا سپاہی، تلنگا۔

لَطافت۔ عمدگی، خوبی۔

لَطافت و نَزاکت۔ تازگی اور نازکی۔

لُطف۔ حظ اندوزی؛ دلچسپی؛ دل بستگی۔

لَطیفہ بازی۔ بذلہ سنجی، خوش طبعی کی باتیں۔

لَطیفۂ غیبی۔ توفیقِ الٰہی، لطفِ خداوندی، غیبی امداد؛ اشارہ غیبی۔

لُعبَت۔ گڑیا؛ پتلی، مجسمہ، کھلونا۔

لَعل۔ ایک سرخ قیمتی پتھر، یاقوت۔

لَعلِ بدخشانی۔ بدخشاں میں پیدا ہونے والا لعل؛ اعلیٰ درجے کا لعل، سرخ رنگ کا بدخشانی یاقوت۔

لَعلِ لَب۔ سرخ ہونٹ؛ یاقوت کے رنگ کے ہونٹ؛ لب معشوق۔

لَعن۔ پھٹکار؛ (خدا کی) مار؛ نفرین۔

لَعنَت۔ پھٹکار؛ نفرین۔

لَعین۔ ملعون مردود؛ لعنتی؛ پھٹکارا ہوا۔

لَغزِش۔ رپٹن، پھسلن؛ غلطی؛ خطا؛ نسیان، بھول چوک۔

لَغو۔ بے ہودہ، پوچ، واہیات، بکواس۔

لِف۔ خرما، کھجور کی باریک چھال۔

لِفافہ۔ کاغذی غلاف جس میں چٹھی رکھ کر پوسٹ بکس میں ڈال دیتے ہیں، وغیرہ۔

لَق و دَق۔ چٹیل؛ ویرانہ؛ جہاں سبزہ اور گھاس اور درخت وغیرہ نہ ہوں۔

لَقَب۔ وہ نام جو کسی پسندیدہ کام کی وجہ سے مشہور ہو گیا ہو یا اپنا لیا جائے؛ وصفی نام۔

لُقمۂ چَرب۔ آسانی سے ہاتھ آنے والی چیز یا شکار۔

لُقمہ دَینا۔ (محاورہ) گفتگو کے دوران ٹوکنا؛ بیچ میں بولنا؛ بات کاٹنا۔

لَکاتہ۔ بے حیا؛ فاحشہ۔

لَگَد۔ لات؛ ٹھوکر؛ دولتی۔

لَگَد و کوب۔ لات یا ٹھوکر کی ضرب؛ دولتی؛ لیتاڑ۔

لُکنَت۔ ہکلاپن؛ تتلاہٹ؛ رک رک کر بولنا۔

لَکّۂ اَبر۔ ابر کا ٹکڑا۔

لَم یَزَل۔ غیر فانی؛ ہمیشہ رہنے والا؛ لازوال۔

لَمعَہ۔ چمکارا؛ چمک؛ کوند۔

لَن تَرانی۔ تو مجھے ہرگز نہیں دیکھ سکے گا۔ (مجازاً) خودستائی؛ تعلّی؛ ڈینگ۔

لَنگان لَنگان۔ لنگڑاتے لنگڑاتے۔

لُنگ۔ ایک وضع کی دھوتی؛ لنگوٹی نیز دھوتی کا وہ حصہ جو آگے لٹکا رہتا ہے؛ لانگ۔

لُنگ بَستہ۔ لانگ باندھے ہوئے۔

لَنگَر کَرنا۔ (محاورہ) لنگر انداز ہونا؛ بحری جہاز یا کشتی کا ٹھہرنا۔

لَوازِم۔ (لازمہ کی جمع) ضروری چیزیں؛ ضروری سامان۔

لِوائے فَتح۔ فتح کا علم؛ فتح کا نشان۔

لَوح۔ تختی؛ (کنایۃً) لوح محفوظ۔

لَوحِ بَرَنجی۔ پیتل کی تختی۔

لَوز۔ بادام؛ ایک قسم کا حلوا جسے بادام اور پستے سے تیار کرتے ہیں۔

لُولِی فَلَک۔ زہرہ؛ ایک مشہور ستارہ۔

لَہو و لَعِب۔ کھیل کود؛ سیر تماشا؛ تفریح۔

لَیث۔ شیر؛ اسد؛ ضیغم۔

لَیثُ الجُبَل۔ پہاڑی شیر۔

م

مَآل۔ نتیجہ ؛ انجام ؛اخیر ؛خاتمہ۔

مَآل اَندِیش۔ ہربات کے نتیجے کو سوچنے والا ؛ دوراندیش۔

مَابَدولَت۔ بادشاہ خود اپنے لیے یا دوسرے ماتحت ورعایا یا بادشاہ کے لیے کہتے تھے۔

مَابَعْد۔ جو کچھ بعد میں آئے ؛ پیچھے آنے والا۔

مَابَقا۔ باقی ؛بقایا ؛بچا ہوا۔

مَابَقِیَ۔ باقی ؛بقایا ؛بچا ہوا۔

مَابَیْن۔ درمیان میں ؛وسط میں ؛بیچ میں۔

ماتَم۔ مرنے کا غم ؛ شیعوں کا امام حسینؓ کی عزاداری میں سینہ پیٹنے کا عمل۔

مَاتَم داری لِباس۔ غم والم کی پوشاک ؛اندوہ کی پوشش۔

مَاتَم کَدَہ۔ وہ گھر جس میں کوئی موت ہوگئی ہو ؛ سوگ / غمی کا گھر۔

ماتَمی لِباس۔ ماتمی پوشاک ؛ سیاہ یا نیلے رنگ کا لباس جو رنج وغم کی حالت میں پہنا جاتا ہے۔

مَاجَرا۔ واردات ؛سرگزشت۔

مَاحَضَر۔ تھوڑا سا بے تکلف کھانا جو موجود ہو۔

مَاخُوذ۔ گرفتار ؛ پکڑا ہوا ؛ملوث۔

مَادَر۔ ماں ؛والدہ ؛اماں۔

مَادَر بَخَطا۔ گالی ؛ جس کی ماں نے خطا / زنا کیا ہو ؛ حرامی ؛ولدالزنا۔

مَادَر بَہ خَطائی۔ ایک سخت گالی یعنی تیری ماں حرام کار تھی۔

مَادَہ۔ عورت ذات ؛زن ، مونث ؛ جانوروں کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

مَادَرِ زَن۔ ساس۔

مَادِیانِ عَرَبی۔ عربی گھوڑی۔

مَادِیَہ اَسْپ۔ گھوڑی۔

مَار۔ سانپ ؛ناگ ؛افعی۔

مَارْ چُوب خُورْدَہ۔ چوٹ کھایا ہوا سانپ ؛ زخمی سانپ ؛لکڑی کی چوٹ سے زخمی سانپ۔

مارِ سِیاہ۔ کالا سانپ ؛کوڑیالہ۔

مَارْ وکَژْدُم۔ سانپ اور بچھو۔

مارگر۔ سپیرا، سانپ پکڑنے والا۔

ماش پلاؤ۔ پلاؤ کی ایک قسم۔

ماشکی۔ پانی بھرنے والا؛ سقہ۔

مافی الضمیر۔ جو چیز دل میں ہو؛ دل کی بات؛ نیت۔

ماکولات۔ (ماکول کی جمع) کھانے کے لائق چیزیں۔

مال و منال۔ متاع؛ املاک۔

مالش۔ ملنا؛ رگڑنا۔

مالا کلام۔ جس میں کلام، شبہ، اعتراض کی گنجائش نہ ہو۔

مالا یطاق۔ طاقت سے بڑھ کر کام، وہ کام جو کسی کی قدرت یا طاقت سے باہر ہو۔

مالاینحل۔ جو حل نہ ہو سکے، ناقابل فہم؛ ادق۔

مالوف۔ مانوس؛ خوگر؛ عادی۔

مامور۔ مقرر؛ متعین۔

ماندہ۔ تھکا ہوا۔

مانند۔ جیسا؛ طرح؛ مطابق؛ مثل۔

مانع۔ منع کرنے والا؛ روکنے والا۔

مانوس۔ مائل، راغب، خوگر۔

مانوس و مالوف۔ شیر و شکر؛ انس کیا ہوا۔

ماوجب۔ جو واجب ہو۔

ماہ پیکر۔ وہ جس کا چہرہ چاند کی مانند خوبصورت ہو، معشوق کی تعریف۔

ماہِ چاردہ۔ چودھویں رات کا چاند؛ (کنایۃً) معشوق، محبوب۔

ماہ پارہ۔ چاند کا ٹکڑا؛ خوبصورت، حسین۔

ماہرو۔ جس کا منہ چاند کا سا ہو؛ (کنایۃً) معشوق؛ حسین و جمیل۔

ماہ لقا۔ معشوق؛ حسین؛ خوبرو۔

ماہِ نخشب۔ حکیم ابن مقنع کا بنایا ہوا چاند جس کی روشنی دور دور تک پھیلتی تھی۔

ماہتاب۔ چاند کی روشنی؛ چاندنی؛ چاند۔

ماہی۔ مچھلی۔ وہ مچھلی جس کی نسبت ہندوؤں کا خیال ہے کہ اس کی پشت پر زمین ہے۔

ماہیِ بے آب۔ وہ مچھلی جو پانی سے باہر نکال لی جائے؛ بہت بے تاب؛ نہایت بے چین۔

ماہی سَقَنقُور۔ ایک قسم کی مچھلی ؛ ریگ ماہی۔

مائل۔ راغب ؛ متوجہ ؛ مشتاق۔

ماہیّت۔ کیفیت ؛ خصوصیت ؛ حقیقت۔

ماہی گیر۔ مچھلی پکڑنے والا ؛ مچھیرا ؛ ماچھی۔

مایۂ حیات۔ زندگی کی پونجی ؛ سرمایۂ زندگی ؛ مراد : زندگی۔

مُباح۔ جائز ؛ روا ؛ حلال ؛ شریعت کے موافق۔

مَبادا۔ خدا نہ کرے ؛ خدانخواستہ ؛ اتفاقاً ؛ ایسا نہ ہو۔

مُبارِز۔ لڑائی کے لیے تیار ؛ مقابلے پر چڑھ کر لڑنے والا۔

مُبارِزَت۔ جنگ کے لیے ؛ باہر نکالنا۔

مُبارَک باد۔ خوش خبری ؛ بدھائی ؛ مژدہ۔

مُبالَغہ۔ حد سے بڑھ کر تعریف یا برائی کرنا۔

مُباہات۔ فخر ؛ بڑائی ؛ شیخی۔

مُبدائے فَیض۔ فیض کا سرچشمہ ؛ مراد : اللہ تعالیٰ۔

مُتبَہج۔ شاداں ؛ خوش ہونے والا۔

مُبَدَّل۔ بدلا ہوا ؛ تبدیل شدہ۔

مُبذُول۔ لگایا گیا ؛ منعطف۔

مُبَرّا۔ پاک ؛ بے عیب ؛ صاف۔

مَبرُور۔ پاک ؛ مقدس ؛ گناہوں سے بری۔

مُبَشّر۔ بشارت دینے والا ؛ خوش خبری سنانے والا۔

مُبتَذَل۔ رذیل ؛ سفلہ ؛ بے قدر ؛ حقیر۔

مَبعُوث۔ بھیجا گیا ، پیدا کیا گیا۔

مُبطِل۔ باطل کرنے والا۔

مُبَلِّغ۔ پہنچانے والا : تبلیغ کرنے والا۔

مُتابَعَت۔ اطاعت ، پیروی۔

مُتاذّی۔ خوگر ؛ عادی۔

مُتاسِّف۔ افسوس کرنے والا۔

مَتاع۔ پونجی ؛ سامان ؛ اثاثہ۔

مُتَاَلِّم۔ الم پایا ہوا ؛ جسے رنج پہنچا ہو ؛ دکھیا۔

مُتَاَمِّل۔ تامل کرنے والا ؛ سوچنے والا۔

مُتَبَرَّک۔ برکت یافتہ ؛ مبارک جانا ہوا۔

مُتَبَسِّم۔ مسکرانے والا ؛ شگفتہ ؛ کھلا ہوا۔

مُتبُوع۔ سردار، جس کی پیروی کی جائے۔
مُتجسِّس۔ تلاش کرنے والا؛ ڈھونڈنے والا۔
مُتَصِل۔ پاس؛ قریب؛ ملا ہوا۔
مُتّحد و مُشابہ۔ ملی ہوئی اور ہم شکل۔
مُتحرِّک۔ حرکت کرنے والا؛ جاری۔
مُتحَرّم۔ حرمت رکھنے والا۔
مُتحمِّل۔ رنج سہنے والا؛ برداشت کرنے والا۔
مُترتّب۔ درست کرنے والا۔
مُترجم۔ ترجمہ کرنے والا۔
مُترصِّد۔ امیدوار؛ امید رکھنے والا۔
مُترقّبہ۔ انتظار کیا ہوا، امید کی ہوئی چیز۔
مُتردِد۔ فکرمند، پریشان، مضطرب۔
مُتزلزل۔ لرزنے والا؛ ڈگمگانے والا؛ غیر مستقل۔
مُتشکِّل۔ شکل اختیار کرنے والا؛ صورت قبول کرنے والا۔
مُتصاعِد۔ اوپر چڑھنے والا۔

مُتعارِف۔ معروف، مشہور، آپس میں جان پہچان والے۔
مُتحیّر۔ حیرت زدہ؛ حیران؛ ہکابکا؛ حواس باختہ۔
مُتصدِّع۔ دردسر دینے والا؛ تکلیف دینے والا۔
مُتصدّی۔ انتظام کرنے والا؛ منتظم؛ حاکم۔
مُتصرِّف۔ قبضہ کرنے والا؛ قابض۔
مُتضاد۔ منافی، برعکس؛ خلاف۔
مُتعاقِب۔ پیچھا کرنے والا؛ پیچھے سے آنے والا۔
مُتعجِّب۔ تعجب کرنے والا؛ حیران؛ دنگ۔
مُتعرِّض۔ روکنے والا؛ آگے آنے والا۔
مُتعفِّن۔ سڑا ہوا؛ بدبودار۔
مُتعلّقین۔ گھر کے لوگ؛ اہل و عیال۔
مُتعہ۔ شیعہ عقائد کے مطابق کسی عورت سے کچھ مدت کے لیے کیا جانے والا نکاح۔
مُتغلِّب۔ تغلب کرنے والا؛ غالب ہونے والا۔
مُتغلّبہ۔ غالب، حاکم۔
مُتغیّر۔ بدل ہوا، تبدیل شدہ۔

مُتَفَرِّق۔ منتشر ؛ پراگندہ۔

مُتَّفِق۔ رضامند ؛ موافق۔

مُتَّفِقُ الْکَلِمَہ۔ ہم رائے ؛ ہم خیال۔

مُتَّفِقُ اللَّفْظ۔ ایک زبان ہو کر ؛ ایک دل ہو کر۔

مُتَّفِقُ اللَّفْظ وَالْمَعْنیٰ۔ پورے طور پر موافق ؛ کلی موافقت۔

مُتَفَکِّر۔ فکرمند ؛ اداس ؛ مغموم۔

مُتَقَاضِی۔ مانگنے والا ؛ طلب کرنے والا ؛ تقاضا کرنے والا۔

مُتَقَدِّمِیْن۔ (جمع متقدم کی) پہلے زمانے کے لوگ ؛ پرانے لوگ ؛ پیش رو۔

مُتَّقِی۔ گناہوں سے بچنے والا ؛ خلاف شرع کاموں سے پرہیز کرنے والا۔

مُتَکَبِّر۔ مغرور ؛ گھمنڈی ؛ خود پسند۔

مُتَکَفِّل۔ ضامن ؛ کفیل ؛ ذمہ دار۔

مُتَکَلِّمِیْن۔ (جمع متکلم کی) علم کلام کے ماہر ؛ وہ لوگ جو مذہبی امور کو عقلی دلائل سے ثابت کرتے ہیں۔

مُتَلَاشِی۔ تلاش کرنے والا ؛ ڈھونڈنے والا۔

مُتَلَاطِم۔ موجزن ؛ تھپیڑے مارنے والا۔

مُتَلَوِّن۔ غیر مستقل مزاج ؛ مختلف رنگ اختیار کرنے والا۔

مُتَمَرِّد۔ نافرمان ؛ سرکش ؛ باغی ؛ پھرا ہوا۔

مُتَمَکِّن۔ جگہ پکڑنے والا ؛ جاں گزیں ؛ قرار پکڑنے والا۔

مُتَمَنِّ مِزَاج۔ سکون کے ساتھ مزاج پرسی کی۔

مُتَوَسِّل۔ توسل والا ؛ وسیلہ ڈھونڈنے والے ؛ قربت چاہنے والے۔

مُتَوَسِّلِیْن۔ (جمع توسل کی) وسیلہ ڈھونڈھنے والے ؛ قربت چاہنے والے۔

مُتَوَلِّد۔ پیدا ہونے والا۔

مُتَوَلِّی۔ حکومت کرنے والا ؛ کارکن ؛ انتظام کرنے والا۔

مُتَنَبِّہ۔ واقف ؛ آگاہ ؛ خبردار۔

مُتَغَیِّض۔ کبیدہ خاطر ؛ طبیعت کو پراگندہ کردینا۔

مُتَنَفِّس۔ انسان ، آدمی ، جاندار۔

مُتَنَوِّعَہ۔ نوع نوع اور قسم قسم کا ہونے والا۔

مُتَواتِر۔ ایک کے بعد ایک ؛ مسلسل ؛ لگاتار۔

مُتَوصِلَہ۔ پیوند ہونے والا۔

مُتَوَطِن۔ اصلی باشندہ۔

مُتَوَفّٰی۔ وفات پانے والا۔

مُتَوَہِّم۔ وہم کرنے والا ؛ وسواسی۔

مُتَّہِم۔ تہمت لگانے والا۔

مُتَیَقِّن۔ یقین کرنے والا۔

مِثقال۔ ساڑھے چار ماشہ کا وزن ؛ سونے کا ایک سکہ۔

مِثل۔ برابر ؛ ملتا ہوا ؛ ہم شکل۔

مُثَلَّث۔ سہ گوشہ ؛ تکون۔

مُثمِر۔ پھل دینے والا۔

مُثَمَّن۔ آٹھ کونیا ؛ ہشت پہلو۔

مُجادَلَہ۔ لڑنا ؛ جنگ کرنا۔

مَجاز۔ اجازت دیا گیا ؛ مختار۔

مَجال۔ قدرت ؛ طاقت۔

مَجالِ دَم زَدَن۔ دم مارنے کی قدرت ؛ دم مارنے کی طاقت ، بے بس۔

مُجاوَرَت۔ ہمسائگی ؛ پڑوس۔

مُجاوِری۔ ہم سائگی ؛ قرب۔

مُجتَنِب۔ پرہیز کرنے والا ؛ بچنے والا۔

مُجتَہِد۔ شیعہ مذہب کا فقیہ ؛ مذہب کا پیشوا۔

مُجرا۔ کورنش ؛ آداب ؛ تسلیمات۔

مُجَرَّب۔ تیر بہدف ؛ مؤثر ؛ آزمودہ۔

مُجَرَّد۔ تنہا ؛ اکیلا۔

مَجرُوح۔ گھائل ؛ زخمی۔

مَجرُوحی۔ زخمی ہونا۔

مُجَسَّم۔ سر سے پاؤں تک ؛ سراپا۔

مَجلِس۔ بزم ؛ انجمن۔

مُجَلّا۔ چمکایا ہوا ؛ صاف کیا ہوا۔

مُجَلّی۔ روشن کرنے والا ؛ صاف کرنے والا ؛ جلا دینے والا۔

مُجَلّٰی۔ روشن ؛ چمک دار۔

مِجمَر۔ انگیٹھی ؛ عود سوز ؛ عود دان۔

مُجمَلاً۔ سرسری ؛ مختصراً ؛ اجمالاً۔

مَجْمُوع۔ جمع ؛ تمام ؛ کل۔

مَجْنُون۔ دیوانہ ؛ پاگل۔

مجنون وار۔ دیوانہ وار۔

مُجَوَّزَہ۔ تجویز شدہ ، مقررہ۔

مُحَجَّر۔ پتھر جڑا ہوا ؛ پتھر بنایا ہوا۔

مُجَوَّف۔ کھوکھلا ؛ اندر سے خالی ؛ تھوتھا۔

مَجْہُولُ الْاَحْوَال۔ وہ شخص جس کا حال احوال معلوم نہ ہو۔

مَجْہُولُ الْاِسْم۔ جس کا نام معلوم نہ ہو۔

مَجْہُولُ النَّسَب۔ وہ شخص جس کی اصل و نسل کا پتہ نہ ہو۔

مَجْہُولُ النسبی۔ اصل و نسل کا پتہ نہ ہونا ؛ حسب نسب کا معلوم نہ ہونا۔

مُجِیب۔ قبول کرنے والا۔

مُجِیبُ الدَّعوات۔ دعائیں قبول کرنے والا ؛ (کنایۃً) اللہ تعالیٰ۔

مُحَاذِی۔ مقابل ؛ روبرو ؛ سامنے۔

مُحَارَبَہ۔ جنگ ؛ کارزار ؛ لڑائی۔

مُحَاسِب۔ حساب داں ؛ حساب کرنے والا۔

مُحَاسَبَہ۔ پڑتال ؛ حساب۔

مُحَاصَرَہ۔ گھیر اڈالنا ؛ راہ بندی۔

مَحَاصِل۔ (محصول کی جمع) حاصل آمدنی۔

مُحَافِظ۔ نگران ؛ پاسبان۔

مَحَافِل۔ (جمع محفل کی) انجمنیں ؛ محفلیں۔

مُحَافَظَت۔ حفاظت ، نگرانی۔

مُحَافَہ۔ پردہ دار سواری جس میں عورتیں بیٹھتی ہیں۔

مُحِبّ۔ دوست ، یار ، شفیق۔

مُحِبَّہ۔ (محبّ کی تانیث) مشفقہ ؛ مہربان۔

مُحِبّ صَادِق۔ مخلص دوست ؛ کھرا ساتھی۔

مَحْبَس۔ قید خانہ ؛ زندان ؛ جیل۔

مَحْبُوب۔ معشوق ؛ منظور نظر ؛ دل پسند۔

مُحْتَاط۔ احتیاط رکھنے والا ؛ ہوشیار۔

مُحْتَالَہ۔ فاحشہ ؛ دلالہ۔

مُحْتَرِز۔ محتاط ؛ ہوشیار ؛ پرہیز کرنے والا۔

مَحجُوب۔ شرمندہ، منفعل۔

مِحرَاب۔ شاہی خلوت خانہ؛ خلوت خانہ؛ حجرہ۔

مُحَرِّر۔ کاتب؛ منشی؛ لکھنے والا۔

مَحرُوم۔ بے نصیب؛ مایوس؛ ناکام۔

مَحزُون۔ غمگین؛ مغموم؛ رنجیدہ۔

مَحسُوب۔ حساب میں لگایا گیا؛ مجرا دیا گیا۔

مَحصُور۔ مقید؛ گھیرا ہوا؛ روکا ہوا۔

مَحظُوظ۔ مسرور؛ خوش۔

مُحَقَّر۔ حقیر؛ ذلیل؛ کمینہ۔

مُحَقِّق۔ تحقیق کرنے والا؛ جو کسی بات کو ثبوت سے ثابت کرے۔

مُحکَمات عَالِیَات۔ بلند پایہ محکمات؛ مضبوط اشیاء؛ اعلیٰ شان۔

مَحکُوم۔ ماتحت؛ تابع۔

مَحَل۔ عالی شان مکان؛ عمارت؛ وقت؛ موقع؛ بیگم؛ ملکہ۔

مَحَلدار۔ شاہی زمانے کا ایک عہدہ دار جو شاہی محل کا انتظام اور حفاظت کرتا تھا۔

مَحَل سَرا۔ محل، حرم سرا۔

مُحَلِّل رُوح۔ روح کو گھلا دینے والا؛ روح کو تحلیل کر دینے والا۔

مُحَلّی۔ خواجہ سرا۔

مَحمِل۔ ایک قسم کی ڈولی جو اونٹ پر باندھتے ہیں؛ کجاوہ۔

مَحمُود۔ پسندیدہ؛ مرغوب خاطر۔

مُحَوَّطَہ۔ احاطہ کرنے کی جگہ؛ اکٹھا کرنے کی جگہ۔

مَحمُول۔ گمان کیا گیا؛ قیاس کیا گیا۔

مَحو۔ مستغرق؛ مٹا ہوا؛ فریفتہ۔

مَحوِیَّت۔ استغراق؛ خیال میں گم؛ غرق ہونا۔

مُحِیط۔ احاطہ کرنے والا؛ گھیرنے والا۔

مُخاطِب۔ خطاب کرنے والا، بات کرنے والا۔

مُخاطَرَۃ۔ خطرہ؛ اندیشہ؛ ڈر؛ خوف۔

مُخبِر۔ جاسوس، خفیہ نویس۔

مُخبِر صادِق۔ (کنایۃً) پیغمبر علیہ السلام۔

مُخبِری۔ جاسوسی؛ خفیہ خبریں دینا۔

مُختار۔ بااختیار ؛ مجاز۔

مُختَصَرُ الاَجزا۔ تھوڑے صفحے ؛ کم ورق ؛ کم اجزا۔

مُختَل۔ بگڑا ہوا ؛ درہم برہم۔

مُختَلُ الحَواس۔ حواس باختہ ؛ جس کے حواس قائم نہ ہوں۔

مُختَلَط۔ ملا ہوا ؛ گڈمڈ۔

مُختَلِفُ الاَلوان۔ بہت سے رنگوں کا ؛ مختلف رنگوں کا۔

مَختُوم۔ مہر شدہ ؛ مہر لگا ہوا۔

مَخدُوم۔ قابل تعظیم ؛ مالک ؛ آقا۔

مَخذُول۔ ذلیل ؛ خوار ؛ رسوا۔

مُخَرِّبِ سَلطَنَت۔ سلطنت برباد کرنے والا ؛ حکومت تباہ کرنے والا۔

مَخرُوطی۔ گاجر کی شکل کا ؛ گاؤدم۔

مَخصُوص۔ خاص کیا گیا ؛ نامزد کیا گیا۔

مُخَطَّط۔ لکیروں والا ؛ دھاری دار۔

مَخمُور۔ چھپا ہوا ؛ ڈرا ہوا۔

مَخفِی۔ خفیہ ؛ پوشیدہ۔

مُخِل۔ خلل ڈالنے والا ؛ حارج۔

مُخلِص۔ سچا ؛ باوفا۔

مَخلَصی۔ چھٹکارا ؛ خلاصی۔

مَخمَصہ۔ جھمیلا ؛ جھگڑا۔

مَخمَلِ کاشانی۔ کاشان سے منسوب مخمل ؛ کاشان میں تیار ہونے والی مخمل۔

مُخَنَّث۔ ہیجڑا ؛ زنخا۔

مَخُوف۔ خوفناک ، خطرناک۔

مُخَیَّم۔ خیمہ لگانے کی جگہ۔

مُداوا۔ علاج کیا ہوا ؛ دوادارو کیا ہوا۔

مَدّوجَزر۔ جوار بھاٹا ؛ سمندر کے پانی کا چڑھاؤ اتار جو چاند کی کشش کی وجہ سے ہوتا ہے۔

مَدح۔ تعریف ؛ توصیف ؛ ستائش۔

مُدارا۔ خاطر تواضع ؛ آؤبھگت۔

مُدارات۔ خاطرداری ؛ آؤبھگت۔

مَدارِس۔ (مدرسہ کی جمع) مکتب ، اسکول ، پڑھانے کی جگہ۔

مُدارُالمُہام۔ وہ شخص جس پر امور سلطنت کا

دارومدار ہو؛ وزیراعظم۔

مَدظِلّہ العَالی۔ اللہ اس کا سایہ دراز کرے؛ وہ بہت دنوں تک جئے؛ بزرگوں کے القاب میں لکھتے ہیں۔

مُدَبّر۔ صاحب تدبیر، عقل مند، دانش مند۔

مُدّتُ العُمر۔ تمام عمر؛ عمر بھر؛ تا بہ زندگی۔

مَدخُولَہ۔ وہ عورت جسے گھر میں ڈال لیا ہو؛ وہ عورت جس سے صحبت کی جائے؛ داشتہ۔

مَدَدِہی۔ مدد کے لیے؛ مدد دینے کو۔

مَددِیزدانی۔ اللہ تعالیٰ کی مدد؛ خدا کی نصرت۔

مَدعُو۔ دعوت دیا گیا؛ بلایا گیا۔

مُدّعی۔ دعویٰ کرنے والا؛ نالش کرنے والا۔

مُدَوَّر۔ گول؛ دائرہ نما۔

مَدلُولات و مُتعلّقات۔ تعلق رکھنے والی چیزیں۔

مَدّھم۔ (موسیقی) گویوں کی اصطلاح میں سات سروں میں سے ایک سر کا نام۔

مَدِید۔ طول؛ طویل؛ دراز۔

مُذاکرہ۔ آپس میں بات چیت۔

مَذبُوح۔ ذبح کیا ہوا۔

مُذکّر۔ ذکر کرنے والا؛ یاد دلانے والا؛ نصیحت کرنے والا۔

مَذلّت۔ خواری؛ رسوائی۔

مَذمّت۔ برائی؛ بدی۔

مَذمُوم۔ بد؛ برا؛ ذم کیا ہوا۔

مُذَہّب۔ سنہرا، سنہری جھول چڑھا ہوا۔

مَذہب طَبعی۔ مادیت پرستی؛ الحاد اور بے دینی۔

مِرآۃُ الغَیب۔ غیب کا آئینہ۔

مَراتِب۔ (جمع مرتبہ کی) درجے؛ رتبے؛ مناصب۔

مُراجَعت۔ واپسی، رجوع، لوٹنا۔

مُرادبَخش۔ مراد پوری کرنے والا۔

مُرادمَند۔ خواہش مند؛ آرزومند؛ محتاج۔

مُراعات۔ سلوک؛ رعایت؛ نگہداشت۔

مُراقَبہ۔ خدا کا دھیان، نگہبانی؛ امید؛ استغراق۔

مُربّع۔ چوگوشہ جس کی لمبائی چوڑائی برابر ہو۔

مُرَبّی۔ سرپرست ؛ پرورش کرنے والا ؛ ترکیب کرنے والا۔

مُرتَاض۔ ریاضت کرنے والا ؛ زاہد۔

مُرَتّب۔ ترتیب دیا ہوا ؛ باقاعدہ ؛ درست۔

مَرتَبت۔ مرتبہ، درجہ۔

مُرتَد۔ اسلام چھوڑا ہوا ؛ مراد : اسلام سے پھرا ہوا ؛ پھر ہوا۔

مُرتَشی۔ رشوت لینے والا۔

مُرتَفَع۔ اونچا ؛ بلند ؛ ابھرا ہوا۔

مُرتَکِب۔ ارتکاب کرنے والا ؛ گناہ کرنے والا۔

مَرجان۔ مونگا، چھوٹا موتی۔

مَرجِع۔ واپسی کی جگہ ؛ جائے پناہ ؛ مرکز۔

مَرجِع خَلائِق۔ تمام خلقت کا ٹھکانا، وہ شخص وہ جگہ جہاں سب رجوع ہوں۔

مَرجُوعَہ۔ رجوع، لوگوں کا آنا۔

مَرچَنگ۔ ایک قسم کا باجا جس کے چھوٹے سروں کو دانتوں کے درمیان رکھ کر انگلیوں سے بجاتے ہیں۔

مَرحَلَہ۔ منزل ؛ منزل گاہ۔

مَرحَمَت۔ مہربانی ؛ عنایت ؛ الطاف۔

مِردَنگ۔ ایک قسم کی ڈھولک ؛ ایک طرح کی لمبوتری ڈھولک جو دونوں طرف سے بجتی ہے ؛ چراغ ڈھکنے کا مردنگ کی شکل کا فانوس۔

مَردی۔ مردانگی، بہادری۔

مَرحَبا۔ شاباش ؛ خوش آمدید۔

مُرَخَّص۔ رخصت کیا ہوا ؛ اجازت دیا گیا۔

مَردافگَن۔ قوی، شہ زور۔

مَردَک۔ حقیر آدمی ؛ مرد کی تصغیر ؛ ذلیل آدمی۔

مُردار۔ ناپاک ؛ نجس۔

مُردار خوار۔ مردہ جانوروں کو کھانے والا۔

مُردار خُواری۔ مردار جانوروں کو کھانے کا عمل۔

مَردانگی۔ مردمی ؛ بہادری ؛ دلیری ؛ جواں مردی۔

مَردُم۔ آدمی، مرد، انسان، لوگ۔

مَرْدُم آزار۔ لوگوں کو ستانے والا؛ ظالم؛ بے رحم۔

مَرْدُود۔ رد کیا گیا؛ راندہ ہوا؛ ملعون؛ نابکار۔

مَزْرَع۔ کھیت؛ کھیتی کی جگہ۔

مُرْسَل۔ بھیجا ہوا؛ ارسال کیا گیا۔

مُرْسَلَہ۔ بھیجا ہوا؛ ارسال کیا ہوا۔

مُرْشِد۔ ہدایت کرنے والا؛ پیر۔

مُرَصَّع۔ جواہر جڑا ہوا، آراستہ۔

مُرَصَّع کار۔ زیور میں نگینے یا جواہرات جڑنے والا۔

مُرَصَّع نِگار۔ بہت خوش قلم؛ نہایت خوش خط لکھنے والا۔

مَرَضُ الْمَوت۔ وہ بیماری جس سے آدمی مر جائے؛ مہلک بیماری۔

مُرْضِعَہ۔ دودھ پلائی؛ دائی۔

مَرْطُوب۔ کسی کی تعریف کر کے خوش کرنا؛ طبیعت کو تر و تازہ کرنا؛ انبساط پیدا کرنا۔

مُرْغِ اَخْضَر۔ سبز پرندہ۔

مُرْغانِ ہَوائی۔ آسمانی مخلوق۔

مَرْغْزار۔ چراگاہ، سبزہ زار؛ ہرا بھرا جنگل۔

مَرْغُوب۔ پسندیدہ؛ من بھاتا۔

مَرْغُولَہ۔ گھنگریالا؛ بل کھائے ہوئے؛ خم دار۔

مَرْفُوع۔ اٹھایا گیا، بلند کیا گیا۔

مَرْفُوعات۔ بلند و بالا؛ اونچے خیمے۔

مُرَفَّہ حال۔ خوش حال؛ آسودہ؛ دولت مند۔

مُرْقَد۔ تربت؛ قبر؛ گور۔

مُرَقَّعات۔ مرقع؛ تصاویر؛ البم۔

مَرْقُوم۔ لکھا ہوا، لکھا گیا۔

مُرَکَّب۔ کئی چیزوں کا مجموعہ؛ ملا ہوا۔

مَرْکَبِ جہان دِہ۔ شاہی سواری۔

مَرْکَبِ خِشْتی۔ (مراداً) طلسمی سواری؛ جادو کی سواری۔

مَرْکَب۔ (مجازاً) گھوڑا۔

مَرْکَب تازی۔ عربی گھوڑا۔

مَرْکَب زَدَہ۔ سواری کا شائق، سواری کا

شوقین۔

مَرْغُوْب۔ پسند کیا گیا؛ دل نشین۔

مَرْگ۔ موت؛ فنا؛ اجل۔

مَرْوارِید۔ موتی؛ گوہر؛ در۔

مَرْوارِید خُوْرْد۔ چھوٹا موتی۔

مُرَوَّت۔ خلق؛ اخلاق؛ بھل منسائی۔

مُرَوَّج۔ رسمی؛ معمولی؛ مستعمل؛ رواج یافتہ۔

مَرْہَم۔ وہ گاڑھی، نرم اور چکنی دوا جو زخم پر لگائی جاتی ہے؛ (مجازاً) کسی قسم کے زخم کا علاج۔

مَرْہَمِ سُلَیمانی۔ شفا بخش مرہم؛ زود اثر مرہم۔

مِرِّیخ۔ ایک ستارے کا نام جو علم نجوم کے اعتبار سے ساتویں آسمان پر ہے، اسے منحوس سمجھا جاتا ہے۔

مُرِیْد۔ کسی کے ہاتھ پر بیعت کرنے والا؛ چیلا؛ دینی شاگرد۔

مِزاج پُرسی۔ طبیعت کا حال دریافت کرنا؛ خیریت معلوم کرنا۔

مُزاحِم۔ مزاحمت کرنے والا؛ روکنے والا؛ حائل۔

مُزاحَمَت۔ روک؛ تعرض؛ ممانعت۔

مُزاوَلَت۔ کسی کام کو ہمیشہ کرنا؛ روزمرہ مشق؛ مہارت۔

مَزْبَلَہ۔ وہ جگہ جہاں نجاست اور کوڑا کرکٹ ڈالتے ہیں؛ گندگی ڈالنے کی جگہ؛ گھورا۔

مُزَخْرَف۔ جھوٹی بات جو سچ معلوم ہو؛ بناوٹ کی بات؛ بے ہودہ بات۔

مُزْد۔ مزدوری؛ اجرت؛ بدلہ۔

مَزْرُوعَہ۔ بویا ہوا؛ بویا ہوا کھیت؛ کاشت کیا ہوا۔

مُزَعْفَر۔ زعفران میں رنگے ہوئے میٹھے چاول کا پلاؤ؛ ایک قسم کا میٹھا پلاؤ۔

مُزَلَّف۔ زلف والا؛ زلفوں سے گھرا ہوا؛ معشوق۔

مُزْمِن۔ پرانا؛ کہنہ۔

مُزَیَّن۔ زینت بخشنا؛ خوبصورت بنانا۔

مُزَیَّب۔ زیب دیا ہوا؛ زیبا؛ سجا ہوا۔

مَزِیدبَرآں۔ اس کے سوا؛ علاوہ بریں۔

مُزِیْل۔ نشان مٹانے والا؛ دور کرنے والا۔

مُزَیَّن۔ آراستہ ؛ سجا ہوا۔

مُژدَہ۔ خوش خبری ؛ مبارک باد۔

مِژَہ۔ پلک۔

مَس۔ چھونا ؛ ہاتھ لگانا۔

مِس۔ تانبا۔

مِس و آہَن۔ تانبا اور لوہا۔

مُساعِد۔ موافق ؛ معاون ؛ سازگار ؛ یاور۔

مُساعَدت۔ مدد کرنا ؛

مَسافَت۔ دوری ؛ بعد ؛ فاصلہ۔

مَساکِین۔ (جمع مسکین کی) غریب ؛ مفلس۔

مُساوِی۔ برابر ؛ یکساں ؛ ہم وزن۔

مُسَبِّبُ الاَسباب۔ سبب پیدا کرنے والا ؛ اللہ تعالیٰ۔

مُستاصَل۔ جڑ سے اکھڑا ہوا ؛ تباہ ؛ منہدم۔

مُستَبشِر۔ خوش خبری چاہنے والا ؛ خوش ہونے والا۔

مُستَثنیٰ۔ چھوٹا ہوا ؛ ماسوا ؛ الگ۔

مُستَثنِیات۔ الگ کیے ہوئے امور۔

مُستَجاب۔ (مجازاً) قبول کیا گیا ؛ جواب دیا گیا ؛ مانا گیا۔

مُستَجمَع۔ جمع ہونے کی جگہ۔

مُستَحسَن۔ نیک ؛ پسندیدہ ؛ خوب۔

مُستَحِق۔ حق دار ، حق رکھنے والا ، دعوے دار۔

مُستَحکَم۔ پکا ؛ مضبوط ، سخت ، قائم رہنے والا۔

مُستَدعی۔ استدعا کرنے والا ، خواہش مند ، ملتجی۔

مُستَرَد۔ رد کیا گیا ، واپس کیا گیا۔

مُستَطاب۔ خوشگوار ، عمدہ ، خوب۔

مُستَطِیل۔ طویل ؛ لمبا ؛ جس کا طول عرض سے بڑا ہو۔

مُستَعار۔ مانگا ہوا ؛ ادھار لیا ہوا۔

مُستَعجِل۔ جلدباز ؛ جلدی کرنے والا۔

مُستَعِد۔ آمادہ ؛ تیار۔

مُستَعفی۔ استعفیٰ دینے والا ؛ نوکری چھوڑنے والا۔

مُستَغرِق۔ غرق ہونے والا ؛ ڈوبنے والا ؛ کام میں پوری طاقت سے لگ جانے والا۔

مُسْتَفْسِر۔ پوچھنے والا؛ استفسار کرنے والا۔

مُسْتَفِیض۔ فیض اٹھانے والا؛ فیض چاہنے والا۔

مُسْتَقِیم۔ راست؛ درست۔

مَسْتَک۔ ہاتھی کا ماتھا؛ ماتھا؛ پیشانی۔

مُسْتَلْزِم۔ کوئی کام اپنے اوپر لازم کرنے والا۔

مُسْتَمِرّہ۔ رواں؛ مضبوط؛ ہمیشہ۔

مُسْتَمَنْد۔ حاجت مند۔

مُسْتَوجِب۔ سزاوار؛ لائق۔

مَسْتُور۔ چھپا ہوا؛ پوشیدہ۔

مَسْتُورات۔ (مستور کی جمع) پردے والی بی بیاں؛ مخدرات؛ مقصورات۔

مُسْتَوِی۔ ہموار؛ برابر۔

مَسْجِد۔ مسلمانوں کی عبادت گاہ؛ سجدہ کرنے کی جگہ۔

مُسَجَّل۔ آراستہ؛ درست۔

مَسْحُور۔ جس پر جادو کیا گیا ہو؛ جس پر سحر کیا جائے۔

مُسَخَّر۔ تسخیر کیا گیا؛ فتح کیا گیا۔

مَسْخَرگی۔ دل لگی؛ ٹھٹھول۔

مَسْخَرَہ۔ ٹھٹھے باز؛ رزاقیہ؛ مسخرہ۔

مُسَدَّس۔ چھ ضلعوں کا؛ چھ کونیا۔

مَسْدُود۔ بند؛ رکا ہوا۔

مَسْرُور۔ خوش؛ شاداں۔

مَسْرُورالْوَقْت۔ خوش وقت۔

مَسْرُوقہ۔ چوری کیا ہوا؛ چوری شدہ۔

مُسَطَّح۔ چوڑا؛ کھلا۔

مُسْقِط۔ کام میں غلطی کرنے والا۔

مُسَقَّف۔ چھت دار؛ پاٹا گیا۔

مُسْکِر۔ مستی لانے والی چیز۔ نشہ آور۔

مُسَکِّن۔ تسکین دینے والا؛ تسکین بخش۔

مُسَلَّح و مُکَمَّل۔ ہر لحاظ سے تیار۔

مُسَلْسَل۔ لگاتار؛ پے در پے؛ متواتر۔

مُسَلَّط۔ جس پر کسی کو مقرر کریں۔

مُسَمّات۔ (مسماۃ) نام رکھی گئی؛ نام والی (تانیث کی علامت)

مُسَلَّم۔ پورا؛ کامل؛ ثابت۔

مُسَلَّمُ الثُّبوت۔ جو ثبوت کا محتاج نہ ہو؛ مانا ہوا۔

مَسلُوبُ الحَواس۔ وہ جس کے حواس ٹھکانے نہ ہوں؛ دیوانہ؛ پاگل؛ سڑی۔

مُسِن۔ سن رسیدہ؛ عمر رسیدہ۔ بوڑھا۔

مَسنَد۔ بیٹھنے کی جگہ؛ تکیہ گاہ۔

مَسنَدِ زَرنِگار۔ جڑاؤ مسند؛ آراستہ مسند۔

مَسنَدِ قضا۔ قاضی کا منصب یا کام۔

مَسنُون۔ وہ کام جس کو حضور اکرم ﷺ نے خود کیا ہو۔

مِسواک۔ داتن؛ دانت صاف کرنے کی ریشہ دار لکڑی۔

مِسی۔ تانبے کا؛ تانبے کا بنا ہوا۔

مِسّی۔ ایک قسم کا منجن جسے عورتیں بطور سنگار استعمال کرتی ہیں۔

مَشّاطَہ۔ عورتوں کو بناؤ سنگار کرانے والی عورت۔

مُشاہَدَہ۔ دیکھنا؛ دید۔

مَشائِخ۔ بڑے لوگ؛ متقی پرہیز گار لوگ؛ اکابرین۔

مُشایَعَت۔ (مشائعت) رخصت کرنے کے لیے تھوڑی دور تک جانا۔

مُشَبَّک۔ جالی دار؛ سوراخ دار۔

مُشَبِّہ۔ مانند کرنے والا؛ مشابہت دینے والا۔

مُشتاق۔ آرزومند؛ شائق؛ خواہاں۔

مُشت۔ مکا؛ گھونسا؛ ڈک۔

مُشت مُشت۔ مٹھی مٹھی بھر۔

مُشتِ اُستخواں۔ مٹھی بھر ہڈیاں؛ (کنایۃً) لاغر؛ بہت دبلا پتلا۔

مُشت ولَگَد۔ مکا اور لات۔

مُشت مال۔ مالش جو پہلوان بدن کو سخت بنانے کے لیے کراتے ہیں۔

مُشتَری۔ خریدار؛ مول لینے والا؛ اسعد اکبر؛ ایک ستارے کا نام جو چھٹے آسمان پر ہے اور اس کو سعد اکبر سمجھا جاتا ہے اور زہرہ کو سعد اصغر کہا جاتا ہے۔

مُشتَری سَرطان میں۔ (مرادا) نحوست سمجھا جاتا۔

مُشْتَعِل۔ بھڑکتا ہوا؛ شعلے مارنے والا؛ شعلہ زن؛ برانگیختہ۔
مُشْتَہَر۔ شہرت دیا گیا؛ مشہور کیا گیا۔
مُشَخَّص۔ معین؛ مقرر۔
مُشَرَّح۔ صاف؛ مفصل۔
مُشَرَّف۔ معزز؛ محترم۔
مُشْرِک۔ شرک کرنے والا؛ وہ شخص جو خدا کے ساتھ کسی اور کو شریک بنائے؛ بت پرست۔
مَشْرُوحاً۔ تشریح کے ساتھ؛ مفصل۔
مَشْرُوط۔ شرط کیا گیا؛ کسی شرط پر موقوف۔
مُشْعِر۔ خبر دینے والا؛ ظاہر کرنے والا۔
مُشَعْشَع۔ (مشعشع) روشن۔
مَشْعَل۔ چراغ دان؛ شمع۔
مَشْغُول۔ مصروف؛ کام میں لگا ہوا۔
مُشْفِق۔ شفیق؛ مہربان۔
مُشْفِقانہ۔ ہمدردانہ؛ دوستانہ؛ ہمدردی سے۔
مَشَقَّت۔ سختی؛ محنت؛ ریاضت۔
مَشَقَّتِ شاقہ۔ سخت محنت، مشکل کام، سخت ریاضت۔
مَشْک۔ مشکیزہ؛ پانی بھرنے کا چمڑے کا تھیلا۔
مُشْکِ اَذْفَر۔ بہت خوشبودار مشک؛ مشک تیز بو۔ (مجازاً) خالص مشک۔
مُشْک بیز۔ خوشبودار؛ معطر۔
مُشْک فام۔ مشک کے رنگ کا؛ کالا؛ سیاہ۔
مُشْکناب۔ خالص مشک؛ نہایت اعلیٰ یا عمدہ مشک۔
مُشْکِل کُشا۔ مشکل حل کرنے والا؛ مصیبت دور کرنے والا۔
مَشْکُور۔ پسندیدہ، شکریہ کیا ہوا۔
مَشْکُوئے حَیرَت۔ حیرت کا مقام؛ تعجب گاہ۔
مُشْکِیں طُرَّہ۔ خوشبودار زلف، مراد محبوب۔
مُشْکِیں مُو۔ سیاہ بال؛ کالے بال۔
مُشَوَّش۔ گھبرایا ہوا؛ پریشان؛ مضطرب۔
مَشِیَّتِ اِیزَدی۔ خدا کی مرضی؛ تقدیر الٰہی۔
مَشِیخَت۔ بزرگی۔

مُصَاحِب۔ ہم نشین؛ ساتھی؛ رفیق۔

مُصَاحَبَت۔ ہم نشینی؛ ساتھ رہنا؛ پاس اٹھنا بیٹھنا۔

مُصَاحَبَہ۔ (مصاحب کی تانیث) دوست؛ ساتھی۔

مَصَاف۔ جنگ و پیکار؛ لڑائی۔

مُصَافَحَہ۔ ملاقات کے وقت ہاتھ سے ہاتھ ملانا۔

مَصَائِب۔ (جمع مصیبت کی) تکلیفیں؛ رنج؛ دکھ۔

مِصْدَاق۔ وہ شے جس پر کسی معنی کا اطلاق ہو۔

مُصَدِّق۔ تصدیق کرنے والا۔

مُصِر۔ اصرار کرنے والا۔

مصروف۔ خرچ کیا ہوا؛ مشغول۔

مصفا۔ صاف کیا ہوا؛ پاکیزہ۔

مصقول۔ جلا کیا ہوا؛ چمکایا ہوا۔

مَصْلَحَت۔ بہتری؛ مشورہ۔

مُصَمَّم۔ پکا؛ مضبوط۔

مَصْنُوعی۔ بنائی ہوئی؛ غیر قدرتی۔

مُصَوِّر۔ تصویر بنانے والا؛ نقاش۔

مُصَوِّرِی۔ نقاشی؛ تصویر کشی۔

مُصَیْقَل۔ جلا کی ہوئی چیز؛ روشن کیا گیا۔

مُضَافات۔ قرب و جوار؛ ارد گرد۔

مُضَائِقَہ۔ حرج؛ قباحت۔

مُضْحِک۔ ہنسانے والا۔

مَضَرَّت۔ نقصان؛ گزند؛ ضرر۔

مَضْرُوب۔ مارا ہوا؛ چوٹ کھایا ہوا۔

مُضْطَر۔ بے تاب؛ بے چین؛ پریشان۔

مُضْطَرِب۔ بے چین؛ بے قرار۔

مُضْغَہ گُوشت۔ گوشت کا ٹکڑا؛ لقمہ؛ نوالا۔

مُضْمَحِل۔ نڈھال؛ اداس۔

مَضٰی مَا مَضٰی۔ جو ہوا سو ہوا؛ گزرا سو گزرا۔

مَطَابِخ۔ (مطبخ کی جمع) کھانا پکانے کی جگہ؛ باورچی خانہ۔

مُطَالَعَہ۔ کسی چیز سے واقف ہونے کے لیے اس کو دیکھنا۔

مَطْبَخ۔ کھانا پکانے کی جگہ؛ باورچی خانہ؛ کچن۔

مَطْبَع۔ چھاپے خانہ۔

مطبوع خاطر۔ پسند خاطر؛ پسندیدہ۔

مِطَرَّ۔ تازگی۔

مُطرِب۔ گانے والا؛ گویا۔

مُطرِبہ۔ گانے والی؛ ڈومنی۔

مَطلَب بَرآری۔ حاجت روائی؛ کام نکلنا۔

مُطَّلِع۔ واقف، خبردار، آگاہ۔

مُطلَقُ العِنان۔ آزاد؛ مختار؛ خودسر۔

مُطَلّا۔ سنہرا، طلائی، زریں۔

مُطَلَّقہ۔ طلاق دی ہوئی عورت؛ وہ عورت جسے خاوند نے چھوڑ دیا ہو۔

مَطلُوب۔ طلب کیا ہوا؛ مانگا ہوا؛ جس چیز کی طلب ہو۔

مُطَوَّل۔ طول دیا ہوا، دراز۔

مُطِیر۔ برسنے والا۔

مُطِیع۔ فرماں بردار؛ اطاعت کرنے والا۔

مُظَفَّر و منصُور۔ کامیاب؛ فتح مند۔

مُظلِم۔ تاریک؛ سیاہ۔

مَظلُوم۔ ستایا ہوا؛ ستم رسیدہ۔

مَظلُومہ۔ (مظلوم کی تانیث) ظلم کیا گیا؛ ستائی ہوئی۔

مَظہَر۔ شاہد؛ گواہ؛ ظاہر ہونے کی جگہ۔

مَظہَرِ اَتَمّ۔ پورے طور پر ظاہر؛ ظہور۔

مَعَ الخَیر۔ خیریت سے؛ سلامتی سے۔

مَعابِد۔ (جمع معبد کی) عبادت گاہیں۔

مَعاجِینِ مُقَوِّی۔ طاقت بخش معجون (معجون کی جمع)۔

مَعاذَاللہ۔ خدا کی پناہ۔

مَعادِن۔ معدن؛ کان۔

مُعارِض۔ برابری کرنے والا؛ مخالف؛ حریف۔

مَعاصِی۔ (جمع معصیت کی) گناہ۔

مُعالَجہ۔ علاج کرنا؛ علاج۔

مَعالِی۔ بلندیاں، اونچائیاں۔

مُعامَلہ۔ اشتراک عمل؛ بات جو عمل میں آئے۔

مُعانَقہ۔ گلے سے لگانا؛ بغل گیر ہونا۔

مُعَاوَدَت۔ واپسی، لوٹنا؛ واپس آنا۔

مُعاوَضَہ۔ عوض؛ بدلا۔

مُعاوِن۔ مددگار۔

مُعاوَنَت۔ مدد؛ تائید۔

مَعائِب۔ عیوب؛ خامیاں۔

مَعْبَد۔ عبادت گاہ۔

مَعْبَد خانَہ۔ عبادت کی جگہ۔

مَعْبَر۔ گھاٹ؛ پل۔

مَعْبُود۔ جس کی عبادت کریں؛ اللہ تعالیٰ۔

مُعْتاد۔ عادت پڑا ہوا؛ عادت ڈالنے والا۔

مُعْتَبَر۔ قابلِ اعتبار؛ بھروسے کے قابل۔

مُعْتَدْ بِہ۔ زیادہ تعداد میں؛ زیادہ مقدار میں۔

مُعْتَدِل۔ اوسط؛ درمیانی؛ مناسب حال۔

مُعْتَدِلُ الْقامَت۔ درمیانہ قد کا؛ اوسط درجے کا۔

مُعْتَدِلُ الْمِزاج۔ جس کے مزاج میں سردی گرمی وغیرہ اوسط درجے کی ہو۔

مُعْتَرِض۔ اعتراض کرنے والا؛ روک ٹوک کرنے والا۔

مُعَدِّل۔ برابر کرنے والا؛ ٹھیک کرنے والا۔

مُعْتَقِد۔ اعتقاد رکھنے والا؛ ماننے والا۔

مُعْتَکِف۔ اعتکاف میں بیٹھنے والا؛ گوشہ نشین۔

مُعْتَمَد۔ اعتماد کرنے والا؛ بھروسا کرنے والا۔

مُعْتَمَد عَلَیہ۔ معتبر؛ بھروسے کا۔

مَعْتُوب۔ عتاب کیا ہوا؛ وہ جس پر عتاب کیا جائے۔

مَعْدُوم۔ ناپید؛ نابود۔

مُعْجِزَہ۔ عاجز کرنے والا؛ وہ فوق العادت بات جو نبی سے ظاہر ہو۔

مَعْجُون۔ قوام میں تیار کی ہوائی دوا۔

مُعَدِّلُ النَّہار۔ آسمان پر وہ فرضی دائرہ جو خط استوا کے محاذات میں ہے، آفتاب جب اس پر آتا ہے تو دن رات برابر ہوتے ہیں۔

مَعْدِن عُلُوم و حِکْمَت۔ علم و حکمت کی کان؛ علم و حکمت کا ذخیرہ۔

مَعْدِن دانِش و عِلْم۔ علم و دانش کی کان؛ علم و

دانش کا خزانہ۔

مَعْدِن عُلُوم نامُتَناہی۔ علوم کا بے پناہ خزانہ ؛ علوم کا بڑا ذخیرہ۔

مَعْدِنیات۔ وہ چیزیں جو کان سے نکلیں ؛ دھاتیں۔

مَعْدُود۔ چند ، گنتی کے ، تھوڑے۔

مَعْدُوم۔ نابود ؛ ناپید ؛ فنا کیا گیا۔

مِعْدَہ۔ پیٹ کے اندر وہ تھیلی جس میں کھانا رہتا اور ہضم ہوتا ہے۔

مُعَذِّب۔ عذاب دینے والا۔

مَعْذُور۔ مجبور ؛ ناچار۔

مُعَرّا۔ برہنہ ، خالی ، سادہ۔

مِعْراج۔ حضور اکرم ﷺ کا آسمان پر جانا اور تجلیات الٰہی کا نظارہ کرنا۔

مَعْرِضِ بَیْع۔ فروخت کرنے کے لیے ، بیچنے کے لیے۔

مَعْرِفَت۔ ذریعہ۔

مَعْرِکَہ۔ میدان جنگ ؛ لڑائی کا میدان۔

مَعْرِکَہ آرا۔ صف آرا ؛ جنگ آور۔

مَعْرِکَہ آرائی۔ میدان جنگ میں لشکر کی ترتیب ؛ صف آرائی۔

مَعْزُول۔ تخت یا گدی سے اتار ا گیا۔

مَعْشَر۔ عزیزوں اور دوستوں کی جماعت ؛ گروہ۔

مَعْشُوق۔ جس پر کوئی عاشق ہو ؛ محبوب ؛ پیارا۔

مَعْشُوقِیَت۔ دلبری ؛ دل ربائی ؛ محبوبیت۔

مَعْصُوم۔ بے گناہ ؛ پاک ؛ دامن۔

مَعْصِیَت۔ گناہ ، قصور۔

مُعَطَّر۔ خوشبودار ؛ خوشبو میں بسا ہوا۔

مُعَطَّل۔ بے کار ؛ کام سے خالی۔

مَعْقُول۔ قائل ؛ ماننے والا۔

مَعْکُوس۔ برا ؛ خراب ؛ منحوس۔

مُعَلَّق۔ آویزاں ؛ لٹکا ہوا۔

مُعَلِّم۔ استاد ؛ مدرس ؛ علم سکھانے والا۔

مُعَلِّمِ اَوَّل۔ مراد : ارسطو۔

مُعَمَّا۔ (معمہ) ایک قسم کی چیستان ؛ پہیلی ؛ چھپی ہوئی چیز۔

مِعْمار۔ عمارت بنانے والا؛ راج؛ مستری۔

مُعَمَّر۔ عمر رسیدہ؛ بوڑھا؛ کہن سال۔

مُعَمَّرہ۔ (معمر کی تانیث) بوڑھی؛ کہن سال؛ زالہ۔

مَعْمُول۔ روزمرہ کا کام کاج۔

مَعْمُور۔ بھرا ہوا؛ پُر؛ لبریز۔

مُعَیَّن۔ مقررہ، مقرر کیا ہوا۔

مَعِیَّت۔ ساتھ رفاقت۔

مَعَ ہٰذا۔ باوجود اس کے۔

مُعَیَّنَہ۔ مقرر کی ہوئی۔

مَغارات۔ وہ غار جو پہاڑ میں ہو، کھوہ۔

مَغاک۔ گڑھا۔

مُغْتَنَم۔ غنیمت؛ غنیمت سمجھا ہوا۔

مُغْرَق۔ جگمگاتا ہوا۔

مَغْرُور۔ متکبر؛ خود پرست؛ گھمنڈی۔

مَغْز۔ دماغ؛ بھیجا۔

مَغْزِ سُخَن۔ بات کی تہ؛ اصل بات؛ کلام کی حقیقت۔

مَغْضُوب۔ زیر عتاب، جس پر غصہ ہو۔

مِغْفَر۔ لوہے کی جالی جو خود کے اندر پہنی جاتی ہے۔

مَغْفِرَت۔ بخشش؛ نجات؛ خلاصی۔

مَغْفُور۔ جنتی، بہشتی۔

مُغَلَّظ۔ گاڑھا، سخت۔

مَغْلُوب۔ غلبہ کیا گیا؛ مفتوح؛ شکست خوردہ۔

مَغْمُوم۔ ملول؛ رنجیدہ؛ غم زدہ۔

مُغَنِّیَہ۔ ڈومنی؛ گانے والی۔

مُغِیلان۔ کیکر، ببول۔

مُفارَقَت۔ جدائی، علاحدگی۔

مِفْتاح۔ کنجی، تالی، چابی۔

مُفْت و مُسَلَّم۔ بے محنت اور پورا؛ بغیر محنت مقصد کا حصول۔

مَفْتُوح۔ فتح کیا ہوا؛ کھولا ہوا۔

مَفْتُون۔ شیفتہ، عاشق۔

مَفْتُونی۔ مفتون؛ شیفتگی، شیدائیت۔

مَفَر۔ جاؤ؛ بھاگنے کی وجہ۔

مُفَرِّح۔ (طب) فرحت بخشنے والا؛ وہ دوا جو شیریں اور خوش ذائقہ ہو اور فرحت بخشنے والی۔

مُفَرِّح قَلْب۔ وہ دوا جو دل کو فرحت بخشے۔

مُفْرَد۔ تنہا؛ اکیلا؛ علاحدہ۔

مُفْرِط۔ افراط سے؛ زیادہ؛ حد سے۔

مَفْرُور۔ بھاگا ہوا؛ روپوش۔

مُفْسِد۔ جھگڑالو؛ فساد کرنے والا۔

مُفَسِّر۔ بیان کرنے والا؛ تفسیر کرنے والا؛ شارح۔

مُفَصَّل۔ صاف؛ واضح؛ کھول کر بیان کیا گیا۔

مَفقُود۔ غائب؛ ندارد۔

مَفقُودُ الْخَبَر۔ گم شدہ؛ لاپتہ؛ وہ شخص جس کی کوئی خبر اور پتا نہ ہو۔

مَفْقُودِی۔ گمشدگی۔

مُفْلِس۔ محتاج؛ غریب۔

مَفْلُوک۔ مفلس؛ تباہ حال۔

مُفَوَّضَہ۔ تفویض کی ہوئی؛ سپرد کی ہوئی۔

مَقالِید۔ (مقلاد کی جمع) کنجی؛ تالا۔

مَقام دانی۔ جگہ کا پہچاننا؛ منصب شناسی۔

مُقاوَمَت۔ برابری کرنا؛ کسی کے مقابلے کے لیے آمادہ ہو جانا؛ (مجازاً) مقابلہ۔

مَقْبَرَہ۔ قبر کی جگہ؛ گورستان۔

مُقْبِل۔ صاحب اقبال۔

مَقْبُول۔ قبول کیا ہوا؛ مانا ہوا۔

مُقْتَضا۔ مراد؛ مطلب؛ چاہا ہوا۔

مُقْتَضِی۔ خواہش کرنے والا؛ خواہاں۔

مُقْتَضِیُ الْمَرام۔ فتح مند؛ کامیاب؛ کامران۔

مَقْتُول۔ قتل کیا گیا؛ مارا گیا۔

مُقَدَّر۔ تقدیر؛ قسمت؛ نوشتہ۔

مُقْتَدَراتِ اِلٰہی۔ خدائی اندازے؛ اللہ کی تقدیریں۔

مُقْتَدَراتِ طِلِسْم۔ جادو کے اندازے۔

مُقْتَدَرتِ اِلٰہی۔ تقدیر الٰہی۔

مُقَدَّس۔ پارسا؛ پاک بزرگ۔

مَقْدَم۔ قدم رکھنے کی جگہ؛ قدم رکھنے کا وقت؛ تشریف آوری؛ رونق افروزی۔
مُقَدَّم۔ پیش کیا ہوا؛ آگے کیا ہوا۔
مُقَدَّمہ۔ جھگڑا؛ واردات؛ نالش؛ دعویٰ۔
مَقْدُور۔ طاقت؛ حوصلہ۔
مُقِر۔ اقرار کرنے والا؛ تسلیم کرنے والا۔
مِقْراض۔ قینچی؛ کترنی۔
مُقَرَّب۔ خاص دوست یا رشتے دار یا عزیز؛ قریبی۔
مُقَرَّبِین۔ خاص احباب۔ خاص رشتے دار۔
مَقْرُون۔ نزدیک کیا ہوا؛ ملایا ہوا۔
مَقْصُود۔ قصد کیا ہوا؛ ارادہ کیا ہوا۔
مَقْصَدُ الْمَرام۔ مقصد کا حصول؛ مقصد کو حاصل کرنا۔
مُقَطَّر۔ بوند بوند کر کے ٹپکائی ہوئی چیز۔
مُقَطَّع۔ کاٹی چھانٹی ہوئی چیز۔
مَقْعِد۔ بیٹھنے کی جگہ۔
مُقَفَّل۔ قفل لگا ہوا؛ تالا لگا ہوا۔
مُقَلِّد۔ پیروی کرنے والا۔
مَقْناطِیس۔ چمک پتھر۔
مُقَوِّی۔ قوت دینے والی چیز۔
مَقْہُور۔ جس پر قہر ٹوٹا ہو؛ جس پر غصہ کیا گیا ہو۔
مُقَیَّد۔ قید کیا ہوا۔
مُقِیم۔ رہنے والا۔
مُکّا مارنا۔ (محاورہ) مکے سے مارنا۔
مَکّار۔ مکر کرنے والا؛ دغاباز؛ عیار۔
مَکّارہ۔ مکر کرنے والی؛ فریبی۔
مَکّاری۔ فریب؛ چال بازی۔
مُکاشَفہ۔ کشف؛ کرامات؛ غیبی باتیں کھل جانا۔
مُکالَمہ۔ گفتگو؛ زبانی سوال و جواب۔
مَکْتَب۔ لکھنے پڑھنے کی جگہ؛ مدرسہ؛ ابتدائی مدرسہ۔
مُکْث۔ دیر؛ ڈھیل؛ بچر مچر۔
مُکَدَّر۔ ملول؛ غمگین؛ ناخوش۔
مَکْر۔ دھوکا؛ فریب۔

مُکرّر۔ دوبارہ ؛ پھر۔

مُکرّر سہ کرّر۔ بار بار ؛ کئی مرتبہ۔

مَکرُوہ۔ نفرت انگیز ، گھناؤنا ، بھونڈا۔

مَکرُوہاتِ طِلِسْم۔ جادو کی نفرت انگیز چیزیں۔

مُکلَّف۔ مزین ؛ سجا ہوا۔

مُکلَّل۔ سر پر تاج رکھا گیا ، تاج دار۔

مَکِین۔ صاحب خانہ ؛ مکان دار ؛ مکان میں رہنے والا۔

مَگَس۔ مکھی ؛ شہد کی مکھی۔

مَگَس رانی۔ مکھی اڑانا ؛ مکھیاں اڑانے کی خدمت۔

مَلّاح۔ ناؤ چلانے والا ؛ کشتی بان۔

مَلاحَت۔ حسن کی نمکینی ؛ سانولا سلونا پن۔

مَلّاحی۔ ملاح کا پیشہ اور کام۔

مُلازِم۔ ہمیشہ پاس رہنے والا ؛ کسی کام کو کرنے والا ؛ (مجازاً) نوکر چاکر ؛ خادم۔

مَلاعِین۔ (جمع ملعون کی) لعنت کیا ہوا ؛ مردود۔

مُلاقی۔ ملنے والا ؛ ملاقاتی۔

مَلال۔ رنج و غم ؛ کلفت۔

ملالت۔ اداسی ؛ رنجیدگی۔

مَلامَت۔ جھڑکی ؛ پھٹکار ؛ سرزنش۔

مَلائِک۔ (جمع ملک کی) فرشتے۔

مَلبُوس۔ لباس ؛ پوشاک ؛ پہننے کے کپڑے۔

مِلَّت۔ دین ؛ مذہب ؛ شریعت۔

مُلتَجی۔ التجا کرنے والا ؛ منت سماجت کرنے والا۔

مُلتَفِت۔ التفات کرنے والا ؛ توجہ کرنے والا۔

مُلتَوِی۔ ٹلنے والا ؛ دیر کرنے والا۔

مُلحِد۔ بے دین ؛ سچی اور سیدھی راہ سے پھرا ہوا۔

مُلحِدانہ۔ بے دینی ؛ دین سے پھرا ہوا ہونا۔

مُلحِدی۔ بے دینی ؛ بد مذہبی۔

مُلحق۔ ملا ہوا ، نزدیک ، پاس۔

مُلَذِّذ۔ لذیذ ؛ مزے دار ؛ لذت بڑھانے والا۔

مَلعُون۔ لعنت کیا ہوا۔

مَلعُونہ۔ (ملعون کی تانیث) لعنت کی ہوئی۔

مَلفُوف۔ لپٹا ہوا ؛ اکٹھا کیا ہوا۔

مَلقّب۔ لقب دیا ہوا۔

مِلک۔ ملکیت؛ جائداد۔

مَلکُ الْمَوت۔ موت کا فرشتہ؛ عزرائیل۔

مَلکُوتی۔ فرشتوں جیسا۔

مُلُوکانہ فَرش۔ شاہانہ فرش۔

مَلِکُ الْاَرباب۔ شہنشاہ؛ بڑا بادشاہ۔

مَلِکُ التُّجار۔ بہت بڑا سوداگر۔

مَلُول۔ رنجیدہ؛ غمگین۔

مَلیح۔ خوبصورت؛ سانولا۔

مَمالِکِ مَحرُوسَہ۔ وہ ممالک جو کسی حکومت کے تابع ہوں۔

مُمتاز۔ عزت دیا گیا؛ معزز۔

مُمتد۔ دراز؛ طویل۔

مُمِدِّ حَیات۔ زندگی بڑھانے والا۔

مُمدّ و مُعاوِن۔ مددگار۔

مَملُو۔ بھرا ہوا؛ لبریز۔

مَمنُوع۔ ناجائز؛ ناروا؛ خلاف شرع؛ خلاف قانون۔

مَمنُوعہ حَدّ۔ روکا جانا؛ ایسی حد جس کے عبور کرنے سے روکا گیا ہو۔

مَمنُون۔ احسان مند؛ شکر گزار۔

مَنات پَرَستی۔ منات کی پرستش؛ عرب کے دور جاہلیت کا ایک مشہور بت جس کی پوجا کی جاتی تھی۔

مُناجات۔ دعا؛ التجا؛ عرض۔

مُنادِی۔ اعلان۔

مَنارچہ۔ چھوٹا مینار؛ چھوٹا ستون۔

مَنازِل۔ (منزل کی جمع) اترنے کی جگہ؛ پڑاؤ۔

مَناسِک۔ (منسک کی جمع) طریقہ عبادت۔

مَناصِب۔ (منصب کی جمع) رتبے؛ عہدے۔

مُناظَرہ۔ باہمی بحث؛ جھگڑا۔

مَنافِذ۔ (منفذ کی جمع) سوراخ؛ مسام۔

مُنافِق۔ ریاکار؛ جس کے دل میں کچھ ہو اور زبان پر کچھ۔

مُنافَقت۔ دورخاپن؛ ریاکاری۔

مُنَافِقَانَہ۔ بطور منافق؛ منافق کی طرح۔

مُنَافی۔ ضد؛ خلاف۔

مَنَاقِب۔ (جمع منقبت کی) اہلِ بیت اطہار اور اصحاب کبار کی مدح، تعریفیں، خوبیاں، اچھائیاں؛ اوصاف۔

مُناکحت۔ نکاح کرنا؛ عقد۔

مَنّان۔ بہت احسان کرنے والا؛ اللہ کا صفاتی نام۔

مَنْبَت۔ ابھرا ہوا۔

مِنْبَر۔ وعظ کہنے کا مقام؛ تقریر کرنے کی جگہ۔

مُنْبَسِط۔ خوش ہونے والا؛ پھیلنے والا؛ (مجازاً) خوش؛ مسرور۔

مِن بَعْد۔ پھر؛ اس کے بعد۔

مِن وعَن۔ حرف بہ حرف؛ ہوبہو؛ جوں کا توں۔

مَنْبَعِ آب۔ چشمہ؛ سوتا؛ پانی نکلنے کی جگہ۔

مِنَّت وسَمَاجَت۔ عاجزی؛ خوشامد۔

مُنْتَشِر۔ متفرق؛ تتربتر۔

مُنْتَشِرُ الْحَواس۔ جس کے حواس پراگندہ ہوں؛ حیران؛ پریشان۔

مُنْتَفِع۔ نفع حاصل کرنے والا؛ فائدہ اٹھانے والا۔

مُنْتَقِل۔ دوسری جگہ جانے والا؛ جگہ بدلنے والا۔

مُنْتَقِم۔ بدلہ لینے والا۔

مُنْتَقِم حَقیقی۔ حقیقی سزا دینے والا؛ اللہ تعالیٰ۔

مُنْتَہا۔ آخر؛ انجام؛ ثمرہ۔

مَنْجَدھار۔ سمندر یا دریا کے بیچ کی دھار۔ (کنایۃً) مصیبت؛ عین مصیبت کی جگہ۔

مُنَجِّم۔ نجومی؛ جوتشی؛ ستاروں کا علم رکھنے والا۔

مُنْجَمِد۔ جما ہوا؛ ٹھوس۔

مَنْجَنِیق۔ بڑے بڑے پتھر پھینکنے کا آلہ جس سے قلعہ کی دیواریں گرا دیتے تھے؛ بڑا فلاخن۔

مُنْحَرِف۔ سرکش؛ باغی؛ غدار۔

مُنْحَصِر۔ گھیرا ہوا؛ محدود۔ (کنایۃً) مشروط؛ متعلق؛ وابستہ۔

مَنْحُوس۔ بدبخت؛ بدنصیب۔

مُنْدَرَج۔ شامل؛ داخل۔

مَنْدَل۔ حصار؛ کنڈل۔

مُنْدَمِل۔ گھاؤ بھرنے والا؛ زخم اچھا ہونے والا۔

مَندِیل۔ دستار؛ پگڑی۔

مَنزِل۔ ایک دن کا سفر؛ پڑاؤ۔

مَنزِلت۔ رتبہ؛ درجہ۔

مُنزَوِی۔ گوشہ نشین۔

مُنزَّہ۔ پاک، صاف۔

مُنسَلِک۔ مشمولہ؛ شامل؛ وابستہ؛ پرویا ہوا۔

مَنسُوب۔ نسبت کیا ہوا؛ منگنی کیا ہوا۔

مَنسُوبات۔ نسبت دیے جانے والے، منسوب کیے جانے والے۔

مَنسُوخ۔ رد کیا ہوا؛ متروک۔

مَنِش۔ عادت؛ خاقت؛ مزاج۔

مَنشا۔ مطلب، سبب؛ جگہ پیدا ہونے کی۔

مَنشُور۔ شاہی فرمان؛ پروانہ؛ اعلان نامہ۔

مَنصَب۔ رتبہ، عہدہ۔

مَنصَب دار۔ عہدے دار، عامل۔

مَنصُوبہ۔ تدبیر؛ حکمت عملی؛ تجویز۔

مَنصُور و مُظفَّر۔ کامیاب و فتح مند۔

مُنعَطِف۔ پھرنے والا؛ واپس ہونے والا؛ (کنایۃً) متوجہ ہونے والا۔

مُنعَقِد۔ جمنے والا؛ (کنایۃً) مقرر ہونے والا؛ ٹھہرنے والا۔

مُغَّض۔ مکدر، رنجیدہ۔

مَنقَذِینی۔ ناک کا سوراخ؛ نتھنا۔

مُنفَعِل۔ نادم؛ شرمندہ۔

مِنطَقَۃُ البُروج۔ راس چکر؛ وہ بڑا دائرہ جس پر آسمانی بارہ برج واقع ہیں۔

مَنظُورِ نَظَر۔ نظر کو پسند؛ مرغوب۔

مَنظُوم۔ پرویا گیا؛ منسلک کیا گیا۔

مُنفَعِل۔ شرمندہ؛ نادم۔

مِنقار۔ چونچ۔

مَنقَبَت۔ کوئی چیز جس پر انسان فخر کرے یا جو اسے ممتاز بنائے، تعریف، توصیف۔

مُنَقَّش۔ نقوش کیا گیا، کھودا گیا، نقش و نگار کیا جانا۔

مُنقَضِی۔ جس کی مدت ختم ہو گئی ہو؛ گزرا ہوا؛ گزشتہ۔

مُنقَطِع۔ اختتام کو پہنچایا ہوا۔

مَنقَل۔ انگیٹھی۔

مَنقُوش۔ کندہ کیا گیا؛ کھدا ہوا۔

مُنکِر۔ خدا کا انکار کرنے والا؛ کافر؛ بے دین۔

مُنکَشِف۔ ظاہر؛ آشکار۔

مَنکُوب۔ خراب، بدحال، مفلس۔

مَنکُوحَہ۔ نکاحی (عورت)؛ زوجہ؛ جورو۔

مُنَوَّر۔ روشن؛ تاباں؛ چمکیلا۔

منہ لگانا۔ (محاورہ) کسی کی طرف توجہ کرنا؛ التفات کرنا۔

مُنہَدِم۔ گرا ہوا، خراب، مسمار، برباد۔

مُنِیب۔ مربی، سرپرست۔

مَوّاج۔ موجیں مارنے والا، لہریں مارنے والا۔

مُواخَذَہ۔ جواب طلبی؛ گرفت؛ باز پرس۔

مَواشِی۔ (ماشیہ کی جمع) چوپائے، بیل، گائے، گھوڑا وغیرہ۔

مَواصِلَت۔ ملاقات؛ ملنا۔

مَوالِیدِ ثَلاثَہ۔ تین قسم کی مخلوق نباتات؛ جمادات؛ حیوانات۔

مَواہِر۔ (مہر کی جمع) کسی چیز پر کھدا ہوا نام یا نقش۔

مُوَثَّق۔ پکا؛ مضبوط۔

مَوج خیز۔ لہر مارنے والا؛ طوفان اٹھانے والا۔

مَوج زَن۔ موجیں مارنے والا۔

مُوجِب۔ سبب؛ باعث؛ وجہ۔

مُوجِبات۔ (موجب کی جمع) اسباب؛ وجوہات۔

مُوجُودات۔ گنتی؛ شمار؛ حاضری۔

مُوَحِّد۔ خدا کو ایک ماننے والا۔

مُوَحِّش۔ وحشت انگیز؛ غم گین کرنے والا؛ فکر مند کرنے والا۔

مُؤَخَّر۔ پچھلا؛ اخیر کا۔

مُؤَذِّنی۔ اذان دینے کی خدمت؛ اذان دینے کا فریضہ۔

مُوذِی۔ ستانے والا؛ آزار دہندہ۔

مُوذِیَہ۔ (موذی کی تانیث) ایذا پہنچانے والی تکلیف دینے والی۔

مُوز چال۔ چیونٹیوں کا بنایا ہوا مٹی کا ڈھیر یا خندق جس کی آڑ میں رائفل پرداز گولی چلاتے ہیں۔

مُوز چگال۔ چیونٹیاں۔

مُوزچہ بارِیک۔ چھوٹی چیونٹی۔

مُوزچہ زرد۔ پیلی چیونٹی۔

مُوزوملخ۔ چیونٹی اور ٹڈی۔ (کنایتہً) ان گنت؛ بے شمار۔

مَوردِ لعنت۔ لعنت کا مصداق۔ لعنتی۔

مَوردِ الطاف۔ مراد: مہربانی کا مستحق۔

مَوردِ عِتاب۔ مراد: سزا کا مستحق۔

مَوز۔ کیلا۔

مُوزہاے آہنی۔ لوہے کے جوتے۔

مَوزہ۔ اوڑھنا؛ ڈھانپنا۔ (ق)

مَوسیقار۔ فن موسیقی جاننے والا۔

مُوش۔ چوہا۔

مُوشک پرّاں۔ گلہری۔

مَوصُوف۔ وہ شخص جس کی تعریف کی گئی ہو؛ مذکور۔

مَوضَع۔ مقام۔

مَوضعِ زَخم۔ زخم کی جگہ؛ نشان زخم۔

مَوضُوع لَہٗ۔ اس کے لیے وضع کیا گیا۔

مَوعُود۔ وعدہ کیا ہوا؛ وعدہ کیا گیا۔

مُوَقّر۔ عزت دار؛ معزز۔

مَوقُوف۔ (ع) برخاست کیا گیا؛ ترک کیا گیا۔

مُوَکّد۔ [illegible] زور سے۔

مُوکشاں۔ بکھرے بال۔

مُوَکّل۔ عامل کی تسخیر کی ہوئی روح۔

مُوکَنی۔ بال نوچنا۔

مَولد و مَنشا۔ جائے پیدائش اور پرورش کی جگہ۔

مَولُود۔ پیدا ہونے والا؛ زائیدہ۔

مُومیائی۔ چوٹ کے لیے ایک کالی دوا؛ ایک دوا جو موم کی طرح ملائم ہوتی اور پہاڑوں سے حاصل ہوتی ہے، چوٹ اور زخم کے واسطے بہت مفید ہے۔

مَوہبَتِ ایزدی۔ اللہ تعالیٰ کی بخشش؛ خدا کی عطا۔

مَوَہبات۔ بخششیں؛ عطایا۔

مَوہُوم۔ وہمی ؛ قیاسی ؛ فرضی۔

مُوے سَر۔ سر کے بال۔

مُوے عَنبَریں۔ عنبر کی سی خوشبو دینے والے بال۔

مُؤَیّد۔ تائید کرنے والا ؛ قوت دینے والا۔

مُؤَیّد مِنَ اللہ۔ جس کو اللہ کی تائید حاصل ہو۔

مَہ جبین۔ چاند سی پیشانی والا ؛ خوبصورت ؛ معشوق۔

مَہابَت۔ شان و شوکت ؛ جاہ و جلال۔

مُہاجَرَت۔ ترک وطن ؛ دوسرے ملک میں جانا۔

مَہارَاج۔ بڑا راجا ؛ راجوں کا راجا ؛ بادشاہ۔

مَہارَانی۔ بڑے راجا کی رانی ؛ بڑی رانی۔

مَہتاب۔ مراد : مشعل ؛ شمع۔

مَہتابی۔ چاندنی کا نظارہ کرنے کے لیے حوض کے قریب بنایا جانے والا چھوٹا سا مکان۔

مِہتَر۔ رئیس ؛ سردار قوم۔

مُہتَمِم۔ اہتمام کرنے والا ؛ منتظم۔

مَہجُور۔ چھوڑا گیا ؛ فراق زدہ۔

مَہر۔ وہ روپیہ جو شوہر نکاح کے بدلے میں بیوی کو ادا کرے ؛ حق زوجیت۔

مُہرَہ۔ ہر وہ چیز جو کام کرنے میں اوزار کا کام دے۔

مُہرہ کاری۔ مہرہ کشی ؛ نقش و نگار بنانا۔

مُہری۔ نالی ؛ موری ؛ پانی کے نکاس کا راستہ۔

مُہلِک۔ ہلاک کر ڈالنے والا ؛ ضرر رساں ؛ قاتل۔

مَہلَکَہ۔ ہلاکت کی جگہ۔

مہم۔ بڑا کام ؛ اہم کام ؛ خطرے سے بھرا ہوا کام۔

مُہمّات۔ (جمع مہم کی) بڑے کام ؛ اہم کام ؛ خطرے سے بھرے ہوئے کام۔

مہمان خانَہ۔ مسافر خانہ ؛ مہمان سرا۔

مہمانِ ناخُوانَدہ۔ بن بلایا مہمان ؛ بغیر مدعو کیا ہوا مہمان۔

مہمان نَواز۔ مہمانوں کی خاطر تواضع کرنے والا ؛ میزبان۔

مُہمَل۔ بے کار ؛ بے دلی ؛ بے ہودہ۔

مہمانی۔ میزبانی ؛ تواضع ؛ کھانا کھلانا۔

مَہوَش۔ چاند سا (کنایۃً) محبوب۔

مِہمیز۔ سوار کے جوتے کا خار آہنی؛ وہ خار دار پھرکی جو سواروں کے جوتے کی ایڑی میں گھوڑوں کو ایڑ کرنے کے لیے لگی ہوتی ہے۔

مِہمیز کرنا۔ (محاورہ) ایڑ لگانا؛ گھوڑے کو ایڑ لگا کر چلانا۔

مُہیّا۔ تیار؛ مستعد؛ آمادہ۔

مُہیب۔ خوفناک؛ ڈراونا۔

مَہیش۔ بڑا دیوتا، شیو جی کا نام۔

مَے گُلفام۔ سرخ شراب، لال شراب۔

مَے مَرد اَفگَن۔ مرد کو مست کرنے والی شراب۔

مَے لَعل فام۔ شراب سرخ؛ لال رنگ کی شراب۔

مِیخ۔ کیل، کھونٹی، چوب۔

مَیدان آرائی۔ جنگ؛ لڑائی۔

مَیدان داری۔ لڑائی؛ جنگ۔

مَیدانِ کِین۔ دشمنی کا میدان۔

مِیراث۔ ورثہ؛ ترکہ۔

مِیر اخُور۔ داروغہ اصطبل۔

مِیرِ عِمارت۔ مہتمم عمارت؛ انجینئر۔

مِیزاب۔ پرنالہ۔

مِیزان۔ آسمان کا ساتواں برج؛ تلا راس۔

مَیْسَرہ۔ بائیں بازو کی فوج؛ بائیں طرف۔

مَیکدۂ بے خُودی۔ مست کرنے والا شراب خانہ؛ بے ہوش کرنے والا شراب خانہ۔

مَے کَشی۔ شراب پینا؛ شراب نوشی۔

مِیل۔ ستون؛ کھم؛ لاٹھ۔

مِیل۔ آٹھ فرلانگ کا فاصلہ؛ ۱۷۶۰ گز کا فاصلہ۔

مِیل آہَنی۔ لوہے کا کھمبا؛ لوہے کا ستون۔

مَیمنَت۔ برکت؛ سعادت۔

مَیمَنہ۔ دائیں طرف؛ دائیں بازو کی فوج۔

مَیمُون۔ مبارک؛ نیک بخت؛ برکت والا۔

مِیناکاری۔ مرصع کاری؛ نقش و نگار۔

مِیناکار۔ مرصع ساز؛ جڑاؤ کام کرنے والا۔

مینا نِگار۔ جڑاؤ کام کرنے والا ؛ مرصع ساز ؛ مینا کا کام کرنے والا۔

مینائے شَراب۔ شراب کا شیشہ ؛ شراب کی صراحی۔

مینائے شَرابِ رَیحانی۔ خوشبودار شراب کی صراحی یا شیشہ۔

مینار۔ منار ؛ منارہ ؛ اونچا ستون۔

مینُو سِرشت۔ خوبصورت ؛ جنت نظیر۔

مینُو سَواد۔ حسین ، جنت نظیر ؛ جنت نشان۔

میوَہ۔ پھل ؛ ثمر۔

میوَۂ صَحرائی۔ جنگلی پھل ، جنگلی میوہ۔

ن

نَاب۔ خالص ، صاف۔

نَابدار۔ بے دانتوں والا ، بچلی والا۔

نَابَکار۔ بدکردار ؛ بدذات ؛ شریر۔

نَابَلَد۔ انجان ؛ ناواقف۔

نَابدان۔ نجس پانی نکلنے کی زمین دوز نالی۔

نَابُود۔ معدوم ، فانی ، ناپید۔

نَابِینَا۔ اندھا ؛ کور۔

نَاپَدید۔ جو ظاہر نہ ہو ؛ پوشیدہ ؛ مخفی۔

نَاتَیار۔ ناآمادہ ؛ غیر مستعد۔

نَاچَخ۔ ایک قسم کا نیزہ ، تبر۔

نَاخُدا۔ ملاح ؛ جہاز ران۔

نَاخُدا تَرس۔ خدا سے نہ ڈرنے والا ؛ بے رحم ؛ سنگدل۔

نَاخُوانَدہ مِہمان۔ بن بلایا مہمان۔

نَادِرُالوُجُود۔ بے مثل ؛ لاثانی۔

نادِم۔ شرمندہ؛ پشیمان؛ شرمسار۔

نار۔ آگ؛ آتش۔

نارجیل۔ ناریل؛ کھوپرا۔

نارَعْنا۔ بدصورت؛ بدشکل۔

نازْ۔ غمزہ؛ نخرہ؛ معشوق کی ادا۔

نازونیاز۔ عاشق و معشوق کی حرکات و سکنات؛ ناز و نخرہ۔

نازِل۔ اترنے والا؛ نیچے آنے والا۔

نازونِعَم۔ ناز و نعمت؛ لاڈ پیار۔

نازنین۔ نازک اندام؛ خوبصورت؛ دلربا۔

ناسُفتہ۔ بن بندھا موتی؛ مراد: بن بیاہی؛ ناکتخدا۔

ناسَزا۔ نازیبا؛ نامناسب۔

ناسُوت۔ عالم اجسام؛ دنیا؛ یہ جہان۔

ناشائستہ۔ نامناسب؛ ناموزوں۔

ناشناسا۔ ناواقف؛ اجنبی۔

ناشُدنی۔ ان ہونی؛ نہ ہونے کے لائق۔

ناصِح۔ نصیحت کرنے والا؛ پند گو؛ واعظ۔

ناطِق۔ گویا؛ بولنے والا۔

ناطِقہ۔ گویائی کی طاقت؛ بات چیت کا ملکہ۔

ناظِر۔ دیکھنے والا؛ نظر ڈالنے والا۔

ناظِرین۔ حاضرین؛ قارئین؛ دیکھنے والے۔

نافْ۔ وسط؛ درمیان؛ مرکز۔

نافرمان۔ ایک اودے رنگ کا پھول۔

نافہ۔ مشک کی تھیلی؛ مشک نافہ (آہوئے تاتار کی ناف کا خون) کستوری کی تھیلی۔

ناقِصُ العَقل۔ کم عقل؛ کند ذہن؛ (کنایۃً) عورت۔

ناقِصُ العِلْم وَالعَمَل۔ مراد: ناکارہ؛ بے کار۔

ناقہ۔ اونٹنی؛ سانڈنی۔

ناک کٹوانا۔ (محاورہ) بدنام ہونا؛ ذلیل ہونا؛ رسوا ہونا۔

ناکتخدا۔ بن بیاہا ہوا؛ غیر شادی شدہ۔

ناگاہ۔ اچانک؛ یکایک؛ دفعتاً۔

نال اور کفش۔ نلکی اور جوتی۔

نالہ وزاری۔ رونا پیٹنا؛ رونا دھونا۔

نالہ وفغاں۔ آہ وبکا؛ فریاد۔

نامحرم۔ ناواقف؛ انجان۔

نام آوری۔ شہرت۔

نامدار۔ مشہور؛ نامور۔

نامزد۔ جس کا نام معین کیا گیا ہو۔

نام نہاد۔ برائے نام؛ موسوم۔

نامہ۔ خط؛ مکتوب؛ چٹھی۔

نامۂ اعمال۔ وہ کاغذ جس میں فرشتے ہر ایک کے اعمال لکھتے ہیں؛ (کنایۃً) اعمال نامہ۔

نامہ بر۔ چٹھی رساں؛ ڈاکیا؛ قاصد۔

نامہ بری۔ پیغام رسانی؛ خط پہنچانا۔

نامہ رسانی۔ نامہ؛ پیغام رسانی۔

نامشروع۔ خلاف شرع؛ ناجائز۔

ناموس۔ عصمت، عفت۔

نانِ باقلہ۔ باقلے کی روٹی؛ خرفے کے ساگ کی روٹی۔

نان پز۔ نان بائی؛ روٹی پکا کر بیچنے والا۔

نانِ جویں۔ جو کی روٹی۔

نانِ خشک۔ روکھی سوکھی روٹی۔

نانِ خمیری۔ خمیری روٹی۔

نانِ نخود۔ چنے کی روٹی۔

نامعقول۔ جو عقل میں نہ آئے؛ بعید از عقل۔

ناودان۔ بدررو؛ پرنالہ۔

ناوک۔ پر؛ خدنگ۔

ناہید طلعت۔ مراد: حسین؛ دلکش؛ دل ربا۔

نائب۔ مددگار؛ ماتحت۔

نابرہ۔ کترانے والا؛ بھاگنے والا۔

نباتات۔ (جمع نبات کی) روئیدگیاں؛ سبزہ۔

نبرد۔ لڑائی؛ جنگ۔

نبوت۔ پیغمبری؛ رسالت؛ احکام الٰہی کا پہنچانا۔

نبیذ۔ جو یا کھجور کی شراب؛ کھجور یا کشمش ڈال کر میٹھا کیا ہوا عرق۔

نثار۔ قربان؛ صدقے؛ واری۔

نثار نامہ۔ قربانی کا اقرار نامہ؛ بیعت نامہ۔

نَجات۔ رہائی، چھٹکارا۔

نَجات دَہَندہ۔ رہائی دینے والا، بچانے والا۔

نَجابَت۔ شرافت؛ عالی خاندان۔

نَجّار۔ بڑھئی؛ لکڑی کا کام کرنے والا۔

نَجاسَت۔ گندگی؛ پلیدی؛ ناپاکی۔

نَجاسَت گاہ۔ گندگی کا ڈھیر، گھور۔

نِجس۔ ناپاک؛ پلید۔

نُجُوم۔ (نجم کی جمع) ستاروں کا علم؛ جوتش۔

نُجُومی۔ ماہر علم نجوم؛ جوتشی۔

نَجِیب زادہ۔ اعلیٰ نسل کا خاندانی، شریف۔

نَحافَت۔ دبلاپن؛ کمزوری۔

نَحس۔ نامبارک؛ منحوس۔

نَحسِ اَصغَر۔ مریخ۔

نَحسِ اَکبَر۔ زحل۔

نُحُوسَت۔ بد نصیبی؛ کم بختی۔

نَحِیف۔ دبلا پتلا؛ کمزور؛ لاغر۔

نَحِیفُ الجِسم۔ کمزور، لاغر؛ ناتوان۔

نَخّاص (نخاس)۔ گھوڑا بازار؛ چارپایوں کے خرید و فروخت کا بازار۔

نَخل۔ درخت؛ پیڑ۔

نَخلِستان۔ ریگستان میں وہ مقام جہاں بہت سے درخت ہوں۔

نَخوَت۔ غرور، گھمنڈ، تکبر۔

نَخُودی رَنگ۔ سنہری۔

نِدا۔ آواز؛ صدا۔

نَدارَد۔ کورا؛ خالی؛ غیر حاضر۔

نَدامَت۔ شرمندگی؛ پشیمانی۔

نَدِیم۔ ہم نشین؛ ساتھی؛ دوست۔

نَذر۔ منت؛ چڑھاوا۔

نَذر و نیاز۔ درود فاتحہ۔

نَر۔ مرد؛ مادہ کا مقابل۔

نَردبان۔ سیڑھی؛ زینہ۔

نَرغۂ کُفّار۔ کفار کی بھیڑ؛ کفار کا ہجوم۔

نَرگِس دان۔ نرگس رکھنے کا برتن؛ نرگس کا گل دان۔

نَرگاؤ۔ بیل ؛ سانڈ۔

نرگس شَہلا۔ سیاہی مائل پھول والی نرگس۔

نَرگِستان۔ وہ مقام جہاں نرگس کے بہت سے پودے ہوں۔

نِرَنکار۔ بے شکل و صورت ؛ منزہ۔

نِرُوپ کارَن۔ بلا شکل باعث۔

نَرینہ۔ نر ؛ مذکر۔

نِزاع۔ جھگڑا ، تکرار ؛ فساد۔

نِزاعِ لَفْظی۔ لفظوں پر جھگڑا ؛ زبانی جھت و تکرار۔

نَزْع۔ جان کنی ، دم توڑنا۔

نُزْل و عُلُوفَہ۔ مہمان نوازی کا سامان ؛ لوازم مہماں نوازی۔

نُزُول۔ اترنا ؛ فروکش ہونا۔

نُزُولِ اِجْلال۔ بڑے مرتبے والے شخص کا آنا۔

نُزْہَت۔ پاکیزگی ؛ تروتازہ ہونا۔

نُزْہَت آگیں۔ فرحت بخش ؛ شاداب کرنے والا۔

نَسَب و حَسَب۔ سلسلہ خاندان ، شجرہ خاندان۔

نِسْبَت۔ منگنی ، منگنی کا پیام۔

نُسْخَہ۔ (طب) بیمار کے لیے دوائیں اور ترکیب استعمال لکھنے کا پرچہ۔

نَسْر۔ گدھ۔

نَسْرِین۔ سیوتی ؛ ایک قسم کا سفید گلاب کا پھول۔

نَسْرِین و نَسْتَرَن۔ سیوتی اور سفید گلاب۔

نَسْل۔ آل اولاد ؛ اصل خاندان۔

نَسْلاً بَعْدِ نسلاً۔ پشت در پشت ، پیڑھی کے بعد پیڑھی۔

نَسِیم۔ ٹھنڈی ہوا ؛ آہستہ چلنے والی خوشگوار ہوا۔

نَسْیاً مَنْسِیاً۔ بھولا بسرا ؛ فراموش۔

نِشَاط۔ شادمانی ؛ فرحت۔

نَشَاط افزا۔ نشاط بڑھانے والا۔

نَشَاطَ انْگیز۔ خوشی زیادہ کرنے والا ؛ خوشی پیدا کرنے والا۔

نِشْتَر۔ فصد کھولنے یا زخم چیرنے کا اوزار۔

نِشَست و بَرخَاسْت۔ اٹھنا بیٹھنا ؛ آداب

مجلس ؛ اٹھنے بیٹھنے کی تمیز۔

نِشیب۔ پستی ؛ نچان۔

نِشیب و فراز۔ اونچ نیچ ؛ اتار چڑھاؤ ؛ نیک وبد ؛ فائدہ نقصان۔

نِشیمَن۔ گھونسلا ؛ آستانہ ؛ آرام گاہ۔

نِصَاب۔ درود و ظائف کا کورس ؛ سرمایہ ؛ پونجی ؛مال۔

نَصْب۔ کھڑا کرنا ؛ گاڑنا ؛ قائم کرنا۔

نِصْفُ اللَّیل۔ رات کا نصف ؛ آدھی رات۔

نصِیبِ اَعْدا۔ کلمۂ دعا ؛ کسی عزیز کی بیماری یا بری خبر کا سن کر کہا جانے والا کلمہ یعنی دشمن کو میسر ہو۔

نصِیبِ دُشْمَناں۔ نصیب اعدا۔

نَصِیحَت۔ اچھی صلاح ؛ نیک مشورہ ؛ بھلی بات۔

نَضَارَت۔ تازگی ؛ سرسبزی ؛ چمک دمک۔

نَطْع۔ چمڑے کا ٹکڑا جس پر مجرم کو قتل کیا جائے۔

نَظَر بازی۔ گھورا گھاری ؛ تاک جھانک۔

نَظَر بر آں۔ اس پر غور کرتے ہوئے۔

نَظَر بَنْد۔ قیدی ؛ بظاہر آزاد مگر نگرانی میں رہنے والا قیدی۔

نَظَر دُزْد دِیدَہ۔ چوری چھپے دیکھنا۔

نَظَر کَرْدَہ زَرتُشْت۔ زرتشت کا منظور نظر ؛ محبوب ؛ پسندیدہ۔

نَظَر کَرْدگی۔ پسندیدگی ؛ محبوبیت۔

نَظَر یافتگی۔ محنت و مشقت سے حصول مقصد ؛ سوچ بچار سے مقصد حاصل کرنا۔

نَظِیر۔ نمونہ ؛ مثال۔

نَعْت۔ تعریف ؛ صفت ؛ سردار دوعالم کی منقبت۔

نَعْرَہ اللہ اکبَر۔ اللہ کی بڑائی کی آواز ؛ اللہ بڑا ہے کی للکار۔

نَعْش۔ لوتھ ؛ مردہ لاش۔

نَعْل۔ گھوڑے یا بیلوں کے پانو میں لگانے کا آہنی حلقہ۔

نَعْل دَر آتِش۔ اضطراب ؛ بے قراری۔

نِعْمُ الْبَدَل۔ اچھا بدلا ؛ نیک عوض۔

نِعْمَت۔ لذیذ چیزیں ؛ مزیدار کھانا۔

نِعمتِ غَیر مَترَقّب۔ وہ نعمت جس کے ملنے کا سان گمان نہ ہو۔

نَغز۔ انوکھا ؛ نادر ؛ عجیب۔

نَغزک نَغزک۔ خوب عمدہ خوب عمدہ۔

نَغمَہ۔ راگ ؛ گیت ؛ ترانہ۔

نَغمَہ سَرا۔ گویا ؛ گلوکار۔

نَغمَہ سَرائی۔ گلوکاری ؛ گانا۔

نَغمَہ سَنجی۔ گیت گانا ؛ راگ الاپنا۔

نَغمَہ و سَرُود۔ نغمہ اور گیت۔

نَفّاخ مِیوَہ۔ ریح پیدا کرنے والا پھل ؛ باد ؛ پیٹ میں ہوا کرنے والا پھل۔

نِفَاق۔ پھوٹ ؛ ظاہر میں دوستی باطن میں دشمنی۔

نَفَر۔ ایک آدمی ؛ مزدور۔

نَفری۔ نفیری ؛ ترئی ؛ شہنائی۔

نَفرِین۔ پھٹکار ؛ لعنت۔

نَفرِین کُناں۔ ملامت کرتے ہوئے ؛ لعنت بھیجتے ہوئے۔

نَفَس شُماری۔ حالت نزع ؛ جب سانس گنے جائیں۔

نَفسانِیّت۔ خود غرضی ؛ غرور ؛ نخوت۔

نَفسُ الاَمر۔ اصل مدعا ؛ واقعی بات۔

نَفسِ مُطمَئِنَّہ۔ حکم الٰہی پر چلنے والا نفس جو بری عادتوں سے پاک صاف ہو۔

نِفط۔ مٹی کا تیل ؛ نفت ؛ باروت۔

نَفع رَساں۔ فائدہ پہنچانے والا۔

نُفُور۔ نفرت کرنے والا۔

نَفیرِ ہائے زَرّیں۔ سنہری ترئی ؛ سنہری شہنائی۔

نَفی۔ کسی چیز کے وجود سے انکار کرنا ؛ اثبات کی ضد۔

نِقاب افگَنَد۔ نقاب ڈالے ہوئے۔

نِقاب افگَندَہ۔ نقاب ڈالا ہوا ؛ نقاب پڑا ہوا۔

نِقاب اَنداختَہ۔ نقاب اٹھانا ؛ پردہ اٹھانا۔

نِقاب پُوش۔ وہ شخص جو منہ پر پردہ ڈالے رہے۔

نِقاب دار۔ نقاب پوش ؛ نقاب پہننے والا۔

نَقّار خانَہ۔ نوبت خانہ ؛ نوبت بجانے کی جگہ۔

نَقّارَہ۔ نوبت ؛ طبل۔

نَقّارۂ حَربی۔ طبل جنگ۔
نَقّارہ نواز۔ نقارہ بجانے والا۔
نَقّاش۔ نقش و نگار بنانے والے؛ مصور۔
نَقاہت۔ ضعف؛ کمزوری؛ ناتوانی۔
نَقائِص۔ (جمع نقص کی) عیب؛ کھوٹ۔
نَقب۔ سیندھ؛ سرنگ۔
نَقب زَنی۔ چوری؛ سیندھ۔
نُقرَہ۔ پگھلی ہوئی چاندی۔
نُقرۂ خام۔ خالص چاندی؛ کچی چاندی۔
نُقرۂ مَصقُول۔ چمکائی ہوئی چاندی۔
نُقرَئی۔ چاندی کا۔
نَقش ہونا۔ (محاورہ) نقش کھودنا؛ چھاپنا؛ نشان پڑنا۔
نَقش بَند۔ نقاش؛ مصور۔
نَقشِ زَمین۔ پیوند زمین، ملیامیٹ۔
نَقش طَراز۔ نقاش؛ مصور۔
نَقش فِی الحَجَر۔ پتھر کی لکیر؛ پتھر کے نشان کی مانند۔
نَقص۔ کجی؛ کوتاہی؛ کھوٹ؛ عیب۔
نَقل۔ مثل، نمونہ، نظیر۔
نُقل و میوہ۔ شیرینی اور پھل۔
نَقل گوئی۔ مسخرہ پن؛ مسخرگی۔
نُقُوش۔ (جمع نقش کی) ہندسے یا اسمائے متبرکہ کا تعویذ۔
نِکاح۔ (مجازاً) بیاہ؛ شادی؛ عقد۔
نِکاح خُواں۔ نکاح پڑھانے والا۔
نِکاحِ صُغرا۔ متعہ؛ وقتی نکاح۔
نِکبت۔ افلاس؛ بدحالی۔
نِکُوئی۔ عمدہ؛ خوب۔
نِگار۔ خوب۔
نِگاہِ دُزدِیدہ۔ کن انکھیوں سے دیکھنا۔
نَگشتر۔ منازل قمر؛ چاند کی منزلیں۔
نِگہداشت۔ نگرانی؛ چوکسی۔
نَمَد۔ نمدہ؛ اون یا پشم کا بستر؛ ملائم بالوں کا بستر۔

نمک حَرام۔ وہ شخص جو اپنے محسن سے برائی کرے۔

نمک حَرامی۔ ناشکری؛ بے وفائی؛ بے مروتی۔

نمک خُواری۔ غلامی؛ نوکری۔

نمُودِ بے بُود۔ ناپائیدار دکھاوا۔

نمُودِی۔ نمائشی؛ نمود والا؛ ظاہری ٹھاٹھ کا دلدادہ۔

نمُونَہ۔ نظیر؛ مثل۔

ننگ۔ شرم؛ حیا؛ لحاظ۔

نوا سَنج۔ مطرب، گانے والا۔

نوا سَنجی۔ خوش نوازی؛ گانا۔

نَواح۔ مضافات؛ اردگرد کا علاقہ۔

نَوازِش۔ مہربانی، عنایت، کرم۔

نَوازِش خُسرَوانَہ۔ بادشاہوں کی مہربانی یا شفقت؛ شاہانہ فیاضی۔

نَوافِل۔ (جمع نافلہ کی) غیر واجب عبادت یا عطیہ؛ وہ نفل یا عبادت جو فرض نہ ہو اور اپنے طور پر کی جائے۔

نَوبَت بَہ نَوبَت۔ باری باری سے؛ یکے بعد دیگرے۔

نَوبَتِ سِکَندرِی و سُلَیمانی۔ نہایت اونچی آواز؛ مراد: شہرت۔

نُوحَہ وُ بُکا۔ گریہ وزاری؛ آہ و فغاں۔

نُوحَہ کُناں۔ روتے ہوئے؛ آہ وزاری کرتے ہوئے۔

نَوخاستَہ نُوجوان۔ پٹھا؛ نیا اٹھا ہوا۔

نَودونَہ۔ ننانوے؛ ایک کم سو۔

نُورِ آشنائی۔ روشنی سے واقفیت مراد: عرفان؛ پہچان۔

نَورُوز۔ آتش پرستوں کا تہوار؛ ایرانیوں میں ماہ فروردین کا پہلا دن، اسے عید نوروز بھی کہتے ہیں۔

نُورِ بَصَر۔ بینائی کا نور؛ (کنایۃً) اولاد۔

نُورِ چَشم۔ آنکھ کی روشنی؛ (مجازاً) بیٹا؛ فرزند۔

نُورِ دِیدَہ۔ آنکھ کا نور؛ (کنایۃً) بے حد محبوب فرزند یا دختر۔

نُورِ نَظَر۔ آنکھوں کی روشنی؛ (کنایۃً) بیٹا۔

نَوَردِ عالَم۔ دنیا کی سیر کرنے والا؛ سیاح۔

نُوزدَہ۔ انیس، ایک کم بیس۔

نُوزدَہم۔ انیسواں؛ ۱۹واں۔

نُوش۔ پینے والا۔ نوش جان۔ کھانا پینا۔

نُوش و نیش۔ خوشی اور رنج؛ خوشی اور غم۔

نَوِشت و خُواند۔ لکھنا پڑھنا؛ لکھائی پڑھائی۔

نَوِشتۂ تقدیر۔ قسمت کا لکھا ہوا، مراد قسمت۔

نَوِشتۂ مقسُوم۔ قسمت کا لکھا ہوا؛ مراد: نصیبہ۔

نَوع۔ جنس؛ وہ کل جس میں یکساں حقیقت کے افراد شامل ہوں۔

نوکِ سِناں۔ تیر کا سرا، سناں کی نوک۔

نُوم و تیقُّظ۔ سونا اور جاگنا، خواب اور بیداری۔

نَونہال۔ (کنایۃً) کم عمر بچے۔

نَوِید۔ خوش خبری؛ بشارت؛ کسی تقریب کا بلاوا۔

نَوِیسَندہ۔ لکھنے والا؛ محرر۔

نِہاد۔ بنیاد؛ طینت۔

نِہایَت۔ انتہا؛ انجام؛ حد۔

نَہج۔ راستہ؛ روش۔

نَہر۔ ندی؛ نالہ۔

نَہضَت۔ کوچ؛ روانگی؛ جنبش۔

نُہُفتَہ۔ چھپا ہوا؛ چھپایا ہوا۔

نَہنگ۔ گھڑیال؛ مگرمچھ؛ ناکا۔

نَہنگ برّی۔ مراد: نہایت بہادر؛ جری؛ سورما۔

نَہیب۔ ڈراؤنی آواز؛ خوف؛ ڈر۔

نَے۔ نگالی؛ حقے کی نے۔

نَے شَکَر۔ گنا۔

نِیابَت۔ قائم مقامی، نائب ہونا۔

نِیام۔ تلوار وغیرہ کا میان۔

نِیَّت۔ ارادہ؛ دلی منشا؛ اصل مقصد۔

نَیّرِ اَعظَم۔ آفتاب؛ سورج؛ خورشید۔

نَیّرَین۔ سورج چاند؛ آفتاب ماہتاب۔

نَیرَنجات۔ طلسم؛ جادو۔

نَیرَنگ۔ کرشمہ۔

نَیرَنگی۔ کرشمہ سازی۔

نَیرَنگیِ طِلسم۔ جادو کی کرشمہ سازی۔

نَیزَہ۔ برچھی، بھالا، بلم۔

نَیزَہ بازی۔ نیزہ چلانا، نیزے کے کرتب۔

نَیزَۂ خَتائی۔ (خطائی) عمدہ نیزہ؛ اعلیٰ برچھی۔

نَیزَۂ دُوسَر۔ دودھاری برچھی، دوسروں والا بلم۔

نَیزَۂ دُوسِنان۔ دودھاری نیزہ۔

نَیزَہ گَردانی۔ نیزہ گھمانا۔

نَیزَہ وَری۔ نیزہ چلانا۔

نِیش۔ ڈنک؛ خار؛ کانٹا۔

نِیشِ مُورچَہ۔ چیونٹی کا ڈنک۔

نِیک وَبَد۔ برا بھلا۔

نِیل گاؤ۔ ہرن کی قسم کا چھوٹی گائے کے برابر ایک جنگلی چوپایہ۔

نِیل گُوں۔ نیلے رنگ کا؛ آسمانی رنگ کا۔

نِیلُوفَر۔ ایک نیلے پھول کا نام جو پانی میں پیدا ہوتا ہے اور دوا کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔

نِیم بِسمِل۔ آدھا ذبح کیا ہوا؛ گھائل؛ مجروح؛ ادھ موا۔

نِیم تَخت۔ چھوٹا تخت۔

نِیم جَان۔ ادھ موا، نیم مردہ، (کنایتہً) عاشق۔

نِیمچَہ۔ چھوٹی تلوار۔

نِیمچَۂ دِیو کُش۔ دیو کو قتل کرنے کی چھوٹی تلوار۔

نِیم سُوختَہ۔ آدھا جلا ہوا۔

نِیم نان۔ آدھی روٹی، نصف روٹی۔

و

وَا۔ کشادہ؛ کھلا ہوا۔

وَاحَسْرَتا۔ افسوس؛ حیف۔

وَارِد و صَادِر۔ آنے والے والا۔

وَارَفتگی۔ شیفتہ ہونا؛ بے خبری، بے خودی۔

وَاثِق۔ مضبوط؛ پختہ؛ مستحکم۔

وَاجِب۔ ضروری؛ لازم۔

وَاجِبُ التَّعزِیر۔ قابل سزا؛ وہ فعل جو جرم کی حد میں یا قانون کی زد میں آئے۔

وَاجِبُ التَّعظِیم۔ تعظیم کرنے کے لائق؛ بزرگ؛ محترم۔

وَاجِبُ الوُجُود۔ جس کی ذات اپنے وجود میں کسی کی محتاج نہ ہو؛ اللہ تعالیٰ۔

وَاجِبَات۔ (جمع واجب کی) ضروری چیزیں؛ فرائض، لازمی چیزیں۔

وَاحِد۔ یکتا؛ یگانہ؛ اکیلا۔

وَارِث۔ مردے کے مال کا جائز حق دار۔

وَارِد۔ آنے والا؛ پہنچنے والا؛ موجود۔

وَارِدات۔ (جمع وارد کی) سانحہ؛ حادثہ؛ وقوعہ۔

وَاژُوں / وَاژگُوں۔ اوندھا؛ الٹا۔

وَاضِح تَر۔ زیادہ روشن؛ بہت کھلا ہوا؛ بہت آشکارا۔

وَاعِظ۔ وعظ کہنے والا؛ نصیحت کرنے والا۔

وَافِر۔ بہت کثرت سے؛ افراط سے۔

وَافِی۔ پورا؛ مکمل۔

وَاق وَاق۔ ایک درخت کا نام۔

وَالِہ۔ شیدا؛ شیفتہ؛ سرگشتہ، مفتون۔

وَالا تَبار۔ عالی خاندان۔

وَابَستگان۔ (جمع وابستہ کی) کسی سے خاص تعلق رکھنے والے لوگ۔

وَامُصِیبَتا۔ (کلمہ افسوس) کسی حادثے کے لیے مستعمل ہے۔

وَاوَیلا۔ فریاد؛ دہائی، گریہ وزاری۔

وَاہِب۔ بخشنے والا؛ فیاض۔

وَاہی تَباہی۔ پوچ؛ بے معنی۔

وَجاہَت۔ چہرے کا رعب ؛ چہرے کا روشن ہونا۔

وَجَب۔ بالشت۔

وَجِیہہ۔ خوبصورت ؛ خوش نما۔

وَحْدانِیَّت۔ اکیلا پن ؛ یکتایت۔

وَحْدَت و عَظْمَت۔ یکتائی اور بڑائی۔

وُحُوش۔ (جمع وحش کی) جنگلی جانور۔

وُحُوش وطُیُور۔ جنگلی جانور اور پرندے۔

وَحِی۔ خدائی حکم ؛ خدائی پیغام۔

وَحِی راجع۔ وہ وحی جس کی طرف رجوع کیا جائے۔

وَحیدِ زَمانَہ۔ یکتائے روزگار ؛ جس کا اپنے زمانے میں کوئی ثانی نہ ہو۔

وَدِیعَت۔ امانت ؛ سپردگی۔

وَرائے۔ سوا ؛ ماسوا ؛ علاوہ۔

وَرْزِش۔ کسرت ؛ ریاضت۔

وِرْد۔ بلاناغہ کیا جانے والا کام ؛ وظیفہ۔

وِرْد کُنِندَہ۔ ورد کرنے والا ؛ وظیفہ پڑھنے والا۔

وَرْشا۔ بارش۔

وَرْع و تَقْوٰی۔ پرہیزگاری اور پارسائی۔

وَرْغلانا۔ کسی کو کسی کام پر اکسانا ؛ بہکانا ؛ بھڑکانا۔

وَرَق۔ کاغذ کا ٹکڑا یا پرچہ۔

وُرُود۔ اترنا ؛ اندر آنا ؛ وارد ہونا۔

وَزْنِ تبریزی۔ تبریزی وزن کا پیمانہ۔

وَزْن کَش۔ وزن کرنے والا ؛ تولنے والا۔

وَساطَت۔ واسطہ ؛ وسیلہ ؛ ذریعہ۔

وَسْطُ السَّمائِ۔ آسمان کے وسط میں ؛ آسمان کے بیچ میں۔

وَسْواس۔ بُرا خیال ؛ وہم ؛ خوف۔

وَسْوَسَہ۔ بُرا خیال جو دل میں آئے ؛ اندیشہ ؛ شبہ۔

وَسِیع و رَفِیع۔ چوڑا اور بلند ؛ دور تک پھیلا ہوا۔

وِصَال۔ ملاقات ؛ ملاپ۔

وَصْف۔ خوبی ؛ اچھائی ؛ عمدگی۔

وَصْل۔ ملاقات ؛ ملنا۔

وَصِیَّت۔ آخری نصیحت ؛ سفر کو جاتے وقت یا زندگی کے آخری لمحوں میں ہدایت کرنا کہ میرے بعد ایسا نہ کرنا۔

وَضع۔ طور طریق ؛ رنگ ڈھنگ ؛ چال ڈھال۔

وَضعِ حَمل۔ بچے کی ولادت۔

وُضو۔ شریعت کے مطابق نماز کے واسطے ہاتھ، منہ، پاؤں وغیرہ دھونا۔

وَضِیع۔ کمینہ، نیچ ذات، فرومایہ۔

وَضِیع وشَرِیف۔ ادنیٰ و اعلیٰ ؛ کمینہ اور شریف۔

وَطواط۔ ابابیل۔

وَعظ۔ مذہبی نصیحت جو زبانی کی جائے ؛ مذہبی باتوں کا بیان۔

وُفور۔ افراط ؛ زیادتی، کثرت۔

وَقار۔ متانت ؛ سنجیدگی۔

وَقائع۔ (وقیعہ کی جمع) حوادث ؛ حالات۔

وَقائعِ خُسرو شیریں۔ خسرو شیریں کے حالات و واقعات۔

وَقائع نِگار۔ اخبار نویس ؛ نامہ نگار۔

وقتِ نَزع۔ آخر وقت ؛ جان کنی کے لمحے ؛ مرتے وقت۔

وَقعت۔ عزت ؛ احترام۔

وُقوع۔ ظہور ؛ اظہار۔

وُقوف۔ آگاہی، واقفیت۔

وَکِیل۔ قائم مقام ؛ مختار ؛ نائب۔

وِلادَت۔ جنم ؛ پیدائش۔

وِلایت۔ ملک ؛ اقلیم ؛ سلطنت ؛ حکومت۔

وَلایت۔ خدا کی نزدیکی ؛ دوستی ؛ مقام و مرتبہ۔

وَلَدُ الزِّنا۔ حرام زادہ، حرامی۔

وَلوَلۂ شَیطانی۔ شیطانی جوش، شیطانی امنگ، شیطانی حرکات و سکنات۔

وَلیٔ نِعمَت۔ پرورش کرنے والا ؛ خداوند نعمت۔

وَہمِیہ۔ خیالی ؛ فرضی۔

وَیس۔ کلمۂ حقارت ؛ کلمۂ تشبیہ۔

ہ

ہاتِف۔ غیب کی آواز دینے والا؛ سروش فرشتہ۔

ہادِی۔ ہدایت کرنے والا؛ پیشوا؛ رہنما۔

ہَتک۔ بے حرمتی؛ بے عزتی۔

ہَجدَہُم۔ (ہژدہم) اٹھارواں؛ ۱۸ واں۔

ہِجرَت۔ حضور سرورِ دو عالم ﷺ کی مکہ معظمہ سے مدینہ منورہ کو ہجرت۔

ہُجُوم۔ انبوہ؛ بھیڑ۔

ہِچکی بندھنا۔ (محاورہ) زیادہ رونے سے سانس رکنے لگنا۔

ہَدایائے مُبارَک۔ مبارک تحفے؛ مبارک نذرانے۔

ہُدہُد قامَت۔ بظاہر چھوٹا فی الواقع طویل القامت۔

ہَدَف۔ تیر کا نشانہ؛ زد؛ مار۔

ہُدِی۔ ایسا نغمہ جو اونٹوں کو تیز رفتار بناتا ہے۔

ہَدیَہ۔ تحفہ؛ نذرانہ؛ نذر؛ پیش کش۔

ہَذیاں بکنا۔ (محاورہ) بے ہودہ باتیں کرنا۔

ہَراس۔ خوف؛ ڈر؛ ہول۔

ہَراساں۔ ڈرا ہوا؛ ناامید؛ مایوس۔

ہَراسیدَہ۔ ڈرنے والا۔

ہَراوَل۔ گھوڑ سوار فوج جو لشکر کے آگے آگے چلے؛ لشکر کا پیش خیمہ۔

ہَراولی۔ قیادت۔

ہَرزَہ۔ بے ہودہ؛ لغو۔

ہَرزَہ دُوشت۔ نامعقول دوست؛ بے ہودہ ساتھی۔

ہَرزَہ گَرد۔ فضول پھرنے والا؛ آوارہ گرد۔

ہَرگاہ۔ جس وقت؛ جب کبھی؛ ہمیشہ ہر کہیں۔

ہِرَن۔ آہو۔

ہَزار قَدَم شُمارِی۔ ایک ہزار قدم گن کر۔

ہِزَبر۔ (ہژبر) شیر؛ اسد؛ ضیغم۔

ہَزل۔ بے ہودہ کلام؛ ٹھٹھول۔

ہَزل و مُزَخرَف۔ جھوٹ اور سچ؛ ملا جلا۔

ہَزلیات۔ خرافات، بے ہودہ باتیں۔

ہَزیمت۔ شکست، پسپائی۔

ہَزیمت خُوردَہ۔ شکست کھایا ہوا؛ ہارا ہوا۔

ہَژدَہ ہَزار عالَم۔ تمام مخلوقات جو اٹھارہ ہزار قسم کی ہے۔

ہَژدَہم۔ اٹھارہواں۔

ہَشتاد نَفَر۔ اسی آدمی؛ اسی لوگ۔

ہَشت پَہلو۔ آٹھ پہلو، آٹھ کونیہ۔

ہَشت و مُشت۔ مار کٹائی، دھینگا مشتی؛ جوتی پیزار۔

ہَشتُم۔ آٹھواں۔

ہَضم۔ تحلیل؛ معدے میں غذا کا اس قابل ہو جانا کہ اس سے خون بن سکے۔

ہَفتاد۔ ستر، کثرت کے لیے۔

ہَفتاد سالَہ۔ ستر سال کا۔

ہَفت صَد سالَہ۔ سات سو سالہ۔

ہَفت اِقلیم۔ سات ولایتیں؛ مراد: ساری دنیا؛ پرانے زمانے میں دنیا سات حصوں میں شمار کی گئی تھی۔

ہَفت جوش۔ ساتوں دھاتوں کا مرکب۔

ہَفتَہ عَشرَہ۔ آٹھ دس دن کی مدت؛ چند روز۔

ہَلاکَت۔ قتل، فنا۔

ہِلال۔ پہلی رات کا چاند؛ پہلی رات سے تیسری رات تک کا چاند۔

ہَلاہِل۔ قاتل؛ مہلک؛ زہر قاتل۔

ہُمایوں قَدَم۔ مبارک قدم۔

ہُمام۔ سردار قوم؛ مرد بزرگ۔

ہَم آغوشی۔ بغل گیری؛ ہم کناری۔

ہَم بَزم۔ محفل میں شریک۔

ہَم پَہلو۔ پہلو کے برابر؛ پہلو بہ پہلو؛ رفیق۔

ہَم جَریدَہ۔ سواروں کا دستہ۔

ہَم جِنسی۔ اغلام بازی؛ غیر فطری فعل؛ لواطت۔

ہَم چَشم۔ برابر والا؛ ہم رتبہ؛ مقابل۔

ہَم چَشمی۔ برابری؛ مقابلہ۔

ہَم دُوش۔ برابر بیٹھنے والا؛ ہم سر؛ برابر کا۔

ہَم رَدِیف۔ ہم رتبہ، ہم مرتبہ۔

ہَمزاد۔ جو ساتھ پیدا ہوا ہو؛ وہ جن یا فرشتہ جو ہر انسان کے ساتھ پیدا ہوتا ہے اور ہمیشہ ساتھ رہتا ہے۔

ہَم رِکاب۔ ہم سفر؛ سواری کے ہمراہ۔

ہَم زَبان۔ ہم خیال؛ متفق۔

ہَم سَر۔ برابر کا؛ ہم پلہ؛ ساتھی؛ بیوی۔

ہَم سَری۔ ساتھ؛ رقابت؛ ازدواج۔

ہَمشِیر رَضاعی۔ حقیقی بھائی یا بہن عموماً بہن کو کہتے ہیں۔

ہَمشِیرہ زَادی۔ بھانجی۔

ہَم طَرِیق۔ ہم سفر؛ ہم وضع۔

ہَم عَصر۔ ہم عہد؛ ہم زمانہ؛ ایک وقت کا۔

ہَم عِنان۔ ہم راہ؛ ہم رکاب۔

ہَم کَلامی۔ باہم بات چیت کرنا۔

ہَم نَبَرد۔ مقابل؛ حریف۔

ہَمہ تَن۔ تمام؛ سراپا؛ سب کا سب۔

ہِندَسہ۔ اقلیدس؛ اشکال ریاضی اور ہندسہ کا علم۔

ہِندوانہ۔ تربوز۔

ہَنگام۔ وقت؛ زمانہ۔

ہَنگامہ آرائی۔ ہنگامہ برپا کرنا؛ بلوہ کرنا؛ فساد کرنا۔

ہنُوز۔ ابھی تک؛ تاحال۔

ہَوا خُواہ۔ خیر خواہ؛ دوست۔

ہَودَجِ زَرّیں۔ سنہری کجاوہ، سنہرا محمل۔

ہُوش رُبا۔ ہوش لے جانے والا؛ ہوش اڑا دینے والا۔

ہَول۔ خوف، دہشت۔

ہَولِ دِل۔ دل کی دھڑکن؛ اختلاج قلب۔

ہُوَیدا۔ عیاں: ظاہر؛ نمودار۔

ہَیبَت۔ خوف، دہشت، رعب۔

ہیچ و پُوچ۔ بے مغز، لغو، بے ہودہ۔

ہیزُم سُوختَہ۔ سوکھی لکڑی؛ جلی ہوئی لکڑی۔

ہَیئَتِ کَذائی۔ موجودہ حالت؛ جیسی کہ حالت ہے (مذمت اور اعتراض کے موقع پر مستعمل ہے)۔

ہَیئَت۔ علم جس میں اجرام فلکی، زمین کی گردش اور کشش وغیرہ سے بحث کی جاتی ہے۔

ہِیچ کارہ۔ نالائق؛ بے کار۔

ہَیکَل۔ طوق؛ ہار۔

ی

یابُو۔ لدو چھوٹا گھوڑا؛ ٹٹو؛ تیز رفتار گھوڑا۔

یاجُوج ماجُوج۔ ایک مفسد قوم جس کا ذکر قرآن اور انجیل میں ہے؛ (کنایۃً) مفسد اور متفنی اشخاص۔

یارِ جانی۔ گہرا دوست؛ پکا اور سچا ساتھی۔

یازْدَہُم۔ گیارہواں۔

یاس۔ ناامیدی؛ مایوسی۔

یاسمین۔ چنبیلی۔

یا قِسْمَت یا نَصِیب۔ حیرت اور افسوس کا کلمہ؛ بدقسمتی کا گھر۔

یاقُوت۔ جواہرات کی ایک قسم؛ ہیرا۔

یاقُوتِ رُمّانی۔ انار کے دانے کی مثل یاقوت؛ ایک قسم کا نہایت سرخ رنگ کا یاقوت جو انار کے دانے کا ہم رنگ و ہم شکل ہوتا ہے۔

یاقُوت نِگار۔ یاقوت سے جڑا ہوا؛ ہیرے سے مزین؛ (کنایۃً) یعقوت مستعصمی جیسے خط والا؛ اعلیٰ پائے کا خوش نویس۔

یَاقُوتی۔ ایک قسم کی مقوی معجون جس میں یاقوت ڈالا جاتا ہے۔

یَالْ۔ گھوڑے کی گردن کے بال؛ ایال۔

یَاوَہ۔ بے ہودہ؛ لغو۔

یَخْنی۔ گوشت کا پانی جو گوشت کو ابال کر تیار کیا جاتا ہے اور بیماروں کو پلاتے ہیں۔

یَدِ طُولیٰ۔ کمال؛ مہارت؛ ملکہ۔

یَراقْ۔ ہتھیار؛ سامان۔

یَرقَانْ۔ ایک بیماری جس میں تمام بدن زرد ہو جاتا ہے، یہ جگر کی خرابی کی وجہ سے ہوتی ہے۔

یَزْدان پَرَسْتی۔ ایرانی دو خدائی طاقتیں مانتے تھے؛ خیر کی یزداں اور شر کی اہرمن؛ خدا تعالیٰ۔

یَسار۔ بایاں؛ الٹا۔

یساوُل۔ نقیب؛ چوب دار؛ قاصد؛ ہرکارہ۔

یَشَبْ۔ ایک قسم کا سبزی مائل قیمتی پتھر۔

یَشْبْ کافوری۔ سفیدی مائل ایک پتھر؛ سفید رنگ کا یشب۔

یَشْم۔ سبز رنگ کا ایک قیمتی پتھر۔

یَقینِ واثِقْ۔ پختہ یقین؛ سچا اور پکا یقین۔

یَکْ چَشْم۔ ایک آنکھ والا؛ کانا؛ منافق۔

یَکْ چَشْمی مَحَل۔ ایک راستے والا محل؛ وہ محل جس میں آنے جانے کا ایک راستہ ہو۔

یَکْسُو۔ ٹھہراؤ؛ سکون؛ قیام۔

یَکْشَبَہ۔ اتوار۔

یَکْ مُشْت۔ فی الفور ادائیگی؛ فوری ادائیگی۔

یَک و نیم سالَہ۔ ڈیڑھ سال کا؛ ۱ ۱/۲ سالہ۔

یَکّہ و تَنْہا۔ اکیلا و تنہا؛ اکیلا ہی اکیلا۔

یَگان۔ ایک؛ واحد؛ اکیلا۔

یَلْدا۔ اندھیری رات جو سب سے بڑی ہوتی ہے۔ یہ سردیوں کے موسم میں ۲۳ دسمبر کو ہوتی ہے۔

یَلّہ۔ آزاد؛ بے قید؛ رہا شدہ۔

یَمِیْن۔ دایاں ہاتھ؛ سیدھا ہاتھ۔

یَمِیْن و یَسار۔ فوج کا دایاں اور بایاں بازو؛ دائیں بائیں؛ چپ و راست۔

یُورِش۔ دھاوا؛ چڑھائی؛ حملہ۔

یَوم۔ دن۔

یَوماً فیَوماً۔ دن بہ دن؛ روز بروز۔

یَہُودِی۔ ایک قوم جو حضرت یعقوب کی اولاد اور حضرت موسیٰ کی امت ہے۔

یَتِیم۔ وہ بچہ جس کی ماں یا باپ یا دونوں مر گئے ہوں۔

یَثرِب۔ مدینہ منورہ کا پرانا نام (لفظی معنی خاردار، ویرانہ)۔

فارسی اشعار، ضرب الامثال وغیرہ

آفاق راگَردیدہ اَم مِہرِ بُتاں وَرزیدہ اَم
بِسیار خُوباں دِیدہ اَم لیکن تُو چیزے دِیگری

ساری دنیا میں پھرا ہوں، حسینوں کی محبت اختیار کی ہے، بہت حسین دیکھے لیکن تو کچھ اور ہی چیز ہے۔

آنچہ گذشت گذشت۔ جو ہوا سو ہوا۔

آں قَدَح بِہ شِکَست وآں ساقی نَماند۔ (لفظاً) وہ پیمانہ ٹوٹ چکا اور وہ ساقی نہیں رہا۔ (مراداً) اگلی باتیں اگلے وقت کے ساتھ گئیں۔ (گزشتہ خوشگوار محبتوں اور باتوں کو حسرت ناک لہجے میں یاد کرنے کے موقع پر مستعمل)۔

آئندہ تو دانی وکارِ تو۔ آگے تو جانے اور تیرا کام جانے۔

آئندہ رَا اِیادَو گذِشتہ را صَلوٰۃ (گذشتہ را صلوۃ آئندہ را احتیاط)۔ اس جگہ مستعمل ہے جہاں یہ کہنا ہو کہ گزری باتوں کا خیال نہ کرو، آئندہ کے لیے احتیاط رکھو۔

ع اَے رَوشئ طَبع تو بَر مَن بَلا شُدی۔ (بطور مثل) اپنی ذہانت کا اپنی ہی مصیبت اور نقصان کا باعث ہونا۔

اَزیں چِہ بہتر۔ اس سے بہتر کیا ہے؛ (مراداً) سب سے بہتر۔

(اَگر) پدر نتواند پسر تمام کند۔ طنزیہ کلام؛ باپ نے جو کام نہ کیا وہ بیٹے نے پورا کر دیا۔

اِیں رَا خطرَہ نَہ اَورا ضَرر۔ اس کو خطرہ نہ اس کو نقصان؛ (مراداً) بے ضرر۔

اِیں کار از تو آیَد و مَرداں چُنیں کُنَند۔ (مقام) یہ کام تم ہی سے ہو سکتا ہے اور (بہادر) مرد ہی ایسے کام کر سکتے ہیں (تعریف و توصیف دونوں طرح)۔

اِیں گُل دِیگر شِگُفت۔ (یہ لو) یہ ایک دوسرا شگوفہ کھلا؛ یہ ایک نئی بات پیدا ہوئی۔

بازی بازی بارِیش بابا ہم بازی۔ (مثل) اس موقع پر بولتے ہیں جب کوئی چھوٹا اپنے بزرگ سے الجھے یا اس کی ہنسی اڑائے۔

بَرَدرِ دوست چِہ گویم بہ چِہ عُنواں رَفتم
ہَمہ شوق آمدہ بودم ہَمہ حِرماں رَفتم

در دوست پر کیا بیان کروں کہ میں کس حالت میں پہنچا، سر تاپا شوق بن کر آیا تھا اور ہر طرح مایوس ہو کر لوٹا۔

بہ گَرد تابہ گَردیم۔ واپس آجا؛ تاکہ ہم بھی لوٹ آئیں۔

بہ بند و بکش۔ باندھو اور قتل کرو۔

بے اَجَل ہر گز نہ میرد ہیچ کس

تیر پیکار ست و پیکاں نیز ہم

کوئی موت سے پہلے نہیں مرتا، تو لڑائی کا تیز بھی ہے اور بھالا بھی۔

بر عکس نہند نام زنگی کا فور۔ (مقولہ) کوئی خاصیت نہ ہو اور اس کے خلاف مشہور ہو؛ ناموزوں نام۔

بمِصداقِ۔ اس کے مصداق؛ اس کی طرح۔

بہ کُش و بگیر۔ قتل کرو اور پکڑو؛ پکڑو اور قتل کرو۔

ع بہ ہر زمیں کہ رسیدیم آسماں پیدا است۔
جہاں بھی جائیں مصیبت کا سامنا ہے۔

بیک بینی و دو گوش۔ تن تنہا؛ بغیر کسی ساز و سامان کے۔

تُف بر ریش دروغ گو۔ جھوٹے پر لعنت۔

تسکیں چہ سود کشتہ دردِ فراق را

جز شربتِ وصال دوائے نمی سزد

جدائی کے مارے ہوئے کے لیے وصال کے علاوہ کوئی دوا کارگر نہیں۔

جمالش از کمال بہتر و کمالش از جمال فزوں تر۔ اس کا جمال اس کے کمال سے بہتر ہے اور اس کا کمال اس کے جمال سے بڑھ کر۔

چہ نسبت خاک را با عالم پاک۔ ذرے کو آفتاب سے کیا نسبت؛ مٹی کو عالم بالا سے کیا نسبت۔

چوں غرض آمد ہنر پوشیدہ شد۔ مطلب کے سامنے ہنر کا چراغ نہیں جلتا؛ خود غرض کے سامنے ہنر ماند پڑ جاتا ہے۔

حلقۂ غلامی آویزہ گوش۔ غلامی کا طوق گلے میں ڈال رکھا ہے؛ غلامی کی بالی کان میں پہن رکھی ہے۔

حُکمِ حاکم مرگِ مفاجات۔ (مقولہ) موت کی طرح حاکم کے فرمان سے بھی مفر نہیں؛ چار و ناچار حاکم کے فرمان کی اطاعت کرنی پڑتی ہے۔

خوش آمدی و صفا آوردی۔ آپ کی تشریف آوری سکون قلب کا موجب ہے۔

خوش آمدی و کے آمدی۔ آپ کا آنا مبارک، آپ کب آئے۔

خاکسارانِ جہاں را بہ حقارت منگر

تو چہ دانی کہ دریں گرد سواری باشد

دنیا کے خاکساروں کو تو حقارت کی نظروں سے نہ دیکھ، تجھے کیا خبر کہ اس گرد میں شہ سوار بھی ہو۔

ع خاموشی از ثنائے تو حدِ ثنائے تست۔
آپ کی تعریف سے خاموش رہنا ہی انتہائی تعریف ہے یعنی آپ کی تعریف کرنا ممکن نہیں۔

خُدا ہَم چُو کُنَد۔ اللہ ایسا ہی کرے۔

خَیر تُو دانی و کارِ تُو۔ تو اچھا جانتا ہے اور تیرا ہی کام ہے۔

دَر پسِ آئینَہ طُوطی صِفَت داشتَہ اَند
آنچِہ اُستادِ ازَل گُفت ہَماں گویم

مجھے آئینہ کے پیچھے طوطی کی مانند رکھا ہے۔ جو استاد ازل نے کہا وہی میں کہتا ہوں۔

دَر بَر قَیم عُذرِ مَا بِپذِیر
اَے بَسا آرزُو کہ خاک شُدَہ

ہم گئے ہمارا عذر قبول کر لے۔ کتنی تمنائیں ہیں کہ مٹی کا ڈھیر ہو گئیں۔

ع دَر کارِ خَیر حاجَت ہیچ اِستخارَہ نِیست۔ کار خیر میں استخارہ کی کیا ضرورت ہے۔

ع دُشمَن اگر قَوِی سْت نگہباں قَوی ترَست۔ دشمن اگر طاقتور ہے تو ہمارا محافظ اس سے بھی زیادہ قوی ہے۔

دُشمَن نَتواں حَقیر و لے چارَہ شُمُرد۔ دشمن کو حقیر اور کمزور نہیں سمجھنا چاہیے۔

دَمِ نَزَع گُفتی بِبالینت آیَم
اَگر مَرحمَت می کُنی وَقت تَنگ ست

جاں کنی کے وقت تو نے کہا کہ تیرے پاس آؤں گا، بڑی عنایت ہے وقت بہت کم ہے۔

دَرُوغ می گُویم بَرُوئے تُو۔ جھوٹ بولتا ہوں اور تیرے منھ پر۔

دِیدارِ ما و شُمابَہ قَیامَت اُفتاد۔ میرا اور اس کا آمنا سامنا قیامت ڈھا گیا۔

دِیدار می نُمائی و پَرہیز می کُنی
بازارِ خوِیش و آتِش مَا تیز می کُنی

جھلک دکھاتے ہو اور چھپ جاتے ہو، اپنے حسن کے بازار کو اور ہمارے عشق کی آگ کو تیز کر رہے ہو۔

دِیوار ہَم گُوش دارَد۔ دیوار کے بھی کان ہوتے ہیں یعنی خاموشی اختیار کرو۔

دِیوانَہ رَا ہُوئے بَس سْت۔ دیوانے کے لیے ایک ہو کافی ہے۔

رِزق رَا رُوزِی رَساں می رَسانَد۔ رزق انسان کے پاس اڑ کر پہنچتا ہے۔

رُواقِ مَنظرِ چَشمِ مَن آشیانَہ تُست
کَرَم نُما و فُرُود آ کہ خَانَہ خَانَہ تُست

میرے منظر چشم کا رواق تیرا آشیانہ ہے۔ مہربانی کیجیے اتر آئیے یہ گھر آپ ہی کا گھر ہے۔

زُباں بَہ بَند و بازُو بِکشا۔ زبان بند کر اور ہاتھ کشادہ کر یا کھول دے۔

زَدِیم وَپَسْت کَرْدِیم۔ ہم نے مار اور پست کر دیا۔

زَنِ نوکُن اے مَرْد دَر ہَر بَہار
کہ تَقْوِیم پارِینَہ نایَد بَکار

ہر موسم بہار میں نئی شادی کر کہ پرانی جنتری کام نہیں آتی۔

سَعی کُن دَر کارِ خَلقِ کِرْدگار
تا کُنَد کارِ تُو ہَم پَروَرْدِگار

مخلوق کے کام میں دلچسپی لو تاکہ اللہ تمہارا کام کر دے۔

سخن شَنِیدَن بیخِ دَولَت سْت۔ بات سننا دولت کی جڑ ہے۔

سُخَنِ مَرداں جانِ دارَد۔ مردوں کا قول جاندار ہوتا ہے۔

سَنگ آمَد و سَخْت آمَد۔ (کہاوت) چاروناچار کوئی کام کرنے یا ذمہ داری آپڑنے کے وقت کہتے ہیں۔

سَر اَز پا باخْتَہ۔ حواس باختہ، سر پاؤں کا ہوش نہیں۔

سَر اَز پا نَشناخْتَہ۔ سر اور پاؤں کی تمیز نہ رہی۔

ع شاد بایَد زِیسْتَن ناشاد بایَد زِیسْتَن۔ چاروناچار جینا پڑتا ہے۔

شَب بَہ آں عِشْرَت وَروزْ بایں فَضِیحَت۔ رات عیش و عشرت اور دن فضیحت میں۔

شُتُر دَر خُواب بِیْنَد پَنْبَہ دانَہ۔ اونٹ خواب میں روئی دیکھتا ہے۔

شِیر قالِیں دِگَر و شِیرِ نَیستاں دِگَرسْت۔ جنگل کا شیر اور ہے اور قالین کا شیر اور ہے۔

عاقِبَت چُوں نِکُوسْت پَروا نِیسْت۔ انجام ٹھیک ہے ہمیں کیا پروا۔

عُذْرِ گُناہ بَدتَر اَز گُناہ۔ گناہ کا عذر گناہ سے بھی بدتر ہے۔

عَرضِ حاجَت بَر تُو حاجَت نِیسْت
مِیدانی کَہ چِیسْت۔ حاجت کا پیش کرنا اچھا نہیں ہے کہ تو خود جانتا ہے۔

عَشْوَہ چُوں طُول کَشَد بے مَزَہ اَسْت۔ ناز و انداز اگر طول پکڑ جائے تو بے اثر ہو جاتا ہے۔

عِلْم شَے بہ اَز جَہْلِ شَے۔ (کہاوت) کچھ نہ جاننے سے کچھ جاننا بہتر ہے؛ علم جہالت سے بہتر ہے۔

غَیر اَز جُدائی تُو کہ بَر مَن قِیامَت سْت
خَیرِیَت سْت عافِیَت سْت وسَلامَت سْت

تیری جدائی کے سوا جو مجھ پر قیامت ہے باقی ہر چیز خیریت، عافیت اور سلامت ہے۔

فِعْلِ بَد را سَزائے بَد۔ برے کام کا انجام برا۔

قُرْبانَت شَوَم۔ تجھ پر قربان جاؤں۔

قدرِ عافیت آں کسے داند کہ بہ مصیبتے گرفتار آید۔ عافیت کی قدر وہ جانتا ہے جو کسی مصیبت میں گرفتار ہو۔

قصہ زمین بر سرِ زمین۔ (کہاوت) معاملے کا فیصلہ موقع پر ہو جانا چاہیے۔

قہرِ درویش بر جانِ درویش۔ (کہاوت) غریب آدمی غصہ کرے گا تو کسی کا کیا لے گا اپنی ہی جان کو عذاب میں ڈالے گا؛ غریب کا غصہ اپنے اوپر چلتا ہے، کسی کی مجبوری یا بے بسی کے موقع پر بولتے ہیں۔

؎ **کریماں را بدست اندر درم نیست**
خداوندانِ نعمت را کرم نیست

کریموں کے پاس پیسہ نہیں ہے اور دولت مندوں کے پاس سخاوت نہیں ہے۔ یعنی مالداروں کو بخشش کی توفیق نہیں ہے۔

کردہ خود را چہ درماں۔ اپنے کیے کا کیا علاج۔

؎ **کہ بعد از دیدنش ہر گز نماند**
وجودِ پارسائی را شکیبے

کہ اس کے دیکھنے کے بعد ہر گز ہر گز پارساؤں کے پرہیزگاری و تقوی کا وجود باقی نہیں رہے گا۔

کافر ہمہ را بہ کیشِ خود پندارد۔ کافر سب کو اپنے ہی مسلک کا خیال کرتا ہے۔

گذشت آنچہ گذشت۔ جو گزر گئی سو گزر گئی۔ جو ہوا سو ہوا۔

گذشتم از سرِ مطلب تمام شد مطلب۔ میں اپنے مطلب سے باز آگیا بس یہی سب سے بڑا مطلب ہے۔

گذشتہ را صلوٰۃ۔ گزرے ہوئے کو بھول جاؤ۔

گربہ کشتن روزِ اوّل۔ رعب پہلے ہی دن خوب بیٹھتا ہے۔

گرچہ می خواہم دِلم بے اختیار
از زبانِ غیر می گویم سخن

اگرچہ میں چاہتا ہوں کہ بیان کروں مگر دل بے اختیار ہے، میں دوسرے کی زبان میں بات کرتا ہوں۔

ع گر قبول افتد زہے عزّ و شرف۔ اگر آپ قبول کرلیں تو ہماری عزت افزائی ہوگی۔

گفتن ہمیں بس است کہ اسپِ منِ ابلق است۔ اتنا ہی کہنا کافی ہے کہ میرا گھوڑا چت کبری ہے یعنی دورنگا ہے۔

مردِ عالی قدر را زینت نہ باشد از لباس
روشنیِ شمع بے پیراہن افزوں تر بود

صاحبِ فضیلت کو لباس کی چنداں ضرورت نہیں ہے، شمع بغیر فانوس کے زیادہ روشن ہوتی ہے۔

مَا زِیارِاں چَشمِ نیکی دَاشتیم
خُود غَلَط بُوَد آنچہ پِندا شتیم
ہم دوستوں سے بھلائی کی توقع رکھتے تھے، بات ہی غلط تھی جو ہم نے سمجھی تھی۔

مَا قَدَم رَا اَز مِیاں بَرداشتَم
عَیشِ دُنیا رَا بہ تُو بَگذاشتَم
ہم درمیان سے ہٹ گئے، دنیا کو دنیا والوں پر چھوڑ دیا۔

مَارگزیدہ اَزرِیسماں مِی تَرسَد۔ سانپ کا ڈسا رسی سے ڈرتا ہے۔

مُشتے کہ بَعد اَز جَنگ یَاد آیَد بَر کَلّہ خُود بایَد زَد۔ (مثل) لڑائی کے بعد اگر مکا مارنا یاد آئے تو اپنے ہی منہ پر مار لینا چاہیے؛ موقع کے بعد یاد آنے سے سوائے پچھتاوے کے کچھ حاصل نہیں ہوتا۔

مَست رَا ہُوئے بَس اَست۔ مست کے لیے ایک ہو کافی ہے۔ یہ فقرہ ایسے لوگوں کے لیے استعمال کرتے ہیں جو ذرا سا چھیڑ دینے پر بہت کچھ کہنے یا بہت کچھ کرنے پر تیار ہو جاتے ہیں۔

مَردانِ خُدا خُدا نَہ بَاشَند
لیکِن زِ خُدا جُدا نَہ بَاشَند
اللہ والے اللہ تو نہیں ہوتے لیکن اللہ سے الگ بھی نہیں ہوتے۔

مَگَر تا بَجَر دِیَد۔ کہاں تک چلوں، کہاں تک ساتھ دوں۔

مَن خُوب مِی شَناسَم رِندانِ پَارسا رَا۔ میں خوب جانتا ہوں رندان پارسا کو میں اچھی طرح پہچانتا ہوں بظاہر پارساؤں کو۔

مَے چِنار نِیَرزَد بَرنج دَرد سَرم۔ میرے درد سر کو ہے چنار سزاوار نہیں ہے۔

مِی شُنیدم کہ جَانِ جَانَانِی
چُوبدِیدَم ہَزار چَنداَنِی
محبوب کی بابت جو سنا تھا اس سے ہزار درجے بہتر پایا۔

نَاز بَر آں کُن کہ خَریدار تُست
پیشِ کَسے رَو کہ طَلب گار تُست
گاہک کو ناز و انداز دکھا؛ اس کے پاس جا جو تیرا طلب گار ہے۔

نَالہ رَا ہَر چَند مِی خواہم کہ پنہاں بَر کَشَم
دِل ہَمِی گُوید کہ مَن تَنگ آمَدَم فَریاد کُن
ہر چند میں چاہتا ہوں کہ پوشیدہ طور آہ و زاری کروں، دل کہتا ہے کہ میں پریشان حال ہوں کہ خوب فریاد کر۔

نَانِ خُشک اَست تُحفۂ دُرویش۔ سوکھی روٹی فقیر کا تحفہ ہے۔

نَقّاش نَقش ثانِی بہتَر کُنَد زِ اوّل۔ نقاش (مصور) دوسرا نقش پہلے سے زیادہ بہتر بناتا ہے۔

نہ طاقتِ رَفتن نہ یارائے ماندَن۔ نہ جانے کی طاقت نہ ٹھہرنے کی سکت ؛ عجب گو مگو کا عالم ہے۔

ہَر آں چہ خُواستم زِ خُدا میَسّرم۔ میں نے جو کچھ چاہا وہ مل گیا۔

ہَر چہ بادا باد۔ جو کچھ ہو سو ہو۔

ہَر سُخَن وَقتے وَ ہَر نُکتہ مکانے دارَد۔ ہر بات کا ایک موقع و محل ہوتا ہے۔

ہَر کارے وہَر مَردے۔ ہر انسان کے لیے الگ الگ کام ہے ؛ جیسا آدمی ویسا کام۔

ہَر مُلکے وَ ہَر رَسمے۔ ہر ملک کی جدا رسم ہوتی ہے ؛ جیسا ملک ویسی رسم۔

ہَمسایۂ بَد مَباد کَس رَا۔ کسی کو میرا ہمسایہ (پڑوسی) نہ ملے۔

ہَنوز ہَماں آش دَر کاسہ۔ ابھی تک وہی صورت حال ہے۔

یک نہ شُد دُو شُد۔ (مثل) ایک بلا تو تھی ہی دوسری اور پیچھے پڑی ؛ ایک مصیبت کے بعد دوسری مصیبت آنے پر کہتے ہیں۔

یارْ زندہ صُحبَت باقِی۔ (مثل) اب نہیں تو پھر سہی ؛ زندگی ہے تو پھر ملاقات ہوگی۔

یا بَہ آں شوراشوری یا بایں بے نمَکی۔ یا وہ چٹ پٹا پن یا پھر یہ پھیکا پن۔

یار پیشِ مَن و مَن رُوبیاباں دارَم۔ محبوب میرے سامنے ہے اور میں جنگلوں میں پھر رہا ہوں۔

یادِ خویشاں وَ فرزَنداں۔ اپنے اہل عیال کی یاد ستاتی ہے۔

قرآنی آیات، عربی عبارات اور فقرے

اِخلاقِ ثِیَابٍ وَ قَطِیفۃِ بُرْدٍ۔ اخلاق و ثیاب یعنی کپڑوں کا بوسیدہ ہونا اور قطیفہ کو چادر کے معنی میں لیا جائے۔

اَللّٰھُمَّ احْفَظْنَا مِنْ شُرُورِ اَنْفُسِنَا۔ اے ہمارے اللہ ہمیں بچا ہمارے اپنے نفسوں کے شر سے۔

اَلْاِنْسَانُ حَرِیْصٌ عَلٰی مَا مُنِعَ۔ انسان اسی کی طرف لپکتا ہے جس سے اس کو روکا گیا ہو۔

اَہْلاً وَسَہْلاً وَمَرْحَبًا۔ خوش آمدید۔

اَلْمَجَازُ قَنْطَرَۃُ الْحَقِیْقَۃِ۔ مجاز حقیقت کا زینہ (پل) ہے۔ مجاز حقیقت تک پہنچنے کا پل ہے۔

اَلنَّظْرَۃُ الْاُوْلٰی لَکَ وَ الثَّانِیْ عَلَیْکَ۔ پہلی نظر آپ کے حق میں ہے اور دوسری نظر آپ کے خلاف بھی ہو سکتی ہو۔

اِیْزَدُ جَلَّ ذِکْرُہٗ۔ اللہ کا ذکر بزرگ و بلند ہے۔

اَنْتُمْ اَسْحَرُ مِنِّیْ۔ تم میرے مقابلے میں بڑے جادو گر ہو، تم مجھ سے بڑے جادو گر ہو۔

اَلْحُکْمُ لِلْمَحْبُوْبِ۔ حکم میرے لیے عزیز ہے۔ حکم مجھے منظور ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَقَامَ الْحَقَّ فِیْ مَرْکَزِہٖ۔ تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جس نے حق کو صحیح مقام مقام پر قائم کر دیا۔

اَلْحُکْمُ لِلْمَحْجُوْبِ۔ حکم پوشیدہ کے لیے ہے؛ حکم چھپی ہوئی (بات) کے لیے ہے۔

آنْحَضْرَتْ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ۔ آنحضرت (صلی اللہ علیہ وسلم) پر درود اور سلام۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذَالِکَ۔ اس اللہ کا لاکھ لاکھ شکر ہے۔

اَلسَّلَامُ وَ عَلٰی مَنِ اعْتَقَدَ خِلَافَۃِ الْیَزِیْدِ وَ الْمَرْوَانِ۔ سلام ہو اس پر جس نے یزید اور مروان کی خلافت کو تسلیم کر لیا۔

اَلْقَادِرُ بِاللّٰہِ۔ حکم رانی اللہ کی ہے۔

اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَ اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ وَاَنَّ مُحَمَّدً عَلٰی خَیْرِ الْبَشَرِ۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے اور گواہی دیتا ہوں کہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اللہ کے بندے اور رسول ہیں اور کل انسانوں میں سب سے بہتر ہیں۔

اَلْعَبْدُ مَافِیْ یَدِہِ الْمَوْلیٰ۔ غلام وہ ہے جو اپنے آقا کے ہاتھ میں ہو۔

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ۔ سلام ہو تجھ پر؛ سلامتی ہو تجھ پر۔

اَلْاِذْنُ سَتَاعِیْ۔ اذن میں میری پونجی ہے؛ اجازت لینا میری متاع ہے۔

اَلنَّصِیْبُ یُصِبُ وَلَوْکَانَ تَحْتَ الْجَبَلَیْن۔ جو مقدر میں ہے وہ پہنچے گا خواہ دو پہاڑوں کے نیچے ہو۔

اِنْشَاءَاللّٰہُ الْعَزِیْزُ (ان شاء اللہ العزیز)۔ اگر خدائے بزرگ و برتر نے چاہا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلَی الْحُسَیْنِ وَجَدِّہٖ وَاَبِیْہِ وَاُمِّہٖ وَاَخِیْہِ وَعَلَی الْاَئِمَّۃِ التِّسْعَۃِ مِنْ بَنِیْہِ۔ یا اللہ حسین ان کے نانا، باپ، ماں اور بھائی اور ان کے بیٹوں میں سے نو اسوں پر رحمت اور برکت بھیج۔

اِنَّ الَّذِیْ زَادَ وَاَنَّ نَفْسِیْ + مَادَامَ قَلْبِیْ شَائِقًا فِیْ حُبِّکَ۔ یقیناً وہ شخص جس نے بات میں اضافہ کیا وہ میں ہوں کہ میرا نفس تیری محبت میں ہمیشہ بھنسا رہا۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ الرَّزَّاقِ ذِی الْقُوَّۃِ الْمَتِیْنِ۔ تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جو سارے جہانوں کا پالنے والا ہے (اور) رزق دینے والا ہے، بڑی قدرت و طاقت والا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَاَھْلِ بَیْتِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی آلِ اِبْرَاھِیْمَ۔ اے اللہ تو درود بھیج محمد پر اور اہل بیت پر جیسا کہ تو نے درود بھیجا ہے ابراہیم اور ان کی آل پر۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰہَ یُوْلِجُ اللَّیْلَ فِی النَّھَارِ وَیُوْلِجُ النَّھَارَ فِی اللَّیْلِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ کُلٌّ یَّجْرِیْ لِاَجَلٍ مُّسَمًّی وَالسَّلَامُ وَالصَّلٰوۃُ عَلٰی مُحَمَّدِنِ الْمُصْطَفٰی وَاٰلِہِ الْاَصْفِیَا۔ تمام تعریفیں اس کے لیے جس نے آسمان اور زمین بنائے کیا تو نے اس پر نظر نہیں کی کہ اللہ رات کو داخل کرتا ہے دن میں اور دن کو داخل کرتا ہے رات میں اور سورج اور چاند کو کام میں لگا رکھا ہے، ہر یک ایک معیاد مقرر تک چلتا رہے گا اور درود اور سلام محمد مصطفےٰ پر اور پاکیزہ نفوس پر۔

اَیُّھَا الْجَنَّات۔ اے جنات۔

اَیُّھَا السُّلْطَانُ الْمَسِیْحُ مَاتُرِیْدُنِیْ۔ اے سلطان المسیح تو مجھ سے کیا چاہتا ہے۔

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ وَبِسْمِ اللّٰہِ عَلٰی قَتْلِ اَعْدَاءِ الدِّیْنِ۔ میں پناہ مانگتا ہوں شیطان مردود سے اور دین کے دشمنوں کے قتل سے آغاز کرتا ہوں۔

اَفْضَلُ النَّاسِ۔ لوگوں میں سب سے افضل۔

اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ۔ مہربانوں میں سب سے زیادہ

مہربان۔

اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنَا محبۃَ اَہْلِ بیتِ حبیبکَ وَ ثَبِّت اَقْدَامَنَا عَلَیْہِ۔ اے اللہ ہمیں اپنے حبیب کے اہل بیت کی محبت عطا فرما اور اس پر ہمیں ثابت قدم رہنے کی توفیق دے۔

اَلْخَوْف وَ الطَّمَعْ۔ ڈر یا لالچ۔

اَعْنِی۔ یعنی، میرا مطلب یہ ہو۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ۔ تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں۔

اَھْلِ بَیْتِیْ کَسَفِیْنَۃِ نُوْحٍ مَنْ رَکِبَھَا نَجٰی وَ مَنْ تَخَلَّفَ عَنْھَا غَرِقَ۔ میرے اہل بیت نوح کی کشتی کی مانند ہیں جو اس میں سوار ہوا بچ گیا اور جو اس سے دور رہا ڈوب گیا۔

اَشْھَدُ اَنْ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ وَ اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَ رَسُوْلُہٗ۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اس کی ذات یکتا ہے اس کا کوئی ساتھی نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد ﷺ اس کے بندے اور رسول ہیں۔

اُذْکُرُ اللّٰہَ اَیُّھَا الْغَافِلُوْن۔ اے غافلو اللہ کو یاد کرو۔

اَنْتَ ذَھَبْتَ فِی الْبَیْتِ۔ تو گھر میں گیا؛ میں گھر داخل ہوا۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَ صَلٰوۃُ اللّٰہِ وَ سَلَامُہٗ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَ آلِہِ الطَّاہِرِیْنَ الطَّیِّبِیْنَ اِلٰی یَوْمِ الدِّیْن۔ سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں اور محمد پر اور اس کی آل اور اولاد پر جو طاہر و طیب ہیں سلامتی قیامت تک رہے۔

اَنْکَحْتُ کی جگہ لَا اَنْکَحْتُ۔ میں نے نکاح کیا۔ میں نے نکاح نہیں کیا۔

اَلْعَقْرَب۔ بچھو۔

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَ قَلْبِیْ لَدَیْکُمْ۔ تم پر سلامتی ہو میرا دل تمہارے ساتھ ہے۔

اَللّٰہُ ھُوَ کُلٌّ۔ اللہ سب کچھ ہے۔

اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن۔ ہم اللہ ہی کے لیے ہیں اور اسی کی طرف لوٹنے والے ہیں۔

بِجَوَائِے وَ الْفَضْلُ الْمُقَدَّم۔ تشریف لائیے۔

بَیْنَ النَّوْمَیْن۔ سونے اور بیداری کے درمیان۔

بَیْنَ الْجُنُوْنِ وَ الْعَقْل۔ دیوانگی اور ہشیاری کے مابین۔

بِالْعَنَّاس۔ عقاب مراد؛ پرندوں کو نہ چھیڑو۔

بَیْنَ الْخَوْفِ وَ الرَّجَا۔ امید اور خوف کے درمیان۔

بُشْرَ الْکُمُ الْیَوْم۔ آج کے دن تمہارے لیے خوش خبری ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ النَّاصِرِ الْمُعِیْنِ۔ اللہ کے نام سے جو یارو مدگار ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم وَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْم۔ شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحیم ہے اور پناہ مانگتا ہوں اللہ سے شیطان مردود سے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْم۔ اللہ کے نام سے جو بلند ہے اور عظمت والا ہے۔

بِفَضْلِہٖ تَعَالٰی شَانُہٗ۔ اس کے فضل کے ساتھ کہ جس کی شان بلند ہے۔

بَیْنَ الْعَصْرِ وَ الْمَغْرِب۔ عصر اور مغرب کے درمیان۔

بِسْمِ اللّٰہِ لَاحَوْلَ وَ لَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْم۔ شروع اللہ کے نام سے، تمام طاقت اور تمام طاقت صرف خدائے بزرگ و برتر کے لیے ہے۔

تَغَمَّدَہُ اللّٰہُ بِغُفْرَانِہٖ۔ اللہ تعالیٰ آسمانی مغفرت کی (چادر) سے ڈھانپ لے۔

تَغْرِقَہُ النِّسَاءُ وَالسَّابِقُوْن۔ اس کو عورتیں اور اگلے لوگ غرق / تباہ وبرباد کردیں گے۔

تَکَلَّمُ النَّاسَ عَلٰی قَدْرِ عُقُوْلِھِم۔ لوگوں سے ان کی سمجھ کے مطابق بات کرو۔

جَلَّ شَانُہٗ۔ خدا کی عظمت اور شان بڑی ہے۔

جَلَّ جَلَالُہٗ۔ بڑی ہے عظمت اور بزرگی اس خدا کی۔

خُدائے عَزَّوَجَلَّ۔ خدائے بزرگ و برتر۔

خُدائے لَاشَرِیْک۔ خدا جس کا کوئی شریک نہیں۔

خُذْ ھٰذَا الْاَرَاکَ وَلَوْکُنْتَ مُشْتَاقًا۔ اسے لیجیے اگر آپ اس کے مشتاق ہیں۔

رَبُّ الْمَشَارِقِ وَ الْمَغَارِبْ۔ مشرقوں اور مغربوں کا پروردگار۔

زِدْنَاوَکَرِّمْنَا۔ ہماری عزت و تکریم اور بڑھائیں۔

سُبْحَانَ اللّٰہ۔ اللہ کی ذات پاک ہے۔

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَ اللّٰہُ یَھْدِیْ مَنْ یَّشَاءُ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْم۔ اللہ کی ذات پاک ہے اور اللہ جسے چاہتا ہے راہ راست بتادیتا ہے۔

سُبْحَانَ اللّٰہِ بَدِیْعِ السَّمٰوٰت، سُبحانَ اللّٰہِ خَالِقِ الْعَجَائِبَات، سُبحَانَ اللّٰہِ مَنْ اَبْدَعَ ھٰذَا النَّفْسَ الْغَرِیْب مَنْ خَلَق ھٰذا الصُّوْرَۃُ الْعَجِیْب۔ پاک ہے وہ ذات جو آسمانوں کو انوکھے طور پر پیدا کرنے والا ہے، اللہ کی ذات پاک ہے جو انوکھی چیزوں کا پیدا کرنے والا ہے، پاک ہے وہ ذات جس نے انوکھے نفس کو اچھوتے انداز میں پیدا کیا، پاک ہے وہ جس نے عمدہ اور عجیب صورت کو بنایا۔

سُبْحَانَ مَنْ لَا تَخْفٰی عَجَائِبُکَ۔ پاک ہے وہ جس نے تیرے عجائب کو پوشیدہ نہیں رکھا۔

سُبْحَانَ الْمَلِکِ الْمَجِیْد۔ پاک ہے وہ ذات جو بادشاہ ہے بزرگی والا۔

سُبْحَانَ مَنْ جَعَلَ الشَّمْسَ سُلْطَانَ النُّجُوْمِ وَ الشَّمْسَ حُسْنَ انسوانِ الْعُلٰی وَ رَفَعَ الْجِبَال۔ اَلَا عَلَی الَّذِیْ خَلَقَ الْفِرْدَوْسَ خَیْرَ الْجِبَال۔ پاک ہے وہ ذات جس سورج کو ستاروں کا بنایا اور چاند کو بلند مرتبہ عورتوں کا حسن قرار دیا اور پہاڑوں کو بلند کیا۔ اعلیٰ وہ ذات ہے جس نے جنت الفردوس کو خوب بلند وبالا پیدا کیا۔

سِرِّ مَنْ۔ میرا بھید۔

سَیْفُ السَّحَرِ وَبَرْقُ الْبَحْرِ۔ صبح کی تلوار اور سمندر کی بجلی۔

صَلَوٰتٌ بَرْ مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ۔ درود محمد ﷺ پر اور محمد ﷺ کی اولاد پر۔

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ۔ اللہ درود بھیجے اس محمد ﷺ پر اس کی اولاد پر۔

صَلَوٰاتُ اللّٰہِ عَلَیْہِ وَ سَلَامُہٗ۔ اللہ کا درود اور سلامتی اس پر ہو۔

صَلٰوۃُ اللّٰہِ عَلَیْہِ وَ عَلٰی آلِہِ الْاَمْجَادِ۔ اللہ کا درود آپ پر ہو اور سلام آپ کی اولاد پر۔

صَلٰوۃُ اللّٰہِ عَلَیْہِ وَ عَلٰی نَبِیِّنَا۔ درود ہو اس پر اور ہمارے نبی پر۔

ضَرْبُ الْغُلَامِ اِہَانَتُ الْمَوْلٰی۔ غلام کو مارنا آقا کی توہین ہے۔

طَالَ شَوْقِیْ اِلٰی مَنَازِلِکُمْ + اَیُّہَا الْغَائِبُوْنَ عَنْ نَظَرِیْ۔ میرا شوق تمہارے گھروں کی طرف آئے گا۔ وہ لوگو جو میری نظروں سے پوشیدہ ہو۔

عَلٰی صَاحِبِہَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام۔ اس کے رکھنے والے پر درود اور سلام ہو۔

عَلٰی رُؤُسِ الْاَشْہَادِ۔ گواہوں کے سامنے؛ روبرو۔

عَلَیْکُمُ السَّلَامُ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ۔ تجھ پر سلام اور اس کی رحمت۔

عَلَیْکُمْ بِالسَّوَادِ الْاَعْظَمِ۔ سواد اعظم (کثرت) کا ساتھ دینا چاہیے۔

عَلَیْہِ التَّحِیَّۃُ وَالثَّنَا۔ اس پر دعا اور سلام ہو۔

عَلَیْکَ اللَّعْنَۃُ وَ الْعَذَابُ۔ تجھ پر پھٹکار ہو اور عذاب۔

فِعْلُ الْحَکِیْمِ لَا یَخْلُوْ عَنِ الْحِکْمَۃِ۔ حکیم کا فعل حکمت سے خالی نہیں ہوتا۔

فِی قُلُوبِہِمْ مَرَضٌ فَزَادَھُمُ اللّٰہُ۔ ان کے دلوں میں بیماری ہے ان کی بیماری کو اور بڑھا دیا۔

قِسْ عَلٰی ہٰذَا الْبَوَاقِی۔ باقی چیزوں کو اس پر قیاس کر۔

کَیفَ حَالُ الْقَلْبِ فِی نَارِ الْفِرَاق + کفتحش وَاللّٰہِ حَالِی لَا یُطَاق۔ تمہارے فراق کی آگ میں میرے دل کا حال کیا ہوگا۔ اس نے جواب دیا اللہ کی قسم میرا حال تو بیان سے باہر ہے۔

کَانَ نَبِیًّا مِنَ الْاَنْبِیَاءِ جَہِلُوہ قَومَہ۔ (ارسطو کی شان میں وارد ہوا ہے) وہ نبیوں میں سے ایک نبی تھا اور اس کی قوم جاہل تھی۔

کُنْ فِی الدُّنْیَا کَاَنَّکَ غَرِیبٌ اَوْ عَابِرِی سَبِیل۔ تو دنیا میں ایسا رہ کہ گویا تو اجنبی ہے یا مسافر۔

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللّٰہِ عَلِیٌّ وَلِیُّ اللّٰہِ وَصِیُّ رَسُولِ اللّٰہِ۔ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے اور محمد اللہ کے رسول ہیں۔ علی اللہ کے دوست ہیں اور رسول اللہ کے وصی ہیں۔

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ عِیسٰی رُوحُ اللّٰہِ۔ نہیں کوئی معبود اللہ کے سوا اور عیسیٰ اللہ کی روح ہیں۔

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُسَیلَمَۃ وَسَجَاعِ رَسُولُ اللّٰہِ۔ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں مسیلمہ اور سجاع اللہ کے رسول ہیں۔

لِسَانُہَا مَعَ قَلْبِہَا مُغَایِرٌ، وَبَاطِنُہَا مُخَالِفٌ لِلظَّاہِر۔ اس کی زبان اس کے دل کے بالکل مخالف ہے اور اس کا باطن اس کے ظاہر کے برعکس۔

مَالِکُ الْمُلْکِ لَاشَرِیکَ لَہٗ۔ وَحْدَہٗ لَا اِلٰہَ اِلَّا ہُو۔ (وہ ایسی بادشاہت کا مالک ہے جس میں اس کا کوئی شریک نہیں، وہ یکتا ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے۔

مُحَمَّدٌ اَحْمَدُ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم۔ محمد احمد اور ان کی آل پر اللہ کا درود سلام ہو۔

مُحَمَّدٌ حَبِیبُ اللّٰہِ عَلِیٌّ وَلِیُّ اللّٰہِ۔ محمد ﷺ اللہ کے دوست اور علی اللہ کے ولی ہیں۔

مِنْ کُلِّ الْوُجُوہ۔ ہر صورت سے؛ بہر حال؛ بہر صورت۔

مَنْ کَانَ اللّٰہَ کَانَ اللّٰہُ۔ جو اللہ کا ہو گیا اللہ اس کا ہو گیا۔

مُؤَیَّدٌ مِنَ الْحَکِیم۔ حکیم کا تائید کردہ۔

نَعُوذُ بِاللّٰہِ۔ ہم اللہ سے پناہ مانگتے ہیں۔

نَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنْ غَضَبِ الْحَلِیم۔ ہم خدائے حلیم کے غضب سے پناہ مانگتے ہیں۔

نَفَعَ اللّٰہُ بِہٖ النَّاس۔ اللہ تعالیٰ اس کی ذات سے لوگوں کو نفع پہنچائے۔

وَالتَّوفِیقُ مِنَ اللہِ الکُلِّی الحَکِیمِ۔ سب کچھ اللہ کی توفیق سے ہے جو بلند ہے اور حکمت والا بھی ہے۔

وَجَدتُّہٗ لَدارٍ لَہٗ بَابَانِ دَخَلتُ مِنْ بَابٍ وَ خَرَجْتُ مِنْ بَابٍ۔ اسے میں نے گھر کی مانند پایا جس کے دو دروازے ہوں، ایک دروازے سے میں داخل ہوا اور دوسرے دروازے سے نکل گیا۔

وَالسَّلَامُ عَلیٰ مَنِ اتَّبَعَ الْھُدیٰ وَالصَّلوٰۃُ عَلیٰ مُحَمَّدِ الْمُصْطَفےٰ وَآلِ مُجْتَبیٰ۔ سلام ہو اس پر جس نے ہدایت کی پیروی کی اور درود ہو محمد ﷺ پر اور ان کی برگزیدہ آل اور اولاد پر۔

وَقِسْ عَلیٰ ھٰذَا۔ اور اسی پر قیاس کر۔

وَاللہِ حَالٌ لَایُطَاقُ۔ خدا کی قسم حال ناقابل بیان ہے۔

وَاللہُ رَبِّی۔ اور اللہ میرا رب ہے۔

وَھُوَ عَالِمُ البِرِّ وَالْخَفِیَاتِ۔ وہ بھید اور چھپی ہوئی چیزوں کا جاننے والا ہے۔

ھٰذَا الْمَکَانُ الْاَجْنَبِی۔ یہ اجنبی جگہ ہے۔

ھٰذِہٖ وَرَقُ شَجَرَۃُ الْعَجِیبِ۔ یہ عجیب و غریب درخت کا پتا ہے۔

ہٰذَا یَوْمُ الْفَرَحِ وَیَوْمُ السُّرُورِ۔ یہ خوشی اور شادمانی کا دن ہے۔

یَا جَامِعَ الْمُتَفَرِّقِینَ۔ اے بکھر ہوؤں کو جمع کرنے والے۔

یَا خَیْرُ النَّاصِرِینَ۔ اے مددگاروں میں سب سے بہتر۔

یَارَبَّ الْعَالَمِینَ۔ اے جہانوں کے پالنے والے۔

یَا سُلطَانُ فِی الْفِرَاقِ کُشتہ می شوی اولیٰ فی الْجِہَادِ و ہجرِ الْمَحْبُوبِ۔ اے سلطان تو فراق میں مارا جائے گا اس سے بہتر ہے کہ جہاد میں مارا جائے محبوبہ کی جدائی سے۔ محبوبہ کی جدائے مقابلے میں بہتر یہ ہے کہ تو جہاد میں مارا جائے۔

یَا مُجِیبَ الْمُضْطَرِّینَ۔ اے بے قراروں کے دعا قبول کرنے والے۔

یَا مُحَوِّلَ الْاَحْوَالِ حَوِّلْ حَالَنَا اِلیٰ اَحْسَنِ الْحَالِ۔ اے حالات کو تبدیل کرنے والے ہمارے اس حال کو بھی بہتر حال کی طرف پھیر دے۔

یَا ظَفْرَ اِیْلُ اَغِثْنَا۔ اے ظفر ایل ہماری مدد فریاد کو پہنچ۔

یَا مَظْہَرَ الْعَجَائِبِ۔ اے عجیب چیزوں کے مظہر؛ اے عجائبات کے مظہر۔

یَا عَلِیَّ الْعَالِی مَظْہَرَ اَتَمِّ الٰہی۔ اے تو مظہر الہی کا مکمل نمونہ ہے۔

يَا تِمْسَاحُ اَغِثْنِي۔ اے نہنگ میری فریاد کو پہنچ۔

يَتَشَكَّلُ بِاَشْكَالٍ مُخْتَلِفَةٍ۔ مختلف شکلوں میں اپنے کو ظاہر کرتا ہے؛ مختلف صورتوں میں روپ دھارتا ہے۔

يُرِيْدُ سِوَاكَ۔ تیرے سوا ارادہ کرتا ہے؛ تیرے علاوہ چاہتا ہے۔

شخصیات اور مقامات

اَبُو تَمّام۔ حبیب بن اوس، عربی شاعر اور جامع اشعار (سال پیدائش ۸۰۶ء، سال وفات ۸۴۶ء)۔

اَبُو طَالِب کَلِیم۔ ابو طالب کلیم ہمدان میں پیدا ہوا اور ۱۶۵۱ء میں وفات پائی، قدسی کے بعد شاہ جہاں نے اس کو ملک الشعرا کے عہدے پر فائز کیا۔ کلیم نے بادشاہ کی تعریف میں کئی قصیدے لکھے، اس نے اپنے عہد کے دوسرے شعرا کی طرح مضمون آفرینی اور خیال بندی پر بڑا زور صرف کیا لیکن اس کے باوجود اس کے اشعار میں ایک خاص شخصی رنگ جھلکتا ہے، مایوسی، غم، شکایت ابنائے روزگار کے مضامین کثرت سے بیان کرتا ہے اور یہی اس کا رنگ طبیعت معلوم ہوتا ہے۔ اس کی یادگار ایک کلیات ہے جو غزل اور دیگر اصناف پر مشتمل ہے۔

ابراہیم۔ حضرت ابراہیم بڑے جلیل القدر پیغمبر گزرے ہیں، توریت میں آپؑ کا نام ابرام اور ابراہم دونوں طرح آیا ہے۔ سال ولادت ۲۱۶۶ ق م ہے اور آپؑ کی عمر توریت میں ۱۷۵ سال درج ہے۔ سال وفات اس حساب سے ۱۹۸۵ ق م ٹھہرتا ہے۔ والد کا نام تارح تھا یا عربی تلفظ میں آزر۔ وطن آبائی ملک بابل کے کلدانیہ (انگریزی تلفظ میں کالڈیا) تھا۔ جدید جغرافیے میں اس ملک کو عراق کہتے ہیں۔ جس شہر میں آپؑ کی ولادت ہوئی اس کا نام توریت میں اُور آیا ہے۔

اِبْنِ زِیادْ۔ حضرت علیؓ اور حضرت امیر معاویہؓ کے عہد میں مشہور والی عراق۔

اِبْنِ مُقْلَہ۔ ابو علی محمد بن علی بن الحسن ابن مقلہ (۸۸۶ء تا ۹۴۰ء) عباسی خلفا المقتدر، القاہر اور الراضی کا وزیر۔ اس کے علم و فضل کی بڑی شہرت تھی۔ اس کا شمار عربی خطاطی کے موجدوں میں ہوتا ہے۔

اِبْنِ مُلْجَم۔ عبدالرحمٰن بن ملجم مرادی حمیری (۴۰ھ م) اپنے مسلک میں متعصب تھا، اس نے خانۂ کعبہ میں قسم کھائی تھی یا عہد کیا تھا کہ میں ایک روز حضرت علیؓ کو قتل کروں گا چنانچہ اس نے ۱۹ رمضان ۴۰ھ میں فجر کی نماز میں حضرت علیؓ کو شہید کر دیا۔ حضرت علیؓ کے قصاص میں اس کو بھی قتل کر دیا گیا۔

اَبُو تُراب۔ حضرت علیؓ بن ابی طالب کی کنیت۔

اِدْرِیس۔ حضرت ادریسؑ ایک قدیم پیغمبر جن

کا قرآن مجید میں دو جگہ ذکر آیا ہے۔ یہ صدق و صبر کی صفات سے متصف تھے۔

اِسْحاق۔ حضرت اسحٰق، حضرت ابراہیمؑ کے صاحبزادے جن کی پیدائش جرون (دوسرا نام الخلیل) میں ہوئی۔ بڑی طویل عمر پائی اور جرون ہی میں حضرت ابراہیم اور حضرت سارہ کے پہلو میں دفن ہوئے۔

اِلْیاس۔ حضرت الیاس حزقی ایل کے جانشین اور بنی اسرائیل میں ایلیا کے نام سے مشہور تھے۔ انجیل یوحنا میں انہیں ایلیا ہی کہا گیا ہے۔ قرآن میں حضرت الیاس کا ذکر دو جگہ آیا ہے۔ ایک جگہ ان کو صرف انبیا کی فہرست میں شمار آیا ہے اور سورۃ الصافات میں بعثت اور قوم کی ہدایت سے متعلق حالات کو مختصر طور سے بیان کیا ہے۔

اِسْرافیل۔ ایک رئیس فرشتے کا نام ہے جس کے اصل غالباً عبرانی سیرافیم ہے، جو قیامت کے دن دوبار صور پھونکے گا۔ پہلی مرتبہ مخلوق نیست و نابود ہو جائے گی۔ دوسری بار کل مخلوق زندہ ہو جائے گی۔

آدَم۔ حضرت آدم ہی سب سے پہلے بشر تھے اس لیے ابو البشر کہلاتے ہیں اور خلیفۃ اللہ کے اولین مصداق۔ جنت سے جب زمین پر آئے تو غالباً دجلہ و فرات کے دوآبے میں آباد ہوئے جو اب عراق کہلاتا ہے۔ توریت میں ہے کہ آپ کے تین صاحبزادے تھے۔ ہابیل، قابیل اور شیث۔ توریت میں درج ہے کہ عمر ۹۳۰ سال کی پائی۔ عربی میں یہ نام کس مناسبت سے پڑا کسی نے کہا زمین کی جلد (ادیم) سے پیدا ہوئے اور کسی نے کہا اپنی جلد کی سرخی کی بنا پر۔

آذَر کَیْوان۔ زرتشتی روحانی بزرگوں میں سے ایک تھا جس کا اہل شیراز یا اس کے گرد و نواح سے تعلق تھا۔ وہ اپنے مریدوں کے ایک گروہ کے ساتھ ہندوستان گیا۔ آذر کیوان ایک ایسے مذہبی فرقے کا بانی ہے جو زرتشتی، اسلام، برہمنی اور مسیحی ادیان پر مشتمل ہے۔ اس کو ذوالعلوم کا لقب دیا گیا اور جام کیخسرو کے نام سے ایک نظم بھی اس سے منسوب ہے۔

آصَف بِن بَرْخیا۔ حضرت سلیمان کا معتمد خاص، کاتب (وزیر) اور صحابی تھا، اور ان کے شرف صحبت سے اسے تورات اور زبور اور اسمائے صفات الٰہی کے اسرار و حقائق کا گہرا علم حاصل تھا۔ ابن الکلبی کی روایت کے مطابق اس کا نام ناطورا تھا۔

اَلْمُسْتَکْفی بِاللہِ العَبّاسی۔ ابوالقاسم عبداللہ عباسی، امیر الامرا توزون نے خلیفہ المستکفی کو معزول کر دیا تو اس نے اسی روز ستمبر اکتوبر ۹۴۴ء میں المستکفی کو خلیفہ منتخب کر لیا۔ یہ نیا خلیفہ توزون کے

ہاتھوں میں محض ایک کٹھ پتلی کا کام دیتا تھا اور اس کے جانشین ابو جعفر بن شیر زاد کے عہد میں بھی اس کا یہی حال رہا۔ بغداد میں مستقل قحط کی وجہ سے بڑی مصیبت آن پڑی یہاں تک کہ فوجوں کے لیے نہ تو روپیہ مہیا ہو سکتا تھا اور نہ خوراک۔ یوں ملک میں بد نظمی پیدا ہوئی اور اسے معزول کر دیا گیا۔ بالآخر مستکفی باللہ ۹۴۵ء میں فوت ہوا۔

اَلْمُقْتَدِر بِاللّٰہِ الْعَبَّاسی۔ اس کی خلافت کا اعلان اگست ۹۰۸ء میں ہوا جب اس کی عمر صرف تیرہ برس کی تھی لیکن بہت سے لوگ عبداللہ کو ترجیح دیتے تھے چنانچہ المقتدر کو معزول کر دیا گیا اور ابن المعتز خلیفہ منتخب ہوا، خواجہ سرا مونس المقتدر کو بچانے کے لیے اٹھ کھڑا ہوا، ابن المعتز قتل ہو گیا اور المقتدر کی خلافت قائم رہی۔ تاہم بہت کم اس نے خود مختاری کا ثبوت دیا۔ اس کی خلافت بتدریج زوال پذیر ہونے لگی اور مختلف خاندان خود مختار ہونے لگے اور خانہ جنگی شروع ہو گئی۔ بالآخر مقتدر لڑائی میں کام آیا جبکہ ۳۱ اکتوبر ۹۳۲ء کو پیش آیا۔

اِمْرَاءُ الْقَیس۔ امراء القیس بن حجر الکندی اہل نجد سے تعلق رکھتا تھا۔ اس نے اپنی محبوبہ فاطمہ کی شان میں بہت اشعار لکھے ہیں۔ اس پر اس کے باپ نے امراء القیس کو گھر سے نکال دیا۔ عربی میں پہلی مرتبہ امراء القیس نے نازک اور لطیف مضامین باندھے۔ یہ ان سات مشہور شعراء میں سے ایک ہے جو دور جاہلیت میں شعر و سخن میں ممتاز تھے۔ اس کا ایک قصیدہ اپنے محاسن کی وجہ سے سبع معلقہ میں شامل اور اس کو خانۂ خدا پر آویزاں کیا گیا۔ امراء القیس کا انتقال ۵۳۰ء اور ۵۴۰ء کے درمیان ہوا۔ وہ عہد جاہلی کے مشہور ترین شعراء میں تھا۔

اَفْلَاطُون۔ افلاطون یونان کا مشہور ترین فلسفی ۲۸۔۴۲۷ ق م میں پیدا ہوا۔ ۴۸۔۳۴۷ ق م میں فوت ہوا۔ یہ اثینیہ کے ایک ممتاز خاندان کا فرد تھا۔ اس نے ۳۸۷ ق م کے لگ بھگ ایک اکادمی قائم کی جو فلسفیانہ اور علمی تحقیقات کے لیے تھی افلاطون کے "مکالمات" اور "ریاست" اپنی نوعیت کے بے مثل کارنامے خیال کیے جاتے ہیں اور ان کا ترجمہ دنیا کی مختلف زبانوں میں کیا جا چکا ہے۔

اَرَسْطُو۔ ارسطو ۳۸۴ ق م میں یونان کی ایک نو آبادی میں پیدا ہوا۔ وہ ۱۸ سال کی عمر میں اثینیہ آ گیا تھا۔ تین سال بعد افلاطون کی شاگردی اختیار کی۔ اس نے اثینیہ میں بیس سال قیام کیا اور ایک اسکول قائم کیا۔ افلاطون کے انتقال کے بعد ارسطو کو اثینیہ بعض ناگزیر حالات کی بنا پر چھوڑنا پڑا۔ ۳۴۲ ق م میں ارسطو کو مقدونیہ کے بادشاہ نے اپنے بیٹے سکندر کی تربیت کے لیے طلب کیا۔ سکندر ارسطو کی شاگردی میں تقریباً تین سال رہا اور یہ سلسلہ اس وقت منقطع ہوا جب ۳۳۴ ق م میں سکندر نے ایشیا پر حملے کی تیاری کی۔ ارسطو نے ۶۲ سال کی عمر میں

۳۲۲ ق م میں انتقال کیا۔

اَرْدشیر بابَکان۔ اردشیر ساسانی خاندان کا بانی تھا۔ یونانی اور رومی مصنفین اردشیر کی پارتھین قوم پر فتح اور رومیوں سے اس کی جنگ کا ذکر کرتے ہیں، اردشیر بابک کا دوسرا بیٹا تھا، بابک اور اس کے بڑے لڑکے شاپور کی وفات کے بعد اردشیر تخت نشین ہوا۔ اس کی تخت نشینی کا سال تقریباً ۲۱۲ء بتایا جاتا ہے، وہ ساسانی خاندانی کا بڑا اولوالعزم بادشاہ تھا۔ اس کا انتقال ۲۴۱ء میں ہوا۔

اَفراسِیاب۔ ایرانی روایت کے مطابق تورانیوں کا افسانوی بادشاہ، جو ایران کے کیانی بادشاہوں کے ساتھ لڑتا رہا اور آخر کار کیخسرو بن سیاوش کے زمانے میں مارا گیا۔

اَرْجُن۔ ہندوستان کا مشہور تیر انداز سورما؛ راجا پانڈو کا بیٹا جس نے مہابھارت کی جنگ میں نمایاں کردار ادا کیا۔

اُجَّین۔ مدھیہ پردیش (ہندوستان) سطح مرتفع مالوہ پر ہندوؤں کے سات مقدس شہروں میں سے ایک قدیم شہر، یہاں پارچات، کپاس، اناج اور افیون کی تجارت ہوتی ہے، مشہور تیرتھ ہے، یہاں کئی میلے ہوتے ہیں۔ پرانی رصدگاہ جو تقریباً ۱۷۳۰ء میں تعمیر ہوئی اس کے کھنڈر قریب ہی جنوب میں ہیں۔ مختلف ادوار میں کئی حکمران یہاں برسر اقتدار رہے۔ یہاں ایک یونیورسٹی بھی ہے۔

اَرْمَن۔ (ارمینیہ، آرمیاؔ) ارمیا ایشیائے قریب کا مرکزی اور بلند ترین حصہ ہے جو دو پہاڑی سلسلوں کے درمیان گھرا ہوا ہے، ارمیا کے کوہی اور آبی نظام اس طرح کے ہیں کہ یہ سرزمین متعدد وادیوں میں تقسیم ہوگئی ہے جو ایک دوسری سے بلند پہاڑوں کے باعث جدا جدا ہوگئی ہیں۔ یہ ملک مختلف قوموں کے زیر نگیں رہا ہے۔ عربوں کی فتح کے بعد اس کے نظم و نسق میں بڑا تغیر ہوا۔ تجارتی پیداوار اور صنعت میں ارمینیہ اسلامی خلافت کے زرخیز ترین صوبوں میں شمار کیا جاتا تھا۔ یہ خطہ معدنیات میں دولت مند ہے۔

اِسْپین۔ (الاندلس: سپانیہ) ایک جغرافیائی اصطلاح جس سے ازمنۂ وسطیٰ کے خاتمے تک جزیرہ نمائے آئی بیریا مراد لیا جاتا تھا یعنی موجودہ سپانیہ اور پرتگال۔ موجودہ سپانیہ اور پرتگال پر مشتمل قدیم اسلامی ملک جہاں مسلمانوں نے آٹھ سو برس (۷۱۱ء تا ۱۴۹۲ء) حکومت کی۔ جزیرہ نمائے اسپین یورپ کے سب سے زیادہ ہموار علاقوں میں سے ہے۔

اَسْکَنْدَرِیہ۔ (اسکندرون) اسکندریہ کی بنیاد اسکندر اعظم نے ۳۳۲ ق م میں رکھی۔ جب یہ شہر عربوں کے قبضے میں آیا تو مصر کا دارالحکومت تھا اور

اگرچہ اس کی اپنی عظمت و شوکت کم ہو چکی تھی تاہم اس وقت بھی ایک بڑا اور عالی شان شہر تھا، الاسکندریہ کا موجودہ شہر تقریباً پورے کا پورا نئے زمانے میں تعمیر ہوا ہے، یہ مصر کی سب سے بڑی بندرگاہ ہے اور مصر کا اہم ترین تجارتی مرکز ہے۔

اَلبرُز۔ ایک کوہستانی سلسلہ جو ایک طرف وسط فارس کی سطح مرتفع کو بحر خزر کے نشیب سے جدا کرتا ہے، اور دوسری طرف کوہ قاف کے سلسلے کو کوہستان ہندوکش سے ملاتا بھی ہے۔ مغربی حصے کی بلندی ہزار فٹ سے کچھ ہی کم ہے اور اس میں سب سے اونچی چوٹی دماوند ہے جس کی بلندی اٹھارہ ہزار فٹ سے زیادہ ہے اس پہاڑ کی شمالی ڈھلان پر گھنے جنگل ہیں لیکن جنوبی سمت میں نباتاتی پیداوار کم ہے، کیونکہ یہاں بارش نسبتہً بہت کم ہوتی ہے۔ سب سے پہلا ایرانی جغرافیہ داں جس نے اس سلسلۂ کوہ کو کوہ البرز کہا ہے۔ حمد اللہ المستوفی تھا۔

اَنطاکیہ۔ یہ شہر دریائے عاصی کے کنارے بحیرۂ روم کے ساحل سے چودہ میل کے فاصلے پر واقع ہے، اس کی بنیاد رومی سپہ سالار سلیوکس اول نے ۳۰۰ ق م میں رکھی تھی جس کے بعد وہ ایشیا میں رومیوں کا سب سے اہم شہر اور سلطنت روما کی ایشیائی ولایات کا صدر مقام بن گیا۔

ابتدائی خلفائے اسلام کے عہد میں انطاکیہ کا ذکر بہت کم ملتا ہے، تاہم یہ شہر عربوں کے سرحدی فوجی نظام کا صدر مقام تھا اور بظاہر علمی سرگرمیوں کا ایک فعال مرکز بنا رہا۔

اَوقیانُوس۔ بحر اوقیانوس المحیط یا صرف اوقیانوس۔ اس سمندر کے متعلق یہ خیال بھی تھا کہ اس نے چاروں طرف سے یا کم از کم تین سمتوں یعنی مغرب، شمال اور مشرق سے ربع مسکون کو گھیر رکھا ہے اوقیانوس کو بحر ظلمات کا مترادف سمجھا جاتا ہے اور اس کا اطلاق شمالی اوقیانوس پر موسم کی خرابی اور پرخطر حالت کی بنا پر ہوتا ہے، عرب مصنفین اس بات پر متفق ہیں کہ بحر اوقیانوس جہازوں کے لیے ناقابل عبور ہے اس کے باوجود مسلمانوں کے جہاز بحر اوقیانوس میں آتے جاتے تھے۔

اَہواز۔ ایران کا ایک شہر جو دریائے کارون پر واقع ہے۔ اموی اور عباسی دور خلافت میں اہواز برابر خوش حال رہا۔ یہ علاقہ گنے کی کاشت کا مرکز تھا، خوزستان میں تیل کے اہم چشمے دریافت ہونے کے بعد اس کی قسمت کچھ ایسی سنبھلی کہ ۱۹۲۶ء میں یہ شہر پھر خوزستان کا صدر مقام بن گیا، اس شہر کو ایران کے آرپار جانے والی ریلوے کے جاری ہو جانے سے بڑا فائدہ پہنچا۔ یہ ریلوے لائن دریائے کارون کو ایک خوبصورت پل کے ذریعے عبور کرتی ہے جس کی بنیاد قدیم بند کے کھنڈروں پر رکھی گئی ہے۔

بادشاہی مسجد۔ عالی شان اسلامی عبادت گاہ جو لاہور شہر کے شمال میں قلعہ کے مغربی جانب واقع ہے۔ عالمگیر اعظم کے کوکہ فدائی کے زیر اہتمام ۱۶۷۳ء میں مکمل ہوئی تھی، عموماً دنیا کی سب سے بڑی مسجد خیال کی جاتی ہے اور اس میں کم و بیش ایک لاکھ آدمی نماز پڑھ سکتے ہیں۔ مسجد کے چاروں کونوں پر چار حسین و جمیل مینار ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ میناروں کی تعمیر میں یہ دلچسپ بات پیدا کی گئی ہے کہ مسجد کے ہر مینار سے جہانگیر کے مقبرے کے چاروں میناروں میں سے صرف تین ہی مینار نظر آتے ہیں۔ یہ اس زمانے کے فن تعمیر کا ادنیٰ کمال ہے۔

بصرہ۔ زیریں دوآبہ عراق کا ایک قصبہ جو شط العرب پر بغداد سے جنوب مشرق میں ۲۷۹ میل (۴۲۰ کلومیٹر) کے فاصلے پر واقع ہے۔ مرور ایام سے اس کی جگہ بدلی گئی ہے۔ قصبے کے اتنی جلدی ترقی کر جانے کا سبب تیل کے چشموں کی دریافت ہے جو زبیر کے مغرب میں پائے گئے۔

کہا جاتا ہے کہ "بصرہ" کے لفظی معنی ہیں "سیاہ رنگ ریزے" چونکہ یہاں ایسے سنگ ریزے تھے لہٰذا یہ نام رکھ لیا گیا۔ یہ تمام شط العرب سے تخمیناً پندرہ کلومیٹر کے فاصلے پر ہے۔ اس میں شک نہیں کہ البصرہ ازمنہ وسطیٰ کا بہت بڑا شہر تھا۔ بلکہ اسے واقعی ام البلاد کہنا چاہیے۔ آج کا بصرہ اپنی صنعت و حرفت، کھجوروں اور تیل کی فراوانی کی وجہ سے عراق کا ایک اہم شہر ہے۔

بطلیموس۔ حکیم بطلیموس دوسری صدی عیسوی میں مصر کا ایک مشہور مہندس جس نے زمین کے مرکز ہونے کا نظریہ پیش کیا اور ایک رصد گاہ بھی بنائی اور جس کا فلسفہ نظام بطلیموس کہلاتا ہے۔ مجسطی اس کی مشہور تصنیف ہے۔

بغداد۔ دریائے دجلہ کے دونوں کناروں پر آباد ہے، اس کی بنیاد آٹھویں صدی عیسوی میں رکھی گئی اور اس وقت سے خلافت عباسیہ کے خاتمے تک یہ برابر دارالخلافہ اور صدہا سال تک عالم اسلام کا ثقافتی مرکز رہا۔ اس کے نام کے بارے میں مختلف نظریات ہیں۔ جدید مصنفین کا رجحان عموماً اس طرف ہے کہ بغداد دراصل "باغ داد" ہے یعنی وہ باغ جہاں نوشیرواں مظلوموں کی فریاد رسی کیا کرتا تھا۔ بغداد ثقافت کا عظیم مرکز رہا ہے، یہ حنفی اور حنبلی فقہ کا گھر تھا۔ موجودہ بغداد بہت کچھ بدل گیا ہے، قدیم عمارتوں کی طرز کے بجائے شہر کے باہر مکان مغربی انداز پر تیار ہو گئے ہیں، پرانی آبادیوں کی شکل رفتہ رفتہ بدلتی جا رہی ہے، کشتیوں کا پل اب ناپید ہے اور چار پختہ پل تعمیر ہو گئے ہیں۔

بقراط۔ قدیم زمانے کا سب سے بڑا طبیب جو عالمگیر شہرت کا مالک تھا، بقراط ایک عظیم یونانی

طبیب تھا، اس کی تصانیف کا مختلف زبانوں میں ترجمہ کیا گیا، عرب مصنفین بقراط کا زمانہ اسکندر سے تقریباً سو سال قبل بتاتے ہیں، اس کی سکونت حمص میں تھی اور بعد میں دمشق میں، وہ موخرالذکر شہر کے ایک باغ میں ایک جگہ درس دیا کرتا تھا۔ جو اب یہ 'صفۂ بقراط' کے نام سے موسوم ہے، تقریباً ۳۷۵ ق م میں فوت ہوا۔

بکرماجیت۔ راجا بکرماجیت اجین کے حکمران ۵۷ ق م بھرتری ہری مشہور عالم اور شاعر کا بھائی تھا۔ سنہ بکرمی اسی سے منسوب ہے۔

بلقیس۔ شہر سبا کی ملکہ جو بعد میں ایمان لا کر حضرت سلیمانؑ کی زوجہ بنیں، ایک خوبصورت اور ذہین عورت جو ملک سبا کی حکمران تھی، ملکہ بلقیس ان تاریخی شخصیات میں ہے جن کا نام لیے بغیر قرآن مجید نے ذکر کیا ہے۔ قرآن کریم نے ملکہ سبا (بلقیس) کا قصہ بڑے اختصار اور جامعیت کے ساتھ بیان کیا ہے۔ (۲۷/ ۲۲-۴۴)۔ بعض روایات کے مطابق حضرت سلیمان علیہ السلام نے ملکہ بلقیس سے شادی کر لی اور اسے اپنے ملک پر بطور حکمران برقرار رکھا۔ اس سے محبت کرتے، ہر ماہ ایک دفعہ اس سے ملنے کے لیے جاتے، اس سے اولاد بھی ہوئی۔

بلیناس۔ حکیم بلیناس تقریباً ۲۶۲ ق م، ایک مشہور ریاضی داں اور فلکیات کا ماہر جس کی کئی کتابوں کا عربی میں ترجمہ ہو چکا ہے، یہ سکندر رومی کا جلیس و مشیر تھا اور اس کو علم سحر بھی حاصل تھا۔

بہزاد۔ کمال الدین بہزاد ایران کے مشہور ترین مصوروں میں شمار کیا جاتا ہے، شاہ اسمٰعیل صفوی اس کا قدردان تھا۔

بیت الحرام۔ (المسجد الحرام)۔ مکہ معظمہ کی مسجد کا نام، اس مقدس عبادت گاہ میں، کعبہ، زمزم اور مقام ابراہیم شامل ہیں۔ تینوں مقام کھلی جگہ واقع ہیں، ۸۔ ہجری میں فتح مکہ کے موقع پر خانۂ کعبہ کی بتوں سے تطہیر کی گئی اور اس میں نمازیں ادا کی گئیں، یہ مسجد کئی صدیوں سے اسلامی دنیا کے بزرگ ترین شہر کا عملی مرکز رہی ہے اس وجہ سے مسجد کے اندر اور اس کے نزدیک مدرسے اور رواق بن گئے ہیں۔

بیت المقدس۔ (القدس) القدس، یروشلم کا عام عربی نام جسے قدیم مصنفین عام طور پر بیت المقدس کہتے ہیں، یہ دنیا کا قدیم ترین شہر ہے، یہودیوں، عیسائیوں اور مسلمانوں کے لیے یکساں طور پر متبرک ہے۔ بیت المقدس اسرائیلی مملکت کا دارالحکومت ہے، مشرقی یورپ اور روس سے یہودیوں کی آمد لگاتار جاری ہے جس کی وجہ سے نئے محلے اور نئی آبادیاں قائم ہو رہی ہیں، شہر کو خوبصورت اور کشادہ بنانے کے بہانے عربوں کے

محلے اور اسلامی آثار و مقامات منہدم کیے جا رہے ہیں۔ بیت المقدس یہودیوں کا دینی اور تعلیمی مرکز بھی ہے۔ یہاں عبرانی یونیورسٹی ۱۹۲۵ء سے قائم ہے۔

بھیشم سین۔ ایک ہندو راجا۔

جدہ۔ بحر احمر پر سعودی عرب کی ایک بندرگاہ، پختہ سڑک کے ذریعے جدہ سے مکہ معظمہ ۷۲ کلو میٹر اور مدینہ منورہ سے ۴۱۹ کلو میٹر کے فاصلے پر واقع ہے۔ جدہ سعودی عرب کا ایک اہم تجارتی مرکز بھی ہے، بری، بحری اور ہوائی راستوں کا مستقر ہے۔ آج دنیا کا سب سے بڑا ہوائی اڈہ یہیں ہے۔

جعفر صادق۔ حضرت جعفر صادق شیعہ امامیہ کے بارہ اماموں میں سے چھٹے امام جنہیں اسمٰعیلیہ بھی قدر و منزلت کی نظر سے دیکھتے ہیں اور اپنا چھٹا امام مانتے ہیں۔ جلیل القدر تبع تابعین میں سے تھے۔ وہ علم دین و ادب کا سرچشمہ، حکمت کا بحر زخار، زہد و تقویٰ میں کامل تھے۔ تاریخ پیدائش میں اختلاف ہے۔ بعض کے نزدیک ان کی ولادت ۲۴ مئی ۶۹۹ء کو ہوئی اور وفات ۷۶۵ء میں ہوئی۔ جنت البقیع میں دفن ہوئے۔

جمشید۔ جمشید بادشاہ حضرت عیسیٰؑ سے آٹھ سو سال قبل خاندان پیش دادیان سے فارس کا بادشاہ تھا۔ اس کا جام جمشید جسے جام جم بھی کہتے ہیں اور تخت جمشید بہت مشہور ہیں۔ جام جمشید دنیا کے عجائبات میں تھا۔ کہا جاتا ہے کہ شراب جمشید ہی نے ایجاد کی تھی، مختلف علوم و فنون کی ایجاد کا سہرا جو آگے چل کر تہذیب و تمدن کا جزبنے، جمشید ہی کے سر ہے۔ ضحاک نے اس کو قتل کیا۔

جُوَیریہ۔ حضرت جویریہ ام المومنین قبیلہ بنو مصطلق کے سردار الحارث بن ابی ضرار الخزاعی کی دختر اور نبی کریم ﷺ کی زوجہ محترمہ۔ حضرت جویریہ نے تقریباً ستر برس کی عمر پا کر ۵۶ھ میں وفات پائی اور والیٔ مدینہ مروان بن الحکم نے نماز جنازہ پڑھائی۔

جَیحُوں۔ ایران کا ایک مشہور دریا جو بلخ کے علاقے سے بہتا ہوا ایران میں آتا ہے۔

چِین۔ چین کا موجودہ سرکاری نام "عوامی جمہوریہ چین" ہے۔ مشرقی ایشیا کا ایک وسیع و عریض اور گنجان آباد ملک ہے جس کی آبادی آج تقریباً ایک ارب ہے، چینی قوم اشتراکیت کو اپناتے ہوئے ترقی کی راہ پر گام زن ہے، اقوام عالم میں اپنا ایک مقام رکھتی ہے۔

حَاتم طَائی۔ حاتم طائی زمانۂ جاہلیت کا ایک شہسوار اور شاعر جو چھٹی صدی کے نصف ثانی سے لے کر ساتویں صدی کے آغاز تک زندہ رہا۔ ایک صاحب مروت شخص کے اوصاف، خاص طور پر

مہمان نوازی اور سخاوت کرنے میں اس نے اپنی ضروریات کی پروا نہیں کی، بے اندازہ جود و سخا کی جانب یہ میلان اس سے اوائل ہی میں ظاہر ہو گیا تھا، اس کی فیاضی ضرب المثل تھی۔

حُبُش۔ افریقہ کا ایک ملک، اس کا پایۂ تخت ادیس ابابا ہے۔ ہیل سلاسی نے حیثیت حاکم اعلیٰ کے ملک کو ترقی دی۔ معدنیات کے لیے یہ ملک ہمیشہ سے مشہور رہا ہے۔ یہاں کا مذہب عیسائیت ہے گو دیگر اقوام بھی آباد ہیں۔

حِجَاز۔ جزیرۃ العرب کا شمال مغربی حصہ، جہاں آفتاب اسلام طلوع ہوا، یہ اب بھی اسلام کا روحانی مرکز ہے، یہیں کعبہ یعنی بیت اللہ شریف واقع ہے، حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کے وطن مالوف اور منزل الوحی، نیز زمانے میں اسلامی ریاست کے صدر ضلع کی حیثیت سے، الحجاز مسلمانوں کے نزدیک ارض مقدس ہے۔

حَرّان۔ قدیم اور مشہور شہر، عباسی عہد کے آغاز میں حران نے ثقافت کے میدان میں ایک اہم کردار ادا کیا، یہ شہر مترجمین کے ایک اہم ترین مکتب کا گھر تھا، ثابت بن قرہ کے زیر ہدایت صابئین نے ریاضیات اور نجوم کی بے شمار یونانی کتابوں کا ترجمہ کیا۔

حَسَن۔ حضرت حسنؓ شیعوں کے دوسرے امام ہیں، حضرت حسنؓ کم و بیش آٹھ سال تک آنحضرت ﷺ کی آغوش مبارک میں رہے، حضرت حسنؓ شکل و صورت میں آنحضرت ﷺ سے مشابہ تھے۔ امام حسنؓ کی ذات گرامی میں امام برحق کے تمام اوصاف و کمالات بدرجۂ اتم موجود تھے، وہ اخلاق حمیدہ اور اوصاف جمیلہ کے مالک تھے۔ حضرت حسنؓ کا انتقال بہ اختلاف روایات ۵۸ھ یا ۵۹ھ میں ہوا۔

حَسَن عَسْکَری۔ حسن العسکری مدینہ منورہ میں ۲۳۲ھ (۸۴۷ء) میں پیدا ہوئے، ۸۷۳ء میں انتقال فرمایا، اثنا عشری شیعوں کے گیارہویں امام ہیں۔

حَسَنَیْن۔ مراد امام حسنؓ اور امام حسینؓ۔

حُسَین۔ الحسین بن علیؓ، شیعوں کے تیسرے امام، رسول کریم ﷺ کے چہیتے نواسے، اپنے بھائی امام حسنؓ سے کچھ چھوٹے تھے۔ آنحضرت ﷺ دونوں سے یکساں محبت فرماتے تھے، امام حسین کی پاکیزگی ذات و صفات مسلم، حضرت امام کا عبادت و ریاضت معمول تھا، بکثرت نوافل پڑھتے تھے، روزے کثرت سے رکھتے تھے اور سادہ غذا سے روزہ افطار فرماتے تھے، قیام اللیل آپ کا معمول تھا، امام حسینؓ کا وہ کارنامہ جس نے بین الاقوامی شہرت حاصل کی "عاشورہ ۶۱ھ کی قربانی" ہے۔

حَلَبْ۔ ملک شام کے شہروں میں دوسرے درجے پر ہے، یہ دنیا کے قدیم ترین شہروں میں سے ہے جو اب تک مرکز تجارت وصنعت کے اعتبار سے بڑی اہمیت کا حامل ہے، حلبی آئینے آج تک ضرب المثل ہیں۔

حَوَّا عَلَیْہَا السَّلَام۔ حضرت آدمؑ کی زوجۂ محترمہ جو بہشت میں اپنے شوہر کی پسلی سے پیدا کی گئیں لیکن اس عمل سے حضرت آدمؑ کو کوئی تکلیف محسوس نہیں ہوئی، پیدائش کے اس طریقے سے میاں بیوی کی زندگی میں خوش گوار اور ہم آہنگی پیدا کرنا مقصد تھا، بہشت سے نکالے جانے کے بعد حضرت آدمؑ اور حضرت حوا نے مکے جا کر حج کیا اور بہت سی دوسری رسوم ادا کیں۔ حضرت آدمؑ کے دو سال بعد وفات پائی۔

خُتَنْ۔ چینی ترکستان کا ایک شہر ہے، ریشم کی صنعت کو یہاں قدیم زمانے سے فروغ حاصل رہا ہے چنانچہ جدید شہر میں یہ صنعت اب تک باقی ہے۔

خِضْر۔ حضرت خضر کے بارے میں مختلف روایات ہیں، بعض کہتے ہیں کہ خضر نام ہے اور اکثر کا قول ہے کہ یہ لقب ہے پھر نام کے بارے میں بھی مختلف اقوال ہیں اسی طرح ان کی حیات وموت کے ضمن میں بعض کا خیال ہے کہ ان کو حیات ابدی حاصل ہے اور وہ اب تک زندہ ہیں اور جلیل القدر محققین فرماتے ہیں کہ ان کے لیے حیات ابدی کا ثبوت نہ قرآن سے ثابت نہ احادیث سے۔ لہٰذا وہ بھی انسانی دنیا کی طرح اپنی طبعی موت سے وفات پا چکے۔

دَارَا۔ دارا یا داراب سوم کیانی خاندان کا نواں بادشاہ جو اپنے باپ دارادوم کے بعد تخت نشین ہوا، ۳۳۱ ق م میں سکندر کے مقابلے میں شکست کھائی اور قتل ہوا، اس طرح دارا کی دولت و حکومت سکندر کے قبضے میں آئی، دارا فارس کا بہت مشہور بادشاہ ہوا ہے۔

دَاوٗد۔ حضرت داؤد کا زمانہ حکومت ۱۰۱۳ق م تا ۹۷۳ق م ہے، زبور کے نام سے جو کتاب حضرت داؤد کی جانب منسوب ہے وہ عہد عتیق کے مجموعۂ صحائف میں سے ایک صحیفہ ہے اور اس مجموعہ کے نمبر ۱۹ پر ہے اس میں احکام ومسائل شریعت درج نہیں بلکہ صرف حمد، مناجات دعائیں وغیرہ ہیں اور جا بجا آخری نبی کی بابت پیش گوئیاں بھی پیش گوئیوں کے ڈھکے ہوئے انداز میں موجود ہیں۔

دِمَشْق۔ شام کا سب سے بڑا شہر اور دار الحکومت ۱۹۰۴ء سے ہر سال یہاں موسم گرما کے ختم ہونے پر ایک اہم بین الاقوامی نمائش لگتی ہے، دمشق کو مشرق قریب کے عرب ممالک کا ایک عظیم تجارتی وصنعتی مرکز بنانے میں اس نمائش کا حصہ ہے، ملک

کی دو یونیورسٹیوں میں سے ایک دمشق میں ہے جس کی بنیاد ۱۹۲۳ء میں رکھی گئی تھی۔ دوسری حلب میں جو ۱۹۶۰ء میں قائم ہوئی تھی۔

دُوْج بیاش۔ ایک برہمن تمام قوم ہنود کا مرشد و رہنما ہے چونکہ اس نے بہت سے علوم حاصل کیے اس لیے اس کو دوج بیاس یا بیاس ثانی کا خطاب دیا ہے اور بیاس زمانۂ گزشتہ میں ایک بڑا عالم گزرا ہے جس نے بید کی تشریح کی تھی۔

دَرُوپدی۔ (ہندو روایت) ریاست پنچال کے راجا دروپد کی خوبصورت بیٹی تھی جسے سوئمبر میں ارجن جیت کر لایا تھا، ارجن کی ماں کنتی کے مشورے پر وہ پانچوں پانڈو بھائیوں کی یعنی یدھشٹر، بھیم، ارجن، نکل اور سہدیو کی مشترکہ بیوی بنی، پانڈوں کی بارہ سالہ جلا وطنی کے زمانے میں ایک ہندو راجا سے اکیلا پا کر اٹھالے گیا لیکن پانڈوؤں نے اسے راستے میں جا پکڑا اور وہ دروپدی کو چھوڑ کر بھاگ گیا، دروپدی کے پانچوں شوہروں سے اس کے پانچ بیٹے تھے جو مہا بھارت کی جنگ میں کام آئے۔ آخری عمر میں دروپدی پانڈوؤں کے ساتھ ہمالیہ پہاڑ پر چلی گئی جہاں اس نے وفات پائی۔

دیارِ بکر۔ یعنی بنو بکر کی سرزمین، وطن جو جزیرہ (العراق) کے شمالی صوبے کا نام ہے، اسے دیار بکر اس لیے کہتے ہیں کہ پہلی صدی ہجری / ساتویں صدی عیسوی کے دوران میں یہ بکر بن وائل کے قبیلہ ربیعہ کے ممتاز گروہ کا مسکن بن گیا تھا۔
قرون وسطیٰ میں اعلیٰ درجے کے ماہرین سنگ تراشوں کا بھی ایک دبستان دیار بکر میں تیار ہو گیا تھا جس نے نہ صرف فنی اعتبار سے بہت بلند پایہ ہنت کاری کے نمونے ان کی دیواروں پر نقش کیے بلکہ آرائشی تحریر (خط طغرئی) جو ان دنوں یادگاری عمارتوں کی بیرونی تزئینیات میں اضافہ کرنے کے سلسلے میں مقبول تھا، ایک مخصوص اسلوب خشتے میں تحریک کا کام دیا۔

ذُوالقَرنَین۔ دو سینگوں والا سکندر ذوالقرنین، ایک طاقتور صاحب فتوحات بادشاہ کا قرآنی عرف۔

راگھوداس۔ ایک پنڈت جو اپنے دور میں علم و فضل میں بڑی شہرت رکھتا تھا۔

رَام دَاس۔ راجا بھیم سین کا ایک غلام۔

رُستم دَستان۔ فارس کے بارہ پہلوانوں میں سے ایک شہرہ آفاق سنہ عیسوی سے نو سو برس پہلے کا پہلوان؛ شاہنامہ فردوسی کا ہیرو؛ زال بن سام بن نریمان کا بیٹا، سہراب کا باپ، شجاعت میں ضرب المثل۔

رُوْم۔ فارسی اور ترکی زبانوں میں بوزنطی سلطنت کا نام۔ روم کے معنی ہیں بلاد الرومان یا بوزنطیوں کی

سرزمین، وسط ایشیا میں روم کا لفظ سلطنت روما کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے، مرور زمانہ کے ساتھ ساتھ اس کا اطلاق محدود ہوتا گیا۔ آج کل روم ملک اطالیہ کا حصہ ہے اور پاپائے روم کی جائے پناہ۔

زَکَرِیا۔ حضرت زکریا بنی اسرائیل میں سے ہیں اور ان کا تذکرہ قرآن مجید میں موجود ہے۔ حضرت زکریا اولاد سلیمان بن داؤد میں سے تھے۔ وہ ہیکل کے کاہنوں میں شامل تھے (یہ کاہن عربوں کے کاہنوں سے بالکل الگ اور ارفع ہوئے تھے) بنی اسرائیل میں یہ ایک بہت معزز عہدہ تصور ہوتا تھا، حضرت زکریا کی شہادت کے سلسلے میں ابن الاثیر نے بیان کیا ہے کہ بعثت مسیح سے جو احکام توریت منسوخ ہوئے ان میں سے ایک بھتیجی سے نکاح بھی تھا، بنی اسرائیل کا ایک بادشاہ ہیرودس اپنی ایک بھتیجی سے نکاح کرنا چاہتا تھا، حضرت زکریا چونکہ شریعت عیسوی پر ایمان رکھتے تھے اس لیے مانع ہوئے، تب بادشاہ نے حکم دیا کہ انہیں ذبح کر دیا جائے۔ حضرت زکریا جان بچانے کے لیے ایک باغ میں پہنچے اور ایک درخت کے تنے میں پناہ لی، بادشاہ کے آدمیوں نے درخت کو حضرت زکریا سمیت آرے سے چیر دیا۔

زَنجبار۔ (زنجبار) اسی نام کے ایک جزیرہ کا دارالحکومت جو افریقہ کے مشرقی ساحل سے کچھ فاصلے پر واقع ہے اور اب تنزانیہ کا ایک صوبہ ہے۔ یہ شہر جزیرے کے جنوبی حصہ میں بندرگاہ جاموبو سے شمال مشرق کی طرف ۲۶ میل کے فاصلے پر واقع ہے۔

زَینُ العابِدین۔ علی بن الحسین حضرت علیؓ کے پوتے اور اہل بیت نبوی کے چشم و چراغ تھے، فرقہ امامیہ کے چوتھے امام (م ۷۱۰ء یا ۷۱۲ء) اپنے زہد و عبادت کی وجہ سے زین العابدین مشہور تھے اور حلم و ورع میں اپنی نظیر آپ تھے۔ مدینہ منورہ میں پیدا ہوئے اور وہیں ۷۱۲ء میں وفات پائی، کثیر الاولاد تھے۔

سَام۔ حضرت نوح علیہ السلام کے پہلے اور چہیتے بیٹے تھے اور حضرت نوحؑ نے انہیں اپنا جانشین مقرر کیا، عربوں کو ہمیشہ سام کی اولاد بتایا جاتا ہے، جب حضرت نوحؑ نے زمین اپنے بیٹوں میں تقسیم کی تو اس کا مرکزی حصہ یعنی دریائے نیل، فرات و دجلہ اور جیحوں سیحون کا درمیانی علاقہ سام کو دیا۔ سام خود مکے میں رہتے تھے۔

سَام۔ رستم کا دادا اور نریمان کا لڑکا جو ایران کا زور آور پہلوان ہوا ہے۔

سَامِری۔ حضرت موسیٰ کے عہد کا ایک جادوگر جس نے حضرت جبریل کے قدم کی مٹی حاصل کر کے اپنے سونے چاندی کے گوسالے میں جان ڈال دی اور بنی اسرائیل سے کہا کہ وہ اس کی پرستش کریں۔

سَبا۔ عرب کے جنوب مغربی حصے کی ایک قوم اور سلطنت کا نام جو پہلے ہزار سال قبل مسیح میں گزری، اس کا ذکر عہد نامۂ قدیم، نیز یونانی، رومی اور عربی ادبیات خصوصاً جنوبی عرب کے کتبوں میں اکثر آیا ہے۔ بائبل سے معلم ہوتا ہے کہ سبائی تاجر گرم مسالے خصوصاً خوشبودار اشیاء شام اور مصر لے جاتے تھے۔ نیز سونا اور جواہرات برآمد کرتے تھے۔ سبائی ایک مالدار اور تجارتی قوم تھی۔

سَجاح کاہنہ۔ ام صادر بنت اوس، عرب کی ایک کاہنہ، وہ بنی تمیم کے قبیلے میں سے تھی اور عیسائی مذہب رکھتی تھی یا کم از کم اپنے اعزہ و اقربا سے عیسائیت کے متعلق بہت کچھ سیکھ چکی تھی۔ وہ منبر سے مقفی نثریں پرچار کیا کرتی تھی، وہ آنحضرت ﷺ کی وفات کے بعد (گیارہویں صدی ہجری) میں منظر عام پر آئی، اس نے آنحضرت ﷺ کی وفات کے بعد مرتدین و مذبذبین کی گہری اندرونی مناقشت کی وجہ سے بنو تمیم کا شیرازہ بکھرا ہوا پایا تو اپنی چرب زبانی سے انھیں اپنا پیرو بنانے کی کوشش کی، یہ جھوٹی دعویٔ نبوت کوئی اجنبی نہ تھی بلکہ ان ہی میں سے تھی، اس نے مختلف قبائل کو اسلام سے برگشتہ کرنے کے لیے مسیلمہ کذاب سے سمجھوتا کر لیا اور بعد میں اس سے شادی کر لی، یہ گٹھ جوڑ بھی ناکام رہا، پے در پے ناکامیوں نے اس کی ہمت پست کر دی، بالآخر اسلام قبول کر لیا اور وفات پائی۔

سُحبان۔ سحبان باہلہ قبیلہ کا فرد تھا، عرب فصاحت میں اس کا نام ضرب المثل کے طور پر استعمال کرتے ہیں، اس کا پورا نام سحبان ابن زفر بن ایاس وائلی تھا۔

سَرانْدیپ۔ (سرندیپ، سیلون) آج سراندیپ کا سرکاری نام سری لنکا ہے، یہاں مسلمانوں کی آبادی چھ فی صد ہے اور ان کی خاصی اہمیت ہے۔ یہاں کی چائے دنیا بھر میں مقبول ہے۔

سُفیان شامی۔ ابو عبداللہ سفیان بن سعید۔ حضرت سفیان نے ابتدائی تعلیم اپنے والد سے حاصل کی جن کا شمار کوفے کے جید فضلا میں ہوتا تھا، حضرت سفیان الثوری نے اپنے سلف کی پیروی میں سرکاری عہدے قبول کرنے سے انکار کیا اور طرح طرح کی تکالیف برداشت کیں، ان کے تبحر علمی اور ثقاہت کا ہر ایک نے اعتراف کیا ہے، وہ اپنے زمانے کے ممتاز فقیہ اور محدث تھے۔ سال وفات ۷۷۸ء ہے۔

سُقراط۔ یونان کا مشہور فلسفی، دانائی میں یگانہ روزگار تھا، ایتھنز کے قدامت پسندوں نے اپنے لیے خطرہ محسوس کیا اور زہر کا پیالہ پینے کی سزا تجویز کی۔ متوفی ۳۹۹ ق م۔

سَقْلاب۔ سقلاب کا ایک املا صقلاب بھی ہے۔

اسلاوی زبانوں میں اسے اسلاد بھی کہا جاتا ہے، اصل میں یہ قبیلے کا نام ہے جو بلغاریہ اور قسطنطنیہ کے درمیان رہتے ہیں۔ (چیکوسلواکیہ اور یوگوسلاویہ کے باشندے)۔

سِکَندَر۔ ۳۵۶ ق م۔ فیلقوس شاہ مقدونیہ کے صلب اور ملکہ الیاس کے بطن سے پیدا ہوا، حکیم ارسطو سے تعلیم و تربیت حاصل کی، نو عمری میں ۳۳۶ ق م میں تخت نشین ہوا، اس سال اس نے برصغیر پاک و ہند کا رخ کیا، جہلم کے قریب پنجاب کے راجا سے جنگ ہوئی۔ اس میں راجا کا لڑکا مارا گیا اور شکست سے دوچار ہوا، مگر سکندر نے ملک راجا کو واپس کر دیا، اس نے دنیا کا بہت سا حصہ فتح کر لیا تھا، اس کا شمار دنیا کے مشہور فاتحین میں ہوتا ہے۔

سُلَیْمان۔ حضرت سلیمان بنی اسرائیل کے جلیل القدر پیغمبر تھے، اللہ تعالیٰ نے ان کی ذات میں نبوت اور بادشاہت دونوں جمع کر دیں اور وہ ملک عطا فرمایا جو ان سے قبل یا بعد کسی کو نہ ملا۔ جن، ہوا، حیوانات اور پرندے ان کے مسخر تھے۔

سَمَرقَند۔ زمانۂ حال میں روسی ازبکستان کا بڑا شہر جو دریائے سغد کے جنوبی کنارے پر واقع ہے، سیاحوں کے بیان کے مطابق سمرقند اپنے محل وقوع کے لحاظ سے بلاشبہ جنت ہے، اس کی خوشحالی کا دور جدید تیمور کا مرہون منت ہے۔ ۱۳۶۹ء سے مسلسل اور پیہم روز افزوں ترقی پر ہے، تیمور نے اسے اپنا صدر مقام بنایا اور ہر طرح کی آسائش اور ترقی کا سامان بہم پہنچایا۔

سُورَت۔ ہندوستان کا ایک شہر اور اس نام کے ضلع کا صدر مقام جو دریائے تاپتی کے جنوبی کنارے پر واقع ہے، یہ اپنی صنعت و تجارت کے لیے مشہور ہے۔ ۱۳۷۳ء میں فیروز تغلق نے اس شہر کی حفاظت کے لیے ایک قلعہ تعمیر کرایا تھا، موجودہ شہر کی بنیاد سولھویں صدی عیسوی کی ابتدا میں خیال کی جاتی ہے۔

سَونا۔ راجا بھیم سین کی بیٹی۔

سہدیو۔ (ہندو روایت) راجا پانڈو کا سب سے چھوٹا بیٹا جو اس کی بیوی مادری کے بطن سے پیدا ہوا اور پانچ پانڈو بھائیوں میں شامل تھا، اسے علم ہیئت میں خاص ملکہ حاصل تھا، اس کی بیوی کا نام وجیا اور اس کے بیٹے کا نام سوہوتر تھا۔

سُہراب۔ ایران کے ایک مشہور پہلوان رستم کا بیٹا جو رستم کے ہاتھ سے دھوکے میں قتل ہوا۔

شَالَامَار باغ۔ (شعلامار باغ) شالامار عہد مغلیہ کے تین باغوں کا نام ہے، ان میں سے ایک کشمیر میں ہے، دوسرا لاہور میں اور تیسرا دہلی میں۔ ان میں کشمیر کے باغ فرح بخش کا مشہور مقامی نام شالامار ہے

اور یہی نام لاہور اور دہلی کے شاہی باغوں کا بھی قرار دیا گیا۔ لاہور کا مشہور و معروف شالامار باغ شیر شاہ سوری کی شاہراہ اعظم پر واقع ہے۔ یہ تین دل نشین طبقوں پر مشتمل ہے اور ہر طبقہ دل کش و جاذب نظر ہے۔ سرسری نظر میں ایسا معلوم ہوگا کہ یہ باغ ہموار و مسطح ہے مگر حقیقت میں ایسا نہیں کیونکہ تختے ایک دوسرے پر بڑی خوش وضعی کے ساتھ بلند کیے گئے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ہم عصر مؤرخین نے نشیب و فراز والا باغ لکھا ہے۔

شُعَیب۔ توریت میں حضرت شعیبؑ کے دو نام آئے ہیں تیرو اور حوباب، آپ حضرت موسیٰؑ کے ہم عصر تھے اور عمر میں ان سے بڑے۔ آپ کی بعثت مدین یا دریان میں ہوئی۔ مدین کسی مقام کا نام نہیں بلکہ قبیلے کا نام ہے۔ اس قبیلے کے نام پر بستی کا نام بھی "مدین" مشہور ہوا۔ حضرت شعیب کا انتقال حضر موت میں ہوا اور یہیں ان کی قبر ہے۔ آپ مدین کی ہلاکت کے بعد یہاں بس گئے تھے۔

شام۔ شام (سوریہ) ارض شام اور فلسطین کی زرخیزی اور سیر حاصلی قدیم زمانے سے لیٹرے بدوؤں کو اپنی طرف کھینچتی رہی ہے جسے وہ شراب اور خمیری روٹی کی سرزمین سمجھا کرتے تھے، یہاں بیشتر آبادی سنی مسلمانوں کی ہے، جبکہ شیعہ، اسمٰعیلی، دروز اور عیسائی بھی بڑی تعداد میں پائے جاتے ہیں، دمشق، حلب، حمص وغیرہ مشہور شہر ہیں جو صدیوں سے اسلامی علوم و فنون کے مرکز رہے ہیں، قاہرہ کے بعد دمشق دنیائے عرب کا دوسرا علمی و ثقافتی مرکز ہے۔ شام بنیادی طور پر ایک زراعتی ملک ہے لیکن صنعت و حرفت کے لیے بھی مشہور رہا ہے یہاں کانچ کا کام بہت نفیس کیا جاتا ہے اور مقبول عام ہے۔

شِمْرذِی الْجَوْشَن۔ ہوازن کے رؤسا میں سے ایک بہادر شخص تھا۔ جنگ صفین میں حضرت علیؓ کے ساتھ تھا، اس کے بعد کوفہ میں قیام کیا اور واقعہ کربلا میں شریک ہوا اور حضرت حسینؓ کے قاتلوں میں شمار ہوا، عبیداللہ نے حضرت امام حسینؓ کے سر کے ساتھ شام میں یزید کے پاس بھیجا اور پھر وہ کوفہ واپس ہوگیا، بعد ازاں شمر کو ۶۸۶ء میں قتل کر دیا گیا اور اس کی لاش کو کتوں کے آگے پھینک دیا گیا۔

شَمْعُون۔ حضرت یعقوب کے دوسرے فرزند اور اسرائیل کے بارہ قبائل میں سے ایک کے جداعلیٰ، یہ قبیلہ جنوبی فلسطین میں آباد ہوا، جب حضرت یعقوب کے فرزند غلہ لینے کے لیے مصر پہنچے تو ان پر جاسوس کا الزام لگا اور حضرت یوسف نے فرمایا کہ ایک بھائی کو یہاں چھوڑ جاؤ اور چھوٹے بھائی کو ساتھ لے آؤ تو یہ الزام رفع ہوگا چنانچہ شمعون کو مصر میں بطور یرغمالی رکھا گیا۔

شیث۔ حضرت آدمؑ کے تیسرے بیٹے جو قتل ہابیل کے پانچ سال بعد پیدا ہوئے، چونکہ قابیل کے ہاتھوں ہابیل قتل ہو گیا تھا اس لیے اللہ تعالیٰ نے اس کا نعم البدل عطا فرمایا اور اسی مناسبت سے ان کا نام شیث یعنی اللہ کا عطیہ رکھا گیا، جب حضرت آدمؑ فوت ہوئے تو انھوں نے اپنا وارث اور وصی مقرر کیا۔ یہ شیث ہی ہیں جن سے نسل انسانی چلی کیونکہ ہابیل نے اپنا کوئی وارث نہیں چھوڑا تھا اور قابیل کے ورثا سیلاب (طوفان نوح) میں غرق ہو گئے تھے۔ وہ مکہ میں رہتے تھے اور تازیست حج کی رسوم ادا کرتے رہے۔ حضرت شیث نے ۹۱۲ سال کی عمر پائی اور اپنے والدین کے پاس دفن ہوئے۔

صَالِح۔ حضرت صالح ایک پیغمبر جو عرب کی قوم ثمود میں بھیجے گئے تھے، وہ ثمود کو اپنی طرف بلاتے تھے اور خدائے واحد کی پرستش کی تاکید کرتے تھے۔ انھوں نے اللہ کی نعمتیں یاد دلائیں جو خدا کی جانب سے انہیں پہنچی ہیں، لیکن ان کی قوم نے ان کی باتوں پر توجہ ہی نہ کی بلکہ انہیں جھٹلایا یا سحر زدہ بتایا، غرض کہ روگردانی کرتے رہے۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں نشانی کے طور پر ایک اونٹنی عطا کی، حضرت صالح نے لوگوں سے کہا کہ اسے بے ضرر چرنے دیں اور اسے پینے کے پانی میں شریک کریں لیکن لوگوں نے الٹا اونٹنی کی کونچیں کاٹ دیں اور حضرت صالح سے استہزا کے طور پر کہا کہ تم جس عذاب سے ڈراتے ہو اسے اب ہم پر لے آؤ۔ انھوں نے لوگوں سے کہا کہ وہ اپنے گھروں میں تین دن مزے کریں پھر ایک زبردست طوفان (زور کی آواز صیحہ) آگیا اور اگلی صبح کو وہ لوگ اپنے گھروں میں مردہ پڑے تھے۔

ضَحّاک۔ قدیم ایران کے ایک ظالم بادشاہ کا نام جس کی نسبت یہ مشہور ہے کہ اس کے دونوں مونڈھوں پر دو سانپ پیدا ہو گئے تھے اور دو آدمیوں کے دماغ ان کی غذا تھی۔

طَالُوت۔ بنی اسرائیل کے پہلے بادشاہ کو تورات میں ساؤل کہا گیا اور قرآن مجید میں طالوت، طالوت نام کی تشریح ثعلبی نے بلند قامتی سے کی ہے اور یہی بات درست ہے۔ طالوت بن کش تاریخ میں قوم اسرائیل کے پہلے بادشاہ تسلیم کیے گئے ہیں۔ زمانۂ حکومت ۱۰۲۸ ق م تا ۱۰۱۲ ق م۔ وہی ہیں جن کا ذکر توریت میں ساؤل کے نام سے آیا ہے۔ توریت میں ان کی حکومت کا ذکر حسب دستور طوالت کے ساتھ موجود ہے۔ "اور خداوند نے ساؤل کے آنے سے ایک دن پیشتر سموئیل کے کان میں کہہ دیا تھا کہ کل اسی وقت میں ایک شخص کو بن یمین کی سرزمین سے تیرے پاس بھیجوں گا۔ سو تو اس پر تیل ملیو کہ وہ میری قوم اسرائیل کا حاکم ہوتا ہے کہ میرے لوگوں کو فلسطیوں کے ہاتھ سے چھڑائے .... سو جب سموئیل ساؤل سے دوچار ہوا تو

وہیں خداوند نے کہا کہ دیکھ یہی شخص ہے جس کی بابت میں نے تجھے کہا تھا یہی میرے لوگوں پر ریاست کرے گا"۔ حضرت سموئیل نبی کا کہنا بالکل ٹھیک نکلا، اسرائیلی کہاں تو امیر کے تقرر کا خود ہی تقاضا کر رہے تھے اور کہاں اب جو اس کا خدائی تقرر ہو گیا تو لگے نکتہ چینی بھی کرنے کہ ایسے شخص کا انتخاب ہو کیونکر سکتا ہے۔ بنی اسرائیل حضرت یعقوب کی بارہ اولادوں کی نسل ہیں، نسلی بنا پر ۱۲ فرقوں یا قبیلوں میں بٹے ہوئے تھے۔ ان میں سب سے چھوٹا قبیلہ بن یامین کا تھا اور توریت میں تصریح ہے کہ طالوت اسی قبیلے سے تھے تو ایک وجہ ان کے حقیر سمجھے جانے کی یہی ہوئی، دوسرا اعتراض اسرائیلوں کا یہ تھا کہ یہ مالی اعتبار سے بھی تو منصب امارت کے لائق نہیں۔ حضرت شموئیل نے پہلا اور اصلی جواب تو یہی دیا کہ یہ انتخاب انسانی نہیں خدائی ہے اور اس لیے ہر طرح یہی مناسب اور پُر مصالح ہے۔ حضرت شموئیل نے دوسرا جواب یہ دیا کہ تم اپنے معیار سے بھی دیکھ لو تمہارے معیار سے سردار فوج میں دو ہی چیزیں ہونی ضروری ہیں۔ ایک یہ کہ اسے سپہ داری و ملک گیری کے فنون سے واقفیت ہونا چاہیے۔ سو وہ طالوت کو حاصل ہے دوسرے خود اس کی جسمی قوت و توانائی، سو اس میں بھی وہ ممتاز ہے۔

طائف۔ عرب کا ایک شہر جو ملک کے جنوب مشرق میں واقع ہے، یہ سطح سمندر سے تقریباً پانچ ہزار فٹ کی بلندی پر واقع ہے، قبل اسلام ہی سے طائف اور مکہ توام شہر رہے ہیں۔ اب سعودی دور میں اس شہر نے گرمائی قیام گاہ کے طور پر بڑی ترقی کی ہے۔ ٹیلی فون، لاسلکی، ہوائی مستقر، شان دار محلات اور ہر قسم کی جدید سہولتیں موجود ہیں۔

طِلائی مَسْجِد۔ (سنہری مسجد)۔ لاہور کے پر رونق ڈبی بازار اور کشمیری بازار کے تقریباً وسط میں ۱۷۴۹ء میں نواب بھکاری خان نے تعمیر کی تھی، ۱۹۷۸ء سے مسجد کا انتظام محکمۂ اوقاف کے پاس ہے۔

طَنْجَہ۔ مراکش کا ایک شہر جو آبنائے جبل الطارق میں راس اسپارٹل کے مشرق میں سات میل کے فاصلے پر اس نقطے پر واقع ہے جہاں سے بحر اکاہل کا ساحل شروع ہوتا ہے۔ طنجہ پر مختلف قوموں کا قبضہ رہا ہے۔ اب یہ شہر سلطان مراکش کا گرمائی صدر مقام ہے جس کی وجہ سے شہر میں خوب چہل پہل رہتی ہے۔ ۱۹۲۷ء سے طنجہ سے فاس اور رباط تک ریل جاری ہے۔

طُوس۔ خراسان کا ایک قدیم ضلع ہے۔ تاریخی زمانے میں طوس ایک ضلع کا نام تھا جس میں کئی شہر شامل تھے۔ طوس، مغول کے ہاتھوں برباد ہوا جس کے آثار آج بھی دیکھے جا سکتے ہیں۔ اسی سر زمین سے بڑے بڑے اکابر اٹھے ہیں مثلاً جابر بن حیان، فردوسی،

اسدی، خواجہ نظام الملک، احمد غزالی، محمد غزالی، نصیر الدین وغیرہ۔

عادؔ۔ ایک قدیم قبیلہ جس کا ذکر قرآن مجید اکثر آیا ہے۔ اس کے حالات تاریخ کے دھندلکوں میں گم ہیں، یہ ایک زبردست اور طاقتور قوم تھی جو حضرت نوح کے زمانے کے فوراً بعد ظہور پذیر ہوئی، اپنی شاندار خوش حالی کے باعث سرکش ہوگئی، قوم عاد کی مستحکم عمارات کا ذکر سورۃ الشعرا میں موجود ہے۔ عاد، احقاف یعنی ریتلے ٹیلوں والے علاقے میں رہتے تھے، عاد کی طرف ان کے بھائی ھودؑ پیغمبر بنا کر بھیجے گئے جن کے ساتھ انہوں نے وہی سلوک کیا جو مکے والوں نے بعد میں آنحضرت ﷺ سے کیا۔ اس جرم کی پاداش میں ھودؑ اور چند ایک آدمیوں کے سوا عاد کی ساری قوم آندھی کے ایک سخت طوفان سے ہلاک ہوگئی۔

عَرَفات۔ مکہ مکرمہ سے ۲۱ کلو میٹر (۱۳ میل) مشرق کی جانب طائف کی راہ پر ایک میدان جو شمالی جانب اسی نام کے ایک پہاڑی سلسلے (جبل عرفات) سے گھرا ہوا ہے، یہ وہی میدان ہے جہاں حج کے موقع پر وقوف کیا جاتا ہے اور یہ حج کا رکن اعظم ہے۔

عَلیؓ۔ آنحضرت ﷺ کے ابن عم اور داماد، خلیفۂ رابع (۳۶ھ تا ۴۰ھ) اثنا عشری شیعوں کے امام اول اور عظیم بطل اسلام۔ شہادت ۴۰ھ۔

عَلی رَضَا۔ محمد بن علی الرضا اثنا عشری شیعوں کے نویں امام ۸۱۱ء میں مدینہ میں پیدا ہوئے۔ جب المامون رشید نے علی الرضا کو اپنے درباریوں میں شامل کر لیا تو اس نے اپنی ایک بیٹی کا آپ سے نکاح کر دیا۔ المعتصم نے اپنی تخت نشینی کے موقع پر انہیں بغداد میں بلایا وہ وہاں پہنچے اور نومبر ۸۳۵ء میں ان کا انتقال ہو گیا۔ شیعوں کے نزدیک ان کو زہر دیا گیا تھا۔ اہل تشیع کے نزدیک آپ کی زندگی کچھ خاموش اور غیر متحرک سی تھی۔

عَلی نَقی۔ آئمہ اثنا عشری میں دسویں امام، حضرت امام علی نقی ذاتی عظمت اور صفاتی برتری کی بنا پر بہت بڑی شخصیت ہیں، وہ حسب نسب اور عصمت و عفت میں اپنے اجداد کرام کی طرح ممتاز تھے اور منصب امامت پر فائز ہونے کی وجہ سے واجب الاطاعت دینی رہنما مانے جاتے ہیں۔ سال ولادت ۸۲۹ء اور وفات ۲۵۴ھ میں زہر خورانی سے انہوں نے دنیا سے سفر کیا۔

عیسیٰؑ۔ حضرت عیسیٰؑ سلسلہ بنی اسرائیل کے آخری نبی اور حضرت مریم کے بیٹے۔ حضرت عیسیٰ نہایت حلیم الطبع، وسیع القلب، خندہ رو اور غریبوں اور مصیبت زدوں کے بہی خواہ تھے۔ طبیعت میں حد درجے ملائمت تھی۔ حضرت عیسیٰ کو انجیل عطا ہوئی جو علم و حکمت خداوندی کا مخزن تھی۔ نصاریٰ نے اپنی عادت کے مطابق اس میں بہت سی تحریفات کر کے اس کی شکل کو بگاڑ دیا۔

غُوْر۔ ایک پہاڑی علاقہ جو اب افغانستان میں شامل ہے اور جو ہلمند کی وادی اور ہرات کے درمیان واقع ہے، یہ علاقہ وہ وہی ہے جسے آج کل ہزار داستان کہتے ہیں، غوریوں کا نام جو غزنویوں کے بعد برسر اقتدار آئے اسی علاقے کی نسبت سے ہوا، غور کا نام بتدریج تاریخ کے صفحات سے مٹتا گیا، موجودہ زمانے میں یہ نام مستعمل نہیں رہا۔

فاطِمہ۔ حضرت فاطمہؓ، سیدۃ النساء العالمین، رسول اللہ ﷺ کی سب سے چھوٹی اور چہیتی صاحبزادی، حضرت علیؓ کی زوجۂ محترمہ اور حسنین کی والدہ معظمہ، سال ولادت میں اختلاف ہے لیکن اس پر اکثر مورخین کا اتفاق ہے کہ نبوت سے پانچ سال قبل پیدا ہوئیں، حضرت فاطمہ کا انتقال رسول کریم ﷺ کی وفات کے چھ ماہ بعد ۲۳ نومبر ۶۳۲ء کو ہوا۔ جنت البقیع میں مدفون ہیں۔

فَرغَانَہ۔ ایک کوہستانی علاقہ جو کہ موجودہ افغانستان اور سابقہ روس کی شمالی سرحدوں کے ساتھ ازبکستان واقع ہے، دریائے جیحون اور سیحون کے بعض حصوں کا سرچشمہ ہے، یہ علاقہ وسطی ایشیا کے سرسبز ترین علاقوں میں سے ایک ہے جو کہ ماضی میں ماوراالنہر کا ایک حصہ تھا۔ شہنشاہ بابر کا آبائی وطن ہونے کے سبب شہرت کا حامل ہے۔

فَرِیْدُون۔ قدیم ایران کا بادشاہ اور شاہنامۂ فردوسی کا ایک بطل۔ اس کے دور حکومت کے مفصل حالات فردوسی نے شاہنامے میں بیان کیے ہیں۔ اس سے متعلق کچھ مآخذ قبل اسلام کے متون میں بھی ملتے ہیں۔ فریدون دانش مندی میں شہرہ آفاق تھا، اس نے ظالم ضحاک کو قتل کر کے ایران میں امن وامان قائم کیا تھا۔

فِیثاغُورِث۔ چھٹی صدی قبل مسیح کا یونانی حکیم جس کی یورپ کی طرح بلاد اسلامیہ میں بھی بڑی شہرت ہے، فیثاغورس سے جتنی تصانیف منسوب ہیں ان کے عربی تراجم "سنہری الفاظ" (کلمات حکیمہ) نے بہت شہرت اور رواج پایا ہے۔ دیوجانس کی نصیحت آموزی کے لیے ان کو "سنہری مسائل یا سنہری پند نامہ" بھی کہا جاتا ہے۔

فَیْلقُوس۔ فیلقوس رومی نے تقریباً ۷۰۰ ق م میں حکومت کی، یہ سلسلۂ مقدونیہ کا بانی تھا، سکندر رومی کا باپ، فیثاغورس کے فلسفے کا حامی تھا۔ مقدونیہ نے اس کے دور حکومت میں بے پناہ ترقی کی ۳۳۶ ق م میں فوت ہوا۔

قَابِیْل۔ حضرت آدمؑ کے بیٹے کا نام جس نے اپنے بڑے بھائی ہابیل کو قتل کر دیا تھا اور اس ارضی کائنات کا پہلا قاتل ٹھہرا۔

قُسْطَنْطِنِیَہ۔ یہ شہر، جسے قسطنطین اعظم نے ۱۱ مئی ۳۳۰ء کو سلطنت شرقیہ کا صدر مقام بنایا اور جس کا نام اسی کے نام پر رکھا گیا، علم وثقافت کے نقطۂ نظر سے قسطنطنیہ صرف ترکی ہی کے شہروں میں

سر فہرست نہیں بلکہ بحر متوسط اور آس پاس کے مشرقی ممالک میں بھی ایک مخصوص اہمیت کا حامل ہے۔ ترکی کی تجارت میں قسطنطنیہ کا بہت بڑا حصہ ہے اور یہاں بہت بڑی تجارتی بندرگاہ ہے۔ اسی وجہ سے برآمد درآمد کی تجارت زیادہ تر قسطنطنیہ ہی سے ہوتی ہے، قسطنطنیہ تقریباً پانچ سو سال تک خلافت اسلامی کا مستقر رہا اور دنیائے اسلام میں اسے ایک خاص مقام حاصل ہے۔ قسطنطنیہ کا جدید نام استنبول ہے۔

قَیرْوان۔ قیروان، تونس کا ایک شہر جو شہر تونس سے ۱۱۲ میل جنوب میں بذریعہ ریل ملا ہوا ہے، دراصل قیروان دو شہروں پر مشتمل ہے، ایک تو خاص شہر جس کے گرد اگرد اینٹوں کی کنگرہ دار فصیل ہے، اور دوسرے شہر کی بیرونی بستی جو شمال اور شمال مغرب میں پھیلی ہوئی ہے اس کو جلاس کہتے ہیں۔ اس سے متصل میدانوں میں قیروان نام کا قبیلہ آباد ہے اس وجہ سے اس بستی کا نام بھی یہی ہو گیا ہے۔ قیروان کی بنیاد عرب فتوحات کے زمانے میں رکھی گئی۔ درحقیقت ۶۰۷ء میں عقبہ بن نافع نے اس شہر کو بسایا تھا کہ اسے اپنی فوجوں کی چھاؤنی اور ان کی رسد کا مرکز بنائے اور بربر قبائل کو مرعوب رکھے۔

کَاظِمَین۔ عراق کے چار شہر مزارات آئمہ کی وجہ سے بین الاقوامی شہرت رکھتے ہیں، نجف، کربلا، سامرہ اور چوتھا کاظمین ہے۔ اس شہر میں دو اماموں کے مزارات یکجا ہیں ایک امام موسیٰ الکاظم (م ۸۱۲ء) دوسرے امام ابوالجواد محمد (م ۸۳۴ء) بن علی بن موسیٰ۔ چنانچہ اس شہر کا نام "کاظمین" "دو کاظم" یا "الجوادین" "دو جواد ہو گیا۔

اوقاف و مشہد کی تولیت عظمیٰ خانہ کعبہ کے ہزار برس پرانے کلید بردار خاندان بنی شیبہ کی ایک شاخ "الہبو شیخ" کے ذمے ہے۔ یہ حجازی خاندان تقریباً چار سو برس سے کاظمین کا متولی ہے۔

کافُور اَخْشِیدی۔ ابوالمسک الاخشیدی چوتھی صدی ہجری میں شام اور مصر کا حکمران تھا جس کی پیدائش نوبیہ یا حبشہ میں ۹۰۴ء اور ۹۲۰ء کے درمیانی برسوں میں ہوئی۔ وہ ایک انتہائی بدصورت غلام کے درجے سے ترقی کر کے شام اور مصر کا حکمران ہو گیا، اس نے علما کی سرپرستی کی، وہ اپنے زمانے کے مشہور ترین شاعر المتنبی کا دوست تھا۔ ان وجوہات کی بنا پر عرب مؤرخین نے اس کے حالات نہایت ذوق و شوق سے لکھے ہیں۔ تاریخ میں اس کی اہمیت کی وجہ یہ ہے کہ اس نے المغرب میں فاطمیوں اور شمالی شام میں عرب خانوادوں کو روکے رکھا اور اپنی لیاقت اور صلاحیت سے اخشیدیوں کی مملکت کو مستحکم کیا۔ اس کی وفات کے بعد یہ مملکت زوال پذیر ہو گئی۔ کافور اخشیدی کا انتقال ۹۶۶ء میں ہوا۔

کَرْبلائے مُعَلّیٰ۔ عراق کا ایک مشہور شہر جو حضرت امام حسینؓ، حضرت عباسؓ، حضرت حرؓ، یزید

بن الریاحی وغیرہ کے مزاروں اور واقعہ عاشورا کی وجہ سے زیارت گاہ اور مرکز عقیدت ہے۔ برصغیر پاک و ہند کے سلاطین، امرا، تجار اور اہلِ خیر حضرات بھی صدیوں سے ان روضوں کی خدمت کرتے چلے آرہے ہیں۔

بغداد سے کربلا تک بہت اچھی سڑک جاتی ہے، جس پر اعلیٰ درجے کی بسیں اور ٹیکسیاں چلتی ہیں، کئی میل دور سے فضا میں چمکتے ہوئے چار سنہری مینار اور دو طلائی گنبد نظر آتے ہیں۔ اس خوبصورت اور نو تعمیر شہر میں حضرت عباسؓ اور حضرت امام حسینؓ کے روضے فن تعمیر و تزئین کے اعلیٰ نمونے ہیں جہاں شب و روز ہزاروں زائرین نماز و تلاوت قرآن، زیارت اور دعا کرتے نظر آتے ہیں۔

کُوفہ۔ کوفہ کی بنیاد بعض مورخین کے خیال میں ۱۹ھ میں رکھی گئی۔ عربی لفظ کوفہ کے عام معنی ہیں "ریت کا گول ٹیلا" لہٰذا اس نام سے پتہ چلتا ہے کہ شہر کا قدیم ترین حصہ اسی نوع کی بلندی پر بسایا گیا ہوگا۔ بہر حال اس کی کچھ اور توجیہات بھی ہیں۔

کوفے کے باشندے کچھ تو مختلف عرب قبائل کے افراد تھے اور کچھ ایرانی عناصر تھے، ان کی عسکری قابلیت کا انکار نہیں کیا جا سکتا لیکن اس کے ساتھ ہی کردار کے اعتبار سے وہ متلون مزاج اور ناقابل اعتبار تھے۔

عربی لسانیات کے سلسلے میں کوفی علما نے جو خدمات انجام دی ہیں وہ لائق تحسین ہیں۔

کَیخُسرو۔ ایران کا ایک اساطیری بادشاہ جو کیانی خاندان سے تعلق رکھتا تھا۔ وہ سیاوش کا بیٹا تھا۔ کیخسرو نے ایران پر نہایت شان و شوکت کے ساتھ حکمرانی کی۔

کَیکاؤس۔ ایران کا افسانوی باشادہ جو خندان کیانی سے تعلق رکھتا تھا۔ فردوسی اسے کیقباد کا فرزند مانتا ہے، کیکاؤس نے ۱۵۰ سال حکومت کی اور عمر کا آخر سال اس نے عزلت میں گزارا اور اپنا تخت اپنے پوتے سیاوش کے بیٹے کیخسرو کے حوالے کر دیا۔

گیُو۔ ایک ایرانی پہلوان۔

گُشتاسپ۔ ایران کے ایک بادشاہ کا نام، ہراسپ کا بیٹا، اس کی سلطنت کے ۳۹ ویں سال میں زرتشت کا ظہور ہو اور گشتاسپ نے اس کو قبول کر لیا۔ شاہنامۂ فردوسی میں بھی اس کا ذکر ہے۔

گُودَرز۔ گودرز بن کشواد بن خارن بن گاوہ، گیو کا باپ ایران کا سپہ سالار تھا۔

گیلان۔ ایران کا ایک صوبہ۔ اس کا صدر مقام رشت ہے، اس کا ندرونی علاقہ دلدلی ہے، یہ جنگلوں اور شہتوت کے گھنے باغوں سے پٹا ہوا ہے۔ ابریشم بافی کی صنعت یہاں عام ہے اور زراعت میں چاول کی کاشت کو بہت اہمیت حاصل ہے۔

لُقمان۔ حضرت لقمان سیاہ رنگ کے حبشی غلام تھے۔ موٹے موٹے ہونٹ، ہاتھ پیر بھدے، پستہ قد، بھاری بدن۔ نوبہ کے رہنے والے تھے جو مصر کے جنوب اور سوڈان کے شمال میں واقع ہے۔ ان کا پیشہ نجاری بتایا گیا ہے، ایک قول یہ ہے کہ وہ ریوڑ چرایا کرتے تھے، ایک بیان میں انہیں خیاط بتایا گیا ہے۔ امین، حق گو اور منصف مزاج ہونے کی بنا پر حکمت عطا ہوئی۔ ان کے حکیمانہ اقوال و امثال کے عرب میں شائع ہونے کی وجہ یہ تھی کہ ان کی زبان عربی تھی۔

مَاچِین۔ ماچین سے مراد اصل چین ہی ہے، قدما کے نزدیک چین سے مراد صرف کاشغر اور ختن کے پڑوسی ممالک ہیں۔

مَازَندَران۔ جیرہ خزر کے جنوب میں ایک صوبے کا نام جس کے مغرب میں گیلان ہے اور مشرق میں استرآباد کا صوبہ ہے۔

مَالْوَہ۔ ایک سطح مرتفع ہے، یہ مغربی وسط ہند میں واقع ہے، اس میں مدھیہ بھارت کا بہت بڑا حصہ، شمالی بھوپال اور جنوب مشرقی راجستھان کے علاقے شامل ہیں۔ اس علاقے کا نام اصل میں ایک قبیلے کا نام تھا جس کا ذکر رامائن اور مہا بھارت میں آتا ہے۔ ۱۹۴۷ء سے مالوہ بھارت کے صوبے مدھیہ پردیش میں شامل ہے، سیاسی آزادی کی وجہ سے، تعلیمی اور صنعتی لحاظ سے یہاں بڑی ترقی ہوئی ہے، مالوہ میں اندور کا شہر صنعتی لحاظ سے بہت مشہور ہے، اندور میں یونیورسٹی ہے۔ مانڈو، مالوہ کا مشہور پہاڑی علاقہ ہے۔

مُحَمّد باقَر۔ محمد بن علی (ابو جعفر باقر) حضرت امام حسین بن علیؓ کے پوتے، شیعوں کے پانچویں امام۔ اپنے علم و فضل کی وجہ سے وہ الباقر (محقق) کے اعزازی لقب یا نام سے مشہور تھے۔ علم حدیث میں ان کو مسند مانا جاتا تھا، انھوں نے سیاست میں کوئی حصہ نہیں لیا گو ان کا ہر طرح احترام کیا جاتا تھا۔ ان کی تاریخ وفات ۱۱۸ھ بیان کی جاتی ہے۔

مُحَمّد تَقی۔ شیعوں کے بارہ اماموں میں سے نویں امام جو آنحضرت ﷺ کے اہلِ بیت سے ہیں۔

مُحَمّد مَہدی۔ امام محمد مہدی، مہدی المنتظر، شیعہ اثنا عشریہ کے آخری اور بارھویں امام مہدی آخر الزماں۔ وہ ۸۶۸ء میں سامرا میں پیدا ہوئے۔ ان کا نام محمد اور کنیت ابو القاسم تجویز ہوئی۔ وہ اپنے والد امام حسن عسکری کی وفات کے بعد امام بنے۔ کچھ عرصے کے بعد روپوش ہوگئے۔ ان کی روپوشی کا زمانہ دو حصوں میں منقسم ہے۔ (۱) غیبت صغریٰ (۸۷۳ء تا ۹۴۰ء) اس عرصے میں انھوں نے احکام و فرامین اپنے ماننے والوں تک پہنچائے۔ (۲) غیبت کبریٰ: اہل تشیع کے نزدیک غیبت امام

کا عقیدہ تاریخی حقیقت پر استوار ہے، بارہویں امام ایک حد تک لوگوں کے سامنے فرائض امامت جا لاتے رہے۔ اس کے بعد عام نگاہوں سے اوجھل ہوگئے، لیکن وہ اب تک حیات ہیں اور جب حکم خدا ہوگا اس وقت ظاہر ہوں گے۔

مدائن۔ ایک شہر جسے عربوں نے المدائن نام دیا۔ یہ العراق (بابل) میں شہروں کا ایک مجموعہ ہے جو بغداد سے ۲۰ میل جنوب مشرق میں دریائے دجلہ کے دونوں طرف سے تقریباً دو مساوی حصوں میں آباد تھا۔ المدائن کے نام کی تشریح یہ ہے کہ دو پائے تخت ایک دوسرے کے بالمقابل واقع تھے یعنی مغرب میں سلوقیہ اور مشرق میں طیسفون جو پارتھی اور ساسانی بادشاہوں کی موسم سرما کی فرودگاہ تھے نیز ان کے قریب کے کئی اور مقامات کو ملا کر ایک مکمل شہر سمجھا جاتا تھا۔

مدینہ۔ جزیرہ نمائے عرب کے صوبے حجاز کا مقدس شہر، اس کا پہلا نام یثرب تھا۔ آنحضرت ﷺ جب ہجرت فرما کر یثرب آئے تو انھوں نے اس کا نام طیبہ اور طابہ رکھ دیا۔ قرآن مجید میں یثرب اور مدینہ دونوں نام آئے ہیں۔

مروان۔ مروان (ثانی) بن محمد دمشق کا آخری اموی حکمران جو مروان الحکم کا پوتا تھا۔ ۷۴۴ء میں مروان آرمینیا اور آذربائجان کے والی کی حیثیت سے نمایاں دکھائی دیتا ہے، مروان عقل مند، مدبر اور شجاع تھا، وہ میدان جنگ میں ثابت قدمی، بے جگری اور بے خوفی سے لڑنے کی وجہ سے مروان الحمار کہلاتا تھا۔ اس کے یادگار کارناموں میں موصل شہر کی تعمیر و ترقی ہے جسے اس نے معمولی قصبے سے اٹھا کر بڑے شہروں کے صف میں لا کھڑا کیا۔ انتقال ۷۵۰ء میں ہوا۔

مریم۔ حضرت مریم، حضرت عمران کی صاحبزادی اور حضرت عیسیٰؑ کی والدہ تھیں۔ ان کی والدہ نے ان کا نام مریم رکھا تھا، سریانی میں اس کے معنی "خادم" کے ہیں۔ قرآن شریف کی سورہ مریم میں حضرت مریم اور واقعۂ ولادت حضرت عیسیٰؑ مفصل طور پر بیان کیا گیا ہے۔ ان کا انتقال ۶۳ء میں ہوا۔

مزدک۔ مزدک کی شخصیت کے بارے میں ہمارے پاس اطلاعات بہت کم ہیں۔ بقول طبری مزدک کی جائے پیدائش مادریہ (؟) تھی، ممکن ہے اس سے مراد مادرایا ہو اجو دریائے دجلہ پر اس جگہ واقع تھا جہاں اب قوت العمارہ ہے۔ مزدک کا نام ایرانی ہے اور اس کے باپ بامداز کا نام بھی ایرانی ہے۔ بقول دینوری وہ اصطخر کا رہنے والا تھا اور تبصرۃ العوام میں لکھا ہے کہ وہ تبریز میں پیدا ہوا۔

مانی کی طرح مزدک بھی ایک نئے مذہب کا بانی تھا۔ مانی کے یہاں نور کے پانچ عنصر ہیں لیکن مزدک نے تین عنصر تسلیم کیے ہیں۔ پانی، آگ اور خاک،

مزدک کا کہنا ہے کہ زر، زمین اور زن کو انسانوں میں مشترک ہونا چاہیے۔ مزدکیت سے پرانے ادب میں وہ ملک اور تصورات مراد ہیں جو مزدک سے منسوب ہیں، اردو ادب میں اصل مفہوم کے علاوہ اشتراکیت (خصوصاً مارکسیت) مراد ہے جس کے بعض تصورات مزدک کے خیالات سے مماثلت رکھتے ہیں۔

مُسَیلمہ۔ مسیلمہ کذاب یمامہ کا جھوٹا مدعی نبوت۔ آنحضرت ﷺ کی کامیابی دیکھ کر مسیلمہ جھوٹا دعوے دار نبوت بن بیٹھا اور من گھڑت الہامات سنانے لگا، اس کے مقفیٰ و مسجع مگر بے معنی کلام سے ایک طبقہ گمراہ ہوا، آنحضرت ﷺ کے وصال کے بعد حضرت ابوبکر صدیقؓ نے اس کی سرکوبی کے لیے ایک فوج روانہ کی۔ مسیلمہ کے ساتھ اس کی خوں ریز جنگ ہوئی۔ بالآخر مسیلمہ قتل ہوا اور اس طرح یہ جھوٹا مدعی نبوت اپنے کیفر کردار کو پہنچا۔

مَسقَط۔ مسقط ہی عدن اور خلیج فارس کے درمیان ایسی واحد بندرگاہ ہے جس میں خاصے حجم کے جہاز داخل ہو سکتے ہیں اور یہ عدن اور جدہ کے بعد جزیرہ نمائے عرب کی بہترین بندرگاہ ہے۔ اس بندرگاہ کو خاص اہمیت اس وجہ سے حاصل ہے کہ خلیج فارس کا داخلہ اس کی زد میں ہے۔ یہ بندرگاہ تیز ہواؤں سے قدیم برفانی پہاڑی چٹانوں کی وجہ سے محفوظ رہتی ہے۔

مَشہد۔ ایران کے صوبے خراساں کا صدر مقام۔ ایران میں اہلِ تشیع مسلمانوں کی سب سے بڑی زیارت گاہ ہے۔ یہ سطح سمندر سے تین ہزار فٹ کی بلندی پر کشف رود کی وادی میں واقع ہے۔ کشف رود کا نام "آب مشہد" بھی ہے۔ ایران کے بہت سے شہروں کی طرح مشہد بھی کئی دیواروں کے حلقوں سے گھرا ہوا ہے جس سے اس کی شکل و شباہت میں بڑی دلفریبی پیدا ہو گئی ہے۔ ہر زائر جو امام علی الرضا کے مزار کی زیارت مجوزہ طریق سے کر لے اسے مشہدی کہلانے کا حق حاصل ہو جاتا ہے۔

مَقامِ ابراہیم۔ حضرت ابراہیم و اسمٰعیل کی تعمیر کعبہ کا ذکر سورہ بقرہ میں کیا گیا ہے اور مقام ابراہیم کو نماز کے لیے موزوں جگہ قرار دیا گیا ہے۔

مَقبرہ جہانگیر۔ یہ مقبرہ ۱۰۳۷ء میں شاہ جہاں نے تعمیر کرایا تھا اور لاکھوں روپیہ کا سامان جھاڑ فانوس، قندیل، شامیانے اور خیمے شاہانہ مراتب کے مقدار یہاں پر رکھا گیا۔ یہ مقبرہ دریائے راوی کے کنارے پر واقع ہے، سکھوں نے اپنے عہد میں اس مقبرے کو بہت نقصان پہنچایا اور بیش قیمت جواہرات یہاں سے نکال کر لے گئے اور ان جواہرات سے امرتسر میں اپنے گوردوارے کو آراستہ کیا۔

مکۂ معظمہ۔ جزیرہ نمائے عرب کے صوبہ حجاز کا مرکزی شہر اور عالم اسلام کا دینی و روحانی مرکز۔ یہ

عربی لفظ مقربہ کی تعریب ہے جس کے معنی لوگوں کو معبودوں کے قریب لانے والا ہے۔ بعض محققین نے اس کے معنی معبد کے بھی لیے ہیں۔
برصغیر نے نہ صرف اہل حرمین کی مالی خدمت کی ہے بلکہ اس کے علمانے حرم مکہ میں بیٹھ کر اپنے علم و فضل سے سارے عالم اسلام کو فیض پہنچایا ہے۔ سعودی حکومت نے مسجد کی توسیع و تعمیر اور اس کی آرائش و زیبائش پر اربوں پونڈ صرف کیے ہیں۔

مُوسیٰ۔ حضرت موسیٰ بن عمران سلسلہ اسرائیلی کے مشہور و جلیل القدر پیغمبر کا نام ہے۔ توریت میں ہے کہ عمر ۱۲۰ سال کی پائی۔ آپ کا زمانہ مؤرخین اور اثرین کے تخمینے کے مطابق پندرہویں اور سولہویں صدی قبل مسیح کا تھا۔ سال ولادت غالباً ۱۵۲۰ ق م، سال وفات ۱۴۰۰ ق م۔

مُوسیٰ بن نُصَیر۔ فاتح اندلس، اموی خلیفہ ولید بن عبد الملک کا نامور سپہ سالار ۶۴۰ء میں پیدا ہوا۔ یہ شروع ہی سے باعزم نوجوان تھا۔ اس نے حضرت امیر معاویہ کے نائب کے طور پر کام کیا، موسیٰ بن نصیر نے پورے افریقہ اور المغرب و مراکش کو زیر نگیں کر کے وہاں مسلمانوں کے اقتدار کو مستحکم کیا۔ موسیٰ بن نصیر کا شمار تابعین میں ہوتا ہے۔ وہ بڑا دانا، مہربان، شجاع، متقی اور پارسا تھا۔

مُوسیٰ کاظم۔ موسیٰ کاظم بن امام جعفر الصادق شیعوں کے ساتویں امام اور اپنے وقت کے ایک نامور بزرگ۔ امام موسیٰ بچپن سے ہی دل کش شخصیت کے حامل تھے۔ امام موسیٰ الکاظم بڑے عابد و زاہد اور متورع بزرگ تھے۔ امام نے ۷۹۹ء میں وفات پائی۔

مُوصَل۔ موصل دریائے ربیعہ کا صدر مقام، جو دریائے دجلہ کے مغربی کنارے پر قدیم نینوا کے مقابل آباد ہے۔ موصل کا نام اس وجہ سے مشہور ہو گیا کہ یہاں دریا کی کئی شاخیں آپس میں مل کر ایک ندی کی صورت میں بہنے لگتی ہیں۔ شہر دجلہ کے بالکل قریب اور مغربی مرتفع کف دست میدان کی انتہائی بلندی پر واقع ہے، جو دریا کے زرخیز نشیبی میدان میں آگے کی طرف بڑھا ہوا ہے۔ موصل میں ایک یونیورسٹی بھی ہے۔

مَہدِیّہ۔ تونس کے مشرقی ساحل پر ایک شہر جسے ازمنۂ وسطیٰ کے یورپی مؤرخین "شہر افریقہ" لکھتے ہیں، سوس اور سفقص کے درمیان ایک چھوٹے سے جزیرہ نما پر بسایا گیا ہے جو افریقہ کی راس پر ختم ہوتا اور ایک تنگ خاکنائے کے ذریعے اندرون ملک اس طرح ملا ہوا ہے "جیسے کلائی سے ہاتھ"۔ یہ ایک چھوٹا سا شہر ہے جس کے باشندوں کی معیشت ماہی گیری اور تیل کے کارخانوں کی پیداوار ہے۔

نَجّاشی۔ عربی میں شاہ حبش کا لقب نجاشی اصحمہ بن ابجر، شہنشاہ حبشہ تاریخ اسلام میں ایک ممتاز مقام

رکھتے ہیں، ان کا شمار صحابہ میں ہوتا ہے، گو انہوں نے ہجرت اور زیارت نبوی کا شرف حاصل نہیں کیا اسی بنا پر بعض علما نے انہیں ایک اعتبار سے تابعی قرار دیا ہے، انہیں یہ شرف بھی حاصل ہے کہ وہ واحد شخص ہیں جن کی آنحضرت ﷺ اور صحابہ نے غائبانہ نماز جنازہ پڑھی۔

حبشے کا یہ نیک دل اور خدا ترس حکمران ۶۳۱ء میں فوت ہوا، جن حضرات نے حضور ﷺ کے ارشاد پر حبشہ ہجرت کی، ان تمام مہاجرین کو نجاشی نے عزت و احترام سے رکھا اور اسی طرح رخصت بھی کیا۔

نَجَفِ اَشْرَف۔ عراق کے صوبہ کربلا کا آباد و شاداب شہر جسے کمشنری کا درجہ حاصل ہے، یہ شہر حضرت علیؓ ابن ابی طالب کرم اللہ وجہہ کے روضۂ مبارک کی وجہ سے مقدس اور قدیم حوزہ علمیہ ہونے کی بنا پر بہت احترام و عظمت کا مالک ہے۔

نجف و کربلا کی تاریخ میں نوابان اودھ کی خدمات آج تک یادگار ہیں جن سے نجف و کربلا میں بڑی بڑی تعمیرات مکمل ہوئیں ایک نہر بنی جو اب تک نہر آصفی کہلاتی ہے۔

ہندوستان کے مسلمانوں کے لیے یہ افتخار کیا کم ہے کہ آج نجف اشرف کا سب سے بڑا درس مسجد ہندی میں ہوتا ہے۔

نجف جدید شہری ضروریات سے آراستہ ہے، یہاں عرب ادیب و خطیب، مصنف و ناشر بہ کثرت ہیں۔

نَرْبَدا۔ ۷۵۰ میل لمبا دریا جو مدھیہ پردیش (ہندوستان) سے نکلتا ہے اور مغرب کی طرف بحیرۂ عرب میں جا کر گرتا ہے۔ یہ مدھیہ پردیش اور مدھیہ بھارت کی سرحد کا ایک حصہ بناتا ہے اور ریاست بمبئی سے گزرتا ہے۔ یہ دریا تیز رو اور بہت شور ہے لیکن آمدورفت کے قابل ہے۔ اس کے دہانے سے منبع تک اور واپسی کا سفر ہندوؤں کے نزدیک بڑی اہمیت رکھتا ہے۔

نَرِیمان۔ رستم پہلوان کا دادا، سام کا باپ، دلیر پہلوان، اسے نیرم بھی کہا جاتا ہے۔ یہ ایران کا ایک مشہور پہلوان تھا۔ رستم سے نریمان تک کا سلسلہ نسب یہ ہے رستم بن زال بن سام بن نریمان۔

نَکُل۔ پانڈو کا چوتھا بیٹا تھا جو مادری رانی کے بطن سے پیدا ہوا۔ اور پانچ پانڈو بھائیوں میں سے ایک تھا، وہ گھوڑوں کے علاج میں خاص دسترس رکھتا تھا۔ اس کی بیوی کا نام کری تو جتی اور اس کے بیٹے کا نام نر متر تھا۔

نَمْرُوْد۔ بابل کا ایک بادشاہ جس نے ابراہیمؑ کو آگ میں ڈالا تھا، انجیل میں اسے حام کا پوتا ظاہر کیا جاتا ہے۔ نمرود شکار کا بہت شائق تھا، یہ ایک ظالم حکمران تھا، نمرود کے بارے میں اتنا تو یقینی ہے کہ یہ ایک انتہائی طاقتور اور بہت بڑا حکمران تھا جس کی حکومت کی حدود بہت وسیع تھیں۔

نُوحؑ۔ حضرت نوحؑ ایک جلیل القدر اور صاحب شریعت نبی، حضرت آدمؑ کے بعد صاحب شریعت رسول، حضرت نوحؑ نے ایک ہزار سال کی عمر پائی۔ اس میں انھوں نے ۹۵۰ سال تبلیغ و دعوت میں صرف کیے، دنیا میں اتنی طویل زندگی کی کوئی اور مثال نہیں ملی، حضرت نوحؑ کی ولادت کا تخمینی زمانہ ۲۸۰۰ ق م تا ۲۸۵۰ ق م قیاس کیا گیا ہے۔ حضرت نوحؑ نے اپنی قوم کو وعظ و نصیحت کے ذریعے راہ راست پر لانے کی بڑی کوشش کی مگر بے سود۔ بالآخر وہ قوم حضرت نوحؑ کی بد دعا سے تباہ و برباد ہوئی۔

نِیل۔ اسلامی دنیا کا ایک بڑا دریا جس کی وادیاں اور ڈیلٹا کے علاقے اسلامی تہذیب و تمدن کی نشو و نما کے لیے ایک مستقل ثقافتی مرکز کے ارتقا میں بہت سازگار رہے ہیں۔ النیل کا نام جو اکثر اوقات نیل مصر ملتا ہے۔ قدیم عربی ادبیات کے ماخذ میں ملتا ہے۔ مصر اپنی خوش حالی اور زرخیزی کے لیے ہمیشہ نیل کی طغیانی کا مرہون منت رہا ہے۔ یہاں کی تمام ترپیداوار اسی طغیانی سے ہوتی ہے جو بارش کا نعم البدل ہے اسی لیے اس دریا کو "مبارک" اور ایمان دار کہتے ہیں۔ نیل کا منبع عہد قدیم سے ایک راز سربستہ رہا ہے، قدیم تصور کی رو سے دریائے نیل جبل القمر سے نکلتا ہے جو خط استوا کے جنوب میں ہے، اس پہاڑ سے دس دریا نکلتے ہیں۔

ہَابِیل۔ حضرت آدمؑ کے بڑے بیٹے جو اپنے چھوٹے بھائی قابیل کے مقتول تھے۔

ہَارُوت وَمَارُوت۔ ہاروت ماروت کو محقق علما ایسے دو انسان مانتے ہیں، جو بظاہر صلاح و تقویٰ کا ادعا کرتے اور لوگوں سے خیر خواہی کا انداز گفتگو اختیار کر کے انھیں اپنا گرویدہ بنا لیتے تھے، لوگ ان کے بظاہر جذبہ خیر خواہی اور صلاحیت سے متاثر ہو کر انھیں فرشتہ خصلت انسان کہنے لگے۔ لوگوں کے حسن اعتقاد نے انھیں فرشتہ مشہور کر دیا۔ قرآن مجید نے اسی عرفی اعتبار سے انھیں دو فرشتوں کے نام سے یاد کیا ہے۔

ہَام۔ (حام) حضرت نوحؑ کا بیٹا اور حامی نسل کا جد امجد۔

ہُبَلْ۔ ایک بت کا نام جس کی دور جاہلیت میں کعبہ کے اندر پرستش ہوتی تھی۔ ایک روایت ہے کہ عمرو بن لحی اس بت کو اپنے ساتھ لایا تھا۔ ایک اور روایت کی رو سے ہبل بنو کنانہ کا بت تھا جس کی پرستش قریش بھی کیا کرتے تھے اور کعبہ میں خزیمہ بن مدرکہ نے نصب کیا تھا۔ یہ بھی بیان کیا جاتا ہے کہ یہ بت سرخ عقیق کا بنا ہوا تھا اور اس کی شکل انسان جیسی تھی، قریش نے اس کے داہنے ہاتھ کی جگہ، جو ٹوٹ گیا تھا، ایک سونے کا ہاتھ لگا دیا تھا، اس بت سے تیروں یعنی ازلام کے ذریعے مشورہ کرنے

کا دستور تھا۔ عرب کی تاریخ کے مطالعے سے پتہ چلتا ہے کہ اس بت کا جاہلی حلقوں میں بڑا نام تھا، چنانچہ غزوہ اُحد کے دوران قریش مکہ نے اس بت کی جے کا نعرہ بلند کیا تھا۔ اس کا نام مشرکین کے پانچ بڑے بتوں میں شامل تھا۔ تاہم یہ بھی صراحت ملتی ہے کہ ہبل کا مجسمہ ان سب میں جسمانی طور پر بڑا تھا۔

ہُما۔ ایک فرضی پرندہ جسے بعض لوگ عنقا اور پرندوں کا بادشاہ خیال کرتے ہیں، قدیم دنیا کے سب سے زیادہ جسیم شکاری پرندوں میں سے ایک، جو برف پوش مقامات کے قرب وجوار میں رہنا پسند کرتا ہے، وہ مردہ جانوروں کی ہڈیاں اٹھا لے جاتا ہے، انہیں چٹانوں پر توڑتا ہے اور ان کے ٹکڑوں کو کھالیتا ہے۔ ایک عام اور قدیم عقیدے کے مطابق، اگر کسی شخص کے سر پر ہما کا سایہ پڑ جائے تو اسے بادشاہت مل جاتی ہے اور جو کوئی ارادۃً کسی ہما کو مار ڈالے وہ چالیس دن کے اندر اندر خود مر جائے گا۔

ہُود۔ حضرت ہودؑ ایک پیغمبر جو قرآن حکیم کے مطابق قوم عاد کی ہدایت کے لیے مبعوث ہوئے۔ وہ اپنی قوم کو برسوں عذاب الٰہی سے ڈراتے اور اپنے اعمال کی اصلاح پر آمادہ کرتے رہے مگر بے سود۔ قوم عاد کی ہلاکت کے اسباب جمع تھے چنانچہ بیک وقت زلزلے، گرج اور آندھی کے عذاب نے جوان پر مسلسل سات راتیں اور آٹھ دن نازل ہوتا رہا، ان کو تباہ کر کے رکھ دیا اور اس طرح اس قوم کی جڑ کاٹ دی گئی۔ حضرت ہود کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ وہ ۱۵۰ سال تک زندہ رہے۔

یافث۔ حضرت یافث، حضرت نوحؑ کے بیٹے تھے۔ ایرانیوں اور رومیوں کا سلسلۂ نسب کبھی سام تک اور کبھی یافث تک پہنچایا جاتا ہے۔

یحییٰ۔ حضرت یحییٰؑ کا ذکر قرآن مجید میں موجود ہے، حضرت یحییٰؑ کے والد حضرت زکریا اولاد سے محروم تھے، حضرت زکریا نے دعا مانگی اور دعا مقبول ہوئی چنانچہ اللہ نے ان کو حضرت یحییٰؑ کی صورت میں فرزند عطا فرمایا۔ قرآن حکیم میں حضرت یحییٰؑ کے کردار اور ان کی تصویر کا عکس بڑا ہی روشن اور واضح ہے۔

یُدھشٹر۔ راجا پانڈو کا سب سے بڑا بیٹا (یدھشٹر) جو اس کی بیوی کنتی کے بطن سے تھا اور پانڈو بھائیوں کا سردار تھا، اس نے فنون جنگ کی تربیت حاصل کی تھی، دھرت راشٹر نے ملک کو دو حصوں میں تقسیم کر کے ایک حصے پر یدھشٹر کو حکمران بنا دیا اور خود گوشہ نشین ہو گیا، یدھشٹر نے اپنی ریاست کا انتظام اتنی خوبی سے کیا کہ اس میں ہر طرف خوش حالی کا دور دورہ ہو گیا اور بہت سے دوسرے راجاؤں نے اس کی بالادستی تسلیم کر لی۔ آخری عمر میں یدھشٹر ترک دنیا کر کے ہمالیہ کے جنگلوں میں چلا گیا جہاں اس نے وفات پائی۔

یزید۔ یزید حضرت امیر معاویہ کا بڑا لڑکا، جانشین اور بنی امیہ کا دوسرا خلیفہ تھا۔ اس کو حضرت امیر معاویہ نے زیاد کی ترغیب پر اپنا ولی عہد مقرر کیا اور لوگوں سے اس کے حق میں بیعت لی، شامیوں نے تو آسانی سے بیعت کر لی، عراقیوں سے خوشامد اور دھمکی کے ساتھ بیعت کرائی، ۵۱ھ (۶۷۱ء) میں حضرت امیر معاویہ خود مکہ اور مدینہ بیعت لینے کی غرض سے گئے مگر حضرت امام حسین اور دیگر حضرات نے بیعت سے قطعاً انکار کر دیا کیونکہ یزید ان کے نزدیک فاسق و فاجر تھا۔ حضرت علیؑ کے خاندان سے اور خاندان بنو امیہ سے خلافت کے معاملے میں اختلاف شروع ہی سے چلا آرہا تھا، تخت نشینی کے بعد یزید اس خاندان کی تباہی کے درپے ہو گیا جس کا عملی ثبوت واقعہ کربلا کے نام سے ملتا ہے۔ یزید اپنی علمی قابلیت اور عربی ادب میں دستگاہ رکھنے کی وجہ سے خاصی شہرت رکھتا ہے، شاعری سے اسے فطری مناسبت تھی، ۳۱۔ اکتوبر ۶۸۳ء کو اس کا انتقال ہوا۔ اس کے عہد میں خوارزم اور سمرقند فتح ہوئے۔

یُوسُف۔ حضرت یوسف بن یعقوب بن اسحاق بن ابراہیم پیغمبر زادہ اور خود بھی پیغمبر تھے۔ شرف نبوت خاندان میں پشتوں سے چلا آرہا تھا، زمانہ بقول اغلب ۱۹۰۰ یا ۱۸۰۰ ق م ہے۔ مولد مسکن ارض فلسطین میں وادیٔ حبرون تھا جسے اب الخلیل بھی کہتے ہیں، ولادت حضرت یعقوب کے محبوب ترین محل حضرت راحیل کے بطن سے ہوئی، خود بھی حسین و خوبرو اور والد کی نگاہ میں سب اولاد سے زیادہ محبوب تھے۔ آخر آگے چل کر پیغمبر ہونے والے تھے، آثار رشد بچپن ہی سے کیونکر نمایاں نہ ہوتے، توریت میں ہے کہ حضرت یوسف نے عمر ۱۱۰ سال کی پائی، حموی کہتے ہیں کہ بلاطہ میں دفن کیا گیا جو فلسطین کے علاقہ نابلس کا ایک گاؤں ہے، انھیں یہ فخر بھی حاصل ہے کہ پردادا حضرت ابراہیم کی طرح ان کے نام پر بھی قرآن کی ایک سورت سورۂ یوسف نازل ہوئی ہے جو ان کے واقعات سے متعلق عبرت و موعظت کا بے نظیر ذخیرہ ہے۔

یُوشَعْ بِن نُون۔ حضرت یوشع بن نون جن کا نام بائبل میں یشوع بن نون ہے، قرآن کریم میں ان کا ذکر نام کے ساتھ نہیں ہے مگر ان کی طرف حوالہ آیا ہے۔ اسلامی قصے میں ایسی تفصیلات بھی ہیں جو بائبل میں نہیں، یہ فریضہ حضرت یوشع کے سپرد گیا گیا کہ مصریوں کو صحیح دین قبول کرنے کی دعوت دیں، حضرت موسیٰ کی زندگی میں یوشع نبوت سے سرفراز ہو جاتے ہیں تاکہ حضرت موسیٰ کی زندگی کا خاتمہ اطمینان و سکون کے ساتھ ہو۔

جب حضرت موسیٰ اپنی قوم کو ارض مقدس لے جانا چاہتے تھے اور بنی اسرائیل جبارون (عمالقہ) سے لڑنے سے جی چراتے تھے تو صرف دو خدا ترس آدمیوں نے آپ کا ساتھ دیا تھا۔ یہ یوشع اور کالب ہیں۔ اسی طرح نوجوان خادم کو حضرت موسیٰ

ساتھ لے کر حضرت خضرؑ سے ملنے گئے تھے اور جس کا نام قرآن مجید میں نہیں ہے۔ وہ یوشع کے سوا کوئی اور نہیں۔ حضرت یوشع نے جباروں کے پادری سے مقابلہ کیا اور انہیں شکست دی۔ عرلی روایت اس بارے میں مختلف ہے کہ جباروں پر فتح حضرت موسیٰ کے زمانے میں ہوئی یا حضرت یوشع کے دور میں۔

یُونانؔ۔ یورپ کے جنوب مشرق میں واقع ایک ملک جس کے جنوب مغرب میں جزیرہ بامکان جو کہ مختلف اطراف میں پھیلے ہوئے جزائر پر مشتمل ہے، واقع ہے۔ یہ ملک شمال سے البانیہ، یوگوسلاویہ اور بلغاریہ، شمال مشرق سے یورپی ترکی، مشرق سے دریائے اژہ، جنوب سے بحیرۂ روم اور مغرب سے دریائے ایونی تک محدود ہے اور بذات خود ایک جزیرہ نما کی صوت میں موجود ہے جس کے ساحل بے انتہا گہرائی رکھتے ہیں۔ اس ملک کا دارالحکومت ایتھنز ہے۔ ملکی امور کے حوالے سے یہ ملک دو بڑے جغرافیائی حصوں میں منقسم ہے اور ان میں سے ہر

ایک نے اپنے علاقے کو متعدد حصوں میں تقسیم کیا ہوا ہے، اس کی اہم پیداوار زراعت ہے، قدیم زمانے میں یونان ایسے علاقوں میں تقسیم ہو گیا تھا جن میں ہر ایک کچھ عرصہ تک اپنی حکومت بنائے رہا۔ یونان کی جدید تاریخ ۱۸۳۰ء سے شروع ہوتی ہے۔ یہ حکماء اور فلاسفہ کا خطہ رہا ہے۔

